ایسا نسخہ کیمیا جسے دینی مدارس، کالجز و یونیورسٹیز کے طلباء
اور عربی کے عام شائق یکساں مفید پائیں گے۔

... کے پرچہ نحو میں یقینی کامیابی حاصل کرنے اور کافیہ جیسی
... کتاب صحیح معنوں میں حل کرنے کے لئے نہایت ضروری

یعنی

وقایۃ النحو
شرح اردو
ہدایۃ النحو

تصنیف

علامہ الحاج نذیر احمد مہروی مدظلہ
بانی و مہتمم دار العلوم غوثیہ مہریہ چوک شاہ عباس ملتان

ناشران

مکتبہ مہریہ کاظمیہ
متصل جامعہ انوار العلوم نیو ملتان
560699

مکتبہ مہریہ
دار العلوم غوثیہ مہریہ چوک شاہ عباس ملتان
0300-6344297

وقایۃ النحو شرح اردو ہدایۃ النحو

Marfat.com

Marfat.com

ایسا نسخۂ کیمیا جسے دینی مدارس، کالجز، و یونیورسٹیز کے طلباء
اور عربی کے عام شائق یکساں مفید پائیں گے۔

5793

ثانویہ عامہ کے پرچہ نحو میں یقینی کامیابی حاصل کرنے اور کافیہ جیسی
عظیم و دقیق کتاب صحیح معنوں میں حل کرنے کے لئے نہایت ضروری

5754

یعنی

وِقَایَۃُ النَّحْوِ

شرح اردو

هِدَایَۃُ النَّحْوِ

تصنیف

علامہ الحاج نذیر احمد مہروی مدظلہ
بانی و مہتمم دار العلوم غوثیہ مہریہ چوک شاہ عباس ملتان

ناشران

مکتبہ مہریہ کاظمیہ
متصل جامعہ انوار العلوم نیو ملتان
6560699

مکتبہ مہریہ
دار العلوم غوثیہ مہریہ چوک شاہ عباس ملتان
0300-6344297

Marfat.com

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

نام کتاب	----- -----	**وقایة النحو اردو شرح ہدایة النحو**
مؤلف	----- -----	علامہ حاجی نذیر احمد مہروی
تقریظ لطیف	----- -----	شیخ الحدیث علامہ سید ارشد سعید کاظمی
نظر ثانی	----- -----	مولانا محمد اعظم چشتی، مولانا سعید احمد سعیدی
پروف ریڈنگ	----- -----	علامہ الحاج نذیر احمد مہروی
کمپوزنگ	----- -----	حافظ عبدالعزیز سعیدی، حافظ محمد سعید سعیدی، سید محمد نعمان بخاری
صفحات	----- -----	۲۳۲
تعداد اشاعت اول	----- -----	گیارہ سو (ذیقعدہ ۱۴۲۵ھ/ ۲۰۰۵ء)
تعداد اشاعت ثانی	----- -----	گیارہ سو (صفر المظفر ۱۴۲۶ھ/ 2005ء)
قیمت مجلد	----- -----	۱۲۰/ روپے
قیمت غیر مجلد	----- -----	۱۰۰/ روپے
ناشر	----- -----	**مکتبہ مہریہ کاظمیہ** متصل جامعہ انوار العلوم نئی بلاک نیوملتان
بائینڈنگ	----- -----	مشتاق بک بائنڈنگ ہاؤس قلعہ کہنہ قاسم باغ ون وے روڈ حسین آگاہی ملتان فون نمبر 0304/6113676

81099

ملنے کے پتے

- ☆ **مکتبہ مہریہ کاظمیہ** متصل جامعہ انوار العلوم نئی بلاک نیوملتان، فون نمبر 061/560699
- ☆ **مکتبہ مہریہ** دار العلوم غوثیہ مہریہ چوک شاہ عباس ملتان فون نمبر 0300/6344297
- ☆ **مکتبہ اہل سنت** جامعہ نظامیہ رضویہ اندرون لوہاری گیٹ لاہور، فون نمبر 042/7634478
- ☆ **مکتبہ حسنیہ** بیرون ملتانی گیٹ نزد سبزی منڈی بہاولپور، فون نمبر 0621/880935
- ☆ **مکتبہ ضیاء السنة** جامع مسجد شاہ سلطان کالونی ریلوے روڈ ملتان، فون نمبر 061/544368
- ☆ **کاظمی کتب خانہ** داتا گنج بخش روڈ رحیم یار خان، فون نمبر 0731/71361
- ☆ **مکتبہ ضیائیہ** D-325 بوہڑ بازار راولپنڈی فون نمبر 051/5552781,5550649
- ☆ **مکتبہ اسلامیہ سعیدیہ** عثمان آباد مانسہرہ، فون نمبر 0987/550115
- ☆ **فاروقی کتب خانہ** بیرون بوہڑ گیٹ ملتان، فون نمبر 061/541809

Marfat.com

فہرست مضامین وقایۃ النحو

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۰۱	فہرست	الف
۰۲	انتساب	ب
۰۳	ناشر کی بات	ز
۰۴	تقریظ لطیف: از علامہ ارشد سعید کاظمی	ح
۰۵	تقریظ: از علامہ عبد العزیز چشتی	ط
۰۶	تقریظ: از علامہ حافظ عبد الحکیم چشتی	ی
۰۷	محسوسات: از مولانا سعید احمد سعیدی	ل
۰۸	تاثرات: از مولانا محمد اعظم چشتی	م
۰۹	مؤلف کتاب کا مختصر تعارف	ن
۱۰	اظہار تشکر: از شارح	ق
۱۱	بحث بسم اللہ وتحقیق اسم اللہ	1
۱۲	بحث مشترک لفظی ومعنوی	3
۱۳	لفظ آل اور اہل میں فرق	4
۱۴	حالِ مترادفہ اور حالِ متداخلہ کی تعریف	6
۱۵	مثال اور شاہد میں فرق	6
۱۶	علمِ نحو کی تعریف اور لفظ نحو کے معانی	8
۱۷	موضوع کی تعریف اور علم نحو کا موضوع	9
۱۸	کلمہ کی بحث	10
۱۹	معنی، مفہوم، مدلول اور مسمّٰی کے درمیان فرق	10
۲۰	حرف کو ظرف میں لانے کی علت	11
۲۱	حرفِ تعریف کے متعلق بحث	12
۲۲	اقسامِ تنوین	13
۲۳	اسم کی وجہ تسمیہ میں نُحات کا اختلاف	14
۲۴	فعل کی تعریف اور علامات	15
۲۵	حرف کی تعریف اور فوائد	17
۲۶	کلام کی تعریف اور اقسام	19
۲۷	معرب کی تعریف اور وجہ تسمیہ	20
۲۸	وَحدَہٗ کی ترکیب	21
۲۹	اعراب کی تعریف اور اسم کے اعراب کے انواع	22
۳۰	اعراب کے اقسام	23
۳۱	اسماءِ ستہ کو اعراب بحرف کیوں دیا گیا	24
۳۲	اسماءِ ستہ کے احوال	25
۳۳	بحث لفظِ کِلا	26
۳۴	نونِ تثنیہ اور جمع کے متعلق مذاہب	27
۳۵	مصنف کے قول پر اعتراض	28
۳۶	غیر منصرف کی تعریف اور اسبابِ منع صرف	29
۳۷	فعل کے ساتھ اسم کی مشابہت کی قسمیں	30
۳۸	عدل کے اوزان اور لفظِ اَصلاً کی ترکیب ومعنی	31
۳۹	وصف کے لغوی اور عرفی معنی	32
۴۰	لفظِ اَلبَتَّۃ کی ترکیب	34
۴۱	انبیاءِ کرام علیہم السلام کے اسماء جو منصرف ہیں	35
۴۲	ترکیب کی تعریف واقسام	36

Marfat.com

فہرست مضامین وقایۃ النحو

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۴۳	کن امور میں الف نون، الف تانیث کے مشابہ ہے	37
۴۴	اوزان فعل کی قسمیں	39
۴۵	علم کو نکرہ کرنے کی صورتیں	40
۴۶	ایک دلچسپ مکالمہ	40
۴۷	فاعل کی تعریف اور فاعل واسم فاعل میں فرق	41
۴۸	تعریف میں کلمہ او کا ذکر	42
۴۹	فاعل کے رافع میں اختلاف	43
۵۰	قرینہ کی تعریف اور قسمیں	45
۵۱	حذف فاعل کے مواضع	46
۵۲	بحث تنازع فعلان	46
۵۳	کتنی جگہ اضمار قبل الذکر جائز ہے؟	47
۵۴	تنازع کی صورتیں	47
۵۵	مبتدا اور خبر کی بحث	51
۵۶	مبتدا اور خبر کے عامل میں اختلاف نحات	52
۵۷	تخصیص نکرہ کے مواضع	52
۵۸	کبھی نکرہ بھی مبتدا ہوتا ہے	53
۵۹	اقسام جملہ اور ظرف لغو ومستقر کی تعریف	54
۶۰	خبر میں اصل تاخیر کیوں ہے؟	55
۶۱	مبتدا کی قسم ثانی میں اعتماد کیوں ضروری ہے؟	56
۶۲	حروف مشبہ بفعل کن امور میں فعل کے مشابہ ہیں	56
۶۳	ابن عنین کا شکوہ	57

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۶۴	ابن حاجب نے اسم کان کا ذکر کیوں نہیں کیا	58
۶۵	محققین کے نزدیک مبتدا کا معرفہ ہونا ضروری نہیں	59
۶۶	مفعول مطلق کی تعریف اور وجہ تقدیم	60
۶۷	لفظ خَیرٌ کس اعتبار سے مصدر ہے؟	61
۶۸	تحذیر کی تعریف واقسام اور کلمہ تحذیراً کی ترکیب	63
۶۹	منادیٰ کے ناصب میں اختلاف نحات	64
۷۰	کیا یازیدُ میں دو آلہ تعریف جمع ہیں؟	64
۷۱	یالزیدِ کا لام کس کے متعلق ہے؟	65
۷۲	ترخیم کی تعریف اور منادیٰ مرخم کے اقسام	66
۷۳	ظروف کے منصوب ومجرور ہونے کے متعلق عمدہ اشعار	67
۷۴	مفعول معہٗ کے ناصب میں اختلاف	68
۷۵	تمییز کی تعریف اور اقسام	71
۷۶	کیا تمییز کا نکرہ ہونا ضروری ہے؟	71
۷۷	مُتَمِّمات اربعہ کیا ہیں؟	72
۷۸	تمییز عن النسبت کی اقسام	72
۷۹	مستثنیٰ کے ناصب میں اختلاف نحات	73
۸۰	چار صورتوں میں مستثنیٰ کو نصب واجب ہے	74
۸۱	لفظ غیر کے احوال	75
۸۲	اِلّا بمعنی غیر اسم ہے یا حرف؟	76
۸۳	ما اور لا کا عمل کب باطل ہو جاتا ہے؟	78
۸۴	مجرور کی تعریف	78

Marfat.com

فہرست مضامین وقایۃ النحو

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر	نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۸۵	اضافت معنویہ کی تعریف اور اضافت معنویہ کی کل صورتیں	79	۱۰۶	اقسام ترکیب کی رباعی	101
۸۶	اضافت معنویہ کا فائدہ اور اقسام	80	۱۰۷	کنایہ کی تعریف اور قسمیں	102
۸۷	اضافت لفظیہ کا فائدہ اور تخفیف کی کل صورتیں	81	۱۰۸	کم استفہامیہ کی تمیز منصوب کیوں ہوتی ہے؟	103
۸۸	تابع، نعت کے فائدے	83	۱۰۹	محل اعراب کے اعتبار سے لفظ کم کی کتنی صورتیں ہیں؟	104
۸۹	ضمیر صفت یا موصوف کیوں نہیں ہوتی؟	84	۱۱۰	ظروف مبنیہ کی بحث	105
۹۰	ضمیر مجرور پر عطف کے لئے اعادۂ جار کیوں ضروری ہے؟	84	۱۱۱	عند اور لدیٰ کے درمیان فرق	107
۹۱	نکرہ کی طرف راجع ضمیر، نکرہ ہوتی ہے	86	۱۱۲	معرفہ کے اقسام	108
۹۲	تاکید کی تعریف اور قسمیں	87	۱۱۳	نکرہ کی تعریف اور علامات	109
۹۳	بدل کی تعریف اور اقسام	89	۱۱۴	اسم عدد کی تمیز کے متعلق رباعی	111
۹۴	کس صورت میں بدل کی نعت ضروری ہے اور کیوں؟	90	۱۱۵	تانیث اور اس کی علامات کی بحث	112
۹۵	مبنی کی تعریف اور قسمیں، مناسبت وغیرہ میں فرق	91	۱۱۶	تثنیہ کی تعریف اور وجہ تقدیم	113
۹۶	معرب اور مبنی کے حرکات کے نام	92	۱۱۷	جمع کی تعریف واقسام	114
۹۷	ضمیر مجرور منفصل کیوں نہیں آتی؟	93	۱۱۸	جمع قلت کے اوزان	117
۹۸	ضمیر متصل کے تعذر کے مواضع	94	۱۱۹	مصدر جب مفعول مطلق ہو تو عمل نہیں کرتا	118
۹۹	ضمیر شان وضمیر قصہ کی بحث	95	۱۲۰	مصدر کب عمل کرتا ہے؟	119
۱۰۰	اسم اشارہ کی تعریف اور الفاظ	96	۱۲۱	اسم فاعل بمعنی ماضی بھی عمل کرتا ہے	120
۱۰۱	حرف خطاب (کاف) میں گردان کیوں ہے؟	97	۱۲۲	کن امور میں صفت مشبہ اسم فاعل کے مشابہ ہے؟	121
۱۰۲	موصول کا صلہ جملہ کیوں ہوتا ہے؟	98	۱۲۳	بحث اسم تفضیل	123
۱۰۳	اسم فاعل میں صلہ کیا ہوتا ہے؟	99	۱۲۴	بحث فعل	125
۱۰۴	اسماء افعال کا نام افعال کیوں نہیں؟	100	۱۲۵	واؤ کے بعد الف لکھنے کی شرطیں	126
۱۰۵	اسم صوت کی تعریفات	100	۱۲۶	کن امور میں مضارع اسم فاعل کے مشابہ ہے؟	127

Marfat.com

فہرست مضامین وقایۃ النحو

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۲۷	مضارع معرب کیوں ہے؟	128
۱۲۸	عامل معنوی کی تعریف	129
۱۲۹	مضارع کا عامل معنوی سے مرفوع ہونا کس کا مذہب ہے	129
۱۳۰	ان حرفیہ کی قسمیں	130
۱۳۱	کلمہ کی کے متعلق نحات کا اختلاف	130
۱۳۲	اذن بسیط ہے یا مرکب	131
۱۳۳	کلمہ ان مضارع کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جاتا ہے	131
۱۳۴	کون سا ان نصب نہیں دیتا؟	132
۱۳۵	کن کلمات کے ساتھ ان اور مضارع میں فصل کیا جاتا ہے؟	133
۱۳۶	جوازم کی بحث	133
۱۳۷	شرط و جزا کے مجزوم ہونے کی صورتیں	134
۱۳۸	جزا پر فاء داخل کرنا کب جائز نہیں	134
۱۳۹	جزا میں فاء لانا کب ضروری ہے؟	135
۱۴۰	جزا میں فاء لانے یا نہ لانے کا ضابطہ	135
۱۴۱	ان شرطیہ کہاں مقدر ہوتا ہے؟	136
۱۴۲	امر میں ہمزہ وصلی مفتوح کیوں نہیں آتا؟	136
۱۴۳	فعل مجہول کی بحث	137
۱۴۴	مضارع مجہول میں حرف مضارع مضموم کیوں ہوتا ہے	138
۱۴۵	لازم اور متعدی کی تعریف	139
۱۴۶	فعل متعدی کی قسمیں	139

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۴۷	افعال قلوب کے خواص	140
۱۴۸	افعال قلوب کا عمل کب باطل ہوتا ہے	140
۱۴۹	افعال ناقصہ کی بحث	141
۱۵۰	کان کی قسمیں	142
۱۵۱	کان تامہ اور زائدہ کو افعال ناقصہ میں کیوں ذکر کیا گیا	142
۱۵۲	لیس کے فعل ہونے کی دلیل	143
۱۵۳	افعال مقاربہ کی بحث	143
۱۵۴	کلام باری میں عسی کس معنی کے لئے آتا ہے؟	144
۱۵۵	فعل تعجب کی بحث	145
۱۵۶	تعجب کے صیغے فعل ہیں یا اسم؟	146
۱۵۷	افعال مدح وذم کی بحث	147
۱۵۸	حروف جارہ کی قسمیں	148
۱۵۹	حروفِ جارہ جو مشہور نہیں	149
۱۶۰	من زائدہ کی شرطیں	150
۱۶۱	کلمہ حتّٰی کی قسمیں	151
۱۶۲	حتّٰی اور اِلٰی میں فرق	151
۱۶۳	کلمہ فِی کے معانی	152
۱۶۴	بائے الصاق ومصاحبت میں فرق	153
۱۶۵	سماعًا وقیاسًا کی ترکیب	153
۱۶۶	زیادتِ باء کے مواضع	154

Marfat.com

فہرست مضامین وقایۃ النحو

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۶۷	بحث کلمہ رُبَّ	155
۱۶۸	واوِ رُبَّ کس کے نزدیک جر دیتا ہے؟	156
۱۶۹	جوابِ قسم کی تفصیل	157
۱۷۰	عن اور علی اسم بھی ہوتے ہیں	158
۱۷۱	بحث حروف مشبہ بفعل	159
۱۷۲	انّ مکسورہ کے مواضع	160
۱۷۳	انّ مفتوحہ کے مواضع	161
۱۷۴	انّ کی خبر پر لام لانا جائز ہے	162
۱۷۵	لکنّ مرکب ہے یا بسیط؟	163
۱۷۶	تمنی اور ترجی میں فرق	164
۱۷۷	بحث حروف عاطفہ	165
۱۷۸	ثُمّ اور حتی کے مابین فرق	166
۱۷۹	ام متصلہ کے استعمال کی شرطیں	167
۱۸۰	ام منقطعہ کا معنی	168
۱۸۱	کلمہ لا کی خصوصیات	169
۱۸۲	بحث حروف تنبیہ	170
۱۸۳	ان زائدہ کے مقامات	171
۱۸۴	کلمہ لا کن مواضع میں زائدہ ہوتا ہے؟	172
۱۸۵	بحث حروف تحضیض	173
۱۸۶	بحث حرف توقّع	174
۱۸۷	وہ مقامات جہاں فعل نہیں آسکتا	175
۱۸۸	علامہ زمخشری کا دلچسپ سوال اور جواب	176
۱۸۹	کلمہ امّا کے فائدے	178

نمبر شمار	عنوان	صفحہ نمبر
۱۹۰	حرفِ ردع کی بحث	179
۱۹۱	تائے تانیث کی بحث	180
۱۹۲	تنوین کی تعریف واقسام	181
۱۹۳	نون تاکید کی بحث	182
۱۹۴	نون تاکید کے ماقبل کے احوال	183
۱۹۵	خاتمہ کتاب - حل تراکیب مشکلہ	184
۱۹۶	لا تقنطن وکن باللہ مُحتسبا	185
۱۹۷	ساترُكَ مُهرتي رجُل فتنبز	185
۱۹۸	قُل قال زيد رُبّ عمرٍو قائما	186
۱۹۹	لتذطاف عبد الله بالبيت سبعة	186
۲۰۰	شوى جعفر بالوعد خمسة اكبش	187
۲۰۱	من سعيد ابن دغلج يا ابن هند	187
۲۰۲	وفي كُتب الحجاج امثال مغشر	187
۲۰۳	وانتم مغشر لنامٌ	188
۲۰۴	ستعلم انّه ياتيک بکر	188
۲۰۵	لتذقال عبد الله قولا عرفته	188
۲۰۶	رايتُ عبد الله يضربُ خالدٌ	189
۲۰۷	فرعون مالي وهامان الاولى	189
۲۰۸	ابلكوذ تشرب قهوة بابلية	190
۲۰۹	حدیثِ بخاری "لو كان ذاك واناحيٌّ"	190
۲۱۰	الفوز العظيم في حل سوالات التنظيم	191
۲۱۱	شرح مائة عامل ۱۹۸۵ء	193
۲۱۲	هداية النحو ۱۹۸۶ء	195

Marfat.com

انتساب

اپنی فروتنی اور کم مائیگی کے اعتراف کے ساتھ اس حقیر کوشش "**وِقَایَۃُ النَّحْو** شرح **ھِدَایَۃُ النَّحْو**" کو اس جلیل القدر ہستی کے نام منسوب کرتا ہوں

☆ جو --------- ہزاروں گم گشتہ راہ انسانوں کیلئے راہبر و راہنما ہیں۔

☆ جن کے وجودِ مسعود کی برکت سے بلاشبہ ہزاروں مشامِ ایمان معطر رہے۔

☆ جنہوں ------------ نے زندگی بھر شفقت و محبت بانٹی۔

☆ جن --- کی نظرِ کیمیا اثر نے آلودہ ذہنوں کو پاکیزگیٔ فکر و خیال بخشی۔

☆ جن --- کی روحانی توجہ آج بھی اپنے وابستگان کی یاوری کرتی ہے۔

یعنی

میرے محسن، میرے ہادی و مرشد، شیخِ طریقت

قُدْوَۃُ السَّالِکِیْنَ، زُبْدَۃُ الْوَاصِلِیْنَ

حضرت پیر سید امام علی شاہ قُدِّسَ سِرُّہُ الْعَزِیْز

(**مہر آباد شریف**)

اور

میرے دادا جان، فخر الصلحاء والمدرسین

حضرت علامہ مولانا **خدا بخش** رحمۃ اللہ علیہ

جن کی تمناؤں کا عکس جمیل بننے کی آرزو میں زندگی بسر ہو رہی ہے

اور

میرے والد گرامی حضرت علامہ **مولانا غلام رسول** رحمۃ اللہ علیہ

جنکی تربیت سے علم کی محبت اور بزرگوں کے احترام کا سلیقہ نصیب ہوا

خاکسار **نذیر احمد مہروی**

Marfat.com

ناشر کی بات

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اَمَّا بَعْدُ، قارئین کرام! میں اپنی قسمت پر نازاں ہوں کہ میں آپ کی خدمت میں ایک اور علمی تحفہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہا ہوں، آج سے تقریباً ایک سال اور چھ ماہ قبل جب طلبہ و مدرسین صرف کیلئے عظیم اور بے مثال کتاب ''معین الابواب جلد اول'' پیش کرنے کی سعادت حاصل کی تو میں سوچتا تھا ''تعلیمی انحطاط، مطالعہ سے بے رغبتی، محنت و مشقت سے بیزاری اور عدم فرصت کی بے جا عذر خواہی کے اس دور میں پتا نہیں کوئی اس کتاب کا گہری نظر سے مطالعہ کر کے اپنی قیمتی رائے سے نوازنے کی زحمت بھی کریگا یا نہیں؟''

مگر اس کتاب کے منظر عام پر آنے کے تھوڑی عرصہ بعد میرا اندازہ غلط نکلا اور علم دوست حلقوں کی طرف سے معین الابواب جلد دوم اور قبلہ استاذ العلماء علامہ مفتی غلام مصطفیٰ رضوی صاحب کی تصنیف ''**زبدۃ التوضیحات علی السبع المعلقات**'' شائع کرنے کا پرزور اور بار بار مطالبہ ہونے لگا ساتھ ہی کچھ دوستوں نے خاص کر طلبہ و مدرسین نے اصرار کیا کہ آپ اس میدان میں وارد ہو چکے ہیں تو پہلی فرصت میں نحو کی بنیادی کتاب **ہدایۃ النحو** کی آسان، عام فہم اور مختصر و جامع شرح تحریر کرا کے شائع کریں۔ سائلین کے اس مطالبہ کو پورا کرنے کیلئے مکتبہ مہریہ کاظمیہ کے اراکین نے استاذ العلماء حضرت علامہ مولانا حاجی نذیر احمد صاحب مہروی مہتمم و صدر المدرسین دار العلوم غوثیہ مہریہ سے رابطہ کیا تو حضرت نے نہ صرف وعدہ فرمایا بلکہ تھوڑے ہی عرصہ میں شرح کے مسودات کمپوزنگ اور طباعت کیلئے اراکین مکتبہ مہریہ کاظمیہ کے سپرد کر دیئے ان کو اور اشاعتی سلسلے میں تعاون فراہم کرنے کیلئے اپنے دار العلوم میں ''**مکتبہ مہریہ**'' قائم کرنے کا اہتمام بھی کیا چنانچہ **مکتبہ مہریہ کاظمیہ** کے اراکین نے یہ طے کیا کہ معین الابواب جلد دوم اور سبعہ معلقہ کی شرح شائع کرنے سے پہلے **ہدایۃ النحو** کی شرح شائع کی جائے۔ تو لیجئے قارئین کرام! آپ کے مطالبوں کی آئینہ دار، خوابوں کی تعبیر، خواہشوں کی ترجمان اور تنظیم المدارس (اہلسنت) پاکستان کے امتحان ثانویہ عامہ کے پرچہ نحو میں کامیابی کی ضمانت **وقایۃ النحو شرح ہدایۃ النحو** تمام تر صوری اور معنوی خوبیوں کے ساتھ طباعتی حسن سے آراستہ، ملاحظہ و مطالعہ کیلئے پیش خدمت ہے اور ان شاء اللہ العزیز جلد سبعہ معلقہ کی شرح **زبدۃ التوضیحات علی السبع المعلقات**، **انوار المسائل** از تصنیفات استاذ العلماء علامہ مفتی غلام مصطفیٰ صاحب رضوی اور **معین الابواب جلد دوم** تصنیف حضرت مولانا حافظ عبد العزیز صاحب سعیدی، شائع کی جا رہی ہیں۔ امید ہے ہمارے محترم علم دوست قارئین کرام حسب سابق اپنے قیمتی مشوروں اور مفید آراء سے سرفراز فرمائیں گے۔

طالب دعا

حافظ محمد سعید سعیدی

مکتبہ مہریہ کاظمیہ نیو ملتان

طبع دوم

الحمد للہ یوم ۶ ذوالحجہ ۱۴۲۵ھ بروز جمعرات کو **وقایۃ النحو** چھپی اور دیکھتے ہی دیکھتے پہلا ایڈیشن ختم ہو گیا۔ عزت مآب جناب حاجی نذیر احمد صاحب (رحمت اللہ آئل ٹریڈرز ملتان) نے درجہ ثانویہ عامہ اور اوپر کے درجات میں زیر تعلیم غریب طلبہ میں یہ کتاب مفت تقسیم فرما دی اور جن مدارس تک **وقایۃ النحو** نہیں پہنچ سکی تھی ان مدارس کی انتظامیہ، طلباء اور علماء نے کتاب کے حصول کیلئے جب **مکتبہ مہریہ کاظمیہ** نیو ملتان اور **مکتبہ مہریہ** دار العلوم غوثیہ مہریہ چوک شاہ عباس ملتان سے رابطہ کیا تو کتاب برائے فروخت موجود نہ تھی لہٰذا فوری طے کیا گیا کہ اس کا دوسرا ایڈیشن مع تصحیح و اضافہ چھپایا جائے۔ حضرت قبلہ علامہ نذیر احمد مہروی صاحب کی مہربانی سے اس ایڈیشن میں تراکیب مشکلہ اور درجہ ثانویہ عامہ (تنظیم المدارس) کے پرچہ جات نحو کے حل کا اضافہ کیا جا رہا ہے امید ہے قارئین پسند فرمائیں گے۔

خادم العلم والعلماء

حافظ محمد سعید سعیدی

مکتبہ مہریہ کاظمیہ نیو ملتان

Marfat.com

تقریظِ لطیف

استاذ العلماء فخر المدرسین جگر گوشہ غزالی زماں حضرت علامہ

صاحبزادہ سید ارشد سعید کاظمی شاہ صاحب

شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ عربیہ انوار العلوم ملتان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدک اللھم علی ما وجھت نحونا من سوابغ النعم انت الفاعل المختار والمحکم لکل مفعول من الکائنات ونصلی ونسلم علی سیدنا ومولینا محمد المفرد مصدر الفضائل وعلی الہ وصحبہ ومن نحا نحوھم من الاواخر والاوائل۔ امابعد......

علم نحو اُن بنیادی اور ضروری علوم میں سے ہے جنکا پڑھنا، پڑھانا قرآنِ مجید اور حدیثِ رسول کے سمجھنے کیلئے نہایت ضروری ہے۔ علم نحو کی مشہور و معروف کتاب "**ھدایۃ النحو**" جو ہمیشہ سے داخلِ نصاب رہی ہے اُسکی متعدد شروح لکھی گئی ہیں۔ زیرِ نظر کتاب اُن شروح میں ایک قابل قدر اضافہ ہے جس کے مصنف حضرت العلام الحاج مولانا حافظ نذیر احمد صاحب مہروی ہیں۔ مولانا موصوف ایک علمی گھرانے کے چشم و چراغ ہیں۔

تین روز قبل فاضل مصنف میرے پاس تشریف لائے اور تقریظ لکھنے کے بارے میں ارشاد فرمایا۔ اہلِ علم پر یہ امر مخفی نہیں کہ کسی کتاب پر تقریظ لکھنے سے قبل اُس کا مطالعہ ضروری ہے اور ایسی عظیم الشان کتاب کو تو تین روز میں مکمل طور پر کماحقہٗ دیکھا بھی نہیں جا سکتا جبکہ دیگر مصروفیات بھی اپنے شباب پر ہوں۔

Marfat.com

اس کتاب کو دیکھنا تو چیدہ چیدہ جگہ سے ہی ہوا ہے مگر جہاں سے بھی ملاحظہ کیا بہترین پایا۔
حضرت الحاج حافظ نذیر احمد صاحب مہروی مبارک باد کے مستحق ہیں کہ انہوں نے یہ اہم کام سرانجام دیا مزید برآں قارئین کرام کو اس بات کا اندازہ بھی بطریقِ احسن ہوگا کہ اس شرح (**وقایۃ النحو**) کی صورت میں دنیا کی حسین لائبریریوں میں ایک بہترین نگینے کا اضافہ ہوا۔
میری دلی دعا ہے کہ اللہ رب العالمین مولانا کو دینی خدمات کیلئے طویل زندگی عطا فرمائے اوران کی اس کاوش کو اپنی بارگاہ میں شرفِ قبولیت عطا فرما کر نافعِ خلائق بنائے، آمین۔

سید ارشد سعید کاظمی

شیخ الحدیث جامعہ انوار العلوم ملتان

تقریظ

جامع المعقول والمنقول الحضرة العلامة مولانا عبد العزيز الجشتي

مدرس الجامعة الاسلامية العربية انوار العلوم ببلدة ملتان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ ونصلی ونسلم علی رسوله الکریم اما بعد ...... فیقول العبد الحقیر عبد العزیز الجشتی قد رأیت وقایة النحو فی شرح هدایة النحو للعلامة الفهامة الحاج الحافظ نذیر احمد المهروی دامت برکاتهم العالیة من مواضع متعددة فوجدته شیئا عجیبا مفیدا للمحصلین من الطلاب والعالمین ومشتملا علی فوائد کثیرة بترتیب انیق۔ لا شك ان هذا الشرح مرآة لکمالات الشارح اللهم اجعل الشارح الفاضل مظهرا لابیه وجده بجاه نبیك الکریم علیه الصلوة والتسلیم

العبد الضعیف

عبد العزیز الجشتی عفی عنه

Marfat.com

تقرِیظ

از استاذ العلماء زینت المدرسین حضرت علامہ مولانا حافظ **محمد عبدالحکیم** چشتی مدظلہ مدرس جامعہ انوار العلوم ملتان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَلحمدُ لِلّٰہِ وَکَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی. اَمَّابَعْدُ، علم صرف ونحو کی ضرورت اور اہمیت کو اہلِ علم نے ہمیشہ محسوس کیا۔ لغت عربیہ کے افہام وتفہیم میں اِن دونوں فنون کو بنیادی حیثیت حاصل ہے ''اَلصَّرْفُ اُمُّ الْعُلُوْمِ وَالنَّحْوُ اَبُوْھَا'' کے الفاظ سے علماءِ ملت نے اِن کی ضرورت کو ظاہر فرمایا۔

ملت اسلامیہ کے جلیل القدر فضلاء نے قرآن مجید اور حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو علی قدر الطاقۃ البشریہ سمجھنے کیلئے ادب عربی کے ساتھ ساتھ دوسرے فنونِ ادبیہ اور عقلیہ کی تعلیم وتعلم کو بھی ضروری قرار دیا۔ مگر اولین حیثیت ہمیشہ صرف ونحو کو دی جاتی رہی۔ اجلہ صحابہ کرام اور تابعین عظام کے بعد تمام مفسرین، اور جلیل القدر محدثین رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین سب اپنے اپنے وقت میں حضراتِ نُحات کی طرف رجوع فرماتے رہے۔

جب نحو کی تدوین ہو چکی اور اہم کتب نحو منظرِ عام پر آ گئیں تو رجوع کا یہ سلسلہ بامِ عروج کو پہنچ گیا چنانچہ اُس دور کے ماہرینِ نحو خصوصاً علامہ امام سیبویہ (متوفی ۱۹۶ھ) علامہ امام فرّاء (متوفی ۲۰۷ھ) علامہ امام خلیل بن احمد (متوفی ۱۷۰ھ) علامہ زجاج (متوفی ۳۱۱ھ) علامہ ابوعلی الحسن بن احمد الفارسی (متوفی ۳۷۷ھ) علامہ سید شریف جرجانی (متوفی ۸۱۶ھ) اور علامہ عبدالرحمٰن جامی (متوفی ۸۹۸ھ) جیسے حضرات کے اقوال اور تفاسیر کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ تمام اَجلہ مفسرین ان کے اقوال کو بطورِ سند پیش کرتے ہیں بلاشبہ علماء صرف ونحو علوم قرآنیہ کے اولین خدام میں سے ہیں۔ اسی اہمیت کو پیشِ نظر رکھتے ہوئے عزیزِ محترم، فاضلِ جلیل حضرت علامہ الحاج حافظ نذیر احمد صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ نے پہلے علم صرف کی اہم اور بنیادی کتاب علم الصیغہ کی ایک بہترین شرح '' **تحفہ سعیدیہ** '' تصنیف فرمائی، جو علم صرف کی کتب میں ایک گراں قدر اضافہ اور اہل علم وفضل کے نزدیک قابل پزیرائی ہے (اسکا چوتھا ایڈیشن جلد شائع کیا جا رہا ہے) اور اب موصوف نے علم نحو کی مختصر، جامع اور اہم ترین کتاب '' **ھدایۃ النحو** '' جو اپنے عظیم مصنف رحمۃ اللہ علیہ کی عظمت کی

Marfat.com

یادگار ہے اور جسے ہر دور کے اہلِ فضل و کمال نے داخل نصاب رکھ کر علم نحو کی تمام بنیادی کتب سے زیادہ اہمیت دی ہے، اُس کی **وقایۃ النحو** کے نام سے ایسی عمدہ اور مفید شرح لکھی ہے جسے دیکھ کر طبیعت خوش ہو جاتی ہے فجزاہ اللہ تعالیٰ احسن الجزاء۔

عزیز محترم علامہ حافظ نذیر احمد صاحب مدظلہ العالی حافظ قرآن، بہترین قاری، علوم عقلیہ اور نقلیہ کے ماہر اساتذہ میں شمار ہوتے ہیں بلاشبہ آپ جامع معقول و منقول ہیں۔ قبل ازیں جامعہ رضویہ مظہر العلوم اور جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن میں پڑھاتے رہے ہیں اسوقت دار العلوم غوثیہ مہریہ کے مہتمم اعلیٰ اور شیخ الحدیث ہیں، ہزاروں کی تعداد میں مشہور علماء کرام آپ سے فیض یافتہ ہیں۔

اسقدر علم و فضل کے باوجود انتہائی منکسر المزاج ہیں بلاشبہ علم و فضل کے باوصف انکسار، تواضع اور منکسر المزاجی کی صورت میں اپنی ذات کی نفی کر کے رہنا ہمارے آباء اجداد کا طرۂ امتیاز رہا ہے اجدادِ کرام حضرت قبلہ مولانا غوث بخش صاحب، حضرت قبلہ مولانا احمد بخش صاحب، خصوصاً سیدی وجدی حضرت علامہ مولانا خدا بخش صاحب، عم محترم حضرت علامہ مولانا غلام رسول صاحب اور والدِ گرامی حضرت قبلہ علامہ مولانا فیض احمد صاحب رحمھم اللہ تعالیٰ سب کے سب جید علماء اور صالحین میں سے تھے ان کے علم و فضل کو بیان کرنا شاید ''پدرم سلطان بود'' والی بات سمجھی جائے۔ ان حضرات نے ہمیشہ نمود و نمائش سے اپنا دامن بچا کے رکھا بندہ نے تو ان صالح حضرات کا ذکر بھی صرف اظہارِ تشکر کے ساتھ ساتھ برکت حاصل کرنے کیلئے کیا اور اس لئے بھی کہ **وقایۃ النحو** سے استفادہ کرنے والے ان حضرات کیلئے دعاءِ مغفرت کریں۔ ہمارے لئے تو تدریس کی ذمہ داری اور پاکیزہ علمی ماحول میں رہنے کا موقع یہ سب کچھ ان عظیم ہستیوں کی دعاؤں کا ثمر ہے۔ یقیناً ہر عظیم کام میں کچھ ایسے حضرات کی دعاؤں کا دخل ضرور ہوتا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اِس کتاب کو طلبہ کیلئے زیادہ سے زیادہ مفید بنائے اور عزیز محترم علامہ حافظ نذیر احمد صاحب مہروی سلمہ اللہ تعالیٰ کے علم و عمل میں برکت عطا فرمائے مقاصد حسنہ کے حصول میں کامیابی انکا مقدر بنے۔ امین بحرمۃ سید المرسلین۔

خادم العلماء الراسخین

حافظ محمد عبد الحکیم چشتی

مدرس جامعہ انوار العلوم ملتان

Marfat.com

محسوسات:: از عمدۃ المدرسین حضرت علامہ مولانا **سعید احمد سعیدی** صاحب صدر مدرس جامعہ غوثیہ مہریہ لودھراں شہر

حضرت استاذ العلماء، فخر المدرسین، علامہ مولانا الحاج حافظ محمد نذیر احمد مہروی زید مجدہٗ، آقائے نعمت سیدی و مرشدی غزالی زماں رازی دواں امام اہلسنت حضرت علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی قدس سرہ العزیز کے ان فاضل اور پیکر اخلاق و سادگی شاگردوں میں سے ہیں جن کی تدریس میں اللہ تعالیٰ نے بہت فیض اور تحریر میں بڑی برکت رکھی ہے۔ تدریس میں تو ایک عرصہ سے آپ کا لوہا مانا ہی جا رہا تھا اب تحریر خصوصاً درسی کتب کی شرح و توضیح میں بھی آپ کا سکہ خوب جما ہے۔ آپ کی تازہ ترین کاوش تو بہت ہی قابل قدر ہے...... اللہ کرے زور قلم اور زیادہ......

زیر نظر تصنیف ''**وقایۃ النحو** اردو شرح **ھدایۃ النحو**'' کو راقم نے مبنی کی بحث سے آخر تک بالاستیعاب پڑھا ہے۔ بلا خوف تردید یہ کہنا بجا ہے کہ **ھدایۃ النحو** کی ایسی مختصر اور جامع شرح اب تک نظروں سے نہ گزری تھی۔

حضرت علامہ مہروی صاحب دام ظلہٗ کی خوبیوں میں یہ بہت اہم ہے کہ آپ نے درسی کتب کی شرح و توضیح کیلئے اس وقت قدم اٹھایا جب تجربہ کمال کی بلندیوں کو چھو رہا تھا تو پختگی خیال اپنے عروج پر تھی **تحفہ سعیدیہ** شرح **علم الصیغہ** اور **حاشیہ میزان الصرف** اگر ابتداء ہے تو ''**وقایۃ النحو**'' حسن تحریر کا سنورا، نکھرا روپ۔ پوری شرح کا انداز...... تفہیم کا مکمل آئینہ دار، ہر مشکل مقام کا حل ایسا شافی اور سادہ و سلیس کہ کیا مجال جو قاری کا ذہن اکتائے، پھر اسباب و علل کا بیان ہو یا ترکیب اور سوال و جواب کا موقع سب کچھ ایسا جامع اور مربوط و منظم کہ اس نے ''**وقایۃ النحو**'' کو ہدایۃ النحو کی دیگر شروح میں بہت بلند اور پُروقار مقام عطا کیا ہے۔

یہ بجا کہ حضرت شارح مدظلہ اپنی یا شرح کی اس تعریف و توصیف کو مبالغہ قرار دیں گے مگر راقم کو اس حقیقت کے اعتراف و اظہار میں ذرا بھی تامل نہیں کہ اہل علم طبقہ میں تحفہ سعیدیہ اور حاشیہ میزان الصرف کو جو شاندار پذیرائی ملی ''**وقایۃ النحو**'' کی اشاعت ان شاء اللہ اس کو چار چاند لگائے گی۔

اللہ تعالیٰ استاذ العلماء کی اس پرخلوص کاوش کو قبول فرما کر علماء و طلبہ کیلئے نافع اور حضرت شارح کیلئے ذخیرہ آخرت بنائے، آمین۔

سعید احمد سعیدی عفی عنہ

صدر مدرس جامعہ غوثیہ لودھراں

Marfat.com

تأثرات

از فاضل جلیل حضرت علامہ مولانا محمد اعظم چشتی صاحب صدر المدرسین دار العلوم **غوثیہ شہبازیہ**
جھوک اُترا تحصیل وضلع ڈیرہ غازی خان

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ حَامِدًا وَّمُصَلِّيًا

فقیر عاجز نے محترم وفاضل شارح اور ماہر و تجربہ کار استاذ علامہ حاجی نذیر احمد صاحب مہروی مدظلہ العالی کی کتاب **وقایۃ النحو شرح ہدایۃ النحو** کو ابتداء سے تا آخر بحث غیر منصرف بالاستیعاب لفظاً لفظاً، سطراً سطراً پڑھا ہے۔ بحمد اللہ زیر نظر کتاب عصری تقاضوں کے مطابق اُن تمام خوبیوں سے آراستہ ہے جو شرح ہونے کے حوالے سے نحو کی کسی کتاب میں ہونی چاہئیں مثلاً ترکیب، احتمالاتِ ترکیب، حلِ لغات اور شافی ووافی فوائدِ کثیرہ جو اساتذہ اور طلبہ کے لئے مفید سمجھے جاتے ہیں بلکہ یہ شرح مبتدی اور منتہی دونوں کیلئے یکساں مفید ونافع ہے............

ترجمہ وتشریح کی زبان رواں اور ثقل سے پاک ہے جو عموماً انسانی طبع اور ذوقِ سلیم پر گراں گزرتا ہے چنانچہ اس تسہیل اور لطافت نے ترجمہ وشرح کی عمدگی میں مزید نکھار پیدا کر دیا ہے۔ فاضلِ محتشم حضرتِ علامہ حاجی نذیر احمد مہروی صاحب مدظلہ العالی نے بلاشبہ اہل علم کیلئے "**وقایۃ النحو**" کی صورت میں اپنی تعلیمی وتدریسی خوبیوں کا نہایت مؤثر اور قابل قدر تعارف پیش کیا ہے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ شارح کو اجر عظیم اور فضل جزیل سے نوازے اور اس شرح (**وقایۃ النحو**) کو مستفیضین کیلئے نافع تر بنائے، آمین۔

طالبِ دعا ۔۔۔ محمد اعظم چشتی

ڈیرہ غازی خان

Marfat.com

حضرت علامہ الحاج مولانا نذیر احمد مہروی صاحب

ایک نامور علمی شخصیت اور بے مثال استاذ

قابلِ رشک ہیں وہ حضرات جنہیں منعمِ حقیقی اور فیاضِ ازلی نے علم و تحقیق کے ذوق سے بہرہ ور فرمایا ہے اور لائق صد تحسین ہیں وہ لوگ جن کی راتیں قرآن و حدیث اور کتبِ فقہ و تفسیر کے مطالعہ میں بسر ہوتی ہیں، تو دن درس و تدریس میں گذرتے ہیں -- انہیں مبارک اور لائقِ تقلید علماء و اساتذہ کی جماعت سے تعلق رکھنے والی ایک عظیم شخصیت حضرت استاذ العلماء علامہ الحاج مولانا نذیر احمد صاحب مہروی دامت مکارم العالیہ ہیں جو ایک طویل عرصہ سے مسند تدریس کی زینت بن کر اپنے علمی سرچشمہ سے تشنگانِ علم و حکمت کو سیراب فرما رہے ہیں۔

پیدائش ------ آپ ۱۹۴۴ء/۱۳۶۳ھ میں بستی میاں پور تحصیل و ضلع لودھراں میں پیدا ہوئے ...... آج کل بیری والا باغ بیرون چوطاقہ گیٹ شجاع آباد شہر میں رہائش پذیر ہیں۔ آپ کے والدِ گرامی کا نام حضرت مولانا غلام رسول (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) ہے جو علم و عمل کے پیکر، اخلاص و تقویٰ کے حسین مرقع اور اپنے دور کے عمدہ مدرّس تھے۔

خاندانی شرف ------ علامہ الحاج نذیر احمد صاحب مہروی ایک معروف علمی خاندان سے تعلق رکھتے ہیں چنانچہ آپ کے جدِ امجد زبدۃ الاصفیاء حضرت علامہ مولانا خدا بخش رحمۃ اللہ علیہ علوم عربیہ کے ماہر ترین اساتذہ میں شمار ہوتے تھے بالخصوص علمِ نحو اور منطق کی تدریس اُن کا محبوب ترین مشغلہ تھا...... تدریس سے شغف کا اندازہ اِس امر سے بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ عمر کے آخری حصہ میں آپ کی بینائی ختم ہو گئی تھی مگر پھر بھی تا دمِ واپسیں سلسلہ تدریس جاری رکھا ...... بقول علامہ مہروی زید شرفہ ''اُس دور میں میں نے خود اُن کو عبد الغفور اور قطبی جیسی کتابیں پڑھاتے ہوئے دیکھا''۔
علامہ خدا بخش رحمۃ اللہ علیہ کی اس دلی خواہش اور دیرینہ تمنا کو بڑی شہرت حاصل ہے کہ ''اللہ تعالیٰ میری اولاد میں مدرسین پیدا کرے'' کہتے ہیں وہ شب و روز یہی دعا کرتے اور اولاد کو محنت و لگن کے ساتھ تعلیم حاصل کرنے کی تلقین فرماتے رہے۔ ایک مرتبہ ایک بزرگ سے ملاقات کے دوران اُنہوں نے فرمایا ''آپ یہ دعا کریں کہ میرے بعد میری اولاد دینِ متین کی خدمت میں مشغول رہے اور ربِ کریم میری اولاد میں مدرسین پیدا کرے'' آپ کی دعا مستجاب ہوئی

Marfat.com

اور آپ کے بڑے فرزند حضرت مولانا غلام رسول رحمۃ اللہ علیہ (والد گرامی حضرت علامہ نذیر احمد مہروی صاحب) اور چھوٹے فرزند حضرت مولانا فیض احمد رحمۃ اللہ علیہ (والدِ گرامی حضرت علامہ مولانا حافظ محمد عبد الحکیم صاحب چشتی) جید علماء ہوئے اور اس طرح اپنے والدِ ماجد کے عظیم مشن کو بڑی خوش اسلوبی سے جاری رکھا اور اپنی اولاد کی علمی، دینی اور اخلاقی تعلیم و تربیت میں کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کیا...... بحمد اللہ ہمارے ممدوح علامہ مہروی صاحب کے جدِ امجد کی دعاؤں کا فیضان، آپ کے والد گرامی اور عمِ محترم کی پُر خلوص کاوشوں کا نتیجہ و ثمرہ ہے کہ آج آپ کے خاندان اور جدِ امجد کی اولاد میں درجنوں حفاظ کرام اور علوم و فنونِ دینیہ کے ماہر اساتذہ خدمتِ دین میں مصروفِ عمل ہیں، ایسے قابلِ رشک افراد میں حضرت علامہ مولانا محمد عبد العزیز صاحب چشتی، حضرت علامہ مولانا حافظ عبد الحکیم صاحب چشتی (مدرسین جامعہ انوار العلوم ملتان) حضرت علامہ مولانا سعید احمد سعیدی صاحب صدر مدرس جامعہ غوثیہ مہریہ لودھراں اور حضرت علامہ مولانا حافظ عبد الرشید صاحب صدر مدرس جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن ملتان قابلِ ذکر ہیں۔

تعلیم کا آغاز ------ آپ نے قرآنِ مجید حفظ کرنے کی سعادت حضرت استاذ الحفاظ حافظ پیر بخش رحمۃ اللہ علیہ سے حاصل کی جو نابینا تھے اور آپ کے دادا جی کے شاگرد رشید۔ اس کے بعد گھر پر ہی اپنے والد گرامی حضرت مولانا غلام رسول رحمۃ اللہ علیہ سے مروجہ نصاب کے مطابق فارسی کے اسباق پڑھے۔ بلاشبہ انہوں نے بڑی توجہ اور محنت شاقہ سے اپنے عزیز بیٹے کو تعلیم دی۔

اساتذہ کرام ------ بعد ازاں آپ نے علوم اسلامیہ کی عظیم درس گاہ اور علمی و روحانی مرکز جامعہ اسلامیہ عربیہ انوار العلوم ملتان میں داخلہ لے لیا اور مختلف علوم و فنون میں مہارت رکھنے والے اپنے دور کے ماہر ترین شیوخ و اساتذہ کے سامنے زانوئے تلمذ تہہ کر کے اکتسابِ علم کیا، اُن قابلِ قدر اساتذہ کرام کے اسماء گرامی یہ ہیں ☆ غزالی زماں رازی دوراں امام اہلسنت حضرت علامہ سید احمد سعید شاہ صاحب کاظمی قدس سرہ العزیز، آپ سے بخاری شریف، شرح عقائد، سلم العلوم اور فنون کی دیگر کتب پڑھیں ☆ شیخ الحدیث حضرت علامہ مولانا محمد شریف رضوی صاحب، آپ سے دورہ حدیث شریف کے دوران بعض کتب حدیث پڑھنے کا شرف حاصل کیا ☆ رئیس المدرسین حضرت علامہ مولانا مفتی امید علی خاں رحمۃ اللہ علیہ، سے ابن ماجہ، تفسیر بیضاوی، شرح جامی اور کافیہ وغیرہ جیسی اہم کتب پڑھیں ☆ حضرت

Marfat.com

علامہ مولانا عبدالکریم جام پوری سواگی رحمۃ اللہ علیہ سے حسامی وغیرہ کا درس لیا ☆ حضرت علامہ مولانا مفتی سیّد مسعود علی قادری رحمۃ اللہ علیہ سے جامع ترمذی اور فن کی بعض کتب پڑھنے کا موقع ملا، جبکہ فنون کی دیگر کتب مناظر اسلام حضرت علامہ مولانا محمد جعفر ☆ حضرت علامہ مولانا منظور احمد پٹیالوی رحمۃ اللہ علیہما ☆ حضرت علامہ مولانا محمد یوسف صاحب تونسوی نظامی ☆ حضرت علامہ مولانا فقیر محمود صاحب سدیدی مدرس مدرسہ محمودہ محمودیہ تونسہ شریف اور حضرت علامہ مولانا حافظ عبدالحکیم صاحب چشتی مدرس جامعہ انوار العلوم ملتان سے پڑھیں۔

تدریس ------آپ کو درس و تدریس کا ذوق وشوق چونکہ وراثت میں ملا ہے اِس لئے ۱۹۶۵ء میں دورۂ حدیث شریف سے فراغت کے بعد جامعہ اسلامیہ عربیہ انوار العلوم ملتان میں پڑھانے کا آغاز کیا جو یقیناً آپ کی دورانِ تعلیم استعداد و قابلیت کی عکاسی اور اساتذہ کی نگاہوں میں بلند اور اہم مقام کو نمایاں کرتا ہے۔ چھ ماہ تک جامعہ انوار العلوم میں تدریس کے فرائض انجام دینے کے بعد درجہ تخصص فی التفسیر والحدیث کے لئے حضرتِ غزالی زماں رحمۃ اللہ علیہ (سابق شیخ الحدیث جامعہ اسلامیہ بہاولپور) کے ساتھ جامعہ اسلامیہ بہاولپور چلے گئے اور مقصد حاصل کیا۔ جامعہ اسلامیہ بہاولپور سے تخصص کرنے کے بعد چھ سال تک جامعہ رضویہ مظہر العلوم ملتان میں بطورِ استاذ فرائض انجام دیئے پھر جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن ممتاز آباد ملتان میں صدر المدرسین کے عہدہ پر فائز ہوئے اور متواتر ۲۲ سال تک نہایت جانفشانی اور عرق ریزی سے تدریس کے فرائض انجام دیتے رہے خصوصاً یہاں آپ نے تدریس کا خوب جادو جگایا اور ایسے تلامذہ تیار کئے جو اس وقت ملک کے متعدد سرکاری اور غیر سرکاری تعلیمی اداروں میں تدریس کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ (جن کا ذکر آئندہ سطروں میں آرہا ہے) پھر دو سال تک جامعہ غوثیہ دارالقرآن جامع مسجد درس والی اندرون دولت گیٹ ملتان میں پڑھاتے رہے اور اب عرصہ چار سال سے دارالعلوم غوثیہ مہریہ چوک شاہ عباس ملتان میں مہتمم اور صدر المدرسین کی حیثیت سے خدمتِ دینِ مصطفی کا بیڑہ اُٹھایا ہوا ہے اور یہ ادارہ ''دارالعلوم غوثیہ مہریہ'' آپ ہی کی کاوشوں سے ۲۰۰۱ء کو معرض وجود میں آیا اور نہایت قلیل عرصہ میں قابل ذکر ترقی کی اِس وقت سو (۱۰۰) سے زائد طلبہ، شعبہ درس نظامی اور تحفیظ القرآن کے ساتھ یہ ادارہ اہلسنت کے اہم اداروں میں شمار ہونے لگا ہے۔

روحانی نسبت ------آپ کو روحانی نسبت قدوۃ السالکین، عمدۃ الواصلین حضرت پیر سیّد امام علی

Marfat.com

شاہ رحمۃ اللہ علیہ (مہر آباد شریف ضلع لودھراں) سے حاصل ہے۔ اس سعادت کا باعث ایک تو خاندان کے بزرگوں کی حضرت سے عقیدت اور دوسرے حضرت کا زہد و ورع تھا چنانچہ آپ سے متاثر ہو کر ۱۹۶۰ء میں ہی بیعت کا شرف حاصل کر لیا۔

تلامذہ -----یوں تو آپ کے تلامذہ اور شاگردوں کا حلقہ بہت وسیع ہے مگر یہاں آپ کے چند اہم تلامذہ اور فیض یافتہ حضرات کا ذکر کیا جاتا ہے تاکہ پتہ چلے کہ آپ کا علمی فیضان کہاں کہاں تک پہنچا ہے اور وہ حضرات مہتمم، ناظم، مدرس، مفتی اور خطیب جیسے کن کن اعلیٰ مناصب پر فائز ہیں۔ ☆ حضرت علامہ مولانا ظہور احمد صاحب نظامی شیخ الحدیث جامعہ غوثیہ ہدایت القرآن ملتان ☆ حضرت علامہ مولانا غلام حسین صاحب رضوی دار العلوم غوثیہ رضویہ کلور کوٹ بھکر ☆ حضرت مولانا محمد ابراہیم صاحب رضوی مہتمم مظہر العلوم ملتان ☆ حضرت مولانا محمد اقبال صاحب لیکچرار بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد ☆ حضرت مولانا خواجہ عبدالحی صاحب سجادہ نشین سندیلہ شریف ☆ حضرت مولانا سید عتیق الرحمن سول جج بلوچستان ☆ علامہ رحمت اللہ لیکچرار گورنمنٹ کالج مظفر گڑھ ☆ علامہ مولانا سید حسین احمد مدنی چوک منڈا ☆ مولانا سید احمد کمال مدرس فیض العلوم فقیر والی ہارون آباد ☆ مولانا مفتی محمد اقبال چشتی صاحب (ناظم اعلیٰ جماعت اہلسنت پاکستان پنجاب) لاہور ☆ حضرت مولانا قاری احمد یار صاحب سعیدی مہتمم مدرسہ سعیدیہ کاظمیہ فیض العلوم ملتان ☆ حضرت مولانا محمد شفیع چشتی صاحب مدرس جامعہ خیر المعاد ملتان ☆ حضرت مولانا خلیل احمد صاحب سلیمانی مدرس مدرسہ فخریہ ڈیرہ غازی خاں ☆ حضرت مولانا فیض احمد فیضی صاحب ٹبہ سلطان پور ☆ مولانا قاضی قاری عطاء اللہ مہروی صاحب مہتمم مدرسہ عربیہ ضیاء الاسلام جامع مسجد غوثیہ گلبرگ کالونی ملتان ☆ حضرت مولانا غلام یٰسین صاحب ☆ حضرت مولانا عطا محمد صاحب ☆ حضرت مولانا عبد المجید صاحب ☆ حضرت مولانا محمد کلیم صاحب ☆ قاری محمد رمضان صاحب ☆ قاری خدا بخش صاحب مدرسین مدرسہ ہدایت القرآن ملتان ☆ مولانا محمد رفیق صاحب مدرس مدرسہ فیضان رسول ملتان ☆ مولانا حافظ رب نواز سعیدی صاحب مہتمم وصدر مدرس جامعہ سعیدیہ حسان بن ثابت قاسم پور کالونی ملتان ☆ مولانا محمد ہاشم صاحب نقشبندی ☆ مولانا حبیب الرحمٰن صاحب عاصی مدرس دار العلوم غوثیہ مہریہ ملتان ☆ مولانا غلام مصطفیٰ قادری صاحب ☆ مولانا محمد اسماعیل صاحب فیضی مدرسین دار العلوم غو

Marfat.com

ثیہ مہریہ ملتان ☆ مولانا بشیر احمد صاحب اویسی خطیب مسجد دربار حضرت خواجہ اویس ملتان ☆ مولانا قاری فقیر محمد صاحب لاہور ☆ قاری محمد رمضان صاحب ایم ،اے خطیب پاکستان آرمی ☆ مولانا فیاض احمد صاحب خطیب پاکستان آرمی ☆ مولانا عبدالرسول صاحب ☆ مولانا عبدالرزاق صاحب مدرسین مدرسہ سراج الاسلام لودھراں ☆ مولانا محمد اکرم سعیدی صاحب مدرس مدرسہ رحمت العلوم ملتان ☆ مولانا بشیر احمد صاحب معصومی مدرس مدرسہ فیض القرآن لکڑ منڈی ملتان اور ☆ مولانا گل حسن صاحب ٹبہ سلطان پور (عربی ٹیچر)

ان کے علاوہ بھی آپ کے تلامذہ کی ایک بڑی تعداد ہے جو علمی حلقوں میں قدر کی نگاہ سے دیکھے جاتے ہیں۔

ذوق تصنیف ------ اللہ تعالیٰ نے آپ کو تدریس کے ساتھ ساتھ ذوقِ تصنیف وتالیف سے بھی خوب نوازا ہے حالانکہ جو شخص تدریس کی بھاری ذمہ داریاں نبھار ہا ہو اُس کیلئے تصنیف وتالیف کیلئے وقت نکالنا آسان کام نہیں ہوتا مگر حضرت علامہ نذیر احمد مہروی صاحب تدریس کے ساتھ ساتھ تصنیف وتالیف کیلئے وقت نکال لیتے ہیں چنانچہ آپ مختلف موضوعات پر کتب ،رسائل ،فتاوٰی اور مقالات سپردِ قلم کر کے عوام وخواص سے دادِ تحسین وصول کر چکے ہیں اور یہ سلسلہ تاحال جاری ہے۔آپ کی تحریری خدمات اور قلمی کاوشوں میں تازہ ترین **وقایۃ النحو شرح ہدایۃ النحو** ہے اس سے قبل **تحفہ سعیدیہ** اردو شرح **علم الصیغہ** ، **حاشیہ میزان الصرف** مطبوعہ ہیں اور **شرح صرف میر** تکمیل کے مراحل میں ہے جبکہ کافیہ، شرح ملا جامی جیسی اہم فنی کتب کی شرح وتسہیل مستقبل کے عزائم میں شامل ہے۔ اللہ تعالیٰ اپنے محبوب کریم علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کے تصدق ان خوابوں کو جلد شرمندۂ تعبیر فرمائے ،آمین بجاہِ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔ (1/1/2005ء)

خادم العلم والعلماء

حافظ عبد العزیز سعیدی

مدرس جامعہ انوار العلوم ٹی بلاک نیو ملتان

Marfat.com

اظہارِ تشکر

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم امابعد : فقیر ناچیز، اللہ تعالیٰ کے فضل و احسان اور اُسکے محبوب صلی اللہ علیہ وسلم کی عنایت خاص پر بے حد مسرور و مطمئن ہے کہ **وقایۃ النحو شرح ہدایۃ النحو** پیش کرنے کی سعادت نصیب ہورہی ہے۔ فقیر ان تمام اکابر اور محسنین کا ممنونِ احسان ہے جنکی شفقت و تعاون سے یہ اہم مرحلہ سر ہوا۔ اس موقع پر راقم جگر گوشہ غزالی زماں فاضل جلیل حضرت علامہ صاحبزادہ سید ارشد سعید شاہ صاحب کاظمی مدظلہ العالی کا تہہ دل سے سپاس گزار ہے کہ آپ نے انوار العلوم کے ایک پرانے خوشہ چین کیلئے اپنے قیمتی لمحات میں سے چند، وقف فرمائے اور تقریظ لکھی۔ نیز اپنے خاندان کے بزرگ اور علمی عظمتوں کے وارث بحر العلوم حضرت علامہ مولانا عبد العزیز صاحب چشتی اور سند المدرسین حضرت علامہ مولانا حافظ محمد عبد الحکیم صاحب چشتی (مدرسین جامعہ انوار العلوم ملتان) کا شکر گزار ہے کہ اُنہوں نے اپنی بزرگ عمری اور تدریسی مصروفیات کے باوجود "**وقایۃ النحو**" پر تقریظ لکھ کر اس ناچیز کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ فاضل محتشم حضرت علامہ مولانا محمد اعظم چشتی صاحب (ڈیرہ غازیخان) نے "**وقایۃ النحو**" کو ابتداء سے تا آخر بحث غیر منصرف بالاستیعاب پڑھ کر نہ صرف زبانی اپنے جذبات تحسین کا اظہار کیا بلکہ قلمی تاثرات بھی ارسال فرمائے۔ عزیز محترم حضرت علامہ مولانا سعید احمد سعیدی صاحب (صدر مدرس جامعہ غوثیہ مہریہ لودھراں) نے نہایت توجہ سے کتاب کو مبنی کی بحث سے آخر تک پڑھ کر پر خلوص اور مفید مشوروں کے قابل سمجھا، اُنکے محسوسات قارئین کے ملاحظہ کیلئے کتاب کا حصہ ہیں۔

راقم جامعہ انوار العلوم کے نوجوان وفعال مدرس علامہ حافظ عبد العزیز صاحب سعیدی کا بے حد ممنون ہے جنہوں نے اپنے رفیق مولانا محمد سعید سعیدی صاحب (مدرس جامعہ انوار العلوم) طلبہ سید محمد نعمان بخاری اور محمد مقصود کے تعاون سے نہایت احتیاط کے ساتھ کتاب کی کمپوزنگ کی، طباعت کے تمام مراحل اپنی نگرانی میں مکمل کرائے اور **مکتبہ مہریہ کاظمیہ** کی طرف سے اشاعت کا اہتمام کیا۔ فقیر اس فریضہ سپاس میں بالخصوص اپنے مخلص و عزیز دوست عزت مآب جناب حاجی نذیر احمد صاحب (رحمت اللہ آئل ٹریڈرز پرانی سبزی منڈی روڈ ملتان) کا ممنون و متشکر ہے جن کے مالی تعاون سے یہ کتاب آپ تک پہنچی۔

قارئین کرام! اس پیش کش میں اغلاط کی تصحیح اور پروف ریڈنگ کی احتیاط کے باوجود اغلاط رہ گئی ہونگی، اہل علم کسی سہو و خطا پر مطلع ہوں تو ضرور آگاہ فرمائیں۔ انشاء اللہ تعمیل ہوگی۔

نذیر احمد مہروی عفرلہ

Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِکْ

عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

وَّعَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ

قَدْ ضَاقَتْ حِیْلَتِیْ اَدْرِکْنِیْ

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ

صلی اللہ علیک وعلی آلک وسلم

Marfat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

بسم الله الرحمن الرحيم ۞ حامداً وَّ مُصلّیاً وَّ مُسلماً و بعدُ سوال:۔ ہدایۃ النحو کس نے لکھی ہے؟ جواب:۔ اس کے متعلق دو قول ہیں۔ (۱) صاحب درایۃ النحو کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ ہدایۃ النحو، مشہور نحوی علامہ ابو حیان نے لکھی ہے۔ (۲) علامہ غلام جیلانی میرٹھی لکھتے ہیں کہ اس کے مصنف علامہ سراج الدین ہیں جو حضرت خواجہ نظام الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ تھے۔ فائدہ:۔ ''سیر علماء'' میں ہے کہ ابو حیان نحوی کافیہ ابن حاجب کو بالکل پسند نہیں کرتا تھا اور ''هذا نحو الفقهاء'' کہہ کر اس کا مذاق اڑایا کرتا تھا۔ اگر یہ نقل درست ہے تو علامہ غلام جیلانی میرٹھی کی بات قوی ہے اس لئے کہ مصنف ہدایت النحو نے کافیہ اور اسکی ترتیب کو پسند کیا ہے۔ سوال:۔ مصنف نے کتاب کا آغاز تسمیہ اور تحمید سے کیوں کیا ہے؟ جواب:۔ ایسا کرنے میں کلام مجید کا اتباع ہے بایں طور کہ کلام پاک کی ابتداء تسمیہ اور تحمید سے ہے اور حدیث شریف کی بھی اقتداء ہے کیونکہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے ''كُلُّ امرٍ ذي بالٍ لم يُبدأ فيه ببسم الله فهو ابتر'' اور ایک حدیث میں ''بسم الله'' کی جگہ ''بحمد الله فهو اقطع و اجزم'' ہے۔ نیز اسلاف کا طریقہ بھی یہی رہا ہے۔ قولہ بسم الله:۔ بسم الله کی باء جارہ برائے تبرک یا برائے استعانت ہے جو ''متبرکاً یا مستعیناً'' مقدر کے متعلق ہو کر ''اشرع'' فعل مقدر کی ضمیر سے حال ہے، تقدیر عبارت اس طرح ہے ''متبرکاً او مستعیناً ببسم الله اشرع'' اور لفظ اسمٌ بروزن افعٌ ہے اس کا ہمزہ وصلی ہے یعنی ہمزہ سے پہلے اگر حرف متحرک ہو تو یہ صرف لکھا جاتا ہے پڑھا نہیں جاتا اور اس جگہ ہمزہ لکھا بھی نہیں جاتا کیونکہ بسم الله کا کثیر الاستعمال ہونا تخفیف کو چاہتا ہے اور باء کے شوشہ کو ذرا سا لمبا کر کے لکھتے ہیں تاکہ الف محذوفہ پر دلالت کرے۔ لفظ اللہ، معبود برحق کا نام ہے جو واجب الوجود اور تمام صفات کمالیہ کا جامع ہے۔ فائدہ:۔ لوگ جس طرح کہ ذات باری تعالیٰ اور صفات باری میں حیران ہیں اسی طرح اللہ تعالیٰ کے اسم (اللہ) کی تحقیق کے بارے میں حیران اور مختلف الخیال ہیں۔ (۱) قدماء فلاسفہ تو اللہ کے اسم ذاتی ہونیکا انکار کرتے ہیں۔ (۲) بعض کا خیال ہے کہ لفظ اللہ، علم ہے۔ (۳) بعض کے نزدیک یہ اسم مشتق ہے۔ (۴) کچھ حضرات کہتے ہیں کہ اللہ، صفت مشتقہ ہے۔ (۵) بعض کے نزدیک یہ عربی نہیں بلکہ سریانی زبان کا لفظ ہے۔ راجح یہ ہے کہ یہ معبود برحق کا علم ہے۔ قولہ الرحمن الرحيم:۔ یہ دونوں صفت مشبہ ہیں جن میں مبالغہ کے معنی پائے جاتے ہیں اور رحمٰن میں رحیم کی نسبت زیادہ مبالغہ ہے لیکن ابن ہشام کے نزدیک یہ علم ہیں لہٰذا اس جگہ (تسمیہ میں) یہ دونوں لفظ اللہ سے بدل ہونگے۔ سوال:۔ بسم الله میں باء جارہ لفظ اللہ پر داخل کر کے ''باللہ'' کیوں نہیں کہا؟ جواب:۔ تاکہ یمین اور تیمّن میں فرق ہو جائے یعنی یہ واضح ہو جائے کہ بسم الله کی باء قسمیہ نہیں بلکہ تبرک و استعانت کی باء ہے۔ سوال:۔ تسمیہ میں اللہ تعالیٰ کے تین نام کیوں ہیں؟ جواب:۔ گذشتہ زمانے میں تین قومیں گذری ہیں جو اللہ تعالیٰ کو ان ناموں سے یاد کیا کرتی تھیں اس لئے تسمیہ میں وہ تینوں نام جمع کر دیئے ہیں۔

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ

قولہ الحمد للّٰہ :- حمد کے لغوی معنی ہیں ستودن یعنی تعریف کرنا اور حمد کی تعریف یہ ہے "اَلثَّنَاءُ بِاللِّسَانِ علی الجمیل الاختیاری من نعمۃ اوغیرھا" یعنی زبان سے ذکر حسن کرنا جمیل اختیاری پر خواہ وہ نعمت کے مقابلہ میں ہو یا نعمت کے مقابلہ میں نہ ہو اور الحمد کے لام میں تین احتمال ہیں۔ (۱) لام جنسی ہو، اُس وقت معنی ہونگے جنسِ حمد اللہ تعالیٰ کے لئے ہے۔ (۲) لام استغراقی ہو، معنی ہونگے تمام افرادِ حمد ذات باری تعالیٰ کے ساتھ مختص ہیں۔ (۳) یہ لام عہد کا ہو اور اس سے مراد وہ حمد ہو جو اللہ تعالیٰ نے خود اپنی ذات کی فرمائی ہے۔ سوال :- مصنف نے تسمیہ کو تحمید پر مقدم کیوں کیا؟ جواب :- قرآن مجید کی موافقت کے لئے اور اس لئے کہ بوقت اجتماعِ تسمیہ وتحمید، تسمیہ کی تقدیم پر اسلاف کا اجماع واتفاق ہے۔ نیز اس لئے کہ تسمیہ، حمد پر مشتمل ہے کیونکہ حمد کے معنی ہیں کمال اور خوبی کو بیان کرنا۔ سوال :- الحمد للّٰہ میں اسم جلالت کو مقدم کیوں نہیں کیا؟ جبکہ وہ مستحقِ تقدیم ہے۔ جواب :- کیونکہ یہ مقام، حمد کا مقام ہے تو مقام کی رعایت کیلئے حمد کو اسم جلالت پر مقدم کر دیا گیا ہے کہ رعایتِ مقام اولیٰ ہے۔ قولہ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ :- لفظ رب میں تین احتمال ہیں (۱) یہ ربَّ یربُّ سے مصدر ہے جس کے معنی ہیں کسی چیز کو بتدریج حدِ کمال تک پہنچا دینا، اس صورت میں "رب" کا اطلاق ذات باری تعالیٰ پر بطور مبالغہ از قبیل "زَیْدٌ عَدْلٌ" ہوگا یا مصدر بمعنی اسم فاعل ہوگا یعنی تربیت کرنے والا۔ (۲) یہ صفت مشبہ ہے صعب کی طرح۔ (۳) رابٌّ اسم فاعل کا مخفف ہے۔ سوال :- "رب" اگر صفت مشبہ یا اسم فاعل ہے تو "رب العالمین" کو لفظ اللّٰہ کی صفت بنانا درست نہیں کیونکہ "رب" کی اضافت از قبیلِ اضافت لفظیہ ہوگی جو مفید تعریف نہیں ہوتی جبکہ لفظ اللّٰہ معرفہ ہے؟ جواب :- صیغہ صفت کے عمل کیلئے زمانہ حال یا استقبال شرط ہے اور یہاں وہ شرط مفقود ہے اس لئے کہ "رب" میں استمرار ہے لہٰذا "رب" کی اضافت از قبیل اضافت معنویہ ہوگی جو مفید تعریف ہوتی ہے۔ جواب نمبر۲ :- اضافت لفظیہ کی مطلقاً ہیئت ترکیبی اگرچہ تعریف کا فائدہ نہیں دیتی لیکن اس جگہ یہ ترکیب خاص معنی کے اعتبار سے مفید تعریف ہے اس لئے کہ "رَبِّ الْعَالَمِیْنَ" کا مصداق ذاتِ پاک کے سوا کوئی نہیں۔ قولہ :- "العالمین" یہ "عالَم" (اسم آلہ) کی جمع ہے بمعنی "مَایُعْلَمُ بِہِ الشَّیْئُ" یعنی جس چیز سے دوسری جانی جائے اور عرفِ عام میں عالَم سے مراد جمیع ما سوی اللہ ہے۔ سوال :- جب عالَم بمعنی جمیع ما سوی اللہ ہے تو اسکو جمع کیوں لایا گیا ہے؟ جواب :- اس کے مابعد یعنی مُتَّقِیْنَ کے ساتھ رعایتِ سجع کیلئے اور رعایتِ سجع ماقبل اور مابعد دونوں میں ملحوظ ہوتی ہے۔ سوال :- سجع تو ممنوع ہے تو شیٔ ممنوع کی رعایت کیوں کی گئی؟ جواب :- ہر سجع ممنوع نہیں بلکہ ایسی سجع ممنوع ہے جسمیں تکلف ہو اور یہ سجع تکلف سے خالی ہے۔

Marfat.com

وَالْعَاقِبَۃُ لِلْمُتَّقِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ عَلٰی رَسُوْلِہٖ مُحَمَّدٍ

قولہ والعاقبۃ للمتقین:- عاقبت کے معنی ''انجام'' ہیں خواہ انجام خیر ہو یا شر، اس لئے اسکا مضاف مقدر مانا جاتا ہے ای خیر العاقبۃ یعنی اچھا انجام متقین کے لئے ہے۔ یہ جملہ معترضہ ہے اور حمد وصلوٰۃ کے درمیان اس نکتہ پر تنبیہ ہے کہ اعمال میں عمدہ عمل تقوی ہے۔ قولہ والصلوٰۃ:- صلوٰۃ باب تفعیل کا اسم مصدر ہے یہ اصل میں صلوۃ تھا قال کے قاعدے سے واؤ، الف سے بدل گیا تو صلوۃ ہو گیا۔ فائدہ:- اسکی کتابت میں قیاس یہ تھا کہ الف کے ساتھ (صلاۃ) لکھا جاتا جیسے عصا، لیکن چونکہ تفخیم کے وقت اسکا الف واؤ کی طرف مائل ہو جاتا ہے اس لئے اس کے الف کو واؤ کے ساتھ لکھتے ہیں اور واؤ کے بغیر الف کے ساتھ بھی لکھتے ہیں بالخصوص جب اس کی اضافت ضمیر کی طرف ہو جیسے صلاتی۔ فائدہ:- لفظ صلوٰۃ، درج ذیل معانی اربعہ میں مشترک لفظی یا مشترک معنوی ہے۔ رحمت، دعا، استغفار اور تسبیح۔ اور بوقت قرینہ کسی ایک معنی کیلئے ہوگا مثلاً اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف ہوگی تو معنی رحمت یعنی فضل واحسان ہونگے جیسے صلوٰۃ اللہ میں۔ جب اس کی نسبت مؤمنین کی طرف ہوگی تو معنی دعا ہوں گے یعنی طلب رحمت اور جب ملائکہ کی طرف ہوگی، تو معنی استغفار ہونگے اور جب وحوش وطیور کی طرف ہوگی تو معنی تسبیح ہونگے۔ سوال:- مشترک لفظی ومعنوی کس کو کہتے ہیں؟ جواب:- مشترک لفظی یہ ہے کہ ایک لفظ متعدد معانی کے لئے ابتداً الگ الگ وضع کیا گیا ہو جیسے لفظ عین، آنکھ وسونا وغیرہ بہت سے معانی کے لئے موضوع ہے اور مشترک معنوی یہ ہے کہ لفظ ایک معنی کلی کے لئے وضع کیا گیا ہو جس کے بہت سے افراد ہوں جیسے لفظ انسان، حیوان ناطق کیلئے موضوع ہے جس کے بہت سے افراد ہیں۔ فائدہ:- اگر یہ لفظ صلوٰۃ اس جگہ معانی اربعہ کے لئے الگ الگ موضوع ہے تو یہ مشترک لفظی ہوگا اور اگر معنی کلی یعنی افاضۃ الخیر کیلئے موضوع ہے جس کے معانی اربعہ افراد ہیں تو مشترک معنوی ہوگا۔ قولہ علی رسولہ:- رسول لغت میں بمعنی مُرسَل ہے یعنی بھیجا ہوا اور اصطلاح شرع میں رسول، وہ انسان ہے جسکو اللہ تعالیٰ نے مخلوق کی طرف تبلیغ احکام کے لئے بھیجا ہو اور اُسکے پاس کتاب ہو یا نئی شریعت ہو۔ قولہ محمد:- لفظ مُحَمَّد تحمید سے ہے جس کے معنی ہیں وہ ذات جس کے فضائل محمود وکثیر ہوں، کیونکہ باب تفعیل کا خاصہ تکثیر ہے، آپکو اس نام کے ساتھ بالھام خداوندی موسوم کیا گیا یہ نام تمام ناموں کی اصل ہے جس طرح کہ اس نام کا مسمّٰی بحکم حدیث ''کُلُّ الْخَلَائِقِ مِنْ نُّوْرِیْ'' سارے عالم کی اصل ہے۔

Marfat.com

وَاٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ اَمَّا بَعْدُ

قولہ والہ: -ال، اسمِ جمع ہے جس کے اصل میں دو قول ہیں، نمبر ۱- سیبویہ کے نزدیک الٌ کی اصل اَھْلٌ ہے کیونکہ اس کی تصغیر اُھَیْلٌ ہے اور قاعدہ ہے کہ ہر شے کی تصغیر شے کو اس کی اصل کی طرف لوٹا دیتی ہے، اَھْلٌ کی ھاء کو خلاف قیاس ہمزہ کیا پھر امن کے قاعدے سے الٌ ہوا۔ نمبر ۲- کسائی کے نزدیک اسکی اصل اَوَلٌ ہے قَالَ کے قاعدہ سے واؤ کو الف کیا تو الٌ ہوا، کسائی نے یہ دلیل دی ہے کہ میں نے ایک فصیح اعرابی کو یہ کہتے ہوئے سنا ''الٌ وَّاُوَیْلٌ، اَھْلٌ وَّاُھَیْلٌ'' یعنی اس اعرابی نے الٌ کی تصغیر اُوَیْلٌ اور اَھْلٌ کی تصغیر اُھَیْلٌ ذکر کی جس سے معلوم ہوا کہ الٌ اور اَھْلٌ مستقل دو لفظ ہیں۔

فائدہ:- کسائی کا قول قیاسا بہتر معلوم ہوتا ہے کیونکہ اس سے خلافِ قیاس کوئی امر لازم نہیں آتا۔ فائدہ:- الٌ اور اَھْلٌ میں فرق (۱) الٌ صرف ذوی العقول کی طرف مضاف ہوتا ہے اس لئے ''اٰلُ الْعِلْمِ یا اٰلُ الْمِصْرِ'' نہیں کہتے اور اَھْلٌ، ذوی العقول اور غیر ذوی العقول کو عام ہے۔ (۲) الٌ کی اضافت ذوی العقول میں صرف مذکر کی طرف ہوتی ہے بخلاف اَھْلٌ کے کہ وہ عام ہے۔ (۳) الٌ کی اضافت ذوی العقول مذکر میں اشراف کے ساتھ خاص ہے اٰلِ حَجَّام نہیں کہتے۔ اور لفظ اَھْلٌ عام ہے۔ سوال:- آپ نے کہا کہ الٌ اسمِ جمع ہے تو کیا جمع اور اسمِ جمع میں کوئی فرق ہے؟ جواب:- ہاں ان میں تین طریقوں سے فرق کیا گیا ہے (۱) اسمِ جمع وہ ہے جو دو سے زائد پر دلالت کرے اور جمع کے کسی وزن پر نہ ہو خواہ اس کا کوئی مفرد من لفظہ ہو یا نہ ہو۔ جبکہ جمع کیلئے اوزانِ جمع میں سے کسی وزن پر ہونا نیز اُسکا مفرد پایا جانا ضروری ہے۔ (۲) اسمِ جمع کی تصغیر لانے کیلئے اس کو مفرد کی طرف لوٹانا ضروری نہیں بخلاف جمع کے کہ اسکو لوٹانا ضروری ہے۔ (۳) اسمِ جمع خلاف قیاس ہوتی ہے اور جمع قیاس کے مطابق ہوتی ہے۔ قولہ واَصْحَابِہٖ: -مشہور نحوی سیبویہ نے صراحت کی ہے کہ اَصْحَابٌ، صَاحِبٌ کی جمع ہے جیسے اَطْھَارٌ، طَاھِرٌ کی جمع ہے۔ صحابی وہ شخص ہے جس نے ایمان کی حالت میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہو اور ایمان ہی پر اُسکا خاتمہ ہوا ہو۔ الٌ میں اگرچہ اصحاب بھی داخل ہیں کیونکہ الٌ ہر متقی پرہیزگار کو شامل ہے لیکن چونکہ الٌ کا یہ معنی عوام میں غیر مشہور ہے اور رافضی صحابہ کرام کو سَبّ کرتے ہیں اس لئے اہلسنت نے اظہارِ حق کیلئے الٌ کے بعد صحابہ کے ذکر کا التزام کیا ہے۔ قولہ اَجْمَعِیْنَ: -یہ الٌ اور اَصْحَابٌ کی تاکید ہے اور اس سے روافض پر رد مقصود ہے جو بعض صحابہ کرام کو صلوٰۃ کے ساتھ مخصوص کرتے ہیں اور خوارج پر بھی رد ہے جو الٌ سے دشمنی رکھتے ہیں اور ان پر صلوٰۃ نہیں بھیجتے۔ قولہ اَمَّا بَعْدُ: -یہ لفظ علم بدیع میں فصلِ خطاب کے نام سے موسوم ہے مصنفین حمد و صلوٰۃ کے بعد مقصود کی طرف انتقال کرتے وقت یہ لفظ لاتے ہیں تاکہ کلام مقدم و مؤخر میں فصل احسن پیرایہ میں ظاہر ہو جائے۔ کلمہ بَعْدُ اصل میں ظرف مکان ہے جو بعد میں ظرف زمان کے لئے استعمال ہونے لگا۔

Marfat.com

فَهٰذَا مُخْتَصَرٌ مَضْبُوْطٌ فِی النَّحْوِ جَمَعْتُ فِيْهِ مُهِمَّاتِ النَّحْوِ عَلٰی تَرْتِيْبِ الْكَافِيَةِ مُبَوَّباً وَّمُفَصَّلًا

قولہ فھذا :- ھذا کا مشار الیہ وہ مضامینِ مُرتّبہ ہیں جو مصنف کے ذہن میں حاضر وموجود ہیں خواہ خطبہ الحاقیہ ہو ابتدائیہ کیونکہ موجود ذہنی جب کشف وظہور میں محسوس کے مشابہ ہوتو موجود ذہنی کو محسوس مان کر اس کی طرف بھی اسم اشارہ کے ذریعے اشارہ کرتے ہیں چونکہ اس کتاب کے مضامین محسوس کی طرح ظاہر ومنکشف ہیں اس لئے مصنف نے ان مضامین کو محسوس فرض کر کے ان کی طرف ھذا سے اشارہ کیا ہے اور طلبہ کو تسلی دی ہے کہ ھدایۃ النحو کے مسائل مشکل نہیں ہیں بلکہ محسوس کی طرح واضح ہیں۔ فائدہ:- بعض شروح میں جو یہ کہا گیا ہے کہ خطبہ الحاقیہ ہوتو مشار الیہ معانی ہونگے اور ابتدائیہ ہوتو الفاظ ہونگے درست نہیں۔ اس لئے کہ الفاظ ومعانی کا وجود خارج میں نہیں ہے اور جو خارج میں موجود ہیں وہ نقوش ہیں۔

قولہ مختصرٌ مَضْبُوْطٌ :- مُختصرٌ، بابِ افتعال سے صیغہ اسم مفعول ہے۔ اصطلاح میں مُختصر اس کو کہتے ہیں جسکی عبارت قلیل اور معانی کثیر ہوں۔ مضبُوطٌ، بھی اسم مفعول کا صیغہ ہے بمعنی محفوظ اور مُختصرٌ کی صفت اول ہے اور فی النحو صفت ثانی اور موصوف، صفت سے ملکر مبتدا (ھذا) کی خبر ہے۔ قولہ جمعتُ فِيْهِ :- یہ جملہ بھی مُختصرٌ کی صفت ہے یعنی ایسی مختصر کہ جس میں میں نے نحو کے مقاصد جمع کئے ہیں ''مُهِمَّات'' مُهِمّ یامُهِمَّةٌ کی جمع ہے جو ہمت بمعنی قصد سے ہے ''مُهِم'' اگرچہ بمعنی رنج بھی ہے لیکن پہلا معنی بہت مناسب ہے۔ قولہ علی ترتیبِ الکافیۃ :- یہ ''جمعتُ'' کے متعلق ہے یا کائنٌ مقدر کے متعلق ہو کر مُختصر کی چوتھی صفت ہے اور موصوف صفت کے درمیان فاصلہ اگر اجنبی کے ساتھ نہ ہوتو یہ فاصلہ جائز ہے، نیز ''مُشتملة'' کے متعلق کر کے مُهِمّات سے حال بھی بنایا جا سکتا ہے ای حال کون تلک المُهِمّات مُشتملة علی ترتیب الکافیۃ'' اور ثابتا کے متعلق کر کے مفعولِ مطلق مقدر کی صفت بنانا بھی درست ہے ای جمعتُ جمعاثابتا علی ترتیب الکافیۃ۔ ترتیب، لغت میں بمعنی ساختن شئی ہے یعنی کوئی چیز بنانا اور اصطلاح میں بمعنی وضعُ کلِ شیئی فی مرتبته (یعنی ہر چیز کو اسکے مرتبہ میں رکھنا) مصنف فرماتے ہیں کہ میں نے اس مختصر کی ترتیب کافیہ کے مطابق رکھی ہے جیسے کافیہ میں پہلے بحث اسم پھر بحث فعل اور آخر میں بحث حرف ہے یہی ترتیب اس مختصر میں بھی ہے یعنی جو مسائل نحو اس مختصر میں مذکور ہیں وہ کافیہ کی طرز پر ہیں۔ قولہ مُبوّباوّمُفصّلا :- یہ دونوں یا تو جمعتُ کی ضمیر سے حال ہیں اور بصیغہ اسم فاعل ہیں یعنی میں نے اس مختصر میں مقاصد نحو کو جمع کیا اس حال میں کہ ان مقاصد کو باب باب اور فصل فصل کرنے والا ہوں یا فیہ کی ضمیر مجرور سے حال ہیں اور بصیغہ اسم مفعول ہیں یعنی میں نے اس مختصر میں نحو کے مقاصد کو جمع کیا اس حال میں کہ وہ مختصر باب باب اور فصل فصل کی ہوئی ہے۔ فائدہ:- مصنف کے قول علی ترتیب الکافیۃ میں اگر کافیہ سے اس کی نفس عبارت مراد ہوتو مصنف کا قول مُبوّباوّمُفصّلا بمنزلہ استثناء کے ہوگا یعنی یہ مختصر میں نے کافیہ کی ترتیب پر جمع کی ہے مگر یہ مبوب مفصل ہے اور کافیہ میں ابواب وفصول قائم نہیں کئے گئے اور اگر کافیہ کے قواعد کلیہ مراد ہیں جو مبوب اور مفصل ہیں تو اس صورت میں تبویب وتفصیل کا ذکر محض مدعی کے انکشاف کیلئے ہوگا۔ (تسهيل الحمايه)

Marfat.com

بِعِبَارَةٍ وَّاضِحَةٍ مَّعَ اِيْرَادِ الْاَمْثِلَةِ فِيْ جَمِيْعِ مَسَائِلِهَا مِنْ غَيْرِ تَعَرُّضٍ لِلْاَدِلَّة

قولہ بعبارةٍ واضحةٍ :-'' عبارت'' لغت میں بمعنی خواب کی تعبیر بیان کرنا اور اصطلاح میں عبارت ان الفا کو کہتے ہیں جو معنی پر دلالت کرتے ہیں چونکہ یہ الفاظ دل میں پوشیدہ چیز کو ظاہر کرتے ہیں اس لئے انکو عبارت کہا جاتا ہے اور واضحة کے لغوی معنی ظاہر کرنے والی۔ عبارت واضحہ ، ایسی عبارت کا نام ہے جو اپنے معنی پر دلالت کرنے میں واضح ہو (ای غیر صعبة) عبارت واضحہ سے مصنف نے اس وہم کا ازالہ کیا ہے کہ جب یہ مختصر کافیہ کی ترتیب پر جمع کی گئی ہے تو اس کی عبارت بھی کافیہ کی طرح مغلق اور غیر واضح ہوگی فقال بِعِبَارَةٍ وَّاضِحَةٍ ۔ فائدہ:- بِعِبَارَةٍ وَاضِحَ کی ترکیب میں چند احتمال ہیں (۱) یہ جار مجرور جَمَعْتُ کے متعلق ہو۔ (۲) کائنٌ مقدر کے متعلق ہو کر مُخْتَصَرٌ کی صفت بنے۔ (۳) فیہ کی ضمیر سے حال مترادفہ بنے۔ (۴) مُبَوَّبٌ وَ مُفَصَّلٌ (بصیغہ اسم مفعول) کی ضمیر سے حالِ متداخل بنے۔ سوال:- حال مترادفہ اور حال متداخلہ کی تعریف کریں؟ جواب:- ایک ذوالحال سے دوبارہ جو حال بنایا جا اس کو حال مترادفہ کہتے ہیں جیسے هداية النحو کی عبارت جَمَعْتُ فِيْهِ کی ضمیر مجرور سے مُبَوَّبًا و مُفَصَّلًا حال ہے او اس کے بعد بعبارة واضحة بھی ضمیر مجرور سے حال ہے تو یہ حال مترادفہ ہے اور حالِ متداخلہ وہ ہے جو پہلے حال کے معمول سے حال واقع ہو جیسے مُبَوَّبًا وَ مُفَصَّلًا ، فِيْهِ کی ضمیر مجرور سے حال ہے پھر مُبَوَّبٌ وَ مُفَصَّلٌ کی ضمیر سے بعبارة واضحة حال واقع ہو رہا ہے تو یہ حال متداخلہ ہے۔ قولہ مَعَ اِيْرَادِ الْاَمْثِلَةِ:- یہ ظرف مع مضاف الیہ واضحة کے متعلق ہے یا کائنة کے متعلق ہو کر عبارۃ کی صفت ہے۔ اِیْراد، بابِ افعال کا مصدر ہے جو اپنے مفعول کی طرف مضاف ہے الامثلة ، مثال کی جمع ہے۔ مثال ، بغرض انکشاف مسائل لائی جاتی ہے اور دلیل و برہان اثبات مدعٰی کے لئے لائی جاتی ہے۔ فائدہ:- مثال اور شاہد میں یہ فرق ہے کہ مثال اُس کو کہتے ہیں جو قاعدہ کی وضاحت کے لئے لائی جائے اور شاہد اس کو کہتے ہیں جو قاعدہ کے اثبات کے لئے ذکر کیا جائے ، پس مثال عام اور شاہد خاص ہے کہ شاہد قرآن یا حدیث یا عربی کے ماہر کے کلام سے لایا جاتا ہے جبکہ وضاحت اور مثال کے لئے یہ ضروری نہیں ہے۔ قولہ فِيْ جَمِيْعِ مسائلها :- کلمہ فی بمعنی لام ایراد کے متعلق ہے۔ مسائلُ جمع مَسْئَلَةٌ کی ہے لغت میں مسئلہ کے معنی ہیں سوال کی جگہ یا سوال کا وقت ، یہاں مراد قواعد ہیں اور اصطلاح میں کسی امر کا اسناد کرنا اللہ تعالیٰ یا اس کے رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) یا کسی مجتہد کی طرف۔ مسائلها کی ضمیر کا مرجع ، مُهِمَّات ہے یا مُخْتَصَرٌ ، بتاویل رسالہ۔ اور تمام مسائل سے مراد اکثر و غالب مسائل ہیں لان للا کثر حکم الکل۔ قولہ مِنْ غَيْرِ تَعَرُّضٍ :- تَعَرُّض بابِ تفعل کا مصدر ہے بمعنی کسی چیز کے درپے ہونا ، ادلة دلیل کی جمع ہے کسی چیز کی دلیل وہ ہے جس سے وہ چیز پہچانی جائے ، قیاس اس امر کا مقتضی ہے کہ مصنف ادلہ ، جمع قلت کی جگہ دلائل صیغہ جمع کثرت لاتے کہ مقام اسی کو چاہتا ہے لیکن صیغہ جمع کثرت و جمع قلت ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتے ہیں اس لئے مصنف صیغہ جمع قلت لائے جو بمعنی جمع کثرت ہے۔

Marfat.com

وَالْعِلَلِ لِئَلَّا يُشَوِّشَ ذِهْنُ الْمُبْتَدِئْ عَنْ فَهْمِ الْمَسَائِلِ وَسَمَّيْتُهُ بِهِدَايَةِ النَّحْوِ
رَجَاءَ اَنْ يَّهْدِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى بِهِ الطَّالِبِيْنَ وَرَتَّبْتُهُ عَلٰى مُقَدِّمَةٍ وَّثَلٰثَةِ اَقْسَامٍ وَّخَاتِمَةٍ

قولہ والعلل :- یہ عِلَّۃٌ کی جمع ہے جیسے ھِمَمٌ، ھِمَّۃٌ کی جمع ہے، اصطلاح میں علت اس کو کہتے ہیں جس پر جو معلول موقوف ہو، دلیل اور علت علمائے عربیت کے نزدیک مترادف ہیں اور مصنف کا یہ قول بھی اغلب پر محمول ہے ورنہ بعض مواضع میں علل کا بیان کیا گیا ہے۔ قولہ لئلا یُشَوِّش :- لِئَلاَّ، اصل میں لِاَنْ لَا تھا، نون کو لام کر کے اس میں ادغام کیا اور ہمزۂ مستقیمہ کو ہمزۂ منحنیہ سے بدل دیا تو لِئَلَّا ہوا یہ جار مجرور جَمَعْتُ کے متعلق ہے اور مِنْ غَیْرِ تَعَرُّضٍ کی علت ہے۔ یُشَوِّش، صیغہ مضارع ہے تَشْوِیْشٌ بمعنی پریشان کرنا سے یہ معلوم بھی پڑھا جا سکتا ہے اس صورت میں اس کا فاعل ضمیر مستتر ہوگی اور ذِھْنَ الْمُبْتَدِی بنا بر مفعول منصوب ہوگا اور معنی ہونگے تا کہ یہ تعرض مبتدی کے ذہن کو پریشان نہ کردے اور مجہول بھی پڑھا جا سکتا ہے اس صورت میں ذِھْنُ الْمُبْتَدِی نائب فاعل ہوگا اور معنی ہونگے تا کہ مبتدی کا ذہن پریشان نہ کیا جائے۔ مُبْتَدِی، لغت میں بمعنی آغاز کنندہ ہے اور اصطلاح میں مبتدی وہ ہے جس نے کسی چیز کے اول جز کو شروع کیا ہو اور باقی اجزاء کے حاصل کرنے کا ارادہ رکھتا ہو۔ قولہ عن فَھْمِ الْمَسَائِلِ :- مَسَائِل، مَسْئَلَۃٌ کی جمع ہے اور اس میں لام عہد کا ہے جس سے اس مختصر کے مسائل مراد ہیں یا لام مضاف الیہ کے عوض میں ہے اور اصل عبارت ہے عَنْ مَسَائِلِ الْمُخْتَصَرِ یعنی میں نے دلائل وعلل ترک کر کے صرف بیان مسائل پر اکتفا کیا ہے تا کہ بیان مسائل کے بعد دلائل وعلل کا بیان مبتدی اکتسابی کے ذہن کو پریشان نہ کردے۔ قولہ وَسَمَّیْتُہٗ بِھِدَایَۃِ النَّحْوِ :- اور میں نے اس مختصر کا نام ھِدَایَۃُ النَّحْوِ رکھا۔ باب سَمّٰی یُسَمِّی بنفسہ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے اس لئے بِھِدَایَۃ کی باء، زائدہ خلاف قیاس ہے اس لئے کہ باء، قیاسا استفہام بِھَلْ اور لَیْسَ اور نفی بِمَا کی خبر میں زائد ہوتی ہے اور یہاں ان تین میں سے کوئی صورت نہیں ہے۔ کلمہ ھِدَایَۃ کی اضافت میں دو احتمال ہیں اول یہ کہ یہ از قبیل اضافت مصدر الی الْمَفْعُوْلِ فِیْہِ ہو اور فاعل ومفعول بہ دونوں مقدر ہوں اور تقدیر عبارت اس طرح ہو بِھِدَایَتِہِ الْمُبْتَدِیْ فِی النَّحْوِ، دوم یہ کہ یہ از قبیل اضافت مصدر الی الْمَفْعُوْلِ بِہٖ ہو اور فاعل محذوف ہو۔ قولہ رَجَاءَ :- یہ را کی فتح اور آخر میں ہمزہ کے ساتھ بمعنی امید رکھنا ہے یہ مصدر تاویلی کی طرف مضاف ہے اور فاعل اس کا محذوف ہے رَجَائِیْ ھِدَایَۃَ اللّٰہِ اور ترکیب میں سَمَّیْتُہٗ کا مفعول لہ ہے یعنی میں نے اس کتاب کا نام ھِدَایَۃُ النَّحْوِ اس امید پر رکھا کہ اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ طلبہ کی رہنمائی فرمائے گا۔ قولہ وَرَتَّبْتُہٗ :- اور میں نے اس مختصر کو ایک مقدمہ اور تین اقسام پر مرتب کیا۔ رَتَّبْتُ، ترتیب سے ہے ترتیب کے لغوی معنی ہیں ہر شئی کو اس کے مرتبہ میں رکھنا اور اصلاح میں یہ کہ چند اشیاء کو اس طرح سے رکھنا کہ ان پر ایک نام بولا جائے۔ فائدہ :- بعض نسخوں میں خاتمہ کا بھی ذکر ہے یعنی کتاب کو ایک مقدمہ اور تین اقسام اور خاتمہ پر مرتب کیا ہے، صاحب الھامیۃ کہتے ہیں کہ یہ ناسخ کی غلطی ہے کتاب میں خاتمہ کا کوئی وجود نہیں۔

Marfat.com

بِتَوْفِيْقِ الْمَلِكِ الْعَزِيْزِ الْعَلَّامِ اَمَّا الْمُقَدِّمَةُ فَفِي الْمَبَادِي الَّتِيْ يَجِبُ تَقْدِيْمُهَا لِتَوَقُّفِ الْمَسَائِلِ عَلَيْهَا وَفِيْهَا فُصُوْلٌ ثَلٰثَةٌ فَصْلٌ اَلنَّحْوُ عِلْمٌ

قولہ بتوفیق الملک العزیز :- یہ جار مجرور جمعتُ یا رتّبتُ کے متعلق ہے۔ توفیق، کے لغوی معنی ہیں کسی کے کام میں معاونت کرنا، اور اصطلاح میں بندہ کے نیک مقصود کے مطابق اسباب پیدا کر دینا توفیق کہلاتا ہے (الھامیہ)

فائدہ:- المَلِک، بمعنی بادشاہ۔ العزیز، بمعنی غالب۔ العلّام، بمعنی بہت جاننے والا۔ مصنف نے ان تینوں اسماء کو اس لئے ذکر کیا کہ یہ بڑی صفات الٰہی پر دلالت کرتے ہیں پھر صرف تین کا ذکر اس لئے کیا کہ اللہُ وِترٌ یُحِبُّ الوِتر۔ ایک اور پانچ بھی اگر چہ وتر ہیں لیکن مصنف نے خیرُ الاُمورِ اَوسطُھا پر عمل کیا ہے۔ قولہ المقدمۃ :- مقدمہ کا اطلاق معانی کثیرہ پر آیا ہے۔ (۱) مُقدمۃُ الجیش یعنی جماعۃٌ مُتقدمۃٌ علی الجیش۔ (۲) جزءِ دلیل پر جیسے صغریٰ یا کبریٰ۔ (۳) جس پر دلیل کی صحت موقوف ہو۔ (۴) مُقدمۃُ العلم، یعنی وہ معانی جن پر علم کا شروع کرنا موقوف ہو جیسے علم کی تعریف، غرض، موضوع وغیرہ۔ (۵) مُقدمۃُ الکتاب، یعنی وہ مجموعہ کلام جو مقصود سے پہلے لایا جائے جس کے ساتھ مقصود کا ارتباط ہو اور انتفاع کی وابستگی ہو اور اس جگہ یہی مراد ہے۔ قولہ وفیھا فصولٌ :- فُصُولٌ، فَصْلٌ کی جمع ہے جس کے لغوی معنی ہیں کاٹنا، جدا کرنا اور اصطلاح میں دو حکموں کے درمیان حاجز اور فاصل کو فصل کہتے ہیں۔ قولہ ثلاثۃٌ:- یہ فصول کی صفت ہے اور ان میں معنوی مطابقت پائی جاتی ہے اور وہ اس طرح کہ ثلاثۃ باعتبار معنی جمع ہے تو مطابقتِ معنوی، مطابقتِ لفظی کے قائم مقام کر دی گئی۔ قولہ فصلٌ النحو :- لفظ فصل کو اگر غیر مرکب مانیں تو یہ مبنی علی السکون ہوگا اور اگر مرکب مانیں تو یہ مبتدا محذوف کی خبر بنے گا ای ھذا فصلٌ، مصنف نے اس فصل میں امورِ اربعہ میں سے تین کو بیان کیا ہے جن کا جاننا شارعِ فی العلم کے لئے ضروری ہے یعنی تعریف، غرض اور موضوع اور برائے اختصار واضعِ نحو کا ذکر نہیں کیا جو سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہیں۔ نحو کے لغوی معنی سات ہیں۔

ہفت معنی در میان نحوائی جانم بجو — قصد، مقدار و قبیلہ، صرف، مثل، شبہ، سو

اور یہ تمام معانی اس رباعی میں آ گئے ہیں۔

نحونا نحوَ نحوک یا حبیبی	نحونا نحوَ الفٍ مِن رَقیبی
وجدناھم مریضا نحو قلبی	تمنّوا منک نحوًا مِن زبیبی

اور نحو کے اصطلاحی معنی ہیں، عِلمٌ بِاُصُولٍ ...... الخ۔ سوال:- علم کے لغوی معنی ہیں دانستن (جاننا) اور اصطلاحی معنی ہیں حُصُولُ صُورۃِ الشَّیئِ فِی العقل، کسی شئی کی صورت کا عقل میں آنا جو امر ذہنی ہے اور نحو قواعد ملفوظہ مکتوبہ کا نام ہے لہٰذا نحو پر علم کا اطلاق صحیح نہیں؟ جواب:- اصطلاح میں علم کا اطلاق درج ذیل معانی پر ہوتا ہے۔ (۱) حُصُولُ صُورَۃِ الشَّیئِ فِی العقل۔ (۲) قواعد ملفوظہ مکتوبہ۔ (۳) قواعد منقولہ از مجتہدین اور اس جگہ علم دوسرے یا تیسرے معنی میں ہے۔

Marfat.com

بِاُصُوْلٍ يُعْرَفُ بِهَا اَحْوَالُ اَوَاخِرِ الْكَلِمِ الثَّلٰثِ مِنْ حَيْثُ الْاِعْرَابِ وَالْبِنَاءِ وَكَيْفِيَّةُ تَرْكِيْبِ بَعْضِهَا مَعَ بَعْضٍ وَالْغَرَضُ مِنْهُ صِيَانَةُ الذِّهْنِ عَنِ الْخَطَاءِ اللَّفْظِيِّ فِيْ كَلَامِ الْعَرَبِ وَمَوْضُوْعُهُ الْكَلِمَةُ وَالْكَلَامُ

قولہ باصُوْل :- اُصُوْل، اصل کی جمع ہے اور لفظِ اصل متعدد معانی پر بولا جاتا ہے (۱) مایبتنی علیه غیرُہ۔ وہ چیز جس پر غیر قائم ہو۔ (۲) راجح، یقالُ الاصلُ فِی الکلامِ الحقیقةُ۔ (۳) دلیل، یقالُ الاصلُ فی هذه المسئلة قولُهُ علیه السّلامُ۔ اور اصطلاح میں اصل اس قاعدہ کلیہ کو کہتے ہیں جو اپنے تمام جزئیات پر منطبق ہو۔ فائدہ:- قاعدہ، قانون، ضابطہ اور اصل تمام ہم معنی الفاظ ہیں۔ قولہ وَالْغَرَضُ :- غرض، اُسکو کہتے ہیں جس کے سبب فاعل سے فعل کا صدور ہو اور غایت، وہ ہے جو فعل کے صدور پر مرتب ہو۔ ان میں اتحاد ذاتی اور تغایر اعتباری ہے۔ مثلاً ذہن کو لفظی غلطی سے بچانا اس اعتبار سے کہ علم نحو کی تحصیل پر مرتب ہے غایت ہے اور اس اعتبار سے کہ یہ علم نحو کی تحصیل کا باعث ہے غرض ہے اور علم نحو کی غرض ذہن کو کلام عرب میں خطاء لفظی سے بچانا ہے کیونکہ فکری غلطی سے بچانا علم منطق کا کام ہے اور معنوی غلطی سے بچانا علم معانی کا کام ہے۔ سوال:- غلطی تلفظ میں ہوتی ہے جو زبان کا فعل ہے لہذا نحو کی غرض صیانة اللّسان ہونی چاہیے نہ صیانة الذھن۔ جواب:- غلطی اصل میں ذہن سے ہوتی ہے کہ وہی درحقیقت تلفظ کرنے والا ہے زبان تو محض مُبَیّن ومُفسّر ہوتی ہے۔ اصل عبارت اس طرح ہے صیانة مُبیّن الذھن الخ یا صیانة الة الذھن وھو اللّسان۔ قولہ وموضوعُهُ :- کسی علم کا موضوع وہ ہوتا ہے جس کے عوارض ذاتیہ سے اُس علم میں بحث کی جائے۔ نحو کا موضوع کیا چیز ہے اس میں چار قول ہیں (۱) اَللَّفْظُ الْمَوْضُوْعُ، یعنی با معنی لفظ، علم نحو کا موضوع ہے اور یہی مختار ہے۔ (۲) علم نحو کا موضوع کلمہ اور کلام ہے اور مرکب غیر مفید بوجہ عدم افادہ، کلمہ میں داخل ہے یا بوجہ ترکیب کلام میں داخل ہے۔ سوال:- دو موضوع تعدد علم پر دلالت کرتے ہیں لہذا دو چیزوں کو نحو کا موضوع قرار دینا صحیح نہیں کہ علم نحو ایک ہے۔ جواب:- متعدد کی دو قسمیں ہیں۔ اول لفظ ومعنی دونوں لحاظ سے متعدد ہو جیسے عاقل اور بالغ۔ دوم صرف لفظ کے اعتبار سے جیسے قاعد اور جالس اور کلمہ وکلام صرف لفظ کے اعتبار سے متعدد ہیں معنی دونوں کا ایک ہے یعنی اللَّفْظُ الْمَوْضُوْعُ۔ جواب نمبر۲:- موضوع کا تعدد علم کے تعدد پر اُس وقت دلالت کرتا ہے جب اُن کے درمیان کوئی امر مشترک نہ ہو اور یہاں متعدد یعنی کلمہ اور کلام کے درمیان امر مشترک (اَللَّفْظُ الْمَوْضُوْعُ) موجود ہے لہذا یہ تعدد موضوع، تعدد علم کو مستلزم نہیں ہے جس طرح کہ علم اصول فقہ کے موضوع قرآن، حدیث، اجماع اور قیاس میں امر مشترک موجود ہے یعنی احکام دین کا اثبات لہذا یہ تعدد موضوع، علم کے تعدد کو مستلزم نہیں۔ علم اصول فقہ ایک علم ہے۔ (۳) نحو کا موضوع کلمہ ہے کیونکہ نحو میں کلمہ کی بحث بالذات ہوتی ہے اور کلام کی بحث بالتّبع ہوتی ہے۔ (۴) نحو کا موضوع کلام ہے کیونکہ علم نحو میں کلام کے احوال بالذات بیان کئے جاتے ہیں اور کلمہ کے احوال بالتّبع۔

Marfat.com

فصل اَلْکَلِمَۃُ لَفْظٌ وُضِعَ لِمَعْنًی

سوال:- مصنف نے کلمہ کو کلام پر کیوں مقدم کیا ہے؟ جواب:- اس لئے کہ افرادِ کلمہ، افرادِ کلام کے جز ہوتے ہیں اور مفہوم کلمہ مفہوم کلام کا جز ہوتا ہے اور جز، فہم میں کل پر مقدم ہوتا ہے تو مصنف نے ذکر میں بھی جزء (کلمہ) کو مقدم کر دیا تا کہ کلمہ کا ذکر اس کی طبع کے موافق ہو جائے۔ فائدہ:- لفظ اَلْکَلِمَۃُ کے تین جز ہیں اوّل اَلِفْ لَامْ، دوم کَلِمْ، سوم تاء۔ اس کا الف لام جنس کے لئے ہے اور کلم اسم جنس ہے۔ اسم جنس وہ ہوتا ہے جو واحد اور کثیر سب کے لئے وضع کیا گیا ہو جیسے تمرٌ۔ اور تاء، وحدت کی ہے کیونکہ اسم جنس ذی عقل نہ ہو تو وحدت پر دلالت کے لئے اُس کے آخر میں تاء بڑھا دیتے ہیں جیسے تمرۃٌ۔ سوال:- الکلمۃ میں الف لام جنسی اور تاء وحدت ماننا درست نہیں کیونکہ جنس اور وحدت کے درمیان منافات ہے۔ جواب نمبر1:- تاء اس جگہ وحدت کے معنی سے خالی ہے اور صرف تانیث کے لئے ہے۔ جواب نمبر2:- وحدت کی چار قسمیں ہیں (۱) وحدتِ جنسی (۲) وحدتِ نوعی (۳) وحدتِ صنفی (۴) وحدتِ شخصی۔ وحدت کی آخری قسم یعنی وحدت شخصی اور جنس کے درمیان منافات ہے اور یہاں تاء وحدتِ شخصی کے لئے نہیں کہ منافات لازم آئے۔ فائدہ:- تاء چند معنی کے واسطے آتی ہے۔ (۱) وحدت جیسے اَلْکَلِمَۃُ میں۔ (۲) تانیث جیسے قَائِمَۃٌ۔ (۳) تذکیر جیسے ثلاثۃٌ۔ (۴) عوض جیسے عِدَۃٌ جو اصل میں وِعْدٌ تھا اول سے واو حذف کر کے اس کے عوض آخر میں تاء لائی گئی۔ (۵) نقل جیسے کافیۃ۔ (۶) مصدریہ جیسے فاعلیّۃ۔ (۷) مبالغہ جیسے علّامۃ۔ قولہ لَفْظٌ:- لفظ، لغت میں بمعنی رمی ہے یعنی پھینکنا اصطلاح میں مایتلفظ بہ الانسان یعنی جس کے ساتھ انسان تکلم کر سکے۔ فائدہ:- کلمہ کی تعریف میں لفظ کا معنی اصطلاحی مراد ہے اور اسی معنی کے اعتبار سے کلمہ پر اُس کا حمل ہے۔ سوال:- مبتدا اور خبر کے درمیان تذکیر و تانیث میں مطابقت واجب ہے لہٰذا مصنف کو اَلْکَلِمَۃُ لَفْظَۃٌ ''ۃ'' کے ساتھ لکھنا چاہیے تھا؟ جواب:- یہاں خبر مشتق نہیں اس لئے مطابقت واجب نہیں۔ قولہ وُضِعَ:- یہ وَضْعٌ مصدر بمعنی رکھنا سے صیغہ ماضی مجہول ہے۔ اصطلاح میں وضع کے معنی ہیں ایک چیز کو دوسری کے ساتھ اس طرح خاص کر دینا کہ جب شئی اوّل کا اطلاق یا احساس کیا جائے تو شئی ثانی سمجھ میں آ جائے۔ پہلی شئی کو موضوع اور دوسری کو موضوع لہٗ کہتے ہیں۔ قولہ لِمَعْنًی:- لفظ معنی، لغت میں بمعنی مراد و مقصود ہے اور اصطلاح میں مَایُقْصَدُ مِنَ اللَّفْظِ کو معنی کہتے ہیں اور یہ قول بواسطہ لام وُضِعَ کا مفعول بہ ہے۔ فائدہ:- معنی، مفہوم، مدلول اور مسمّٰی، متحد بالذات ہیں کہ تمام مَاحَصَلَ فِی الذِّھْنِ سے عبارت ہیں اور مختلف بالاعتبار ہیں۔ معنی، وہ ہے جو لفظ سے مستفاد ہو اس اعتبار سے کہ لفظ سے مراد لیا گیا ہے۔ مفہوم، وہ ہے جو لفظ سے مستفاد ہو اس اعتبار سے کہ لفظ سے سمجھا گیا ہے۔ مدلول، وہ ہے جو لفظ سے مستفاد ہو اِس اعتبار سے کہ لفظ اس پر دلالت کرتا ہے۔ مسمّٰی، وہ ہے جو لفظ سے مستفاد ہو اس اعتبار سے کہ لفظ اِس کے لئے وضع کیا گیا ہے۔

Marfat.com

مُفْرَدٍ وَهِيَ مُنْحَصِرَةٌ فِيْ ثَلَاثَةِ اَقْسَامٍ اِسْمٌ وَفِعْلٌ وَحَرْفٌ لِاَنَّهَا اِمَّا اَنْ لَّا تَدُلَّ عَلٰى مَعْنًى فِيْ نَفْسِهَا وَهُوَ الْحَرْفُ اَوْ تَدُلَّ عَلٰى مَعْنًى فِيْ نَفْسِهَا وَيَقْتَرِنُ مَعْنَاهَا بِاَحَدِ الْاَزْمِنَةِ الثَّلَاثَةِ وَهُوَ الْفِعْلُ اَوْ تَدُلَّ عَلٰى مَعْنًى فِيْ نَفْسِهَا وَلَمْ يَقْتَرِنْ مَعْنَاهَا بِهٖ وَهُوَ الْاِسْمُ

قولہ مُفْرَدٌ :- لفظ مفرد یا تو معنًی کی صفت کی بنا پر مجرور ہے یا لفظ کی صفت کی بنا پر مرفوع ہے یا حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور یہ وُضع کی ضمیر مستتر یا معنی سے حال ہے اس لئے کہ معنی بواسطہ لام وُضع کا مفعول بہ ہے۔ سوال :- مُفْرَدًا کو معنی سے حال ماننا غلط ہے اس لئے کہ ذو الحال جب نکرہ ہو تو حال کی تقدیم واجب ہوتی ہے یہاں ذو الحال نکرہ ہے لیکن حال اس پر مقدم نہیں ہے؟ جواب :- حال کی تقدیم اُس وقت واجب ہے جب ذو الحال نکرہ ہو اور مجرور نہ ہو یہاں ذو الحال مجرور ہے اس لئے حال کی تقدیم واجب نہیں۔ فائدہ :- حال، ذو الحال کا تابع ہوتا ہے اس لئے جہاں ذو الحال کی تقدیم ممنوع ہو تو وہاں حال کی تقدیم بھی ممنوع ہوتی ہے اور لِمَعْنًى میں مجرور کی تقدیم جار پر ممنوع ہے اس لئے مفرد کی تقدیم بھی حرف جر پر ممنوع ہے۔ قولہ وَهِيَ مُنْحَصِرَةٌ :- هِيَ ضمیر مرفوع کا مرجع لفظ کَلِمَۃ ہے اور تقسیم مفہوم کلمہ کی ہے یعنی کلمہ اپنے مفہوم کے اعتبار سے تین قسموں میں منحصر ہے۔ قولہ اِسْمٌ وَفِعْلٌ وَحَرْفٌ :- اس عبارت میں اعراب کی اقسام ثلاثہ یعنی رفع، نصب اور جر کا احتمال ہے۔ رفع مبتداء محذوف کی خبر کی بنا پر اَیْ اَحَدُهَا وَثَانِيْهَا وَثَالِثُهَا اور نصب اَعْنِيْ مقدر کا مفعول ہونے کی بنا پر اور جر بنا بر بدل از اقسام اور یہی اولی ہے کیونکہ حذف خلاف اصل ہے۔ قولہ لِاَنَّهَا :- یہ جار مجرور مُنْحَصِرَةٌ کے متعلق ہے اور کلمہ کے اقسام ثلاثہ میں منحصر ہونے کی دلیل ہے یعنی اگر کلمہ اپنے معنی پر بذات خود دلالت نہیں کریگا تو وہ حرف ہے۔ فائدہ :- مصنف کا قول اَنْ لَّا تَدُلَّ، اسم تاویلی مبتداء ہے اور مِنْ صِفَتِهَا اُس کی خبر محذوف ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے لِاَنَّهَا اِمَّا مِنْ صِفَتِهَا اَنْ لَّا تَدُلَّ ...... الخ، پھر یہ جملہ حرف مشبہ بالفعل کی خبر ہے یا اَنَّ کے اسم سے پہلے مضاف مقدر ہے یعنی لِاَنَّ حَالَهَا اِمَّا اَنْ لَّا تَدُلَّ، اور حال کلمہ وصف ہے لہذا یہ وصف کا حمل وصف پر ہے۔ فائدہ :- اِمَّا اَنْ تَدُلَّ میں کلمہ اِمَّا تردیدیہ ہے جو اَوْ سے قبل جواز اور اِمَّا عاطفہ سے قبل وجوباً لایا جاتا ہے۔ سوال :- اقسام ثلاثہ کی تعریف سے پہلے مصنف نے دلیل حصر کیوں بیان کی ہے جبکہ تعریف کی تقدیم واجب ہے؟ جواب :- تعریف کی تقدیم اُس وقت واجب ہے جب وجہ حصر تعریف کو متضمن نہ ہو اور اس جگہ وجہ حصر تعریف کو متضمن ہے۔ قولہ وَهُوَ الْحَرْفُ :- لفظ اَلْكَلِمَةُ بقرینہ تقسیم بتاویل اَلْقِسْمُ ہے اور یہی اَلْقِسْمُ، هُوَ ضمیر کا مرجع ہے یعنی قسم اول حرف ہے۔ فائدہ :- چونکہ حرف، لغت میں بمعنی طرف ہے اس لئے مصنف نے تقسیم کلمہ میں حرف کے مرتبہ کا لحاظ کرتے ہوئے اس کو طرف آخر میں ذکر کیا ہے کہ اس کا رتبہ اسم وفعل سے کم ہے اور دلیل حصر میں حرف کے معنی کا لحاظ کرتے ہوئے اس کو طرف اول میں ذکر کیا ہے کیونکہ حرف کا معنی عدمی ہے اور کائنات میں عدم وجود پر مقدم ہے۔ قولہ وَهُوَ الْفِعْلُ :- اور وہ قسم ثانی فعل ہے یہاں فعل کو بنا بر شرافت اسم پر مقدم کیا گیا ہے کیونکہ فعل کی تعریف وجودی ہے اور وجود، عدم سے اشرف ہے۔

Marfat.com

فَحَدُّ الْاِسْمِ کَلِمَةٌ تَدُلُّ عَلٰی مَعْنًی فِیْ نَفْسِهَا غَیْرِ مُقْتَرِنٍ بِاَحَدِ الْاَزْمِنَةِ الثَّلَاثَةِ اَعْنِی الْمَاضِیَ وَالْحَالَ وَالْاِسْتِقْبَالَ کَرَجُلٍ وَعِلْمٍ وَعَلَامَتُهٗ صِحَّةُ الْاِخْبَارِ عَنْهُ نَحْوُ زَیْدٌ قَائِمٌ وَالْاِضَافَةُ نَحْوُ غُلَامُ زَیْدٍ وَدُخُوْلُ لَامِ التَّعْرِیْفِ کَالرَّجُلِ

قولہ فَحَدُّ الْاِسْمِ :- یہ عبارت شرط محذوف کی جزاء ہے، تقدیرِ عبارت اس طرح ہے اِذَا بَیَّنَّا دَلِیْلَ الْحَصْرِ فَحَدُّ الْاِسْمِ الخ، فَحَدُّ الْاِسْمِ مبتدا ہے اور کَلِمَةٌ اس کی خبر ہے چونکہ مبتدا مصدر ہے اس لئے خبر کو مؤنث لانا درست ہے۔ فائدہ:- حد کے معنی ہیں روکنا چونکہ تعریف دخول غیر سے مانع ہوتی ہے اس لئے اس کو حد کہتے ہیں اور یہاں حد سے مراد جامع و مانع تعریف ہے۔ قولہ غَیْرِ مُقْتَرِنٍ :- کلمہ غیر اضافت کے باوجود نکرہ ہے اس لئے یا تو معنی کی صفت کی بناپر مجرور ہے یا معنی سے حال ہے یا مبتدا کی خبر ہے اور عدم اقتران سے مراد عدم اقتران بحسب الوضع ہے لہٰذا اُن اسماء سے اعتراض نہیں ہو سکے گا جو استعمال میں مقترن بالزمان ہوتے ہیں۔ فائدہ:- ابن الخباز کہتے ہیں کہ ازمنہ ثلاثہ پر دلیل یہ ارشاد ہے مَا بَیْنَ اَیْدِیْنَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَیْنَ ذَالِکَ۔ قولہ کَرَجُلٍ وَعِلْمٍ :- یہ مبتدا محذوف کی خبر ہے ای هُوَ کَرَجُلٍ وَعِلْمٍ، پہلی اسم جامد کی مثال ہے اور دوسری اسم مصدر کی۔ قولہ وَعَلَامَةٌ :- مصنف نے اسم کی علامتیں اگرچہ بہت سی ذکر کی ہیں لیکن صیغہ مفرد لائے ہیں اس لئے کہ لفظ علامت جنس ہونے کی وجہ سے اپنے تمام انواع و اقسام کو شامل ہے نیز مصنف نے جو علامتیں ذکر کی ہیں اسم کی صرف یہ علامتیں نہیں بلکہ اور بھی ہیں، صاحبِ الھامیہ نے کل بتیس علامتیں ذکر کی ہیں۔ قولہ اَنْ یَّصِحَّ :- اسم کی علامت یہ ہے کہ اس سے خبر دینا درست ہو یعنی اس میں یہ صلاحیت ہو کہ محکوم علیہ بن سکے چونکہ محکوم علیہ وہ کلمہ ہوتا ہے کہ جس کے معنی مطابقی مستقل ہوں اور فعل و حرف کے معنی مطابقی مستقل نہیں ہیں اس لئے محکوم علیہ ہونا اسم کا خاصہ ہے نیز فعل کی وضع اس لئے ہے کہ وہ ہمیشہ مسند ہو اور حرف کی وضع اس لئے کہ وہ نہ مسند الیہ ہو اور نہ مسند ہو تو مسند الیہ ہونا اسم کے ساتھ مخصوص ہو گیا۔ قولہ وَالْاِضَافَةُ :- اور اسم کی علامت مضاف ہونا ہے یہاں اضافت سے مراد اضافت بتقدیر حرفِ جر ہے غالباً مصنف نے تقدیر حرفِ جر کی قید اس لئے ذکر نہیں کی کہ مطلق اضافت بولیں تو یہی اضافت بتقدیر حرف جر مراد ہوتی ہے ورنہ حرفِ جر ملفوظ کے ساتھ فعل بھی مضاف ہوتا ہے جیسا کہ مَرَرْتُ بِزَیْدٍ میں فعل (مَرَرْتُ) زید کی طرف مضاف ہے۔ فائدہ:- اضافت کے لوازم یعنی تعریف، تخصیص اور تخفیف اسم کے ساتھ ہیں اس لئے اضافت بھی اسم کے ساتھ خاص ہے یا اس لئے کہ اضافت تنوین اور قائم مقام تنوین کو گرا دیتی ہے اور یہ دونوں اسم میں ہوتے ہیں۔ قولہ دُخُوْلُ لَامِ التَّعْرِیْفِ :- چونکہ یہ لام رفعِ ابہام کے لئے آتا ہے اور ابہام صرف اسم میں ہوتا ہے اس لئے یہ لام اسم کے ساتھ مختص ہے۔ فائدہ:- حرفِ تعریف کے متعلق تین قول ہیں جو درج ذیل رباعی میں مذکور ہیں۔

حرفِ تعریف اَلْ نزد خلیل ۔۔۔ دُو میں نزد سیبویہ جلیل
اولیں مذہب مبرد داں ۔۔۔ پس تو خیر الامور اوسط داں

یعنی خلیل نحوی کے نزدیک حرفِ تعریف الف اور لام ہے وہ کہتا ہے کہ اَلْ ھَلْ کی مثل ہے یعنی جس طرح حرف استفہام ھَلْ ہے ویسے ہی حرفِ تعریف اَلْ ہے اور سیبویہ کے نزدیک حرفِ تعریف صرف لام ہے اسی کو مصنف نے اختیار کیا ہے جو خیر الامور ہے اور مبرد کے نزدیک صرف ہمزہ مفتوحہ حرفِ تعریف ہے اور اس کے ساتھ لام اس لئے لازم کر دیا گیا کہ ہمزۂ تعریف اور ہمزۂ استفہام میں فرق ہو جائے۔

Marfat.com

وَالْجَرِّ وَالتَّنْوِيْنِ نَحْوُ بِزَيْدٍ وَالتَّثْنِيَةُ وَالْجَمْعُ وَالنَّعْتُ وَالتَّصْغِيْرُ وَالنِّدَاءُ فَإِنَّ كُلَّ هٰذِهٖ خَوَاصُّ الْاِسْمِ

قولہ والجرِّ :- چونکہ جر (کسرہ) حرف جار کا اثر ہے اور حرفِ جار صرف اسم پر داخل ہوتا ہے اس لئے اسکا اثر بھی اسم کے ساتھ مختص کر دیا گیا ہے اور الجرِّ مصنف کے قول لام التعریف پر معطوف ہے یعنی اسم کی علامت جر کا داخل ہونا ہے۔ فائدہ:- لحوق کا معنی ہے کسی شئی کا آخر میں آنا اور کبھی بمعنی دخول بھی آتا ہے جیسے اسماءِ اشارات کی بحث میں ہے وَيَلْحَقُهَا حرفُ التَّنْبِيْه، حالانکہ حرف تنبیہ اول میں آتا ہے اور دخول عام ہے اول میں ذکر کرنے یا آخر میں ذکر کرنے کو، لہٰذا مصنف کے قول اَلْجَرِّ کا عطف اللام پر درست ہے کہ دخول عام ہے۔ قولہ وَالتَّنْوِيْنِ :- تنوین لغت میں بمعنی نون دینا اور اصطلاح میں تنوین، وہ نونِ ساکن ہے جو تاکید کیلئے نہ ہو اور کلمہ کے آخری حرکت کے تابع ہو۔ تنوین کی پانچ اقسام ہیں۔

زتنوین، تنکیر باشد غرض		ترنم، تمکن، تقابل، عوض

تنوین ترنم کے علاوہ باقی چاروں قسمیں اسم کے ساتھ خاص ہیں اس لئے کہ ان کے محل اسم ہی ہوتے ہیں مثلاً تنوین تمکن کا محل اسمِ منصرف ہے اور تنکیر کا محل اسمِ نکرہ ہے اور تنوین عوض کا محل اسمِ مضاف اور تنوین مقابلہ کا محل جمع مؤنث سالم ہے اور اس لئے بھی کہ تنوین علامت انفصال ہے جبکہ فعل اپنے فاعل کے ساتھ اتصال کا خواہاں ہے اگر یہ فعل کی علامت ہو تو اجتماع متنافیین لازم آئیگا جو کہ صحیح نہیں۔ قولہ وَالتَّثْنِيَةُ وَالْجَمْعُ :- اور تثنیہ وجمع ہونا بھی اسم کی علامت ہے اس لئے کہ یہ دونوں تعدد پر دلالت کرتے ہیں اور تعدد اسم میں ہوتا ہے اور فعل کو تثنیہ وجمع مجازاً کہا جاتا ہے، حقیقۃً فاعل تثنیہ یا جمع ہوتا ہے کیونکہ فعل ماہیت پر دلالت ہے جو قلت وکثرت سے خالی ہوتی ہے۔ فائدہ:- فاضل مدقق فرماتے ہیں کہ فعل کے ساتھ ضمیر متصل برائے تثنیہ وجمع ہوتی ہے اگر فعل بھی تثنیہ وجمع ہو تو کلمہ واحدہ میں دو علامت تثنیہ وجمع پائی جائینگی اور یہ ممنوع ہے۔ قولہ وَالنَّعْتُ :- نحومیر وغیرہ کتبِ نحو میں موصوف ہونا اسم کی علامت وخاصہ ذکر کیا گیا ہے نہ صفت ہونا اس لئے کہ صفت فعل بھی ہوتی ہے جیسے جَاءَ نِیْ رَجُلٌ يَضْرِبُ میں يَضْرِبُ صفت ہے، مصنف نے صفت ہونا اسم کا خاصہ قرار دیا ہے لہٰذا جَاءَ نِیْ رَجُلٌ يَضْرِبُ، مصنف کے نزدیک بتاویل جَاءَ نِیْ رَجُلٌ ضَارِبٌ ہے۔ قولہ وَالتَّصْغِيْرُ :- تصغیر اس لئے اسم کی علامت ہے کہ زیادہ تر یہ قلت وحقارت پر دلالت کرتی ہے اور معنی فعل وحرف قلت وحقارت کو قبول نہیں کرتا۔ قولہ وَالنِّدَاءُ :- اور اسم کی علامت منادیٰ ہے کیونکہ ندا اسم کو کی جاتی ہے اور ارشاد باری تعالیٰ يَا لَيْتَنَا نُرَدُّ میں منادیٰ مقدر ہے ای يَا قَوْمَنَا لَيْتَنَا نُرَدُّ، یا کلمہ یا اس میں برائے تنبیہ ہے۔ قولہ فَإِنَّ كُلَّ هٰذِهٖ :- یہ شرط محذوف کی جزا ہے چونکہ مصنف نے اشیاءِ معدودہ بالا کو اسم کی علامت قرار دیا ہے اور کسی چیز کی علامت اُس سے جدا نہیں ہوتی جبکہ بہت سے اسماء ایسے ہیں کہ مذکورہ بالا علامتوں میں سے کچھ اُن میں نہیں پائی جاتیں مثلاً ضمائر اور اسماءِ اشارات پر تنوین نہیں آتی لہٰذا اُن کو علامت قرار دینا درست نہ ہوا۔ مصنف نے فرمایا علامت بمعنی خاصہ ہے اور کسی شئی کا خاصہ وہ ہوتا ہے جو اس چیز کے غیر میں نہ پایا جائے خواہ اُس شئی کے تمام افراد میں پایا جائے یا بعض میں اور تنوین اسم کے بعض افراد میں پائی جاتی ہے۔

Marfat.com

وَمَعْنَى الْإِخْبَارِ عَنْهُ اَنْ يَّكُوْنَ مَحْكُوْمًا عَلَيْهِ لِكَوْنِهٖ فَاعِلًا اَوْ مَفْعُوْلًا اَوْ مُبْتَدَأً وَيُسَمّٰى اِسْمًا لِسُمُوِّهٖ عَلٰى قَسِيْمَيْهِ لَا لِكَوْنِهٖ وَسْمًا عَلَى الْمَعْنٰى

فائدہ:- مصنف علیہ الرحمۃ نے یہاں اسم کی گیارہ علامتیں بیان کی ہیں ان میں سے محکوم علیہ ہونا، مضاف ہونا اور صفت ہونا یہ تینوں معنوی علامتیں ہیں جو پڑھنے میں نہیں آتیں کیونکہ یہ ذہنی حکم ہیں باقی آٹھ لفظی علامتیں ہیں جو پڑھنے میں آتی ہیں۔ قولہ ومعنی الاخبار عنہ:- اسم کے پہلے خاصہ کے علاوہ باقی تمام خواص ظاہر المراد تھے اس لئے مصنف نے انکو دوبارہ بیان کرنے کی ضرورت محسوس نہیں کی اور پہلا خاصہ چونکہ مخفی المراد تھا لہٰذا اس کی وضاحت کردی کہ اخبار عنہ کے معنی یہ ہیں کہ اسم کا محکوم علیہ بننا درست ہو کیونکہ اسم یا تو فاعل یا مفعول مالم یُسَمَّ فَاعِلُهٗ یا مبتدا ہوگا اور یہ تمام محکوم علیہ ہوتے ہیں۔
سوال:- یہ کہنا کہ محکوم علیہ ہونا اسم کا خاصہ ہے درست نہیں اس لئے کہ شرح مائۃ عامل میں ہے وَعَنْ لِلْبُعْدِ فَلَا يُقَالُ حَتَّاهُ اور کہا جاتا ہے يَعْلَمُ مَرْفُوْعٌ، پہلی مثال میں حرف عَنْ مبتدا ہے، دوسری مثال میں حرف حَتّٰی نائب فاعل ہے اور تیسری مثال میں فعل یَعْلَمُ، مبتدا ہے؟ جواب:- اسم کی تین اقسام ہیں (۱) حقیقی جیسے مصدر، جامد وغیرہ (۲) حکمی جب فعل پر حروف مصدریہ میں سے کوئی حرف داخل ہو جیسے اَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ۔ (۳) اسمِ تاویلی، وہ فعل اور حرف جس سے لفظ مراد ہو معنی مراد نہ ہو اور ذکر کردہ مثالوں میں لفظ عَنْ، حَتّٰی اور یَعْلَمُ سے لفظ مراد ہے اور اسمِ تاویلی ہونے کی بنا پر یہ محکوم علیہ بن رہے ہیں۔ قولہ ویسمّٰی اسما:- اسم کا نام اسم اس لئے رکھا گیا کہ وہ اپنے قسیمین یعنی فعل اور حرف پر بلند ہے بایں طور کہ تنہا اسم کے افراد سے کلام مرکب ہو جاتا ہے بخلاف فعل اور حرف کے کہ تنہا ان کے افراد سے کلام مرکب نہیں ہوتا۔
فائدہ:- کسی چیز کی قسم وہ ہوتی ہے جو اس چیز سے خاص ہو جیسے اسم، فعل اور حرف کہ ہر ایک کلمہ سے خاص ہے لہٰذا ہر ایک کلمہ کی قسم ہے۔ اور کسی شئی کا قسیم وہ ہوتا ہے جو اس کا مقابل ہو اور وہ دونوں امرِ عام کے تحت ہوں جیسے اسم، فعل اور حرف آپس میں ایک دوسرے کے مقابل ہیں اور کلمہ کے تحت ہیں اس لئے یہ آپس میں قسیم ہیں۔ قولہ لا لکونہ وسما:- اس قول سے مصنف نے نحاۃ کوفہ پر رد کیا ہے جو یہ کہتے ہیں کہ اسم کو اسم اس لئے کہتے ہیں کہ وہ مسمّٰی پر علامت ہے۔ فائدہ:- نحاۃ بصرہ وکوفہ کے مابین اسم کی وجہ تسمیہ میں اختلاف ہے نحاۃ بصرہ کے نزدیک اسم سِمْوٌ بمعنی بلندی سے ماخوذ ہے کیونکہ اسم کو فعل اور حرف پر بلندی و برتری حاصل ہے کہ وہ مسند اور مسند الیہ ہوتا ہے اس لئے اس کو اسم کہتے ہیں۔ اور نحاۃ کوفہ کے نزدیک اسم وَسْمٌ، بمعنی علامت سے ماخوذ ہے چونکہ اسم اپنے مسمّٰی کی علامت ہے اس لئے اس کو اسم کہتے ہیں۔ سوال:- سِمْوٌ کا وزن لکھیں؟ جواب:- سِمْوٌ یا بکسر سین بروزن قِنْوٌ ہے یا بضم سین بروزن قُفْلٌ ہے کہ ان کی جمع بروزن اَفْعَالٌ آتی ہے۔ اور بفتح سین نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کی جمع بروزن اَفْعَالٌ نہیں آتی حالانکہ اسم کی جمع اَسْمَاءٌ آتی ہے (عقد النامی)۔

Marfat.com

وَحَدُّ الْفِعْلِ كَلِمَةٌ تَدُلُّ عَلٰى مَعْنًى فِيْ نَفْسِهَا دَلَالَةً مُقْتَرِنَةً بِزَمَانٍ ذَالِكَ الْمَعْنٰى كَضَرَبَ يَضْرِبُ اِضْرِبْ وَعَلَامَتُهٗ اَنْ يَصِحَّ الْاِخْبَارُ بِهٖ لَا عَنْهُ وَدُخُوْلُ قَدْ، وَالسِّيْنِ، وَسَوْفَ

قولہ دَلَالَةً مُقْتَرِنَةً:- یعنی فعل وہ کلمہ ہے جو اُس معنی پر دلالت کرے جو کلمہ کی ذات میں ہے اور یہ معنی کسی ایک زمانہ کے ساتھ مقترن ہو۔ قولہ علامتہٗ:- یعنی فعل کی علامت یہ ہے کہ اس کا مُخبَر بہ ہونا یعنی مسند اور محکوم بہ ہونا درست ہو کیونکہ فعل حدث اور عرض ہوتا ہے اور احداث اور اعراض مسند ہی ہوتے ہیں۔ سوال:- مسند اور محکوم بہ تو اسم بھی ہوتا ہے لہٰذا مخبر بہ اور مسند ہونا اسم کا خاصہ ہوا؟ جواب:- مخبر بہ ہونا دو قسم پر ہے، اوّل یہ کہ مخبر بہ ہونے کی صلاحیت کے ساتھ مخبر عنہ ہونے کی صلاحیت بھی رکھتا ہو یہ اسم کا خاصہ ہے۔ ثانی، یہ کہ صرف مخبر بہ کی صلاحیت رکھتا ہو اور مخبر عنہ کی صلاحیت نہ رکھتا ہو یعنی صرف مسند ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو مسند الیہ ہونے کی صلاحیت نہ رکھتا ہو یہ فعل کا خاصہ ہے۔ مصنف علیہ الرحمۃ نے لا عنہٗ کہہ کر اسی کی طرف اشارہ کیا ہے۔ فائدہ:- اقترانِ زمانہ کی دو صورتیں ہیں۔ اوّل، یہ کہ وجود میں اقتران ہو جیسے معنی مصدری کہ اس معنی کا وجود کسی نہ کسی زمانہ میں ہوتا ہے۔ ثانی، یہ کہ فہم میں اقترانِ زمانہ ہو یعنی معنی کے ساتھ زمانہ بھی سمجھ آئے۔ فعل کی تعریف میں اقتران کی یہی قسم ثانی مراد ہے۔ سوال:- بعض حضرات کا مسلک یہ ہے کہ مضارع کی وضع حال اور استقبال کے لئے ہے لہٰذا اُن کے نزدیک مضارع ایک زمانے سے مقترن نہ ہونے کی وجہ سے فعل نہ ہوا؟ جواب:- اوّل تو مضارع میں اشتراکِ وضعی تسلیم نہیں، اگر اشتراک ہو بھی تو مضارع فعل ہونے سے نہیں نکلتا اس لئے کہ جب کلمہ ایک زمانہ کے ساتھ اقتران کی وجہ سے فعل قرار پائیگا تو دو زمانوں کے اقتران سے تو بطریقِ اولیٰ فعل قرار پائیگا جیسے معتل کی تعریف کی گئی کہ جس کے حروفِ اصلیہ میں ایک حرف علت ہو لہٰذا جس کے حروفِ اصلیہ میں دو حرف علت ہونگے تو وہ بطریقِ اولیٰ معتل ہوگا۔ قولہ وَدُخُوْلُ قَدْ:- لفظ قد کے اختصاص بالفعل کی وجہ یہ ہے کہ قد ماضی کو حال کے قریب کرنے کے لئے آتا ہے یا مضارع کی تحقیق یا تقلیل کے لئے اور یہ معنی فعل کے علاوہ کلمہ کی کسی قسم میں نہیں پائے جاتے۔ قولہ وَالسِّيْنِ وَسَوْفَ:- انکے اختصاص بالفعل کی وجہ یہ ہے کہ یہ دونوں استقبالِ وضعی کے لئے آتے ہیں اوّل قریب کے لئے اور ثانی بعید کیلئے اور استقبال صرف فعل میں ہوتا ہے۔

فائدہ:- لفظ سین، چھ معنوں کے لئے آتا ہے (۱) طلب کے لئے جیسے اِسْتَعْجَلْتُ میں نے عجلت طلب کی۔ (۲) کسی چیز کو کسی صفت پر پانے کے لئے جیسے اِسْتَعْظَمْتُهٗ میں نے اسکو صفتِ عظمت کے ساتھ متصف پایا۔ (۳) تحویل کے لئے جیسے اِسْتَحْجَرَ الطِّيْنُ مٹی پتھر بن گئی۔ (۴) استقبال کے لئے جیسے سَيَضْرِبُ زَيْدٌ، زید مارے گا۔ (۵) سین زائدہ جیسے اِسْطَاعَ۔ (۶) سینِ سکتہ، یہ سین کافِ مؤنث کے بعد بحالتِ وقف آتا ہے جیسے اَكْرَمْتُكِسْ۔ یہاں سین سے سینِ استقبال مراد ہے اس لئے السّین معرفہ ذکر کیا ہے۔

Marfat.com

وَالْجَزْمِ وَالتَّصْرِيْفُ اِلَى الْمَاضِىْ وَالْمُضَارِعِ وَكَوْنُهٗ اَمْرًا وَنَهْيًا وَاتِّصَالُ الضَّمَائِرِ الْبَارِزَةِ الْمَرْفُوْعَةِ نَحْوُ ضَرَبْتَ وَتَاءِ التَّانِيْثِ السَّاكِنَةِ نَحْوُ ضَرَبَتْ وَنُوْنَيِ التَّاكِيْدِ فَاِنَّ كُلَّ هٰذِهٖ خَوَاصُّ الْفِعْلِ وَمَعْنَى الْاِخْبَارِ بِهٖ اَنْ يَّكُوْنَ مَحْكُوْمًا بِهٖ

قولہ والجزم:- اور جزم بھی فعل کی علامت ہے اس لئے کہ جزم جوازم کا اثر ہے اور جوازم فعل کے ساتھ خاص ہیں لہٰذا جزم بھی فعل کے ساتھ خاص ہوگی۔ قولہ والتصریف :- اَلتَّصْرِيْفُ میں لام مضاف الیہ کے عوض میں ہے۔ اَیْ تَصْرِيْفُ الْفِعْلِ یعنی فعل کی علامت اُس کا ماضی و مضارع کی طرف متصرف ہونا ہے اور وجہِ تخصیص یہ کہ ماضی یا مضارع ہونا زمانہ سے سمجھا جاتا ہے اور زمانہ صرف فعل میں ہوتا ہے لہٰذا التصریف الی الماضی والمضارع بھی فعل کا خاصہ ہوگی۔ قولہ وکونہ امرا:- امر یا نہی ہونا فعل کی علامت ہے اس لئے کہ یہ دونوں طلب کے لئے آتے ہیں ایک میں طلبِ فعل اور دوسرے میں طلب ترکِ فعل ہوتی ہے اور طلب، کلمہ کے اقسام ثلاثہ میں سے صرف فعل میں ہوتی ہے اس لئے امر اور نہی جو دال علی الطلب ہیں فعل کی علامت ہیں۔ فائدہ:- مصنف نے یہ نہیں فرمایا کہ فعل کی علامت امر اور نہی کی طرف اُس کی تصریف ہے اس لئے کہ بعض حضرات امر اور نہی کو ماضی و مضارع کی طرح اقسام فعل میں شمار کرتے ہیں اور بعض یہ کہتے ہیں کہ فعل کی صرف دو قسمیں ہیں ماضی اور مضارع۔ اور امر و نہی مضارع سے مشتق ہیں اور کچھ حضرات یہ کہتے ہیں کہ فعل کی تین اقسام ہیں ماضی، مضارع اور امر۔ مصنف نے تمام مذاہب کی رعایت کرتے ہوئے وَكَوْنُهٗ اَمْرًا وَنَهْيًا کہا۔ قولہ واتصال الضمائر:- ضمائرِ بارزہ مرفوعہ کا فعل کے ساتھ اتصال، علامت فعل اس وجہ سے ہے کہ یہ ضمائر فاعل ہوتی ہیں اور فاعل فعل کا ہوتا ہے یا فعل کی فرع کا یعنی شبہ فعل کا۔ فائدہ:- ضمیر مستتر اَخف ہوتی ہے اس لئے وہ فعل اور اُس کی فرع میں آتی ہے لیکن ضمیرِ بارز فعل کے ساتھ خاص ہے تاکہ فرع یعنی شبہ فعل اپنی اصل کے برابر نہ ہو جائے۔ قولہ وتاء التانیث :- یہ اَلضَّمَائِرِ پر معطوف ہے یعنی فعل کی علامت یہ کہ اُس کے آخر میں تاءِ تانیث ساکنہ آتی ہے جیسے ضَرَبَتْ اور تاءِ ساکنہ کے فعل کے ساتھ اختصاص کی وجہ یہ ہے کہ یہ تا فاعل کے مؤنث ہونے کی علامت ہے اور فاعل فعل کا ہوتا ہے اور اسمِ فاعل وغیرہ میں یہ تاء اس لئے نہیں ہوتی کہ اُن میں علامتِ تانیث تاءِ متحرکہ ہوتی ہے۔ قولہ ونونی التاکید :- نونِ تاکید کے اختصاص کی وجہ یہ ہے کہ یہ امر اور مضارع کی تاکید کے لئے آتے ہیں جب کہ اُس میں طلب کے معنی ہوں اور معنئ طلب، فعل کے ساتھ خاص ہیں۔ فائدہ:- مصنف نے فعل کی گیارہ علامتیں بیان کی ہیں جن میں بعض علامتیں معنوی ہیں اور بعض لفظی، حضرت علامہ غلام جیلانی میرٹھی رحمۃ اللہ علیہ "اَلْبَشِیْر" شرح نحو میر میں فرماتے ہیں کہ فقیر کی نظر قاصر میں نہی ہونا فعل کی علامت لفظی ہے اس لئے کہ حرفِ لَا کلمہ کے نہی ہونے پر دال ہے اور وہ لَا ملفوظ ہے۔ قولہ ومعنی الاخبار بہ :- کچھ افعال ایسے بھی ہیں جو مُخبَر بہ ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتے جیسے امر، نہی وغیرہ کہ یہ از قبیلِ انشاء ہیں اس لئے مصنف نے مُخبَر بہ کے ایسے معنی بیان کر دیئے جو امر وغیرہ کو بھی شامل ہیں یعنی مُخبَر بہ سے مراد یہ ہے کہ وہ محکوم بہ ہو سکتا ہو اور امر وغیرہ محکوم بہ ہو سکتے ہیں۔

Marfat.com

وَيُسَمّٰى فِعْلًا بِاِسْمِ اَصْلِهٖ وَهُوَ الْمَصْدَرُ لِاَنَّ الْمَصْدَرَ هُوَ فِعْلُ الْفَاعِلِ حَقِيْقَةً وَحَدُّ الْحَرْفِ كَلِمَةٌ لَا تَدُلُّ عَلٰى مَعْنًى فِیْ نَفْسِهَا بَلْ تَدُلُّ عَلٰى مَعْنًى فِیْ غَيْرِهَا نَحْوُ مِنْ فَاِنَّ مَعْنَاهَا الْاِبْتِدَاءُ وَهِیَ لَا تَدُلُّ عَلَيْهِ اِلَّا بَعْدَ ذِكْرِ مَامِنْهُ الْاِبْتِدَاءُ كَالْبَصْرَةِ وَالْكُوْفَةِ مَثَلًا تَقُوْلُ سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوْفَةِ وَعَلَامَتُهٗ اَنْ لَّا يَصِحَّ الْاِخْبَارُ عَنْهُ وَلَا بِهٖ وَاَنْ لَّا يَقْبَلَ عَلَامَاتِ الْاَسْمَاءِ وَلَا عَلَامَاتِ الْاَفْعَالِ وَلِلْحَرْفِ فِیْ كَلَامِ الْعَرَبِ فَوَائِدُ كَالرَّبْطِ بَيْنَ الْاِسْمَيْنِ نَحْوُ زَيْدٌ فِی الدَّارِ اَوِ الْفِعْلَيْنِ نَحْوُ اُرِيْدُ اَنْ تَضْرِبَ اَوْ اِسْمٍ وَفِعْلٍ كَضَرَبْتُ بِالْخَشَبَةِ اَوِ الْجُمْلَتَيْنِ نَحْوُ اِنْ جَائَنِیْ زَيْدٌ اَكْرَمْتُهٗ

قولہ وَيُسَمّٰى فِعْلًا :- فعل کی تعریف اور علامات بیان کرنے کے بعد مصنف علیہ الرحمۃ فعل کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہیں جسکا حاصل یہ ہے کہ فعل اصطلاحی کی اصل مصدر ہے جس سے یہ فعل مشتق ہوتا ہے لہٰذا مصدر کا جو نام تھا وہ فعل اصطلاحی کا رکھ دیا گیا اور مصدر کا نام فعل اس لئے ہے کہ حقیقت میں مصدر ہی فاعل کا فعل ہوتا ہے یہ از قبیل تَسْمِيَةُ الشَّيْئِ بِاِسْمِ اَصْلِهٖ ہے۔ فائدہ:- مصنف کے قول وَيُسَمّٰى فِعْلًا بِاِسْمِ اَصْلِهٖ سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کے نزدیک نحاۃ بصرہ کا مذہب مختار ہے جو یہ کہتے ہیں کہ فعل اصطلاحی فعل لغوی یعنی مصدر سے مشتق ہے۔ قولہ وَحَدُّ الْحَرْفِ :- اور حرف کی تعریف، حرف وہ کلمہ ہے جو اپنے معنی پر بذاتِ خود دلالت نہ کرے بلکہ غیر کے ساتھ ملکر دلالت کرے جیسے کہ لفظ "مِنْ" حرف ہے اور اُس کے معنی ابتداء ہیں تو جب تک مَامِنْهُ الْاِبْتِدَاءُ، مثلاً بصرہ سے نہ ملایا جائے اُس کے معنی نہیں سمجھے جاتے۔ قولہ وَعَلَامَةُ الْحَرْفِ :- اور حرف کی علامت یہ ہے کہ اُس کا مخبر عنہ اور مخبر بہ ہونا درست نہ ہو یعنی حرف مبتدا یا فاعل یا نائب فاعل نہیں بن سکتا اور نہ ہی مبتدا کی خبر۔ فائدہ:- حرف مخبر عنہ یا مخبر بہ اس لئے نہیں ہوتا کہ مخبر عنہ یا مخبر بہ وہ ہوتا ہے جس کا معنی مستقل بالمفہومیۃ ہو اور حرف کا معنی مستقل بالمفہومیۃ نہیں ہے۔ قولہ وَاَنْ لَّا يَقْبَلَ :- اور حرف کی علامت یہ ہے کہ وہ اسماء اور افعال کی علامتیں قبول نہ کرے، مصنف کا یہ قول اُن کے قول اَنْ لَّا يَصِحَّ پر معطوف ہے۔ قولہ وَلِلْحَرْفِ :- یہ سوال مقدر کا جواب ہے جس کی تقریر یہ ہے کہ حرف اگر مسند الیہ اور مسند نہیں ہوتا اور نہ ہی اسم اور فعل کی علامت قبول کرتا ہے تو اُس کو زیر بحث لانا بے فائدہ ہے؟ جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ حرف کے کلام عرب میں کثیر فائدے ہیں مثلاً ربط وغیرہ۔ فائدہ:- فوائد، جمع ہے فَائِدَةٌ کی اور فائدہ اس کو کہتے ہیں جو علم، جاہ یا مال ومنال سے حاصل کیا جائے، مصنف نے فوائد صیغہ جمع کثرت لا کر ان کے کثیر ہونے کی طرف اشارہ کیا ہے جن میں سے بعض کو اپنے قول كَالرَّبْطِ سے بیان کیا ہے۔

Marfat.com

وَغَیْرِ ذَالِکَ مِنَ الْفَوَائِدِ الَّتِیْ تَعْرِفُهَا فِی الْقِسْمِ الثَّالِثِ اِنْشَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی وَیُسَمّٰی حَرْفًا لِوُقُوْعِهٖ فِی الْكَلَامِ حَرْفًا اَیْ طَرْفًا اِذْ لَیْسَ مَقْصُوْدًا بِالذَّاتِ مِثْلُ الْمُسْنَدِ وَالْمُسْنَدِ اِلَیْهِ **فصل** اَلْكَلَامُ لَفْظٌ تَضَمَّنَ كَلِمَتَیْنِ بِالْاِسْنَادِ وَالْاِسْنَادُ نِسْبَةُ اِحْدَی الْكَلِمَتَیْنِ اِلَی الْاُخْرٰی بِحَیْثُ تُفِیْدُ الْمُخَاطَبَ فَائِدَةً تَامَّةً یَّصِحُّ السُّكُوْتُ عَلَیْهَا نَحْوُ زَیْدٌ قَائِمٌ وَقَامَ زَیْدٌ

قولہ وغیر ذالک:- اور اس ربط کے علاوہ مثلاً تنبیہِ مخاطب جس کے کیلئے حروفِ تنبیہ ہیں اور کلامِ سابق کا اثبات جس کے لئے حروفِ ایجاب وضع کئے گئے ہیں اور مخاطب کو کسی کام پر ابھارنا جس کے لئے حروفِ تخصیص موضوع ہیں۔ قولہ ویسمّی حرفا:- لغت میں حرف بمعنی طرف و جانب ہے چونکہ حرف مسند اور مسند الیہ نہیں بنتا اس لئے اسکو حرف کہتے ہیں۔ قولہ اذ لیس:- یہ سوال مقدر کا جواب ہے، تقریر سوال یہ ہے کہ تمہارا یہ کہنا کہ حرف، طرفِ کلام میں واقع ہوتا ہے درست نہیں کیونکہ حرف تو وسطِ کلام میں بھی ہوتا ہے جیسے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ میں؟ جواب:- طرف سے ہماری مراد جانبِ مقابل ہے یعنی اسم اور فعل مقصود بالذات ہوتے ہیں یعنی مسند اور مسند الیہ ہوتے ہیں اور حرف اُن کی طرفِ مقابل ہے یعنی مسند اور مسند الیہ نہیں ہوتا۔ قولہ الکلام:- کلمہ اور کلام کے لغوی معنی ایک ہیں یعنی مَا یُتَكَلَّمُ بِهٖ خواہ قلیل ہو یا کثیر۔ اور اصطلاحِ نحاۃ میں کلام وہ لفظ ہے جو کم از کم دو کلموں پر بطریق اسناد مشتمل ہو۔ مصنف علیہ الرحمۃ نے تعریف میں لفظ تَضَمَّنَ اختیار فرمایا ہے، ترکّب نہیں کہا ایک تو اس لئے کہ یہ مختصر ہے کہ اسکے صلہ کی ضرورت نہیں، دوم مثلِ اُكْرِمْ کو شامل کرنے کے لئے کیونکہ یہ دو کلموں کو متضمن تو ہے مگر مرکب نہیں کہ دوسرا کلمہ مستتر ہے اور غیر ملفوظ بھی۔ اور ملفوظ و غیر ملفوظ باہم مرکب نہیں ہوتے البتہ متضمن ہو سکتے ہیں۔ قولہ والاسناد:- اِسناد، بابِ افعال کا مصدر ہے لغت میں اسناد کے معنی ہیں ایک چیز کو دوسری سے ربط دینا اور متعلق کرنا اور اصطلاح میں اَلْاِسْنَادُ نِسْبَةٌ...... الخ یعنی ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ قصداً اس طرح نسبت دینا اور ملانا کہ وہ نسبت مخاطب کو ایسا فائدہ تامہ دے کہ اُس فائدہ پر متکلم کا سکوت صحیح ہو جائے یعنی اہلِ نحو کے نزدیک اس متکلم کا کلام فائدے میں قاصر قرار نہ پائے اور متکلم کے سکوت کے بعد مخاطب کو مقصودِ اصلی سمجھنے کے لئے لفظِ آخر کے سننے کا انتظار نہ رہے مثلاً ضَرَبَ زَیْدٌ میں مقصودِ اصلی زید کے مارنے کی خبر دینا ہے جو ضَرَبَ زَیْدٌ سے سمجھا جاتا ہے۔ رہی یہ بات کہ کس کو مارا اور کہاں مارا وغیرہ تو یہ عارضی بات ہے مقصودِ اصلی کا سمجھنا اس پر موقوف نہیں ہے۔ قولہ یَصِحُّ السُّكُوْتُ علیها:- یہ اسناد کی تعریف میں داخل نہیں بلکہ مصنف کے قول فَائِدَةً تَامَّةً کی تفسیر ہے۔ فائدہ:- اسناد کا اطلاق دو معنوں پر کیا جاتا ہے ایک اسنادِ اصلی یعنی کلمہ کو دوسرے کے ساتھ قصداً اس طرح ملانا کہ مخاطب کو فائدہ تامہ دے۔ دوم اسناد، بمعنی مطلق نسبت خواہ مخاطب کو فائدہ تامہ ہو یا نہ کلام کی تعریف میں معنی اوّل مراد ہیں اور اسمِ فاعل یا اسمِ مفعول اور اُن کے مرفوع میں جو نسبت ہوتی ہے اُس سے قسم دوم یعنی مطلق نسبت مراد ہوتی ہے خواہ اُس سے فائدہ تامہ حاصل ہو یا نہ ہو۔

Marfat.com

وَيُسَمّٰى جُمْلَةً فَعُلِمَ اَنَّ الْكَلَامَ لَا يَحْصُلُ اِلَّا مِنْ اِسْمَيْنِ نَحْوُ زَيْدٌ قَائِمٌ وَيُسَمّٰى جُمْلَةً اِسْمِيَّةً اَوْ مِنْ فِعْلٍ وَاِسْمٍ نَحْوُ قَامَ زَيْدٌ وَيُسَمّٰى جُمْلَةً فِعْلِيَّةً اِذْ لَا يُوْجَدُ الْمُسْنَدُ وَالْمُسْنَدُ اِلَيْهِ مَعًا فِىْ غَيْرِهِمَا وَلَا بُدَّ لِلْكَلَامِ مِنْهُمَا

تنبیہ:- ہدایۃ النحو کی بعض شروح میں اضرب اور لا تضرب کے متعلق لکھا ہے کہ ان میں ایک حقیقی کلمہ ہے اور دوسرا حکمی اور وہ انت ہے جو ان میں مستتر ہے لیکن یہ غلط ہے اس لئے کہ ضمیر مستتر پر کلمہ حقیقی کی تعریف صادق آتی ہے البتہ ضمیر مستتر کا تلفظ حکمی ہے۔ فائدہ:- مصنف کے قول بالاسناد میں باء سببیہ ہے اور جار مجرور تضمن کے متعلق ہے یا جار مجرور ظرف مستقر ہو کر بتقدیر موصوف تضمن کا مفعول مطلق ہے ای تضمنا حاصلا بالاسناد، یا ظرف مستقر تضمن سے حال ہے یا کلمتین کی صفت ہے۔ قولہ ویسمّٰی جملۃ:- اور کلام کا نام جملہ رکھا جاتا ہے، نحاۃ کا اس امر میں اختلاف ہے کہ جملہ اور کلام باہم مترادف ہیں یا کلام اخص اور جملہ عام ہے حضرت علامہ غلام جیلانی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ فقیر کی نظر قاصر میں ترادف کا قول صحیح ہے۔ قولہ فعلم ان الکلام:- یہ شرط محذوف کا جواب ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے اذا کان الاسناد معتبرا فی تعریف الکلام فعلم ...... الخ، یعنی جب کلام کی تعریف میں اسناد معتبر ٹھہری تو معلوم ہوا کہ کلام یا تو دو اسموں سے حاصل ہوگا جیسے زید قائم اور اسکا نام جملہ اسمیہ رکھا جاتا ہے یا فعل اور اسم سے حاصل ہوگا جیسے قام زید اور اس کا نام جملہ فعلیہ رکھا جاتا ہے۔ قولہ اذ لا یوجد:- یہ لا یحصل کی علت ہے یعنی کلام صرف دو اسموں یا ایک فعل اور ایک اسم سے حاصل ہوتا ہے کیونکہ کلام کے لئے مسند اور مسند الیہ ہونا ضروری ہے اور یہ اکٹھے ان دو ترکیبوں کے علاوہ میں نہیں پائے جاتے۔ قولہ معا:- بمعنی جمیعا ہے یہ بنا بر ظرفیہ منصوب ہے اور اس کی تنوین مضاف الیہ کے عوض میں ہے اور یہ کائنا کے متعلق ہے جو لا یوجد کے نائب فاعل سے حال ہے تقدیر عبارت اسطرح ہے اذ لا یوجد المسند والمسند الیہ کائنا کل واحد منہما مع صاحبہ فی غیرہما یا مجتمعین کے معنی میں ہو کر حال ہے۔ فائدہ:- مصنف نے کلام کی تعریف کے بعد اس کی دو قسمیں بیان کی ہیں ایک جملہ اسمیہ، دوم فعلیہ اور اس تقسیم میں کلمہ الا لا کر اس شخص پر رد کیا ہے جس کے نزدیک کلام ایک اسم اور ایک حرف سے بھی حاصل ہوتا ہے۔ قولہ ولا بد ...... الخ:- لا بد، لا نافیہ اور بد بمعنی چارہ سے مرکب ہے پس لا بد، کے معنی ہوئے کہ نہیں کوئی چارہ یعنی کلام کے لئے مسند اور مسند الیہ ہونا ضروری ہے۔ فائدہ:- لا بد کی ترکیب میں دو احتمال ہیں۔ پہلا یہ کہ لا نفی جنس کا ہے اور بد اس کا اسم ہے اور منہما خبر ہے اور للکلام بد کے متعلق ہے۔ دوسرا احتمال یہ کہ یہ مرکب شدت اتصال کی وجہ سے حبذا کی مثل کلمہ واحدہ ہو گیا ہے لہذا یہ مبتدا ہے اور ما بعد اس کی خبر ہے۔

Marfat.com

فان قیل قَدْ نُوْقِضَ بِالنِّدَاءِ نَحْوُ یَا زَیْدُ **قُلْنَا** حَرْفُ النِّدَاءِ قَائِمٌ مَقَامَ اَدْعُوْ وَاَطْلُبُ وَھُوَ الْفِعْلُ فَلَانَقْضَ عَلَیْهِ وَاِذَا فَرَغْنَا مِنَ الْمُقَدِّمَةِ فَلْنَشْرَعْ فِی الْاَقْسَامِ الثَّلَاثَةِ وَاللّٰهُ الْمُوَفِّقُ وَالْمُعِیْنُ **اَلْقِسْمُ الْاَوَّلُ** فِی الْاِسْمِ وَقَدْ مَرَّ تَعْرِیْفُهٗ وَھُوَ یَنْقَسِمُ اِلَی الْمُعْرَبِ وَالْمَبْنِیِّ فَلْنَذْکُرْ اَحْکَامَهٗ فِی بَابَیْنِ وَخَاتِمَةٍ **اَلْبَابُ الْاَوَّلُ** فِی الْاِسْمِ الْمُعْرَبِ وَفِیْهِ مُقَدِّمَةٌ وَثَلٰثَةُ مَقَاصِدَ وَخَاتِمَةٌ **اَمَّا الْمُقَدِّمَةُ** فَفِیْهَا فُصُوْلٌ **فَصْلٌ** فِیْ تَعْرِیْفِ الْاِسْمِ الْمُعْرَبِ وَھُوَ کُلُّ اِسْمٍ رُکِّبَ مَعَ غَیْرِهٖ وَلَا یُشْبِهُ مَبْنِیَّ الْاَصْلِ اَعْنِی الْحَرْفَ وَالْاَمْرَ الْحَاضِرَ وَالْمَاضِیَ

قولہ فان قیل:- یعنی اگر یہ اعتراض کیا جائے کہ تمہارا یہ دعویٰ کہ کلام دو اسموں یا ایک فعل اور ایک اسم سے مرکب ہوتا ہے ترکیب ندائی یعنی یا زید سے ٹوٹ گیا اس لئے کہ یا زَیْدُ بالاتفاق کلام ہے مگر حرف ندا اور اسم منادیٰ سے مرکب ہے۔ قلنا:- ہم جواب دینگے کہ یازَیْدُ میں حرف ندا فعل اَدْعُوْ یا اَطْلُبُ کے قائم مقام ہے اس لئے کہ اسکی تقدیر عبارت اَدْعُوْ زیدًا یا اَطْلُبُ زیدًا ہے لہٰذا یہ کلام بھی فعل اور اسم یعنی فاعل سے مرکب ہے۔ قولہ اذا فرغنا:- جب ہم فارغ ہو چکے۔ کلمہ اذا میں اکثر اور اغلب یہ ہے کہ مستقبل کے لئے آتا ہے مگر کبھی ماضی کے لئے بھی آتا ہے اور یہاں اذا ماضی کے لئے ہے۔ قولہ فلنشرع:- یہ صیغہ متکلم مع الغیر فعل امر ہے، فاء کی وجہ سے لام امر ساکن ہو گیا ہے بایں قاعدہ کہ لام امر واؤ کے بعد وجوبا اور فاء کے بعد جوازاً ساکن ہو جاتا ہے۔ قولہ فی تعریف المعرب:- معرب، اعراب سے مشتق ہے اور صیغہ اسم ظرف ہے بمعنی محلِ اظہار معانی چونکہ یہ معنی فاعلیت، مفعولیت اور معنی اضافت کے اظہار کا محل ہے اس لئے اس کو معرب کہتے ہیں، یا اعراب بمعنی ازالہ فساد سے ماخوذ ہے چونکہ یہ معرب بعض معانی کے بعض کے ساتھ التباس کے فساد کو دور کرتا ہے اس لئے اس کو معرب کہتے ہیں۔ فائدہ:- مصنف علیہ الرحمۃ نے بیان معرب کو اس لئے مقدم کیا کہ اسماء میں اصل معرب ہونا ہے اور اس لئے کہ معرب پر لفظی و تقدیری دونوں اعراب آتے ہیں اور مبنی پر اعراب محلی ہوتا ہے اور اعراب میں اصل اعراب لفظی ہے یا اس لئے کہ معرب امر وجودی اور مبنی عدمی ہے اور وجود بوجہ شرافت عدم پر مقدم ہے یا اس لئے کہ معرب کی دلالت معنیٰ فاعلیت وغیرہ پر مبنی کی نسبت بہت واضح ہے۔ قولہ وھو کل اسم:- معرب وہ اسم ہے جو اپنے غیر کے ساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کے ساتھ مشابہ نہ ہو اور مبنی الاصل تین چیزیں ہیں، جملہ حروف، ماضی اور امر حاضر معروف۔

Marfat.com

نَحْوُ زَيْدٌ فِي قَامَ زَيْدٌ لَا زَيْدٌ وَحْدَهُ لِعَدَمِ التَّرْكِيْبِ وَلَا هٰؤُلَاءِ فِي قَامَ هٰؤُلَاءِ لِوُجُوْدِ الشِّبْهِ وَيُسَمّٰى مُتَمَكِّنًا **فصل** حُكْمُهٗ اَنْ يَّخْتَلِفَ اٰخِرُهٗ بِاخْتِلَافِ الْعَوَامِلِ اِخْتِلَافًا لَفْظِيًّا نَحْوُ جَاءَنِيْ زَيْدٌ وَرَأَيْتُ زَيْدًا وَمَرَرْتُ بِزَيْدٍ اَوْ تَقْدِيْرِيًّا نَحْوُ جَاءَنِيْ مُوْسٰى وَرَأَيْتُ مُوْسٰى وَمَرَرْتُ بِمُوْسٰى

قولہ نَحْوُ زَيْدٌ :- نحو مبتدا محذوف یعنی ھُوَ کی خبر ہے جسکا مرجع اسم معرب ہے اور فِيْ زَيْد ...... الخ جار مجرور اَلْکَائِنِ کے متعلق ہو کر زَيْدٌ کی صفت ہے۔ فائدہ:- نَحْوُ زَيْدٌ میں زَيْدٌ مضاف الیہ ہے چونکہ یہ حکایت ہے اور حکایت میں دو مذہب ہیں۔ (۱) مبنی، لہٰذا زَيْدٌ محلاً مجرور ہوا۔ (۲) معرب لہٰذا یہ تقدیراً مجرور ہوا۔ حکایت، اُس لفظ کو کہتے ہیں جو ایک کلام سے اٹھا کر دوسرے کلام میں ذکر کیا جائے مگر اُسی حالت کے ساتھ جو پہلے کلام میں تھی، چونکہ قَامَ زَيْدٌ میں زَيْدٌ مرفوع تھا تو اس کو حالت سابقہ (رفع) کے ساتھ نقل کر دیا گیا۔ قولہ لَا زَيْدٌ وَحْدَهٗ :- یہ نَحْوُ، پر معطوف ہے اور وَحْدَهٗ میں دو احتمال ہیں (۱) بتاویلِ نکرہ زَيْدٌ سے حال ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے لَا زَيْدٌ مُتَوَحِّدًا یعنی زَيْدٌ معرب نہیں اس حال میں کہ متوحد اور منفرد ہے یعنی مرکب نہیں ہے اس لئے کہ معرب میں ترکیب شرط ہے اور اکیلا زَيْدٌ مرکب نہیں ہے۔ (۲) فعل مقدر کا مفعول مطلق ہے اَیْ يَنْفَرِدُ اِنْفِرَادًا پھر جملہ حال ہے۔ قولہ وَلَا هٰؤُلَاءِ :- اور هٰؤُلَاءِ جو قَامَ هٰؤُلَاءِ میں ہے معرب نہیں اس لئے کہ یہ مبنی الاصل کے مشابہ ہے۔ قولہ وَحُكْمُهٗ :- یہاں حکم کے لغوی معنی مراد ہیں یعنی شئی کا اثر جو اُس شئی پر مرتب ہوتا ہے لہٰذا عبارت کا ترجمہ یہ ہوگا کہ معرب کا اثر جو اُس پر مرتب ہوتا ہے یہ ہے کہ اُس کے آخر کی ذات عوامل کے بدلنے سے بدل جائے یا آخر کی صفت بدل جائے۔ قولہ اَلْعَوَامِلُ :- یہ عَامِلٌ کی جمع ہے اگر چہ عامل بروزن فاعل اسم مشتق ہے اور فَاعِلٌ، مشتق کی جمع فواعل نہیں آتی مگر چونکہ عامل کا اشتقاقی معنی مراد نہیں بلکہ یہ مَابِهٖ يَقُوْمُ الْمَعْنَى الْمُقْتَضِيْ لِلْاِعْرَابِ کی طرف منقول ہو گیا ہے اس لئے اسکی جمع عوامل درست ہے اور عوامل پر الف لام جنسی ہے، جس سے جنس عامل مراد ہے اور جمعیت کے معنی باطل ہو گئے ہیں۔ قولہ اِخْتِلَافًا لَفْظِيًّا :- اِخْتِلَافًا بنابر مفعول مطلق منصوب ہے اور لَفْظِيًّا اس کی صفت ہے اور تَقْدِيْرِيًّا بھی بطریق عطف اِخْتِلَافًا کی صفت ہے یعنی مختلف ہونا آخر کا لفظاً یا تقدیراً، اختلافِ لفظی حقیقی جیسے جَاءَنِيْ زَيْدٌ ...... الخ اور اختلافِ لفظی حکمی جیسے مَرَرْتُ بِاَحْمَدَ کہ اس میں احمد کا آخر حکماً بدلا ہے اور یہ فتحہ اُس فتحہ کا غیر ہے جو حالت نصب میں تھا اس لئے کہ حالت جر کا فتح کسرہ کے قائم مقام ہے اور اختلافِ تقدیری جیسے جَاءَنِيْ مُوْسٰى۔

Marfat.com

اَلْاِعْرَابُ مَا بِهٖ يَخْتَلِفُ اٰخِرُ الْمُعْرَبِ كَالضَّمَّةِ وَالْفَتْحَةِ وَالْكَسْرَةِ وَالْوَاوِ، وَالْاَلِفِ، وَالْيَاءِ وَاِعْرَابُ الْاِسْمِ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَنْوَاعٍ رَفْعٌ وَنَصْبٌ وَجَرٌّ وَالْعَامِلُ مَا بِهٖ رَفْعٌ اَوْنَصْبٌ اَوْجَرٌّ وَمَحَلُّ الْاِعْرَابِ مِنَ الْاِسْمِ هُوَالْحَرْفُ الْاٰخِيْرُ مِثَالُ الْكُلِّ نَحْوُ قَامَ زَيْدٌ فَقَامَ عَامِلٌ وَزَيْدٌ مُعْرَبٌ وَالضَّمَّةُ اِعْرَابٌ وَالدَّالُ مَحَلُّ الْاِعْرَاب

قولہ اَلْاِعْرَابُ مَابِہٖ:- لفظ ما سے مراد حرکت یا حرف ہے اور با سببیت کے لئے ہے یعنی اعراب وہ حرکت یا حرف ہے جس کے سبب سے اسم معرب کا آخر بدل جائے۔ فائدہ:- اعراب کی تین اقسام ہیں۔ اوّل اعراب بِالْاِصَالَة جیسے اسماء کا اعراب، دوم اعراب بالْمُشابہۃ جیسے مضارع کا اعراب، سوم اعراب بِالتَّبْعِیَّت جیسے توابع کا اعراب اور بنا کی بھی تین اقسام ہیں، اوّل بالاصالۃ جیسے حروف کی بنا، دوم بالمشابہت جیسے اسماء مبنیہ، سوم بالتبعیت جیسے منادیٰ کے توابع کی بنا۔ قولہ کَالضَّمَّۃ:- ضمہ، فتحہ اور کسرہ یہ اعراب بالحرکت کی مثالیں ہیں۔ جب یہ تاء کے ساتھ ہوتے ہیں تو یہ حرکاتِ اعرابیہ و بنائیہ دونوں پر اطلاق کئے جاتے ہیں اور جب تاء کے بغیر ہوں جیسے ضم، فتح اور کسر تو حرکاتِ بنائیہ پر بولے جاتے ہیں اور واو، الف اور یاء یہ اعراب بالحرف کی مثالیں ہیں۔ قولہ واعرابُ الْاِسْمِ:- اور اسمِ معرب کے اعراب تین ہیں رفع، نصب اور جر اس لئے کہ اسم معرب پر وارد ہونے والے معانی بھی تین ہیں۔ معنیٰ فاعلیت، معنیٰ مفعولیت اور معنیٰ اضافت۔ قولہ رفع:- یہ یا تو مرفوع ہے مبتدا محذوف کی خبر ہونے کی وجہ سے یا مجرور ہے اور انواع سے بدل ہے۔

فائدہ:- رفع کو رفع اس لئے کہتے ہیں کہ اس کا مرتبہ اخوین سے بلند ہے یا اس لئے کہ اس کے تلفظ کے وقت نیچے کا ہونٹ اوپر کو اٹھتا ہے۔ نصب، کو نصب اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے تلفظ کیوقت دونوں لب اپنی جگہ برقرار رہتے ہیں یا اس لئے کہ فضلہ کو نصب دیتا ہے اور جر، کو جر اس لئے کہتے ہیں کہ اس کے تلفظ کے وقت لبِ زیریں نیچے کھچتا ہے یا اس لئے کہ اس کا عامل (حرف جر) فعل کو اسم کی طرف کھینچتا ہے۔ اور جر بصریین کی اصطلاح ہے، کوفیین اس کو خفض کہتے ہیں۔ قولہ والعامل:- اور عامل وہ ہے جس کی وجہ سے رفع، نصب یا جر آئے۔ فائدہ:- فضلات کے عامل میں اختلاف ہے (۱) فراء کے نزدیک فعل مع الفاعل فضلات میں عامل ہوتا ہے۔ (۲) ہشام کے نزدیک صرف فاعل عامل ہوتا ہے۔ (۳) نحاۃِ بصرہ کے نزدیک فضلات میں عامل فعل ہوتا ہے اور یہی مختار ہے کیونکہ فاعل اقویٰ ہے جب اس میں عامل فعل ہے تو فضلات میں بھی عامل فعل ہی ہوگا۔ قولہ ومحلُّ الْاِعْرَاب:- اور اسم کا محلِ اعراب آخر حرف ہوتا ہے چونکہ یہ اسم کی بحث ہے اس لئے مصنف نے من الاسم کہا ورنہ فعلِ مضارع کا بھی محل اعراب آخر کا حرف ہوتا ہے اور اَلْحَرْفُ کی صفت اَلْاٰخِیْرَۃُ نہیں لائے اس لئے کہ لفظ اخیر مذکر اور مونث دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔

81099

Marfat.com

واعلم اَنَّہُ لَایُعْرَبُ فِیْ کَلَامِ الْعَرَبِ اِلَّا الْاِسْمُ الْمُتَمَکِّنُ وَالْفِعْلُ الْمُضَارِعُ وَسَیَجِیْءُ حُکْمُہٗ فِی الْقِسْمِ الثَّانِیْ اِنْ شَاءَ اللّٰہُ تَعَالٰی **فصل** فِیْ اَصْنَافِ اِعْرَابِ الْاِسْمِ وَھِیَ تِسْعَۃُ اَصْنَافٍ اَلْاَوَّلُ اَنْ یَّکُوْنَ الرَّفْعُ بِالضَّمَّۃِ وَالنَّصْبُ بِالْفَتْحَۃِ وَالْجَرُّ بِالْکَسْرَۃِ وَیُخْتَصُّ بِالْمُفْرَدِ الْمُنْصَرِفِ الصَّحِیْحِ وَھُوَ عِنْدَ النُّحَاۃِ مَا لَایَکُوْنُ فِیْ اٰخِرِہٖ حَرْفُ عِلَّۃٍ کَزَیْدٍ وَبِالْجَارِیْ مَجْرَی الصَّحِیْحِ وَھُوَ مَایَکُوْنُ فِیْ اٰخِرِہٖ وَاوٌ اَوْ یَاءٌ مَاقَبْلَھُمَا سَاکِنٌ کَدَلْوٍ وَظَبْیٍ

قولہ اعلم انہ لا یعرب: -کلمہ اعلم ابتدائے کلام میں سامع کو کلام کی طرف مائل کرنے کے لئے لایا جاتا ہے یعنی کلام عرب میں صرف دو معرب ہیں ایک اسم متمکن اور دوسرا فعل مضارع۔ مصنف علیہ الرحمۃ نے اسم متمکن کو مضارع پر مقدم کیا اس لئے کہ اسم متمکن اعراب میں اصل ہے اور مضارع سے وہ مضارع مراد ہے جو نون تاکید اور نون جمع مؤنث سے خالی ہو اور مصنف نے یہ قید اس لئے ذکر نہیں کی کہ یہ قید بحث فعل میں آرہی ہے اُس پر اکتفاء کرلیا ہے۔ قولہ فی اصناف الاعراب: -یہ فصل اعراب اسم کے اقسام کے بیان میں ہے، اصناف بمعنی اقسام ہے اور اسکا مفرد صِنفٌ ہے۔ لفظ صنف، قسم اور نوع ذات کے اعتبار سے مختلف ہیں لیکن استعمال میں متحد و متفق ہیں، صنف امر خارج کے اعتبار سے ہوتی ہے جیسے ہندی، سندھی اور یہ نوع سے خاص ہے اور نوع باعتبار ذات کے ہوتی ہے جیسے انسان، بقر اور غنم اور قسم دونوں سے عام ہے جیسے حیوان۔ قولہ یختص بالمفرد: -اور اعراب کی مذکورہ بالا صنف، مفرد منصرف صحیح کے ساتھ مختص ہے مفرد کے چار معانی ہیں، اول مقابل مرکب جیسے کلمہ کی تعریف میں، دوم مقابل مضاف و شبہ مضاف جیسے بحث منادی میں، سوم مقابل جملہ جیسے بحث تمیز میں، چہارم مقابل تثنیہ وجمع۔ اس جگہ یہی قسم چہارم مراد ہے اس لئے کہ مقابلہ میں تثنیہ اور جمع کا اعراب آرہا ہے۔ فائدہ: -اعراب کی دو قسمیں ہیں (۱) اعراب بالحرکت (۲) اعراب بالحرف، اعراب بالحرکت بنسبت اعراب بالحرف کے اصل ہے کیونکہ اس میں خفت ہے اور اعراب بالحرف میں ثقل ہے، پھر اعراب بالحرکت میں اصل یہ ہے کہ تینوں حالتوں میں تینوں حرکات کے ساتھ ہو کہ اس میں ہر تین معنی ایک دوسرے سے ممتاز ہوتے ہیں چونکہ مفرد منصرف بدو معنی اصل ہے لہٰذا بنظر تناسب اسکو یہ اعراب بحرکات ثلاثہ دیا گیا۔ قولہ وھو عند النحاۃ: -نحاۃ جمع ہے ناحِ کی، اور نحویین کے نزدیک صحیح وہ ہے جس کے آخر میں حرف علت نہ ہو جیسے زَیْدٌ۔

دانی کہ صحیح چیست بنزدیک نحویاں	**شعر**	مَالَایَکُوْنُ فِیْ اٰخِرِہٖ حَرْفُ عِلَّۃٍ

قولہ وبالجاری: -اسکا عطف بالمفرد پر ہے یعنی یہ اعراب جاری مجری صحیح کے ساتھ مختص ہے اور جاری مجری صحیح وہ ہے جس کے آخر میں واو یا یا ماقبل ساکن ہو جیسے دَلْوٌ بمعنی ڈول اور ظَبْیٌ بمعنی ہرن۔ فائدہ: -اسم کی اس قسم کو جاری مجری صحیح اس لئے کہتے ہیں کہ حرف ساکن کے بعد واو یا یاء پر حرکت ثقیل نہیں ہوتی اس لئے اسکو جاری مجری اور مُلحق بالصحیح کہتے ہیں۔

Marfat.com

وَبِالْجَمْعِ الْمُكَسَّرِ الْمُنْصَرِفِ كَرِجَالٍ نَحْوُ جَاءَ نِىْ زَيْدٌ وَ دَلْوٌ وَظَبْىٌ وَرِجَالٌ وَرَأَيْتُ زَيْدًا وَ دَلْوًا وَظَبْيًا وَرِجَالًا وَمَرَرْتُ بِزَيْدٍ وَ دَلْوٍ وَظَبْيٍ وَرِجَالٍ. اَلثَّانِىْ اَنْ يَكُوْنَ الرَّفْعُ بِالضَّمَّةِ وَالنَّصْبُ وَالْجَرُّ بِالْكَسْرَةِ وَيُخْتَصُّ بِجَمْعِ الْمُؤَنَّثِ السَّالِمِ تَقُوْلُ هُنَّ مُسْلِمَاتٌ وَرَأَيْتُ مُسْلِمَاتٍ وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمَاتٍ اَلثَّالِثُ اَنْ يَكُوْنَ الرَّفْعُ بِالضَّمَّةِ وَالنَّصْبُ وَالْجَرُّ بِالْفَتْحَةِ وَيُخْتَصُّ بِغَيْرِ الْمُنْصَرِفِ كَعُمَرَ تَقُوْلُ جَاءَ نِىْ عُمَرُ وَرَأَيْتُ عُمَرَ وَمَرَرْتُ بِعُمَرَ. اَلرَّابِعُ اَنْ يَكُوْنَ الرَّفْعُ بِالْوَاوِ وَالنَّصْبُ بِالْاَلِفِ وَالْجَرُّ بِالْيَاءِ وَيُخْتَصُّ بِالْاَسْمَاءِ السِّتَّةِ

قولہ وَبِالْجَمْعِ الْمُكَسَّرِ :- یہ بھی بالمفرد پر معطوف ہے یعنی اعراب کی یہ قسم جمع مکسر کے ساتھ مختص ہے مصنف نے لفظ جمع کی دو صفتیں ذکر کیں، صفت اوّل سے جمع صحیح سے احتراز کیا ہے اور صفت ثانی سے جمع مکسر غیر منصرف سے احتراز ہے۔ سوال:- اَلْجَمْعُ الْمُكَسَّرُ کے معنی ہیں توڑی ہوئی جمع اور کوئی جمع ایسی نہیں جو توڑی گئی ہو؟ جواب:- اَلْمُكَسَّرُ جمع کی صفت بحالہ نہیں بلکہ بحال متعلقہ ہے یعنی وہ جمع جس کے واحد کا وزن توڑا گیا ہو۔ قولہ وَيُخْتَصُّ بِجَمْعِ الْمُؤَنَّثِ :- جمع مؤنث سالم سے مراد وہ جمع ہے جس کے آخر میں الف اور تاء ہو خواہ اس کا مفرد مذکر ہو یا مؤنث، جمع مؤنث سالم چونکہ جمع مذکر سالم کی فرع ہے اس لئے اس میں بھی نصب، جر کے تابع ہے اور فرع ہونے کے باوجود اس کو جمع مذکر پر مقدم کیا گیا ہے اس لئے کہ اس کا اعراب بالحرکت ہے۔ قولہ اَلسَّالِمِ :- سیبویہ کے نزدیک اَلسَّالِمِ، جمع کی صفت ہے اس لئے کہ لفظ جمع معرفہ بالام کی جانب مضاف ہونے کی وجہ سے معرفہ بالام کی مثل معرفہ بن گیا ہے لیکن مبرد کے نزدیک اَلسَّالِمِ، بدل ہے کیونکہ اُس کے نزدیک معرفہ بالام کی طرف مضاف ہونے والے میں مضاف الیہ کی نسبت تعریف کم ہوتی ہے۔ قولہ وَيُخْتَصُّ بِغَيْرِ الْمُنْصَرِفِ :- اور اعراب کی یہ چوتھی قسم غیر منصرف کے ساتھ مختص ہے چونکہ غیر منصرف فعل کے مشابہ ہے اور فعل پر کسرہ نہیں آتا اس لئے غیر منصرف پر بھی کسرہ نہیں آتا بلکہ کسرہ فتح کے تابع ہوتا ہے اس لئے کہ یہ دونوں علامت فضلہ ہیں۔ قولہ وَيُخْتَصُّ بِالْاَسْمَاءِ السِّتَّةِ :- مفرد کو بوجہ اصالت اعراب بحرکت اور تثنیہ وجمع کو بوجہ فرع، اعراب بحرف دیا گیا تو اُن میں منافرت تامہ ہوگئی جس کو ختم کرنے کے لئے بعض مفردات کو اعراب بحرف دیا گیا چونکہ تثنیہ وجمع کی چھ حالتیں ہیں تو ہر حالت کے مقابلہ میں ایک اسم کو اعراب بحرف دیا تو ایسے مفردات چھ ہو گئے پھر اعراب بحرف کے لئے اَبٌ وغیرہ کو اس لئے منتخب کیا گیا کہ ان کے آخر میں ایسا حرف ہے جسکو اعراب قرار دیا جا سکتا ہے نیز تثنیہ وجمع کی طرح ان اسماء کے معانی سے تعدد سمجھا جا سکتا ہے مثلاً اَبُوْكَ سے باپ بیٹا دونوں سمجھے جاتے ہیں۔

Marfat.com

مُکَبَّرَۃً مُوَحَّدَۃً مُضَافَۃً اِلٰی غَیْرِ یَاءِ الْمُتَکَلِّمِ وَھِیَ اَخُوْکَ وَاَبُوْکَ وَ ھَنُوْکَ وَ حَمُوْکَ وَفُوْکَ وَذُوْمَالٍ تَقُوْلُ جَائَنِیْ اَخُوْکَ وَ رَأَیْتُ اَخَاکَ وَ مَرَرْتُ بِاَخِیْکَ وَکَذَا الْبَوَاقِیْ

قولہ مُکَبَّرَۃً مُوَحَّدَۃً مُضَافَۃً :- یہ تینوں لفظ اسماء سے حال ہیں یعنی اسماء ستہ کا یہ اعراب اُس وقت ہے جب مُکَبَّرْ ہوں یعنی مُصَغَّرْ نہ ہوں اور جب یہ مُوَحَّدْ ہوں یعنی تثنیہ وجمع نہ ہوں اور غیر یائے متکلم کی طرف مضاف ہوں یاء کی طرف مضاف نہ ہوں۔ فائدہ:- اعراب کے اعتبار سے اسماء ستہ کے پانچ حال ہیں، اوّل یہ اسماء، مفرد مُکَبَّرْ مضاف الیٰ غیر یاء المتکلم ہوں تو انکا اعراب بالحرف ہوگا جیسے جاءَ اَبُوْکَ، رَأَیْتُ اَبَاکَ، مَرَرْتُ بِاَبِیْکَ۔ دوم، جب یہ اسماء تثنیہ وجمع ہوں تو انکا اعراب تثنیہ وجمع کی طرح بحرف ہوگا جیسے جاءَ نِیْ اَبَوَانِ ...... الخ۔ سوم، یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہوں تو انکا اعراب تقدیری ہوگا جیسے جآءَ اَبِیْ، رَأَیْتُ اَبِیْ، مَرَرْتُ بِاَبِیْ۔ چہارم، مفرد مُکَبَّرْ مقطوع عنِ الاِضافۃ ہوں تو انکا اعراب بحرکت ہوگا جیسے جآءَ نِیْ اَبٌ، رَأَیْتُ اَبًا، مَرَرْتُ بِاَبٍ۔ پنجم، مُصَغَّرْ ہوں تو ان کا اعراب بحرکت ہوگا جیسے جآءَ نِیْ اُبَیٌّ، رَأَیْتُ اُبَیًّا، مَرَرْتُ بِاُبَیٍّ۔ قولہ وَھِیَ اَخُوْکَ:- اَبْ. باپ، اَخْ. بھائی، ھَنْ. شرمگاہ، حَمْ. مرد کی جانب سے عورت کا رشتہ دار جیسے سسر، دیور۔ یہ تمام ناقص واوی ہیں اصل میں اَبَوٌ، اَخَوٌ، ھَنَوٌ، حَمَوٌ تھے (بفتحِ اول وسکونِ ثانی) واؤ کی حرکت ماقبل کو دیکر اُس کو بوجہِ اجتماعِ ساکنین گرادیا اور فَمٌ اجوف واوی ہے اصل میں فَوْہٌ تھا، ھاء خلافِ قیاس حذف ہوگئی تو فَوْ رہ گیا۔ فائدہ:- یہ اسم مضاف نہ ہو تو اسکے واؤ کو وجوباً میم سے بدل دیتے ہیں تو فَمٌ ہوجاتا ہے اور اگر مضاف ہو تو واؤ کو میم سے بدلنا اور نہ بدلنا دونوں طریقے جائز ہیں اور اس تبدیلی کے وقت فاء کو فتح افصح ہے اور جب واؤ کو میم سے نہ بدلا جائے اُس وقت فاء کی حرکت حروفِ اعرابیہ کے تابع ہوگی یعنی واؤ کے ساتھ فاء کو ضمہ اور الف کے ساتھ فتح اور یاء کے ساتھ فاء کو کسرہ ہوگا لہٰذا فُوْکَ، فَاکَ اور فِیْکَ پڑھا جائیگا۔ فائدہ:- کلمہ ھَنٌ کا اعراب بوقت اضافت واؤ وغیرہ کے ساتھ لغتِ غیر فصیحہ اور قلیل الاستعمال ہے اسی وجہ سے فراء اور زجاج نے لفظ ھَنٌ کو اُن اسماء میں ذکر نہیں کیا جن کا اعراب بالحرف ہے اور اُنہوں نے ایسے اسماء پانچ شمار کئے ہیں اور اس لغت کے غیر فصیح ہونے کی وجہ یہ ہے کہ جو کلمہ افراد کی حالت میں ناقص ہو وہ بحالت اضافت بھی ناقص استعمال کیا جاتا ہے جیسے لفظ یَدٌ جو اصل میں یَدَیٌ تھا، یاء حذف ہونے کے بعد یہ حالتِ افراد میں ناقص (بغیر یاء کے) آتا ہے جیسے ھٰذِہٖ یَدٌ اور حالتِ اضافت میں بھی ناقص آتا ہے جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے یَدُ اللّٰہِ فَوْقَ اَیْدِیْھِمْ۔ چونکہ لفظ ھَنْ حالتِ افراد میں ناقص ہے کیونکہ اصل میں ھَنَوٌ تھا لہٰذا بحالتِ اضافت بھی ناقص استعمال ہوگا اور غیر ناقص یعنی ھَنُوْکَ لغتِ غیر فصیحہ ہے۔ قولہ وَذُوْ:- ذُوْ لفیفِ مقرون ہے اصل میں ذَوْوٌ تھا ایک واؤ کو برائے تخفیف حذف کردیا تو ذُوْ رہ گیا اس میں بھی ذال کی حرکت حروفِ اعراب کے تابع ہوتی ہے اور اس کو ضمیر کی طرف مضاف نہیں کیا جاتا کیونکہ اسکی اضافت اسم جنس کی طرف ہوتی ہے اور ضمیر اسمِ جنس نہیں ہے۔ اِس کا مؤنث ذَاتٌ ہے جو اصل میں ذَوَاتٌ تھا۔ فائدہ:- لفظ ذُوْ کا اعراب اسماءِ ستہ والا اُسوقت ہوگا جب یہ بمعنی صاحب ہوگا ذُوْ بمعنی اَلَّذِیْ کی صورت میں یہ مبنی ہوگا جیسے جآءَ نِیْ ذُوْقَامَ وَرَأَیْتُ ذُوْقَامَ وَمَرَرْتُ بِذُوْقَامَ۔

Marfat.com

اَلْخَامِسُ اَنْ یَّکُوْنَ الرَّفْعُ بِالْاَلِفِ وَالنَّصْبُ وَالْجَرُّ بِالْیَاءِ الْمَفْتُوْحِ مَاقَبْلَهَا وَیُخْتَصُّ بِالْمُثَنّٰی وَکِلَا مُضَافًا اِلٰی مُضْمَرٍ وَاِثْنَانِ وَاِثْنَتَانِ تَقُوْلُ جَائَنِیْ الرَّجُلَانِ کِلَاهُمَا وَاِثْنَانِ وَاِثْنَتَانِ وَرَأَیْتُ الرَّجُلَیْنِ کِلَیْهِمَا وَاِثْنَیْنِ وَاِثْنَتَیْنِ وَمَرَرْتُ بِالرَّجُلَیْنِ کِلَیْهِمَا وَاِثْنَیْنِ وَاِثْنَتَیْنِ اَلسَّادِسُ اَنْ یَّکُوْنَ الرَّفْعُ بِالْوَاوِ الْمَضْمُوْمِ مَاقَبْلَهَا وَالنَّصْبُ وَالْجَرُّ بِالْیَاءِ الْمَکْسُوْرِ مَاقَبْلَهَا

قولہ وَیُخْتَصُّ بِالْمُثَنّٰی :- اور اعراب کی یہ قسم تثنیہ اور اُس کے ملحقات کے ساتھ مختص ہے۔ مُثَنّٰی، وہ اسم ہے جس کے مفرد کے آخر میں الف یا یاء ماقبل مفتوح اور نون مکسورہ لاحق کیا گیا ہو، کِلَا اور اِثْنَان مُلْحَقْ بِالْمُثَنّٰی ہیں کہ انکا مفرد نہیں ہے چونکہ مُثنیٰ کی طرح ان کا مدلول دو ہے اور ان کی صورت مُثنیٰ جیسی ہے اس لئے ان کا اعراب مُثنیٰ جیسا ہے۔ فائدہ:- نحاۃ کوفہ کے نزدیک کِلَا، کُلٌّ کا تثنیہ ہے اور اس کا الف برائے تثنیہ ہے اُنکے نزدیک کُلٌّ کا ایک لام برائے تخفیف حذف کر کے الف تثنیہ بڑھایا تو کِلَا ہوا اور لزوم اضافت کی وجہ سے اس سے نون ہمیشہ محذوف رہتا ہے پھر کاف کو کسرہ دیا گیا تا کہ صیغہ امر سے التباس نہ ہو، لیکن نحاۃ بصرہ کے نزدیک کِلَا کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے یعنی اصل میں کِلَوٌ تھا کیونکہ عرب سے کِلَوِیٌّ منقول ہے۔ فائدہ:- لفظ کِلَا کو کُلٌّ کا تثنیہ بنانا درست نہیں اس لئے کہ کُلٌّ اور کِلَا کا معنی ایک نہیں ہے چونکہ کِلَا صرف تثنیہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اس لئے تثنیہ ہونا اسکو مضاف الیہ سے حاصل ہو گیا جیسا کہ مضاف، مضاف الیہ سے تانیث حاصل کرتا ہے جیسے اَقَلُّ الْحَیْضِ ثَلَاثَةٌ میں لفظ اَقَلُّ نے حیض سے تانیث حاصل کی ہے۔ قولہ اِثْنَانِ وَاِثْنَتَانِ :- یہ دونوں لفظ کلمہ کِلَا کی طرح مُلْحَقْ بِالتَّثْنِیَةِ ہیں اس لئے کہ تثنیہ کی دو قسمیں ہیں۔ اول، تثنیہ حقیقی جسمیں چار شرطیں ضروری ہیں، اول اُس کا مفرد بھی ہو۔ دوم، مفرد اور تثنیہ کا مادہ ایک ہو۔ سوم، دو پر دلالت کرے۔ چہارم، اُس کے آخر میں الف نون یا یاء نون ہو چونکہ کِلَا میں صرف ایک شرط پائی جارہی ہے کہ دو پر دلالت کرتا ہے اور اِثْنَان اور اِثْنَتَان میں صرف تیسری اور چوتھی دو شرطیں پائی جارہی ہیں اس لئے یہ ملحق بالتثنیہ ہیں اور رَجُلَان میں چاروں شرطیں موجود ہیں اس لئے وہ تثنیہ حقیقی ہے اور اِثْنَانِ وَاِثْنَتَانِ اگرچہ مُثنیٰ پر معطوف ہیں جو باء کی وجہ سے مجرور ہے لیکن یہ دونوں حکایۃً مرفوع ہیں یا یہ مُثنیٰ پر معطوف نہیں بلکہ کِلَا پر معطوف ہیں جو مبتدا محذوف کی خبر ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے وَیُخْتَصُّ بِالْمُثَنّٰی وَمُلْحَقَاتِهٖ وَهُوَ کِلَا۔

Marfat.com

وَيُخْتَصُّ بِجَمْعِ الْمُذَكَّرِ السَّالِمِ نَحْوُ مُسْلِمُوْنَ وَاُولُوْ وَعِشْرُوْنَ مَعَ اَخَوَاتِهَا تَقُوْلُ جَاءَنِيْ مُسْلِمُوْنَ وَعِشْرُوْنَ وَاُولُوْمَالٍ وَرَأَيْتُ مُسْلِمِيْنَ وَعِشْرِيْنَ وَاُولِيْ مَالٍ وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمِيْنَ وَعِشْرِيْنَ وَاُولِيْ مَالٍ **وَاعْلَمْ** اَنَّ نُوْنَ التَّثْنِيَةِ مَكْسُوْرَةٌ اَبَدًا وَنُوْنَ جَمْعِ السَّلَامَةِ مَفْتُوْحَةٌ اَبَدًا وَكِلَاهُمَا تَسْقُطَانِ عِنْدَ الْاِضَافَةِ تَقُوْلُ جَاءَنِيْ غُلَامَا زَيْدٍ وَمُسْلِمُوْ مِصْرٍ

قولہ وَيُخْتَصُّ بِجَمْعِ الْمُذَكَّرِ :- اور اعراب کی یہ قسم جمع مذکر سالم اور ملحق با لجمع کے ساتھ مختص ہے۔ فائدہ :- اُولُو میں ہمزہ کے بعد واؤ لکھا جاتا ہے اُولی پر حمل کرتے ہوئے اور اُولی میں واؤ اس لئے لکھا جاتا ہے کہ اِلی حرف جر کے ساتھ التباس نہ ہو۔ قولہ اِعْلَمْ اَنَّ :- جاننا چاہیے کہ نونِ تثنیہ ہمیشہ مکسور ہوتا ہے۔(۱) اس لئے کہ تثنیہ بلحاظ جمع ومفرد درمیانہ حال ہے اور کسرہ بھی بلحاظ رفع ونصب درمیانی حرکت ہے لہٰذا اوسط کے لئے اوسط کو اختیار کیا گیا۔(۲) نونِ تثنیہ مفرد کی تنوین کے بدلے میں ہے اور تنوین ساکن ہے اور ساکن کو حرکت کسرہ دی جاتی ہے لہٰذا نون کو کسرہ دیا گیا۔(۳) اگر اس نون کو فتح دیں تو توالی اربعہ فتحات لازم آئیگا اس لئے کہ الف بمنزلہ دو فتح کے ہے اور یہ مکروہ ہے اور ضمہ دینے کی صورت میں ایک حرفی کلمہ مضموم ہوگا جو کلام عرب میں متروک ہے لہٰذا نون کو کسرہ دیا گیا۔ فائدہ :- مصنف کا قول اَبَدًا بنا بر ظرفیت منصوب ہے اَیْ فِی الْاَحْوَالِ الثَّلَاثَةِ۔ فائدہ :- نونِ تثنیہ وجمع کے متعلق چار مذہب ہیں۔ مذہب اول، یہ نون صرف مفرد کی تنوین کے عوض ہوتا ہے اسی لئے بوقتِ اضافت تنوین کی طرح یہ بھی ساقط ہو جاتا ہے اور دخولِ لام سے بھی تنوین ساقط ہو جاتی ہے اس لئے کہ وہ ساکن اور لیِّن ہے مگر نون ساقط نہیں ہوتا اس لئے کہ وہ متحرک ہونے کی وجہ سے قوی ہوتا ہے جسمیں لام اثر نہیں کرتا۔ مذہب ثانی، یہ نون صرف مفرد کی حرکت کے عوض میں ہے اس لئے دخولِ لام کے وقت باقی رہتا ہے لیکن اضافت کے وقت برائے اختصار حذف ہو جاتا ہے نہ بوجہِ اضافت کے۔ مذہب ثالث، یہ نون حرکت اور تنوین دونوں کے عوض میں ہے اس لئے لام کے ساتھ باقی رہتا ہے اور اضافت کے وقت گر جاتا ہے۔ مذہب چہارم، یہ نون کسی کے عوض میں نہیں بلکہ اس لئے لایا گیا ہے کہ بعض موارد میں تثنیہ کا واحد کے ساتھ التباس لازم آتا تھا تو رفعِ التباس کے لئے نون لایا گیا پھر طرداً لِلْبَاب تمام موارد میں لایا گیا۔ قولہ وَكِلَاهُمَا تَسْقُطَانِ :- اور یہ دونوں نون بوقتِ اضافت ساقط ہو جاتے ہیں، جن کے نزدیک یہ تنوین کے عوض ہیں بوقتِ اضافت اس لئے ساقط ہو جاتے ہیں کہ تنوین بھی ساقط ہو جاتی ہے اور جن کے نزدیک حرکت کے عوض ہیں یا دونوں کے عوض ہیں یا رفعِ التباس کے لئے آتے ہیں تو اُن کے نزدیک برائے اختصارِ کلام حذف کر دیئے جاتے ہیں۔

قطعہ

الف لام جے داخل آوے یا اضافت آوے	تنویناں دانوں وجو با حذف کیتا جاوے
اِسے طرح دے نون جمع نالے تثنیہ والا	حذف وجوباً وقت اضافت مسئلہ بے زوالا

Marfat.com

اَلسَّابِعُ اَن یَّکُوْنَ الرَّفْعُ بِتَقْدِیْرِ الضَّمَّةِ وَالنَّصْبُ بِتَقْدِیْرِ الْفَتْحَةِ وَالْجَرُّ بِتَقْدِیْرِ الْکَسْرَةِ وَیُخْتَصُّ بِالْمَقْصُوْرِ وَهُوَ مَافِیْ اٰخِرِهٖ اَلِفٌ مَقْصُوْرَةٌ کَعَصًا، وَبِالْمُضَافِ اِلٰی یَاءِ الْمُتَکَلِّمِ غَیْرَ جَمْعِ الْمُذَکَّرِ السَّالِمِ کَغُلَامِیْ تَقُوْلُ جَاءَنِیْ عَصًا وَغُلَامِیْ وَرَأَیْتُ عَصًا وَغُلَامِیْ وَمَرَرْتُ بِعَصًا وَغُلَامِیْ. اَلثَّامِنُ اَن یَّکُوْنَ الرَّفْعُ بِتَقْدِیْرِ الضَّمَّةِ وَالْجَرُّ بِتَقْدِیْرِ الْکَسْرَةِ وَالنَّصْبُ بِالْفَتْحَةِ لَفْظًا وَیُخْتَصُّ بِالْمَنْقُوْصِ وَهُوَ مَافِیْ اٰخِرِهٖ یَاءٌ مَاقَبْلَهَا مَکْسُوْرٌ کَالْقَاضِیْ تَقُوْلُ جَاءَنِی الْقَاضِیْ وَرَأَیْتُ الْقَاضِیَ وَمَرَرْتُ بِالْقَاضِیْ

قولہ وَیُخْتَصُّ بِالْمَقْصُوْرِ :- اور اعراب کی یہ قسم اسمِ مقصور کے ساتھ مختص ہے اور اسمِ مقصور وہ ہے جسکے آخر میں الف مقصورہ، غیر زائدہ ہو خواہ محذوف ہو جیسے عصًا کہ اس میں الف مقصورہ محذوف ہے اور الف جو نظر آ رہا ہے یہ رسم الخط کا الف ہے اسی لئے پڑھا نہیں جاتا یا لفظ میں موجود ہو جیسے اَلْعَصَا۔ قولہ وَبِالْمُضَافِ :- یہ بالمقصور پر معطوف ہے یعنی اعراب کی یہ قسم اس اسم کے ساتھ مختص ہے جو یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہو، ایسے اسم کا اعراب تقدیری اس لئے ہوتا ہے کہ اس کے آخر پر بمناسبت یاءِ متکلم کسرہ ہوتا ہے جسکے ہوتے ہوئے دوسری حرکت نہیں آسکتی نہ موافق نہ مخالف۔ سوال:- ایسے اسم کے آخر میں جب حالت جر میں کسرہ موجود ہے تو اُسکو اعراب کیوں نہیں مان لیا جاتا؟ جواب:- یہ کسرہ دخول عامل سے پہلے یاءِ متکلم کی وجہ سے ہے لہٰذا اسکو عامل کا اثر نہیں کہا جا سکتا اور اعراب عامل کا اثر ہوتا ہے۔ قولہ غَیْرَ جَمْعِ الْمُذَکَّرِ السَّالِمِ :- یہ اَلْمُضَافِ سے حال ہے یعنی وہ اسم جو یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہو اس حال میں کہ وہ اسم جمع مذکر سالم کا غیر ہو تو مذکورہ بالا اعراب ہوگا۔ فائدہ:- مصنف کے اس قول پر اعتراض ہوتا ہے کہ تثنیہ جب یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہو جیسے غُلَامَایَ، تو اس کا اعراب تقدیری ہونا چاہیے کیونکہ غُلَامَانِ یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہے اور یہ جمع مذکر سالم بھی نہیں ہے حالانکہ اس تثنیہ کا اعراب لفظی ہے لہٰذا اگر مصنف یہ کہتا وَیُخْتَصُّ بِالْاِسْمِ الْمُعْرَبِ بِالْحَرْکَةِ الْمُضَافِ اِلٰی یَاءِ الْمُتَکَلِّمِ یعنی اعراب کی یہ قسم مختص ہے اسم معرب بالحرکت کے ساتھ جو یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہو۔ تو تثنیہ کے ساتھ اعتراض نہ پڑتا کیونکہ تثنیہ کا اعراب بالحرکت نہیں۔ قولہ وَالنَّصْبُ بِالْفَتْحَةِ لَفْظًا :- یعنی اعراب کی آٹھویں قسم یہ ہے کہ حالت رفع تقدیری ضمہ کے ساتھ ہو اور حالتِ جر تقدیری کسرہ کے ساتھ اور حالتِ نصب فتحہ لفظی کے ساتھ۔ لَفْظًا یا تو بمعنی ملفوظ ہو کر اَلْفَتْحَةِ سے حال ہے یا بنا بر ظرفیت منصوب ہے اَیْ فِی اللَّفْظِ۔ قولہ وَهُوَ مَافِیْ اٰخِرِهٖ :- اور اسم منقوص وہ ہے جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو خواہ وہ یاء اصلی ہو جیسے اَلْقَاضِیْ یا کسی حرف سے بدلی ہوئی ہو جیسے اَلدَّاعِیْ کہ اس کی یاء واؤ سے تبدیل شدہ ہے۔ خواہ موجود ہو یا التقائے ساکنین کی وجہ سے حذف کر دی گئی ہو جیسے قَاضٍ۔

Marfat.com

التَّاسِعُ اَن يَّكُوْنَ الرَّفْعُ بِتَقْدِيْرِ الْوَاوِ وَالنَّصْبُ وَالْجَرُّ بِالْيَاءِ لَفْظًا وَيُخْتَصُّ بِجَمْعِ الْمُذَكَّرِ السَّالِمِ مُضَافًا اِلٰى يَاءِ الْمُتَكَلِّمِ تَقُوْلُ جَاءَنِيْ مُسْلِمِيَّ تَقْدِيْرُهٗ مُسْلِمُوْيَ اِجْتَمَعَتِ الْوَاوُ وَالْيَاءُ وَالْاُوْلٰى مِنْهُمَا سَاكِنَةٌ فَقُلِبَتِ الْوَاوُ يَاءً وَاُدْغِمَتِ الْيَاءُ فِي الْيَاءِ وَاُبْدِلَتِ الضَّمَّةُ بِالْكَسْرَةِ لِمُنَاسَبَةِ الْيَاءِ فَصَارَ مُسْلِمِيَّ وَرَأَيْتُ مُسْلِمِيَّ وَمَرَرْتُ بِمُسْلِمِيَّ **فصل** اَلْاِسْمُ الْمُعْرَبُ عَلٰى نَوْعَيْنِ مُنْصَرِفٌ وَهُوَ مَا لَيْسَ فِيْهِ سَبَبَانِ اَوْ وَاحِدٌ يَقُوْمُ مَقَامَهُمَا مِنَ الْاَسْبَابِ التِّسْعَةِ كَزَيْدٍ وَيُسَمَّى الْاِسْمَ الْمُتَمَكِّنَ وَحُكْمُهٗ اَن يَّدْخُلَهُ الْحَرَكَاتُ الثَّلَاثُ مَعَ التَّنْوِيْنِ تَقُوْلُ جَاءَنِيْ زَيْدٌ وَرَأَيْتُ زَيْدًا وَمَرَرْتُ بِزَيْدٍ وَغَيْرُ مُنْصَرِفٍ وَهُوَ مَافِيْهِ سَبَبَانِ اَوْ وَاحِدٌ مِنْهُمَا يَقُوْمُ مَقَامَهُمَا وَالْاَسْبَابُ التِّسْعَةُ

قولہ وَيُخْتَصُّ بِجَمْعِ الْمُذَكَّرِ :--اعراب کی یہ قسم اُس جمع مذکر کے ساتھ خاص ہے جو یاءِ متکلم کی طرف مضاف ہو جیسے مُسْلِمِيَّ جو اصل میں مُسْلِمُوْيَ تھا یاءِ متکلم کی طرف اضافت کی وجہ سے مُسْلِمُوْنَ کا نون گر گیا تو مُسْلِمُوْيَ ہوا پھر واؤ اور یاء ایک جگہ جمع ہوئے پہلا انکا ساکن تھا لہٰذا واؤ کو یاء کر کے یاء میں ادغام کیا اور یاء کی رعایت میں میم کو کسرہ دیا تو مُسْلِمِيَّ ہوا۔ فائدہ:--جمع مذکر سالم کا اعراب حالت رفع میں واؤ کے ساتھ ہے اور وہ واؤ جب یاء سے بدل گیا تو اعراب حالتِ رفع میں بتقدیرِ واؤ ہو گیا اور جمع مذکر سالم میں حالتِ نصب و جر میں اعراب یاء کے ساتھ ہے اور وہ باقی ہے اس لئے ان دو حالتوں میں اعراب لفظی ہے۔ قولہ مُنْصَرِفٌ :--اِس کے اعراب میں تین احتمال ہیں ایک، یہ کہ یہ مجرور ہو بنا بر بدل از نَوْعَيْنِ۔ چونکہ اس صورت میں کچھ محذوف ماننے کی ضرورت نہیں پڑتی اس لئے یہی اَولیٰ ہے۔ دوم، یہ کہ مرفوع ہو مبتدا محذوف کی خبر ہونے کی وجہ سے۔ سوم، یہ کہ اَعْنِيْ مقدر کے مفعول کی بنا پر منصوب ہو۔ فائدہ:--منصرف، اِنْصِرَافٌ سے صیغہ اسمِ فاعل ہے بمعنی بدلنے والا چونکہ اِس اِسم کا آخر اختلافِ عوامل سے مختلف ہوتا رہتا ہے اِس لئے اِس کو منصرف کہتے ہیں اور اسمِ منصرف کی کثرت کے سبب مصنف نے اِس کا بیان پہلے کیا لِاَنَّ الْعِزَّةَ لِلتَّكَاثُرِ یا اِس لئے کہ اصل اسم میں انصراف ہے۔ قولہ وَهُوَ مَا :--منصرف وہ اسمِ معرب ہے کہ منع صرف کے دو سبب یا ایک جو دو کے قائم مقام ہے اُس میں نہ پایا جاتا ہو اور منصرف کا حکم یعنی اثر جو اس پر مرتب ہوتا ہے یہ ہے کہ اُس میں تینوں حرکات مع تنوین آتی ہیں۔ قولہ وَغَيْرُ الْمُنْصَرِفِ :--اور غیر منصرف وہ اسمِ معرب ہے جس میں منع صرف کے نو اسباب سے دو سبب پائے جائیں یا ایسا ایک سبب پایا جائے جو دو کے قائم مقام ہو۔ اور اسبابِ تسعہ ان اشعار میں مذکور ہیں۔

Marfat.com

هِیَ الْعَدْلُ وَالْوَصْفُ وَالتَّانِیْثُ وَالْمَعْرِفَةُ وَالْعُجْمَةُ وَالْجَمْعُ وَالتَّرْکِیْبُ وَالْاَلِفُ وَالنُّوْنُ الزَّائِدَتَانِ وَوَزْنُ الْفِعْلِ وَحُکْمُهٗ اَنْ لَا یَدْخُلَهُ الْکَسْرَةُ وَالتَّنْوِیْنُ وَیَکُوْنُ فِیْ مَوْضِعِ الْجَرِّ مَفْتُوْحًا اَبَدًا تَقُوْلُ جَائَنِیْ اَحْمَدُ وَرَأَیْتُ اَحْمَدَ وَمَرَرْتُ بِاَحْمَدَ اَمَّا الْعَدْلُ فَهُوَ تَغَیُّرُ اللَّفْظِ مِنْ صِیْغَتِهِ الْاَصْلِیَّةِ اِلٰی صِیْغَةٍ اُخْرٰی تَحْقِیْقًا اَوْ تَقْدِیْرًا

مانع صرف آمدند این نہ سبب　　گوش دار ای صاحب عالی نسب
عدل وصف وعجمہ وتعریف ہم　　جمع اقصیٰ وزن فعل ای ذوالکرم
باز ترکیب والف نون زائدہ　　باز تانیث است گیر ایں قاعدہ

قولہ وھی :-لفظ ھِی مبتدا ہے اور عدلُ الخ کا مجموعہ اُس کی خبر ہے اور خبر کے ہر جزء پر اعراب اس لئے جاری کیا گیا کہ مبتدا معنی کے لحاظ سے متعدد ہے۔ قولہ وحُکْمُهٗ:-اور غیر منصرف کا حکم یعنی اثر جو اُس پر مرتب ہوتا ہے یہ ہے کہ اس پر کسرہ اور تنوین نہ داخل ہوں اور وہ موضع جر میں ہمیشہ مفتوح ہو۔ قولہ اَنْ لَّا یَدْخُلَهُ :-اس عبارت میں اَنْ مُخَفَّفَهْ مِنَ الْمُثَقَّلَهْ ہے جس کا اسم ضمیر شان ہے ای اَنَّهٗ، اور لَایَدْخُلُهُ الْکَسْرَةُ اس کی خبر ہے۔ مصنف نے لَایَدْخُلُهُ الْجَرُّ نہیں کہا اس لئے کہ غیر منصرف پر جر آتا ہے اگرچہ فتح کی شکل میں۔ فائدہ:-غیر منصرف دو علتوں کی فرع ہے جس طرح کہ فعل، فاعل اور مصدر کی فرع ہے کیونکہ رکنِ کلام بننے میں فعل اپنے فاعل کا محتاج ہوتا ہے اور مشتق ہونے میں اپنے مصدر کا، اس فرعیت میں فعل کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے فعل کی طرح غیر منصرف پر بھی کسرہ اور تنوین نہیں آتی۔ فائدہ:-فعل کے ساتھ اسم کی مشابہت کی تین قسمیں ہیں۔ ایک اعلیٰ، جو اسم کو مبنی بنا دیتی ہے جیسے اسماءِ افعال کی مشابہت۔ دوم اوسط، جو اسم کو غیر منصرف بنا دیتی ہے۔ سوم ادنیٰ جسکی وجہ سے اسم بھی فعل جیسا عمل کرنے لگتا ہے جس طرح کہ اسم فاعل مضارع کی مشابہت کی وجہ سے عمل کرتا ہے۔ سوال:-مصنف نے اسباب منع صرف میں عدل کو مقدم کیوں کیا ہے؟ جواب:-اس لئے کہ عدل بغیر کسی شرط کے غیر منصرف کا سبب مؤثر بنتا ہے۔ قولہ تَحْقِیْقًا اَوْ تَقْدِیْرًا :-یہ عدل کی دو قسموں کی طرف اشارہ ہے، قسم اول عدل تحقیقی، قسم دوم عدل تقدیری۔ عدل تحقیقی یہ ہے کہ اسم کے غیر منصرف پڑھے جانے کے علاوہ بھی اس کے اصل پر کوئی دلیل ہو اور عدل تقدیری یہ ہے کہ اس اسم کے اصل پر کوئی دلیل نہ ہو بلکہ اُس کی اصل مان لی گئی ہو۔ فائدہ :-تَحْقِیْقًا اَوْ تَقْدِیْرًا کی ترکیب میں تین احتمال ہیں۔ اوّل، یہ کہ تَغَیُّرًا موصوف محذوف کی صفت ہوں۔ اُس وقت یہ دونوں مصدر بمعنی اسم مفعول ہوں گے ای تَغَیُّرًا مُحَقَّقًا اَوْ تَغَیُّرًا مُقَدَّرًا ۔ دوم یہ کہ مضاف محذوف کے مضاف الیہ ہوں ای تَغَیُّرَ تَحْقِیْقٍ اَوْ تَغَیُّرَ تَقْدِیْرٍ، سوم یہ کہ فعلِ محذوف کے مفعول مطلق ہوں ای حُقِّقَ تَحْقِیْقًا اَوْ قُدِّرَ تَقْدِیْرًا۔

Marfat.com

وَلَا یَجْتَمِعُ مَعَ وَزْنِ الْفِعْلِ اَصْلًا وَ یَجْتَمِعُ مَعَ الْعَلَمِیَّۃِ کَعُمَرَ وَ زُفَرَ وَ مَعَ الْوَصْفِ کَثُلَاثَ وَ مَثْلَثَ وَ اُخَرَ وَ جُمَعَ

قولہ وَلَا یَجْتَمِعُ :- عدل تحقیقی ہو یا تقدیری وزنِ فعل کے ساتھ بالکل جمع نہیں ہوتا اس لئے کہ عدل کے وزن صرف چھ ہیں جن کو شاعر نے اس طرح نظم کیا۔

اوزان عدل شش بود اے صاحب کمال — فُعَلُ، فَعَلُ، فُعَالُ وفُعَلُ مَفْعَلُ وفَعَالُ

از ہر یکے مثال بگویم ترا اے عزیز — اَمْسِ، سَحَرُ، ثُلَاثُ وعُمَرُ مَثْلَثُ ونَزَالُ

اور مذکورہ بالا اوزان سے کوئی بھی فعل کے اوزان سے نہیں ہے اس لئے عدل، وزنِ فعل کے ساتھ نہیں پایا جاتا اور مصنف کا قول اصلًا بنا بر تمیز یا بنا بر مصدریت منصوب ہے یا مفعول فیہ کی بنا پر منصوب ہے بمعنی ابدًا۔ قولہ وَیَجْتَمِعُ مَعَ الْعَلَمِیَّۃِ :- اور عدل علمیت کے ساتھ جمع ہوتا ہے جیسے عُمَرُ اور زُفَرُ میں ایک سبب علمیت ہے اور دوسرا عدل اور وصف کے ساتھ بھی جمع ہوتا ہے جیسے ثُلٰثُ وغیرہ۔ فائدہ :- ثُلٰثُ، کے اصل پر دلیل یہ ہے کہ اس کے معنی میں تکرار ہے اور معنی کی تکرار لفظ کی تکرار پر دلالت کرتی ہے جس سے معلوم ہوا کہ یہ لفظ اصل میں مکرر ہے یعنی ثلاثۃ ثلاثۃ اور اسی طرح مَثْلَثُ کے معنی کی تکرار اس کی اصل یعنی ثلاثۃ ثلاثۃ پر دلالت کرتی ہے۔ قولہ اُخَرُ :- یہ صیغہ جمع مؤنث اسم تفضیل ہے اور مُفَضَّل علیہ کی تعیین کے لئے اسم تفضیل کا استعمال تین طرح ہوتا ہے، اضافت سے، لام کے ساتھ، مِنْ کے ساتھ۔ جس سے معلوم ہوا کہ اُخَرُ کا اصل صیغہ اَلْاُخَرُ یا اٰخَرُ مِنْ ہے اس لئے کہ جب اسم تفضیل کے بعد مِنْ جارہ ہو تو صیغہ مفرد لانا واجب ہوتا ہے۔ فائدہ :- صورت اضافت سے معدول ہونے کی طرف کوئی نہیں گیا اس لئے کہ مضاف الیہ اس جگہ حذف کیا جاتا ہے جہاں اس کا اظہار ممکن ہو اور یہاں مضاف الیہ کا اظہار ممتنع ہے (درایہ)۔ سوال :- اُخَرُ کا اصلی صیغہ اَلْاُخَرُ نہیں ہوسکتا اس لئے کہ ارشاد باری تعالیٰ مِنْ اَیَّامٍ اُخَرَ، میں یہ نکرہ کی صفت واقع ہے اگر اَلْاُخَرُ سے معدول ہوتا تو نکرہ کی صفت واقع نہ ہوتا کیونکہ یہ قاعدہ ہے کہ معدول عنہ اگر معرفہ ہو تو معدول بھی معرفہ ہوتا ہے۔ جواب :- اُخَرُ، لفظًا اور معنًی دونوں طرح سے معدول ہے یعنی پہلے اس کا معنی معرفہ تھا مگر اب نکرہ ہوگیا ہے اس لئے یہ نکرہ کی صفت واقع ہوسکتا ہے۔ قولہ جُمَعُ :- یہ عدل تحقیقی کی چوتھی مثال ہے جس کے اصل پر دلیل یہ ہے کہ یہ جَمْعَاءُ بروزن فَعْلَاءُ کی جمع ہے اور فَعْلَاءُ کا وزن اگر اسم صفت ہو تو اسکی جمع فُعْلٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے حَمْرَاءُ کی جمع حُمْرٌ ہے اور اگر اسم ذات ہو تو اس کی جمع تکسیر فَعَالٰی اور سالم فَعْلَاوَاتٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے صَحْرٰی کی جمع صَحَارٰی اور صَحْرَوَاتٌ ہے لیکن جُمَعُ ان تین اوزان میں سے کسی ایک وزن پر نہیں ہے تو معلوم ہوا کہ جُمَعُ کا اصل صیغہ جُمْعٌ یا جَمَاعٰی یا جَمْعَاوَاتٌ ہے۔

Marfat.com

اَمَّا الوَصفُ فَلَا یَجتَمِعُ مَعَ العَلَمِیَّۃِ اَصلًا وَشَرطُہٗ اَن یَّکُونَ وَصفًا فِی اَصلِ الوَضعِ فَاَسوَدُ وَاَرقَمُ غَیرُ مُنصَرِفٍ وَاِن صَارَا اِسمَینِ لِلحَیَّۃِ لِاِصَالَتِھِمَا فِی الوَصفِیَّۃِ وَاَربَعٌ فِی مَرَرتُ بِنِسوَۃٍ اَربَعٍ مُنصَرِفٌ مَعَ اَنَّہٗ صِفَۃٌ وَوَزنُ الفِعلِ لِعَدَمِ الاِصَالَۃِ فِی الوَصفِیَّۃِ

قولہ والوصف :- وصف، کے لغوی معنی ہیں تعریف کرنا اور عرف نحاۃ میں وصف کے دو معنی ہیں اوّل، وہ تابع جو اپنے متبوع کے معنی پر دلالت کرے جیسے رَجُلٌ عَالِمٌ میں عَالِمٌ وصف ہے۔ دوم، اسم کا ایسی ذاتِ مُبھَمَہ پر دلالت کرنا جس میں اسکی کسی صفت کا اعتبار کیا گیا ہو جیسے اَسوَدُ۔ یہاں دوسرا معنی مراد ہے۔ قولہ فَلَایَجتَمِعُ :- وصف وضعی ہو یا عارضی علمیت کے ساتھ بالکل جمع نہیں ہوتا اس لئے کہ علمیت میں تعین ہوتا ہے اور وصف میں ابہام اور یہ دونوں جمع نہیں ہو سکتے۔ قولہ وشرطُہٗ :- شرط، لغت میں بمعنی علامت ہے اور اسی سے اَشرَاطُ السَّاعَۃِ ہے یعنی علاماتِ قیامت اور اصطلاح میں شرط اسے کہتے ہیں جس پر کوئی چیز موقوف ہو یعنی وصف کے غیر منصرف کا سبب بننے میں شرط یہ ہے کہ وہ وصف اصلی ہو۔ فائدہ :- وصف اصلی کے معنی یہ ہیں کہ وضع کے وقت وصف ہو خواہ اُس کے بعد وصف باقی ہو جیسے اَحمَرُ، یا زائل ہو گیا ہو جیسے اَسوَدُ کالے سانپ کا نام ہونے کے بعد اس میں وصف باقی نہیں رہا۔ قولہ فَاَسوَدُ :- یعنی وصف کے سبب بننے میں یہ شرط ہے کہ وہ وصف اصلی ہو لہٰذا اَسوَدُ اور اَرقَمُ میں سے ہر ایک غیر منصرف ہے اگرچہ استعمال میں یہ دونوں سانپ کے نام ہیں اس لئے کہ یہ باعتبارِ وضع وصف ہیں، اَسوَدُ کی وضع مَافِیہِ السَّوَادُ کے لئے ہے یعنی سیاہ کے لئے اور اَرقَمُ کی وضع مَافِیہِ السَّوَادُ وَالبَیَاضُ کے لئے ہے یعنی جسمیں سیاہی اور سفیدی ہو۔ سوال :- اَسوَدُ کو وزن فعل اور وصفیت اصلیہ کی وجہ سے غیر منصرف ماننا درست نہیں اس لئے کہ وزن فعل کے لئے تاء کو قبول نہ کرنا شرط ہے جبکہ اَسوَدُ تاء کو قبول کرتا ہے اور اس کی مؤنث اَسوَدَۃٌ آئی ہے؟ جواب :- اَسوَدُ وصف وضعی کے اعتبار سے غیر منصرف ہے اور اُس اعتبار سے یہ تاء کو قبول نہیں کرتا کیونکہ اُس اعتبار اس کی مؤنث سَودَاءُ ہے جو کہ بغیر تاء کے ہے۔ قولہ وَاَربَعٍ :- یہ شرطِ عدمی پر متفرع ہے یعنی جب وصف میں وصفیت اصلیہ شرط ہے تو اَربَعٌ جو، مَرَرتُ بِنِسوَۃٍ اَربَعٍ، کی ترکیب میں ہے یہ منصرف ہے اس لئے کہ اس میں وصفیتِ اصلیہ نہیں ہے بلکہ اس کی وضع مراتب اعداد میں سے ایک مرتبہ معینہ کے لئے ہے تو اس میں وصف اصلی اور وضعی نہیں ہے بلکہ عارضی ہے۔ سوال :- قطع نظر وصفیتِ عارضیہ کے اَربَعٌ کو غیر منصرف ماننا درست نہیں کیونکہ اس میں وزن فعل ایک سبب ہے جس کے لئے غیر قابل لِلتَّاءِ ہونا شرط ہے اور، اَربَعٌ، تاء کے ساتھ آتا ہے کہا جاتا ہے اَربَعَۃُ رِجَالٍ؟ جواب :- غیر قابل لِلتَّاءِ سے مراد تائے تانیث ہے اور اَربَعَۃُ رِجَالٍ میں تاء تانیث کی نہیں بلکہ یہ علامت تذکیر ہے۔

Marfat.com

اَمَّا التَّانِيْثُ بِالتَّاءِ فَشَرْطُهٗ اَنْ يَكُوْنَ عَلَمًا كَطَلْحَةَ وَكَذَالِكَ الْمَعْنَوِيُّ، ثُمَّ الْمَعْنَوِيُّ اِنْ كَانَ ثُلَاثِيًّا سَاكِنَ الْاَوْسَطِ غَيْرَ اَعْجَمِيٍّ يَجُوْزُ صَرْفُهٗ وَتَرْكُهٗ لِاَجْلِ الْخِفَّةِ وَوُجُوْدِ السَّبَبَيْنِ كَهِنْدٍ وَاِلَّا يَجِبُ مَنْعُهٗ كَزَيْنَبَ، وَسَقَرَ، وَمَاهَ، وَجُوْرَ

قولہ التَّانِيْثُ بِالتَّاءِ:- مصنف علیہ الرحمۃ نے غیر منصرف کے تیسرے سبب یعنی تانیث کو تاء کے ساتھ مقید کیا تا کہ تانیث بالالف، خارج ہو جائے۔ کیونکہ تانیث بالالف کے غیر منصرف میں مؤثر ہونے کے لئے علمیت شرط نہیں ہے۔

فائدہ:- تانیث بالتاء میں علمیت اس لئے شرط ہے کہ تاء اسم کو لازم نہیں لیکن علمیت کے ساتھ جب تاء متحقق ہو تو کلمہ کو لازم ہو جاتی ہے اس لئے کہ اعلام بقدر امکان تغیر سے محفوظ ہوتے ہیں اور تاء کے لازم ہونے کے بعد اس تانیث میں اتنی قوت آجاتی ہے کہ وہ منع صرف میں اثر کرنے کے قابل ہو جاتی ہے۔ سوال:- جبرائیل اور میکائیل میں تغیر ہوتا ہے یُقالُ جبْرِيْلُ ومِيْكَالُ لہٰذا یہ کہنا درست نہ ہوا کہ اعلام بقدر امکان تغیر سے محفوظ ہوتے ہیں؟ جواب:- اعلام سے مراد اعلام بشریہ ہیں۔ فائدہ:- تائے تانیث سے مراد وہ تاء زائدہ ہے جو اسم کے آخر میں آتی ہے اور بحالت وقف' ھاء' بن جاتی ہے اور اس کا ماقبل مفتوح ہوتا ہے۔ لہٰذا بر آں اُخْتٌ، کی تاء، تائے تانیث نہیں کیونکہ یہ زائدہ نہیں ہے بلکہ لام کلمہ سے بدل ہے اور اسکا ماقبل بھی مفتوح نہیں اور یہ بوقت وقف (ھاء) بھی نہیں ہوتی۔ قولہ وَكَذَالِكَ الْمَعْنَوِيُّ:- اور اسی طرح تانیث معنوی یعنی علمیت شرط ہونے میں تانیث معنوی بھی تانیث لفظی کی طرح ہے صرف اس قدر فرق ہے کہ تانیث لفظی میں علمیت وجوب غیر منصرف کی شرط ہے اور معنوی میں جواز کی۔ قولہ ثُمَّ الْمَعْنَوِيُّ:- یہ عبارت بحذف موصوف ہے ای الْمُؤَنَّثُ الْمَعْنَوِيُّ اور اِنْ كَانَ ثُلَاثِيًّا میں بھی موصوف محذوف ہے ای اسماً ثلاثیاً اور ساکن الاوسط ثلاثیاً کی پہلی صفت اور غَيْرَ اَعْجَمِيٍّ دوسری صفت ہے یعنی مؤنث معنوی اگر سہ حرفی ہو اور اس کا درمیانی حرف ساکن ہو اور وہ عجمی نہ ہو بلکہ عربی ہو تو اس معنوی یا ثلاثی کا منصرف اور غیر منصرف پڑھنا دونوں امر جائز ہیں جیسے ھِنْدٌ، کہ یہ سہ حرفی ہے اور اس کا درمیانی حرف ساکن ہے اور یہ عجمی نہیں بلکہ عربی ہے لہٰذا اس کا منصرف اور غیر منصرف پڑھنا جائز ہے۔ قولہ لِاَجْلِ الْخِفَّةِ، یہ يَجُوْزُ صَرْفُهٗ کی دلیل ہے یعنی اس اسم کو منصرف پڑھنا اس لئے جائز ہے کہ اس میں خفت ہے جب کہ غیر منصرف ثقل کی وجہ سے پڑھا جاتا ہے۔ قولہ وَوُجُوْدِ السَّبَبَيْنِ، یہ يَجُوْزُ تَرْكُهٗ، کی دلیل ہے۔ قولہ وَاِلَّا، یہ الاصفتیہ ہے یعنی اگر وہ مؤنث معنوی سہ حرفی نہ ہو جیسے زَيْنَبُ، یا اس کا درمیانی حرف ساکن نہ ہو جیسے سَقَرُ، یا وہ عجمی لفظ ہو جیسے ماہ اور جُوْرُ، تو اس مؤنث معنوی کا غیر منصرف پڑھنا واجب ہے۔ تنبیہ:- ثلاثی ثلاثۃ کی طرف منسوب ہے اور اس میں ثاء کا ضمہ اگرچہ غلط ہے کہ منسوب الیہ کے خلاف ہے کیونکہ اُس میں ثاء کا فتحہ ہے لیکن چونکہ ضمہ مشہور ہے اس لئے ضمہ فتحہ سے زیادہ فصیح ہے۔

Marfat.com

وَالتَّانِیْثُ بِالْاَلِفِ الْمَقْصُوْرَۃِ کَحُبْلٰی وَالْمَمْدُوْدَۃِ کَحَمْرَآءَ مُمْتَنِعٌ صَرْفُھَا اَلْبَتَّۃَ لِاَنَّ الْاَلِفَ قَائِمٌ مَقَامَ السَّبَبَیْنِ التَّانِیْثِ وَلُزُوْمِہٖ **اَمَّا الْمَعْرِفَۃُ** فَلَا یُعْتَبَرُ فِیْ مَنْعِ الصَّرْفِ مِنْھَا اِلَّا الْعَلَمِیَّۃُ وَتَجْتَمِعُ مَعَ غَیْرِ الْوَصْفِ **اَمَّا الْعُجْمَۃُ** فَشَرْطُھَا اَنْ تَکُوْنَ عَلَمًا فِی الْعُجْمَۃِ وَزَائِدَۃً عَلٰی ثَلَاثَۃِ اَحْرُفٍ کَاِبْرَاھِیْمَ اَوْ ثُلَاثِیًّا مُتَحَرِّکَ الْاَوْسَطِ کَشَتَرَ

قولہ وَالتَّانِیْثُ بِالْاَلِفِ :- اور تانیث بالالف یقیناً غیر منصرف ہے اس لئے کہ یہ تانیث دو سبب کے قائم مقام ہوتی ہے ایک تانیث اور ایک تانیث کا کلمہ کو لازم ہونا یعنی یہ تانیث کلمہ سے الگ نہیں ہوتی مثلاً حُبلٰی کے مذکر کے لئے حُبلٌ نہیں کہا جاتا لیکن تائے تانیث کلمہ سے الگ ہو جاتی ہے اور قَائِمَۃٌ کے مذکر کے لئے قَائِمٌ کہہ سکتے ہیں پس گویا کہ، حُبلٰی میں الف مقصورہ ایک سبب ہے جو حقیقۃً سبب ہے اور دوسرا الف کا کلمہ کو وَضْعًا لازم ہونا جو بمنزلہ تانیثِ آخر کے ہے۔ فائدہ :- لفظ اَلْبَتَّۃَ، یا تو بنا بر مصدریت منصوب ہے جیسا کہ درایہ میں ہے اور تقدیر عبارت بَتَّ بَتَّۃً ہے اور بَتَّ از باب نصر بمعنی قطع ہے فعل حذف کرنے کے بعد الف ولام مصدر کا جز بنا دیا گیا تو اَلْبَتَّۃَ ہوا، صاحبِ الہامیہ کہتے ہیں کہ یہ مُمْتَنِعٌ مقدر کا مفعول فیہ ہے اَیْ مُمْتَنِعٌ صَرْفُھُمَا فِیْ کُلِّ زَمَانٍ۔ قولہ لِاَنَّ الْاَلِفَ :- بہتر یہ تھا کہ مصنف یہ کہتے لِاَنَّ التَّانِیْثَ بِالْاَلِفِ، اس لئے کہ وہ ایک سبب جو دو کے قائمقام ہے وہ تانیث بالالف ہے نہ الفِ تانیث۔ قولہ اَمَّا الْمَعْرِفَۃُ :- معرفہ، لغت میں بمعنی جاننا اور اصطلاح میں معرفہ وہ ہے جو کسی معین چیز کے لئے وضع کیا گیا ہو، اس جگہ معرفہ سے مراد تعریف ہے کیونکہ منع صرف کا سبب تعریف ہے۔ معرفہ کی پانچ اقسام ہیں جن کو شاعر نے اس طرح نظم کیا ہے۔

معارف ایں ہمہ پنج اندزیں نہ پیش و نہ کم
مضاف و مضمر و ذو اللام و مبہم است و علم

قولہ فَلَا یُعْتَبَرُ :- پس معرفہ کی اقسام میں سے منع صرف کا سبب بننے کے لئے صرف علمیت معتبر ہے کیونکہ مضمرات اور مُبہمات مبنی ہیں اور مضاف اور ذُو اللّام یہ دونوں غیر منصرف کو منصرف کر دیتے ہیں اور معرفہ بِندا ء معرف باللّام کے حکم میں ہے باقی ایک قسم معرفہ بعلم ہے جو منع صرف کا سبب بنتا ہے۔ قولہ وَتَجْتَمِعُ مَعَ غَیْرِ الْوَصْفِ :- اور معرفہ وصف کے علاوہ باقی اسباب منع صرف کے ساتھ جمع ہوتا ہے اور وصف کے ساتھ اس لئے جمع نہیں ہوتا کہ وصف اور علم ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ قولہ وَالْعُجْمَۃُ :- عجمہ کا لغوی معنی ہے لکنت ہونا رکند زبان ہونا اور اصطلاح میں لفظ کا غیر عربی زبان میں کسی معنی کے لئے موضوع ہونا، یہاں یہی اصطلاحی معنی مراد ہیں اور عجمہ کو غیر منصرف کا سبب ماننا دو شرطوں کے ساتھ مشروط ہے۔ اول یہ کہ وہ عجمہ زبانِ عجمی میں علم ہو اور دوسری شرط کی دو شقیں ہیں (۱) زائد علی الثلاث ہو جیسے ابراہیم۔ (۲) ثلاثی متحرک الاوسط ہو جیسے شَتَرَ، جو دیار بکر میں ایک قلعہ کا نام ہے۔

Marfat.com

فَلِجَامٌ مُنْصَرِفٌ لِعَدَمِ الْعَلَمِيَّةِ وَنُوحٌ مُنْصَرِفٌ لِسُكُونِ الْاَوْسَطِ اَمَّا الْجَمْعُ فَشَرْطُهُ اَنْ يَّكُوْنَ عَلٰى صِيْغَةِ مُنْتَهَى الْجُمُوْعِ وَهُوَ اَنْ يَّكُوْنَ بَعْدَ اَلِفِ الْجَمْعِ حَرْفَانِ كَمَسَاجِدَ اَوْ حَرْفٌ مُشَدَّدٌ مِثْلُ دَوَابَّ اَوْ ثَلَاثَةُ اَحْرُفٍ اَوْسَطُهَا سَاكِنٌ

قولہ فَلِجَامٌ مُنْصَرِفٌ :- یہ پہلی شرط پر متفرع ہے یعنی جب لِجَام، کسی کا نام رکھ دیا جائے تو منصرف رہیگا اس لئے کہ یہ لغت عجم میں علم نہیں کہ اسم جنس کے معنی میں استعمال ہوا ہے۔ قولہ وَنُوحٌ مُنْصَرِفٌ :- یہ دوسری شرط پر تفریع ہے یعنی نوح، جو پیغمبر کا نام ہے منصرف ہے اس لئے کہ یہ نہ تو زائد علی الثلاث ہے اور نہ متحرک الاوسط۔ فائدہ - انبیاء کرام علیھم السلام کے اسماء گرامی غیر منصرف ہیں سوا چھ اسماء کے جنہیں شاعر نے اس طرح نظم کیا ہے۔

گر ہمی خواہی کہ دانی اسم ہر پیغمبرے	تا کدام است ای برادر نزد نحوی منصرف
صالح وھود و محمد با شعیب ونوح ولوط	منصرف داں ایں ہمہ دیگر ہمہ لا ینصرف

ایک دوسرے شاعر نے انکو اس طرح جمع کیا ہے۔

اَلْاَنْبِيَآءُ اَسْمَآئُهُمْ لَايَنْصَرِفُ	وَسِتَّةٌ مُسْتَثْنَيَاتٌ فَاعْتَرِفْ
مُحَمَّدٌ نُوْحٌ شُعَيْبٌ صَالِحٌ	هُوْدٌ وَّلُوْطٌ صَرْفُ هٰذَا وَاضِحٌ

قولہ اَلْجَمْعُ :- جمع، کے دو معنی ہیں ایک معنی اسمی یعنی وہ اسم جو دو سے زیادہ پر دلالت کرے جمع کے یہ معنی اس وقت مراد ہوتے ہیں جب مفرد یا مثنی کے مقابل ہو، دوسرا معنی وصفی یعنی کسی اسم کا دو یا دو سے زیادہ پر دال ہونا، یہاں یہی دوسرا معنی مراد ہے اس لئے کہ اسباب منع صرف از قبیل اوصاف ہیں۔ غیر منصرف کا سبب مؤثر بننے میں جمع کی شرط یہ ہے کہ وہ منتھی الجموع کا صیغہ ہو۔ مُنْتَھٰی یا تو مصدر میمی ہے جو فاعل کی طرف مضاف ہے یعنی وہ صیغہ جس پر جموع مکسر منتھی ہوتی ہیں یا اسم ظرف کا صیغہ ہے یعنی وہ صیغہ جو جموع مکسر کا منتھی ہے۔ فائدہ :- جمع کے لئے صیغہ منتھی الجموع اس لئے شرط ہے کہ وزن منتھی الجموع کے بعد پھر جمع تکسیر نہیں آتی اس طرح یہ صیغہ جمع تغیر سے محفوظ رہے گا اور اسمیں اتنی قوت آجائیگی کہ دو سبب کے قائم مقام ہو جائیگا۔ فائدہ :- مصنف نے جمع کو غیر منصرف کا سبب مؤثر ماننے کیلئے صیغہ (وزن) منتھی الجموع کی شرط لگائی ہے اس لئے کہ مَسَاجِدُ اور مَصَابِيْحُ، منتھی الجموع کے وزن پر ہیں اگر چہ یہ منتھی الجموع نہیں کیونکہ ان کی جمع صرف ایک بار آئی ہے بار بار نہیں آئی۔ قولہ وَهُوَ اَنْ يَّكُوْنَ :- یعنی صیغہ منتھی الجموع سے مراد وہ جمع ہے جس کا پہلا اور دوسرا حرف مفتوح ہو اور تیسری جگہ الف ہو اور الف کے بعد یا تو دو حرف متحرک ہوں جن میں سے پہلا مکسور ہو جیسے مَسَاجِدُ، جو مسجد کی جمع ہے یا الف کے بعد حرف مشدد ہو جیسے دَوَابُّ، جمع دَابَّةٌ یا تین حرف ہوں جن کا درمیانہ حرف ساکن ہو جیسے مَصَابِيْحُ، جو مِصْبَاحٌ کی جمع ہے۔

Marfat.com

غَیْرَ قَابِلٍ لِلْهَاءِ کَمَصَابِیْحَ فَصَیَاقِلَةٌ وَفَرَازِنَةٌ مُنْصَرِفٌ لِقُبُوْلِهِمَا الْهَاءَ وَهُوَ اَیْضًا قَائِمٌ مَقَامَ السَّبَبَیْنِ الْجَمْعِیَّةِ وَلُزُوْمِهَا وَامْتِنَاعِ اَنْ یُّجْمَعَ مَرَّةً اُخْرٰی جَمْعَ التَّکْسِیْرِ فَکَاَنَّهٗ جُمِعَ مَرَّتَیْنِ **اَمَّا التَّرْکِیْبُ** فَشَرْطُهٗ اَنْ یَّکُوْنَ عَلَمًا بِلَا اِضَافَةٍ وَلَا اِسْنَادٍ

فائدہ:- صیغہ منتہی الجموع کی تعریف میں نحاۃ کا اختلاف ہے۔ زمخشری کے نزدیک صیغہ منتہی الجموع وہ ہے جسکی نظیر آحاد میں نہ ہو، بعض کے نزدیک منتہی الجموع وہ جمع ہے جسکی جمعیت مکسرہ کی انتہا ہوگئی ہو اور بعض کے نزدیک صیغہ منتہی الجموع سے مراد وہ جمع ہے جو فواعلُ، فواعِیْلُ یا مَفاعِلُ اور مَفاعِیْلُ کے وزن پر ہو۔ قولہ غَیْرَ قَابِلٍ لِلتَّاءِ:- لفظ غیر یا تو پہلے یکُوْنُ کی خبر ثانی یا اسکی ضمیر سے حال ہے یا مبتدا محذوف کی خبر ہے اور یہ جملہ حالیہ ہے چونکہ جمع منتہی الجموع تاء کے ساتھ ہوتی ہے جیسے صیاقلةٌ اور فرازنةٌ اور بغیر تاء کے بھی اس لئے کہا کہ غیر قابل للتاء یعنی معتبر وہ وزن منتہی الجموع ہے جو بغیر تاء کے ہو اور تاء سے مراد تائے تانیث ہے جو حالت وقف میں ھاء ہو جاتی ہے۔ قولہ وَهُوَ اَیْضًا:- کلمہ اَیْضًا، فعلِ محذوف کا مفعول مطلق ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے اضَ اَیْضًا اَیْ رَجَعَ رُجُوْعًا یعنی تانیث بالالف جس طرح کہ دو سبب کے قائم مقام ہوتی ہے یہ جمع بھی دو سبب کے قائم مقام ہے ایک جمع، دوسرا لزوم جمع یعنی اس بات کا محال ہونا کہ اس صیغہ کی دوبارہ جمع تکسیر لائی جاسکے گویا کہ یہ دوبار جمع لائی گئی ہے اور مصنف کا قول وَامْتِنَاعُ...... الخ، اُس کے قول لُزُوْمُهَا کے لئے عطفِ تفسیری ہے۔ قولہ وَالتَّرْکِیْبُ- یہاں ترکیب سے مراد یہ ہے کہ دو یا زیادہ کلمات ملکر ایک ہو جائیں اور کوئی جز حرف نہ ہو۔ ترکیب کی کل چھ قسمیں ہیں جن کو شاعر نے اس طرح نظم کیا ہے۔

بود ترکیب نزد نحویاں شش　　بیادش گیر گر خائف زفوتی
اضافی داں وتعدادی ومزجی　　چوں اسنادی وتوصیفی وصوتی

ترکیب کی مصنف نے تین شرطیں بیان کی ہیں پہلی شرط وجودی ہے یعنی علمیت کا ہونا تاکہ علمیت کی وجہ سے ترکیب زوال سے محفوظ رہے اور دوسری وتیسری عدمی شرطیں ہیں یعنی وہ ترکیب اضافی نہ ہو اس لئے کہ اضافت غیر منصرف کو منصرف یا حکم منصرف میں کر دیتی ہے لہٰذا یہ مناسب نہیں کہ اضافت کو عدمِ انصراف کا سبب بنایا جائے اور ترکیب اسنادی بھی نہ ہو اس لئے کہ اسناد پر مشتمل اعلام از قبیلِ مبنیات ہیں۔

Marfat.com

كَبَعْلَبَكَّ فَعَبْدُ اللّٰهِ مُنْصَرِفٌ وَمَعْدِ يُكَرِبُ غَيْرُ مُنْصَرِفٍ وَشَابَ قَرْنَاهَا مَبْنِيٌّ اَمَّا الْاَلِفُ وَالنُّوْنُ الزَّائِدَتَانِ اِنْ كَانَتَا فِيْ اِسْمٍ فَشَرْطُهٗ اَنْ يَّكُوْنَ عَلَمًا كَعِمْرَانَ وَعُثْمَانَ فَسَعْدَانٌ اِسْمُ نَبْتٍ مُنْصَرِفٌ لِعَدَمِ الْعَلَمِيَّةِ

قولہ كبعلبك :- یہ ملک شام کے ایک شہر کا نام ہے اور بَعْل و بک سے مرکب ہے۔ بَعْل اس شہر کے ایک بت کا نام ہے جسے حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم پوجتی تھی اور بَعْل بمعنی شوہر بھی ہے جیسے هٰذَا بَعْلِيْ شَيْخًا میں، اور بک، اس شہر کے بادشاہ کا نام ہے جو اس بت کو پوجتا تھا اس شہر کا نام معبود باطل اور عابد لا یعقل کے ناموں سے ملکر بنا، یہ علمیت اور ترکیب کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ قولہ فعبد الله :- پس عبد اللہ منصرف ہے اس لئے کہ یہ مرکب اضافی ہے اور معد یکرب، غیر منصرف ہے کہ علم اور مرکب ہے اور یہ ترکیب، اضافی و اسنادی نہیں اور شاب قرناها، اس عورت کا نام ہے جس کے دونوں گیسو سفید ہو گئے تھے یہ مبنی ہے کہ مرکب اسنادی ہے۔ قولہ اَمَّا الْاَلِفُ وَالنُّوْنُ :- اس میں واؤ بمعنی مع ہے یعنی الف مع نون کے اگر اسم میں ہو تو شرط یہ ہے کہ وہ اسم علم ہو جیسے عِمْرَان وَعُثْمَان، یہ دونوں الف و نون اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہیں، مصنف علیہ الرحمۃ نے دو مثالیں ذکر کر کے الف و نون کے اوزانِ مختلفہ کی طرف اشارہ کیا ہے اس الف و نون کو زائدتان اس لئے کہتے ہیں کہ یہ حروفِ زوائد میں سے ہیں جو اَلْيَوْمَ تَنْسَاهَا کا مجموعہ ہے اور مضارعتین اس لئے کہتے ہیں کہ الف تانیث کے مشابہ ہیں۔ فائدہ:- نحاۃ بصرہ کے نزدیک الف و نون، الف تانیث کی مشابہت کی وجہ سے غیر منصرف کا سبب ہے اور یہ مشابہت چند امور میں ہے۔ (۱) یہ دونوں الف تانیث کی طرح ایک ساتھ زائد کئے جاتے ہیں۔ (۲) یہ الف تانیث کی طرح حروفِ اصلیہ کے بعد آتے ہیں۔ (۳) الف تانیث کی طرح انکے آخر میں تائے تانیث نہیں آتی۔ نحاتِ کوفہ کے نزدیک یہ زائدہ ہیں اور مزید علیہ کی فرع ہونے کی وجہ سے غیر منصرف کا سبب ہیں۔ قولہ فشرطه :- ضمیر مجرور کے مرجع میں دو احتمال ہیں۔ (۱) یہ لفظ اسم کی طرف لوٹتی ہے یعنی اسم کی شرط علمیت ہے۔ (۲) یہ الف و نون کی طرف لوٹتی ہے اس لئے کہ وہ دونوں ملکر سبب واحد بنتے ہیں۔ فائدہ:- الف و نون تانیث کے الف مقصورہ و الف ممدودہ کے ساتھ عدم دخولِ تاء میں مشابہت کی وجہ سے غیر منصرف کا سبب بنتے ہیں اور ان میں علمیت شرط ہے تاکہ الفِ تانیث کے ساتھ ان کی مشابہت پختہ ہو جائے پس عمران اور عثمان غیر منصرف ہیں کیونکہ ان میں الف و نون زائدتان اور علمیت ہے، عمران ایک جلیل القدر صحابی کا نام ہے فرشتے ان سے مصافحہ کرتے تھے یہ کراما کاتبین کو دیکھتے اور ان سے گفتگو کرتے تھے۔ قولہ فسعدان :- پس سَعْدَان (جو جنگل کی گھاس اور اونٹ کی مرغوب غذا ہے) منصرف ہے اس لئے کہ یہ علم نہیں بلکہ اسم جنس ہے۔

Marfat.com

وَاِنْ كَانَتَا فِیْ صِفَةٍ فَشَرْطُهٗ اَنْ لَّا یَكُوْنَ مُؤَنَّثُهٗ عَلٰی فَعْلَانَةٍ كَسَكْرَانَ فَنَدْمَانٌ مُنْصَرِفٌ لِوُجُوْدِ نَدْمَانَةٍ اَمَّا وَزْنُ الْفِعْلِ فَشَرْطُهٗ اَنْ یَخْتَصَّ بِالْفِعْلِ وَلَا یُوْجَدَ فِی الْاِسْمِ اِلَّا مَنْقُوْلًا عَنِ الْفِعْلِ كَشَمَّرَ، وَضُرِبَ

فائدہ:- سعدانٌ مبتدا ہے اور اِسْمُ نبتٍ، مضاف ومضاف الیہ سعْدانٌ سے بدل ہے اور مُنْصرِفٌ مبتدا کی خبر ہے، یا اسْمُ نبتٍ، خبر اول اور مُنصرفٌ، خبر ثانی ہے اور یہ بھی ہو سکتا ہے کہ اِسْمُ نبتٍ، مبتدا محذوف کی خبر واقع ہو کر مبتدا اور خبر کے درمیان جملہ معترضہ ہو، یا اسْمَ نبتٍ، منصوب ہو بنا بر حال از ضمیر مُنْصرِفٌ یا مبتدا (سَعْدَانٌ) سے حال ہو اور ابن مالک کے نزدیک مبتدا سے حال بنانا درست ہے۔ قولہ وَاِنْ كَانَتَا...... الخ:- یعنی اگر الف ونون اسم صفت میں ہوں تو اس اسم صفت کی شرط یا الف ونون کی شرط یہ ہے کہ اس اسم صفت کی مؤنث فَعْلَانَةٌ کے وزن پر نہ ہو جیسے سَكْرَانٌ اس کی مؤنث سکرانۃٌ نہیں آتی لہٰذا یہ وصف اور الف ونون کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور نَدْمانٌ، منصرف ہے کیونکہ اس کی مؤنث ندمانۃ آتی ہے۔ فائدہ:- جس ندمان کی مؤنث ندمانۃٌ آتی ہے وہ نَدْمَانٌ بمعنی نَدِیْمٌ ہے اور جو نَدْمَانٌ بمعنی نَادِمٌ ہے اسکی مؤنث ندمانۃٌ نہیں آتی بلکہ ندمی آتی ہے لہٰذا ندمانٌ بمعنی نادم غیر منصرف ہے۔ سوال:- جس اسم کے نون میں اصلی اور زائد ہونے کا احتمال ہو جیسے حسانٌ، رُمانٌ ایسے اسم کو منصرف پڑھا جائے یا غیر منصرف؟ جواب:- ایسے اسم کو منصرف پڑھا جائے کیونکہ اسم میں اصل انصراف ہے۔ قولہ وامّا وَزْنُ الْفِعْلِ:- وَزْنُ الْفِعْلِ، کا معنی ہے كَوْنُ الْاِسْمِ علی وزنٍ یُعَدُّ من اوزان الفعل، یعنی اسم کا کسی ایسے وزن پر ہونا جو اوزانِ فعل سے شمار کیا جاتا ہو، وزنِ فعل کو غیر منصرف کا سبب مؤثر ماننے کے لئے دو شرطیں ہیں، پہلی یہ کہ وہ وزن، فعل کے ساتھ مختص ہو یعنی ابتداءً وہ وزن اسم میں نہ پایا جائے بلکہ فعل سے منقول ہو کر پایا جائے جیسے شُمِّرَ (صیغہ ماضی معلوم یا مجہول از تَشْمِیْرٌ) شَمَّرَ کو فعل سے اسم کی طرف نقل کر کے حجاج بن یوسف کے گھوڑے کا نام کر دیا گیا لہٰذا یہ وزنِ فعل اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور ضُرِبَ (ماضی مجہول) یہ وزن بھی فعل کے ساتھ مختص ہے اگر کسی مرد کا ضُرِب، نام رکھ دیا جائے بہت مضروب ہونے کی وجہ سے تو ضُرِب، وزنِ فعل اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف پڑھا جائیگا لیکن ضرب (معلوم) یہ وزن فعل کے ساتھ مختص نہیں بلکہ اس وزن پر اسم بھی آیا ہے جیسے فرسٌ لہٰذا جب ضرب (معلوم) کسی کا نام رکھ دیا جائے تو منصرف ہوگا۔ فائدہ:- مصنف علیہ الرحمۃ نے شَمَّرَ (مزید فیہ) کو ضُرِب (مجرد) پر اس لئے مقدم کیا ہے کہ شمّر فعل معلوم ہے اور ضُرِب مجہول ہے اور فعلِ معلوم اشرف ہوتا ہے یا اس لئے مقدم کیا کہ شمّر معلوم ہو یا مجہول یہ وزن فعل کے ساتھ مختص ہے یا اس لئے کہ شَمَّرَ بالفعل غیر منصرف ہے کہ وزنِ فعل اور علم ہے اور ضُرِب، اس وقت غیر منصرف ہوگا جب اس کو علم بنایا جائیگا۔

Marfat.com

وَاِنْ لَّمْ یُخْتَصَّ بِہٖ فَیَجِبُ اَنْ یَّکُوْنَ فِیْ اَوَّلِہٖ اِحْدٰی حُرُوْفِ الْمُضَارِعَۃِ وَ لَایَدْخُلُہُ الْھَاءُ کَاَحْمَدَ وَیَشْکُرَ وَتَغْلِبَ وَنَرْجِسَ فَیَعْمَلٌ مُنْصَرِفٌ لِقُبُوْلِھَا الْھَاءَ کَقَوْلِھِمْ نَاقَۃٌ یَعْمَلَۃٌ

قولہ وَاِنْ لَّمْ یُخْتَصَّ بِہٖ:- دوسری شرط یہ ہے کہ اگر وہ وزن فعل کے ساتھ مختص نہ ہو تو اُسکو غیر منصرف کا سبب ماننے کے لئے ضروری ہے کہ اُس کے شروع میں حروف اَتَیْنَ میں سے کوئی حرف ہو کیونکہ یہ حروف فعل کے خواص میں سے ہیں لہٰذا انکی وجہ سے وہ وزن فعل کے ساتھ خاص ہو جائیگا اور اُس کے آخر میں تاء نہ ہوتا کہ وہ وزن تاء کی وجہ سے اوزان اسم میں نہ چلا جائے اس لئے کہ تائے تانیث متحرکہ خواص اسم سے ہے۔ قولہ کَاَحْمَدَ:- اَحْمَدُ، یَشْکُرُ اور تَغْلِبُ آدمیوں کے نام ہیں اور نَرْجِسُ، نرگس کا معرب ہے جو ایک پھول کا نام ہے یہ چاروں وزن فعل اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہیں۔ قولہ فَیَعْمَلٌ مُنْصَرِفٌ:- پس یَعْمَلٌ جو قوی اونٹ کا نام ہے منصرف ہے اس لئے کہ یہ تاء کو قبول کرتا ہے کیونکہ وہ اونٹنی جو عمل اور سیر پر قوی ہو اس کے لئے عرب کہتے ہیں نَاقَۃٌ یَعْمَلَۃٌ۔ سوال:- جب اَرْبَعٌ کسی مرد کا نام رکھ دیا جائے تو وہ علمیت اور وزن فعل کی وجہ سے غیر منصرف ہوگا حالانکہ اُس کے آخر میں تائے تانیث آتی ہے جیسے اَرْبَعَۃُ رِجَالٍ؟ جواب:- تائے تانیث سے وہ تائے تانیث مراد ہے جو قیاس کے مطابق ہو یعنی مؤنث کے لئے ہو اور اَرْبَعٌ پر جو تاء آتی ہے وہ تانیث کے لئے نہیں بلکہ مذکر کے لئے ہے کیونکہ تین سے لیکر دس تک اسم عدد خلاف قیاس آتا ہے تو یہ تاء مذکر کی ہے۔ جواب نمبر۲:- اَرْبَعٌ بحالت علمیت تاء کو قبول نہیں کرتا کیونکہ اعلام بقدر امکان تغیر سے محفوظ ہوتے ہیں۔ فائدہ:- اوزان تین قسم پر ہیں ایک وہ وزن جو اسم کے ساتھ خاص ہے۔ جیسے فَلْسٌ، قُفْلٌ وغیرہ یہ وزن غیر منصرف کا سبب نہیں بنتا۔ ایک وہ وزن جو فعل کے ساتھ خاص ہے۔ جیسے شَمَّرَ، یہ وزن غیر منصرف کا سبب بنتا ہے۔ ایک وہ وزن جو اسم اور فعل دونوں میں مشترک ہے۔ جیسے ضَرَبَ، کیونکہ وزن میں آخری حرف کی حرکت نہیں دیکھی جاتی لہٰذا ضَرَبٌ کے وزن پر فَرَسٌ اسم ہے اور یہ وزن بھی غیر منصرف کا سبب نہیں ہے مگر جب اِس وزنِ مشترک کے اول میں اَتَیْنَ کا کوئی حرف ہو اور تاءِ تانیث کو قبول نہ کرے تو اُسوقت غیر منصرف کا سبب ہوگا۔ جیسے اَحْمَرُ، کہ یہ وزن اسم میں کثیر ہے کیونکہ اس وزن پر اسم تفضیل آتا ہے اور لون وعیب کے باب سے صفت مشبہ آتی ہے اور اس وزن پر بعض افعال کی ماضی بھی آتی ہے لہٰذا یہ وزن مشترک ہوا۔ قولہ وَاعْلَمْ ...... اَلخ:- مصنف علیہ الرحمۃ اسباب منع صرف بیان کرنے کے بعد اب ایک ایسے ضابطے کا بیان کرتے ہیں جس کے فقدان سے علل کی تاثیر جاتی رہتی ہے اور وہ ضابطہ یہ ہے کہ جس اسم میں علمیت شرط ہے جیسے تانیث، عجمہ، ترکیب، اور الف ونون زائدتان یا وہ اسم جس میں علمیت شرط تو نہیں ہے مگر ایک سبب بن کر آتی ہے جیسے عدل اور وزن فعل جب اِس اسم کو نکرہ کردیا جائے تو منصرف ہو جائیگا۔

Marfat.com

واعلم اَنَّ كُلَّ مَاشُرِطَ فِيْهِ الْعَلَمِيَّةُ وَهُوَ الْمُؤَنَّثُ بِالتَّاءِ وَالْمَعْنَوِيُّ وَالْعُجْمَةُ وَالتَّرْكِيْبُ وَالْاِسْمُ الَّذِيْ فِيْهِ الْاَلِفُ وَالنُّوْنُ الزَّائِدَتَانِ اَوْلَمْ يُشْتَرَطْ فِيْهِ ذَالِكَ وَاجْتَمَعَ مَعَ سَبَبٍ وَاحِدٍ فَقَطْ وَهُوَ الْعَلَمُ الْمَعْدُوْلُ وَوَزْنُ الْفِعْلِ اِذَا نُكِّرَ صُرِفَ اَمَّا فِي الْقِسْمِ الْاَوَّلِ فَلِبَقَاءِ الْاِسْمِ بِلَاسَبَبٍ وَاَمَّا فِي الثَّانِيْ فَلِبَقَائِهٖ عَلٰى سَبَبٍ وَاحِدٍ تَقُوْلُ جَاءَنِيْ طَلْحَةُ وَطَلْحَةٌ اٰخَرُ وَقَامَ عُمَرُ وَعُمَرٌ اٰخَرُ وَضَرَبَ اَحْمَدُ وَاَحْمَدٌ اٰخَرُ وَكُلُّ مَالَا يَنْصَرِفُ اِذَا اُضِيْفَ اَوْدَخَلَهُ اللَّامُ فَدَخَلَهُ الْكَسْرَةُ نَحْوُ مَرَرْتُ بِاَحْمَدِكُمْ وَبِالْاَحْمَدِ

لطیفہ:- علامہ نسفی رحمۃ اللہ علیہ علامہ زمخشری سے ملنے گئے تو اُنکا دروازہ کھٹکھٹایا اندر سے آواز آئی مَنْ بِالْبَابِ (دروازے پر کون ہے؟) علامہ نسفی نے جواب دیا عمر! تو جواب ملا انصرف (واپس جاؤ) حضرتِ نسفی نے فرمایا عُمَرُ لَایَنْصَرِفُ تو علامہ نے کہا اذا نکر صرف (نکرہ اس)۔ فائدہ:- علم کو نکرہ کرنے کی تین صورتیں ہیں، اوّل یہ کہ علم سے مراد مسمّٰی بعلم لیا جائے جیسے زَیْدٌ سے مراد مسمّٰی بہ زید لیا جائے۔ دوم یہ کہ علم سے مراد صاحب علم کا وصف مشہور لیا جائے جیسے لِكُلِّ فِرْعَوْنٍ مُوْسٰی، میں فرعون سے مراد مبطل ہے اور موسیٰ سے مراد محق ہے۔ سوم یہ کہ علم واحد کو تثنیہ یا جمع بنا دیا جائے جیسے اَلزَّيْدَانِ اور اَلزَّيْدُوْنَ، جن کا لام علمیت کا عوض ہے اگر ان میں علمیت باقی ہوتی تو ان پر الف لام تعریف کا نہ آتا کہ معرفہ کو معرفہ بنانا تحصیلِ حاصل ہے۔ قولہ اَمَّا فِي الْقِسْمِ الْاَوَّلِ - قسم اول میں یعنی وہ اسم کہ جس میں علمیت شرط ہے بعد از تنکیر اس کے منصرف ہو جانے کی وجہ یہ ہے کہ یہ اسم بعد از تنکیر سبب موثر کے بغیر رہ جائے گا اس لئے کہ اسمیں علمیت شرط تھی اور قاعدہ ہے اِذَافَاتَ الشَّرْطُ فَاتَ الْمَشْرُوْطُ۔ قولہ وَاَمَّا فِي الثَّانِيْ:- قسم ثانی میں اسم بعد از تنکیر اس لئے منصرف ہو جائیگا کہ تنکیر کے بعد صرف ایک سبب رہ جائیگا جو اس کے غیر منصرف ہونے کے لئے کافی نہیں ہے۔ قولہ تَقُوْلُ جَاءَنِيْ طَلْحَةُ:- مصنف علیہ الرحمۃ نے دونوں قسموں کی مثالیں اپنے اِس قول سے بیان کر دی ہیں یعنی جَاءَنِيْ طَلْحَةُ میں لفظ طلحہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے لہٰذا اُس پر تنوین نہیں پڑھی جائیگی مگر طَلْحَةٌ اٰخَرُ میں طَلْحَةٌ سے طلحہ، نامی جماعت کا کوئی ایک فرد مراد ہونے کی وجہ سے طَلْحَه نکرہ ہو گیا لہٰذا اِس پر تنوین پڑھی جائیگی اور جَاءَنِيْ عُمَرُ میں عُمَرُ غیر منصرف پڑھا جائیگا اور عُمَرٌ اٰخَرُ، میں منصرف۔ قولہ وَكُلُّ مَالَايَنْصَرِفُ:- اگر یہ عبارت پہلے لفظ كُلَّ پر معطوف ہو تو اسکو اسمِ اَنَّ کی بنا پر منصوب پڑھا جائیگا ورنہ بنا بر مبتدا مرفوع۔ یہاں سے مصنف ایک ضابطہ کا افادہ کرتے ہیں وہ یہ ہے کہ اسم غیر منصرف جب دوسرے اسم کی طرف مضاف کیا جائے یا اُس پر الف ولام داخل ہو جائے تو اُس پر حالت جر میں کسرہ آجاتا ہے جیسے مَرَرْتُ بِاَحْمَدِكُمْ میں اضافت کی وجہ سے لفظ اَحْمَدُ پر کسرہ آگیا ہے اور مَرَرْتُ بِالْاَحْمَدِ میں لام کی وجہ سے اَحْمَد پر کسرہ آگیا ہے۔ فائدہ:- اضافت یا دخولِ لام کے وقت غیر منصرف پر کسرہ اِس لئے آجاتا ہے کہ یہ دونوں خواصِ اسم میں سے بڑے خاصے ہیں جنکی وجہ سے جہت اسمیت قوی ہو جاتی ہے اور فعل کی مشابہت کمزور ہو جاتی ہے۔

Marfat.com

المقصد الاوّل فی المرفوعات اَلاَسمآءُ المَرفُوعات ثَمانِيَةُ اَقْسامٍ اَلْفاعِلُ وَمَفْعُولُ مالَمْ يُسَمَّ فاعِلُهُ وَالْمُبْتَدَأُ وَالْخَبَرُ وَخَبَرُ اِنَّ وَاَخَواتِها وَاِسْمُ كانَ وَاَخَواتِها وَاِسْمُ ما وَلا الْمُشَبَّهَتَيْنِ بِلَيْسَ وَخَبَرُ لاَ الَّتِىْ لِنَفْيِ الْجِنْسِ **فصل** اَلْفاعِلُ كُلُّ اِسْمٍ قَبْلَهُ فِعْلٌ

﴿**المقصد الاول فی المرفوعات**﴾ مصنف علیہ الرحمۃ نے اسماء مرفوعہ کے بیان کو مقدم کیا ہے اس لئے کہ یہ ترکیب اسنادی میں اصل اور مقصود ہیں کیونکہ کلام کی تمامیت اِن پر موقوف ہوتی ہے اور اِن کے علاوہ باقی تمام فضلہ ہیں۔ قولہ المَقْصَدُ:- لفظ مقصد صیغہ ظرف ہے یا مصدر میمی بمعنی مقصود ہے کیونکہ یہ دونوں صیغے جہاں حقیقی معنی میں صحیح مفہوم ادا نہ کریں تو بمعنی مفعول کر دیئے جاتے ہیں۔ فائدہ:- مرفوعات کا مفرد مرفوع ہے اس لئے کہ مرفوع ہونا اسم کی صفت ہے اور اسم مذکر لایعقل ہے اور مذکر لایعقل کی صفت کی جمع الف اور تاء کے ساتھ آتی ہے جیسے، اَلصَّافِناتُ اور الطَّالِعاتُ۔ مرفوع کی تعریف:- نحات کے عرف میں مرفوع اُس اسم کو کہتے ہیں جو فاعل ہونے کی علامت پر مشتمل ہو اور فاعل ہونے کی علامتیں تین ہیں (۱) رفع جیسے جَآءَ نِیْ زَیْدٌ (۲) واؤ جیسے جَآءَ نِیْ اَبُوْہُ (۳) الف جیسے جَآءَ نِیْ زَیْدان۔ مصنف نے مبتدی کی رعایت میں مرفوع کی تعریف نہیں کی۔ قولہ اَلاَسمآءُ المَرفُوعاتُ:- یہ مرکب توصیفی مبتدا ہے اور ثمانیۃٌ اس کی خبر ہے یعنی اسماء مرفوعہ آٹھ ہیں۔ قولہ اَلفاعِلُ:- مصنف علیہ الرحمۃ نے فاعل کو باقی مرفوعات پر مقدم کیا اس لئے کہ فاعل عند المصنف بدو وجہ مرفوعات میں اصل ہے ایک یہ کہ فاعل جملہ فعلیہ کا جزء ہے جو تمام جملوں کی اصل ہے تو اَصل کا جز بھی اصل ہوگا۔ دوم یہ کہ فاعل کا عامل قوی ہے یعنی لفظی ہے اور عامل کا قوی ہونا معمول کے قوی ہونے کی دلیل ہے اور قوی اصل ہوتا ہے، نیز فاعل کو قائم مقام کے بغیر حذف کرنا جائز نہیں اور مبتدا کو حذف کرنا جائز ہے۔ بعض نحات کے نزدیک جن میں سے ایک سیبویہ بھی ہے اصل مرفوعات میں مبتدا ہے اس لئے کہ مسند الیہ میں اصل تقدیم ہے جس پر مبتدا باقی ہے اور اس لئے کہ مبتدا پر جامد اور مشتق دونوں کے ساتھ حکم کیا جاتا ہے اور اس لئے کہ مبتدا پر متعدد حکم ہوتے ہیں یعنی ایک مبتدا کی متعدد خبریں آتی ہیں بخلاف فاعل کے کہ اُس پر صرف ایک حکم ہوتا ہے۔ فائدہ:- اسمِ فاعل اور فاعل میں دو وجہ سے فرق ہے (۱) اسم فاعل وہ ہے جو ذات مَعَ الوَصْفِ پر دلالت کرے اور فاعل وہ ہے جو صرف ذات پر دلالت کرے (۲) اسم فاعل ہمیشہ مشتق ہوتا ہے اور فاعل کبھی مشتق ہوتا ہے اور کبھی جامد۔ قولہ کُلُّ اسْمٍ:- فاعل وہ اسم ہے جس سے پہلے فعل ہو مصنف نے قَبْلَهُ فِعْلٌ کہہ کر زَیْدٌ سے احتراز کیا ہے اس لئے کہ اِس مثال میں قامَ فعل اگر چہ زَیْدٌ کی طرف مسند ہے لیکن زَیْدٌ سے پہلے نہیں ہے اس لئے زَیْدٌ مبتدا ہے قامَ کا فاعل نہیں ہے۔

Marfat.com

اَوْصِفَةٌ اُسْنِدَ اِلَيْهِ عَلٰى مَعْنٰى اَنَّهُ قَامَ بِهٖ لَاوَقَعَ عَلَيْهِ نَحْوُ قَامَ زَيْدٌ وَزَيْدٌ ضَارِبٌ اَبُوْهُ عَمْرًا وَمَاضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا وَكُلُّ فِعْلٍ لَابُدَّ لَهٗ مِنْ فَاعِلٍ مَرْفُوْعٍ مُظْهَرٍ كَذَهَبَ زَيْدٌ اَوْمُضْمَرٍ بَارِزٍ كَضَرَبْتُ زَيْدًا اَوْمُسْتَتِرٍ كَزَيْدٌ ذَهَبَ وَاِنْ كَانَ الْفِعْلُ مُتَعَدِّيًا كَانَ لَهٗ مَفْعُوْلٌ بِهٖ اَيْضًا نَحْوُ ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا

فائدہ:- نحات کوفہ کے نزدیک زَیْدٌ قَامَ اور قَامَ زَیْدٌ کے اسناد میں کوئی فرق نہیں ہے اور زَیْدٌ دونوں جگہ مسند الیہ اور فاعل ہے لہٰذا قَبلہٗ فِعْلٌ کی قید اُن کے مذہب کے خلاف ہے البتہ نحات بصرہ کے نزدیک یہ قید ضروری ہے اس لئے کہ اُن کے نزدیک زَیْدٌ قَامَ میں زَیْدٌ مبتدا ہے اور قَامَ کا اسناد ضمیر کی طرف ہے اور جملہ مبتدا کی خبر ہے۔ قولہ اَوْ صِفَةٌ:- یہ فِعْلٌ پر معطوف ہے اور صفت سے مراد اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل اور مصدر وغیرہ ہیں۔ سوال:- کلمہ اَوْ، شک متکلم یا تشکیک مخاطب پر دلالت کرتا ہے اور یہ دونوں چیزیں تعریف کے منافی ہیں کہ تعریف ایضاح کیلئے ہوتی ہے۔ لہٰذا اس جگہ اَوْ کا ذکر غیر مناسب ہے؟ جواب:- اس جگہ کلمہ اَوْ، شک یا تشکیک کیلئے نہیں ہے بلکہ تقسیم محدود کیلئے ہے یعنی فاعل کی دو قسمیں ہیں اوّل وہ جس سے پہلے فعل ہو۔ دوم وہ کہ جس سے پہلے صیغہ صفت ہو۔ قولہ عَلٰى مَعْنٰى:- یعنی فعل یا صفت اُس اسم کی طرف بایں معنی مسند ہو کہ اُس اسم کے ساتھ قائم ہو اُس پر واقع نہ ہو جیسے قَامَ زَیْدٌ، یہ اُس فاعل کی مثال ہے جس کی طرف فعل مسند ہے اور زَیْدٌ ضَارِبٌ اَبُوْهُ، اُس فاعل کی مثال ہے جس کی طرف شبہ فعل مسند ہے اور مَاضَرَبَ زَیْدٌ، فعل منفی کی مثال ذکر کر کے اس وہم کا ازالہ کر دیا کہ فاعل صرف فعل مثبت کا ہوتا ہے منفی کا نہیں ہوتا۔ سوال:- لفظ مثل کے بعد مثال مذکور ہوا کرتی ہے نظر بر آں قَامَ زَیْدٌ اور زَیْدٌ قَامَ اَبُوْهُ دونوں فاعل کی مثالیں ہوئیں اور یہ درست نہیں کہ دونوں جملہ ہیں اور فاعل جملہ نہیں ہوتا کہ وہ اسم کی قسم ہے اور اسم کلمہ کی اور کلمہ مفرد ہوتا ہے؟ جواب:- ایسے مقامات میں عبارت مجاز پر محمول ہوا کرتی ہے یعنی کل بول کر جزء مراد لیا جاتا ہے لہٰذا مراد یہ ہے کہ قَامَ زَیْدٌ میں زَیْدٌ فاعل ہے اور اسی طرح اَبُوْهُ بھی فاعل ہے۔ فائدہ:- مصنف کے نزدیک فاعل اور نائب فاعل دو جدا جدا مرفوع ہیں اس لئے فاعل کی تعریف میں قَامَ بِهٖ کی قید سے نائب فاعل کو خارج کر دیا ہے اور جن نحویوں کے نزدیک نائب فاعل بھی فاعل ہے ان کے نزدیک اس قید کا ترک ضروری ہے تاکہ نائب فاعل خارج نہ ہو۔ قولہ وَكُلُّ فِعْلٍ:- اور ہر فعل کیلئے خواہ لازم ہو یا متعدی فاعل مرفوع ضروری ہے اس لئے کہ فعل ایک وصف ہے جس کیلئے مَاقَامَ بِهِ الْوَصْفُ ضروری ہے اور وہ فاعل ہے۔ قولہ اِنْ كَانَ:- اگر فعل متعدی ہے تو اس کے لئے فاعل کے علاوہ مفعول بِهٖ بھی ضروری ہے اس لئے کہ فعل متعدی کا سمجھنا جس طرح فاعل پر موقوف ہے اسی طرح اُس کا سمجھنا مفعول پر بھی موقوف ہے جیسے ضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا۔

Marfat.com

وَاِنْ کَانَ الْفَاعِلُ مُظْهَرًا وُحِّدَ الْفِعْلُ اَبَدًا نَحْوُ ضَرَبَ زَيْدٌ وَضَرَبَ الزَّيْدَانِ وَضَرَبَ الزَّيْدُوْنَ وَاِنْ كَانَ مُضْمَرًا وُحِّدَ لِلْوَاحِدِ نَحْوُ زَيْدٌ ضَرَبَ وَثُنِّيَ لِلْمُثَنّٰى نَحْوُ الزَّيْدَانِ ضَرَبَا وَجُمِعَ لِلْجَمْعِ نَحْوُ الزَّيْدُوْنَ ضَرَبُوْا وَاِنْ كَانَ الْفَاعِلُ مُؤَنَّثًا حَقِيْقِيًّا وَهُوَ مَا بِاِزَائِهٖ ذَكَرٌ مِّنَ الْحَيْوَانِ اُنِّثَ الْفِعْلُ اَبَدًا اِنْ لَمْ تَفْصِلْ بَيْنَ الْفِعْلِ وَالْفَاعِلِ نَحْوُ قَامَتْ هِنْدٌ

فائدہ:- فاعل کے رافع میں اختلاف ہے۔ قول اول، اس کا رافع فعل یا صیغہ صفت ہے۔ قول دوم، اس کا رافع معنیٰ فاعلیت ہے۔ قول سوم، اس کا رافع اسناد ہے۔ قول اول عمدہ اور مختار ہے۔ قولہ وَاِنْ کَانَ الْفَاعِلُ :- اگر فاعل اسم ظاہر ہے تو فعل ہمیشہ واحد ہوگا خواہ فاعل مفرد ہو یا تثنیہ یا جمع۔ اس لئے کہ اگر فعل تثنیہ یا جمع آئے تو ایک فعل کیلئے بالاصالۃ دو فاعل لازم آئیں گے اور اضمار قبل الذکر بھی۔ مثلاً ضربا الزیدان کہیں تو ایک فعل کیلئے دو فاعل لازم آئے اور اضمار قبل الذکر بھی کیونکہ ضمیر بارز کا مرجع الزیدان ہے ایسے ہی ضربوا الزیدون میں۔ سوال، ارشاد باری تعالیٰ واسرّوا النجوی الذین ظلموا اور عرب کے قول اکلونی البراغیث میں فاعل اسم ظاہر ہے مگر فعل واحد نہیں ہے اس کی کیا وجہ ہے؟ جواب:- یہاں اسم ظاہر فاعل نہیں بلکہ فاعل کی ضمیر سے بدل ہے۔ قولہ ابدا:- یہ مفعول فیہ کی بناء پر منصوب ہے ای فی کلّ زمان۔ قولہ وان کان مضمرا:- اور اگر فاعل اسم ضمیر ہے تو فعل مفرد لایا جائے گا اگر فاعل مفرد ہے جیسے زید ضرب اور فعل تثنیہ یا جمع لایا جائے گا اگر فاعل تثنیہ یا جمع ہے جیسے الزیدان ضربا، الزیدون ضربوا۔ قولہ وان کان:- اگر فاعل مؤنث حقیقی ہو اور فاعل و فعل کے درمیان کسی چیز کا فصلہ نہ کرو تو فعل ہمیشہ مؤنث لایا جائے گا خواہ فاعل اسم ظاہر ہو جیسے قامت ھند یا ضمیر جیسے ھند قامت۔ قولہ وھو ما:- یعنی مؤنث حقیقی وہ ہے جس کے مسمّی کے مقابلے میں جاندار مذکر ہو۔ مصنف کا قول من الحیوان، باعتبار متعلق محذوف کے ذکر کی صفت یا اس سے حال ہے اور اس قید کے ساتھ اس مؤنث سے احتراز ہے کہ جس کے مقابلہ میں اسکی جنس سے نر تو ہے مگر از جنس نباتات ہے جیسے نخلۃ کہ اس کا مذکر نخل ہے نیز اس مؤنث سے احتراز ہے جسکا مذکر نہیں ہے جیسے عین اور شمس۔ سوال:- عرب بولتے ہیں سار الناقۃ، اس میں فاعل مؤنث حقیقی ہے پھر بھی فعل مؤنث نہیں لائے جس سے معلوم ہوا کہ یہ حکم صحیح نہیں کہ جب فاعل مؤنث حقیقی ہو تو فعل کی تانیث لازم ہے؟ جواب:- یہاں پر مؤنث حقیقی سے مراد وہ ہے جو نوع انسان سے ہو اور ناقۃ مؤنث حقیقی تو ہے مگر نوع انسان سے نہیں ہے۔ فائدہ:- مصنف کی عدم فاصلہ کی شرط کے ساتھ یہ دو شرطیں بھی مقدر ہیں کہ وہ فاعل مؤنث حقیقی نوع انسان سے ہو اور فعل متصرف ہو، تاکہ سار الناقۃ اور نعم المرأۃ کے ساتھ اعتراض نہ کیا جائے کیونکہ اول نوع انسان سے نہیں ہے اور ثانی نوع انسان سے تو ہے مگر فعل (نعم) متصرف نہیں ہے۔ مصنف نے بوجہ اختصار ان دو قیدوں کا ذکر نہیں کیا۔

Marfat.com

وَاِنْ فَصَلْتَ فَلَکَ الْخِیَارُ فِی التَّذْکِیْرِ وَالتَّانِیْثِ نَحْوُ ضَرَبَ الْیَوْمَ هِنْدٌ وَاِنْ شِئْتَ قُلْتَ ضَرَبَتِ الْیَوْمَ هِنْدٌ وَکَذٰلِکَ فِی الْمُؤَنَّثِ الْغَیْرِ الْحَقِیْقِیِّ نَحْوُ طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَاِنْ شِئْتَ قُلْتَ طَلَعَ الشَّمْسُ هٰذَا اِذَا کَانَ الْفِعْلُ مُسْنَدًا اِلَی الْمُظْهَرِ وَاِنْ کَانَ مُسْنَدًا اِلَی الْمُضْمَرِ اُنِّثَ اَبَدًا نَحْوُ الشَّمْسُ طَلَعَتْ وَجَمْعُ التَّکْسِیْرِ کَالْمُؤَنَّثِ الْغَیْرِ الْحَقِیْقِیِّ تَقُوْلُ قَامَ الرِّجَالُ وَاِنْ شِئْتَ قُلْتَ قَامَتِ الرِّجَالُ وَالرِّجَالُ قَامَتْ وَیَجُوْزُ فِیْهِ الرِّجَالُ قَامُوْا وَیَجِبُ تَقْدِیْمُ الْفَاعِلِ عَلَی الْمَفْعُوْلِ اِذَا کَانَا مَقْصُوْرَیْنِ وَخِفْتَ اللَّبْسَ نَحْوُ ضَرَبَ مُوْسٰی عِیْسٰی وَیَجُوْزُ تَقْدِیْمُ الْمَفْعُوْلِ عَلَی الْفَاعِلِ اِنْ لَّمْ تَخَفِ اللَّبْسَ نَحْوُ اَکَلَ الْکُمَّثْرٰی یَحْیٰی وَضَرَبَ عَمْرًا زَیْدٌ

قولہ وَاِنْ فَصَلْتَ:۔ اور اگر تم فعل اور اُس کے فاعل مؤنث حقیقی کے درمیان فاصلہ کرو تو تمہیں فعل کی تذکیر و تانیث میں اختیار ہے، یعنی اگر فاعل مؤنث کے ساتھ فعل کی مطابقت کا لحاظ کرو تو فعل کو مؤنث لاؤ جیسے ضَرَبَتِ الْیَوْمَ هِنْدٌ اور فاصلہ کا اعتبار کرو تو فعل کو مذکر لاؤ جیسے ضَرَبَ الْیَوْمَ هِنْدٌ۔ قولہ وَکَذٰلِکَ:۔ اور جیسا کہ تجھے اسمِ ظاہر مؤنث حقیقی میں بوقت فصل تذکیر و تانیث فعل کا اختیار ہے اسی طرح تجھے فاعل اسمِ ظاہر مؤنث غیر حقیقی میں بھی فعل کو مذکر یا مؤنث لانے کا اختیار ہے خواہ فعل و فاعل کے درمیان فصل ہو یا نہ ہو جیسے طَلَعَتِ الشَّمْسُ اور طَلَعَ الشَّمْسُ۔ قولہ وَهٰذَا اِذَا کَانَ:۔ یعنی سابق میں جو حکم مذکور ہوا یہ اُس وقت ہے جب فعل، اسم ظاہر مؤنث کی طرف مسند ہو لیکن اگر فعل ضمیر مؤنث کی طرف مسند ہو یعنی فعل کا فاعل ضمیر مؤنث ہو تو فعل ہمیشہ مؤنث لایا جائے گا، تاکہ ضمیر مرجع کے مطابق ہو جائے جیسے اَلشَّمْسُ طَلَعَتْ۔ قولہ وَجَمْعُ التَّکْسِیْرِ:۔ اور فاعل جمع تکسیر اسم ظاہر، مثل مؤنث غیر حقیقی کے ہے یعنی اُس میں بھی فعل کی تذکیر و تانیث جائز ہے کیونکہ مفرد کا وزن باقی نہ رہنے کی وجہ سے یہ جمع بتاویلِ جماعت ہوتی ہے چونکہ یہ جمع لفظ کے اعتبار سے مؤنث ہوتی ہے اس لئے فعل مؤنث لانا جائز ہے اور معنی کے لحاظ سے مذکر ہوتی ہے اس لئے فعل کو مذکر لانا بھی جائز ہے جیسے قَامَتِ الرِّجَالُ اور قَامَ الرِّجَالُ۔ سوال:۔ اگر فاعل ضمیر راجع بسوئے جمع تکسیر ہو تو اُس کا حکم کیا ہے؟ جواب:۔ یہ جمع تکسیر اگر عاقل کی ہے تو فعل کی تذکیر اور تانیث جائز ہے جیسے اَلرِّجَالُ قَامُوْا، اَلرِّجَالُ قَامَتْ اور اگر جمع تکسیر غیر عاقل کی ہے تو فعل کی تانیث بصیغہ واحد مؤنث اور جمع مؤنث دونوں طرح جائز ہے جیسے اَلْاَیَّامُ مَضَتْ اور اَلْاَیَّامُ مَضَیْنَ۔ قولہ وَیَجِبُ:۔ اور فاعل کی تقدیم مفعول پر واجب ہے جب دونوں اسم مقصود ہوں اور ایک کا دوسرے کے ساتھ التباس کا خوف ہو اور قرینہ امتیاز نہ ہو جیسے ضَرَبَ مُوْسٰی عِیْسٰی، لہٰذا مُوْسٰی فاعل ہے اور عِیْسٰی مفعول ہے۔

Marfat.com

وَيَجُوْزُ حَذْفُ الْفِعْلِ حَيْثُ كَانَتْ قَرِيْنَةٌ نَحْوُ زَيْدٌ فِيْ جَوَابِ مَنْ قَالَ مَنْ ضَرَبَ وَكَذَا يَجُوْزُ حَذْفُ الْفِعْلِ وَالْفَاعِلِ مَعًا كَنَعَمْ فِيْ جَوَابِ مَنْ قَالَ اَقَامَ زَيْدٌ

قولہ ویجوز :- اور مفعول بہ کی تقدیم فاعل پر جائز ہے اگر التباس کا خوف نہ ہو بایں طور کہ کوئی قرینہ موجود ہو جیسے اَكَلَ الْكُمَّثْرىٰ يَحْيىٰ میں اَلْكُمَّثْرىٰ قرینہ معنویہ کی وجہ سے مفعول اور يَحْيىٰ فاعل ہے اور وہ قرینہ یہ ہے کہ كُمَّثْرىٰ (امرود) ماکول ہے نہ کہ آكل (کھانے والا) فائدہ :- قرینہ لغت میں بمعنی علامت ہے اور اصطلاح میں قرینہ اُس کو کہتے ہیں جو کسی چیز کی تعیین کرے لیکن اُس کے لئے موضوع نہ ہو، پھر قرینہ کی دو قسمیں ہیں ۔(۱) قرینہ لفظیہ، جیسے ضَرَبَتْ مُوْسىٰ سَلْمىٰ میں فعل میں تاءِ تانیث سَلْمىٰ کے فاعل ہونے کا قرینہ ہے۔(۲) قرینہ معنویہ جیسے اَكَلَ الْكُمَّثْرىٰ يَحْيىٰ میں اَكَلَ کا معنی يَحْيىٰ کے فاعل ہونے کا قرینہ ہے۔ قولہ وَيَجُوْزُ :- اور فاعل کو رفع دینے والے فعل کا حذف کرنا بھی جائز ہے جب فعلِ محذوف کی تعیین پر قرینہ ہو جیسے مَنْ ضَرَبَ کے ساتھ سائل کے جواب میں زَيْدٌ کہنا جسکی تقدیر ضَرَبَ زَيْدٌ ہے اور سوال میں مذکور فعل، جواب میں فعلِ محذوف پر قرینہ ہے۔ قولہ حَيْثُ كَانَتْ :- یہ حَيْثُ مکانیہ ہے اور كَانَتْ تامہ بمعنی وُجِدَتْ ہے یعنی جہاں قرینہ پایا جائے۔ سوال :- مَنْ ضَرَبَ، جملہ اسمیہ ہے تو اُس کا جواب بھی جملہ اسمیہ مناسب ہے لہٰذا زَيْدٌ کی تقدیر زَيْدٌ ضَرَبَ، جملہ اسمیہ اولیٰ ہے یعنی بہتر یہ ہے کہ جواب، حذفِ خبر کے باب سے ہو نہ حذفِ فعل کے باب سے؟ جواب :- مذکورہ بالا جواب کو حذفِ خبر کے باب سے بنانے کی صورت میں جملہ کا حذف کرنا لازم آئے گا اور حذفِ فعل کے باب سے بنانے کی صورت میں بعض جملہ کا حذف لازم آئے گا اور تقلیل حذف میں اولیٰ ہے لہٰذا جواب مذکور کو حذفِ فعل کے قبیلہ سے بنانا اولیٰ ہے پس تقدیر ضَرَبَ زَيْدٌ اولیٰ ہے۔ سوال :- قرینہ پائے جانے کے وقت شبہِ فعل کا حذف بھی جائز ہے ماتن نے اس کو کیوں ذکر نہیں کیا؟ جواب :- چونکہ فعل اصل ہے اس لئے ماتن نے حذفِ فعل کے ذکر پر اکتفاء کیا ہے۔ قولہ وَكَذَا يَجُوْزُ :- یعنی اکیلے فعل کے حذف کی طرح، فاعل اور فعل دونوں کو ایک ساتھ حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے اَقَامَ زَيْدٌ کہنے والے کے جواب میں نَعَمْ کہنا جسکی تقدیر نَعَمْ قَامَ زَيْدٌ ہے۔ قولہ مَعًا :- یہ کلمہ دو چیزوں میں مصاحبت ثابت کرتا ہے اور بنا بر مفعول ہونے کے منصوب ہوتا ہے یا بمعنی مُجْتَمِعَيْنِ ہو کر ماقبل سے حال ہوتا ہے۔ سوال :- گذشتہ مثال میں اگر نَعَمْ قَامَ زَيْدٌ کی جگہ میں ہے تو یہ حذف وجوبی ہونا چاہئے کہ قائم مقام موجود ہے؟ جواب :- نَعَمْ، قائم مقام نہیں ہے اس لئے کہ نَعَمْ حرف ہے جو غیر مستقل ہونے کی وجہ سے فعل و فاعل (مستقل) کے قائم مقام نہیں ہو سکتا۔ سوال :- یا حرف ندا بھی تو غیر مستقل ہے وہ اَدْعُوْ (مستقل) کے قائم مقام کیسے ہو گیا ہے؟ جواب :- یا حرف ندا کا قائم مقام ہونا سماعی ہے لہٰذا کسی دوسرے حرف کو حرفِ ندا پر قیاس نہیں کیا جا سکتا۔

Marfat.com

وَقَدْ يُحْذَفُ الْفَاعِلُ وَيُقَامُ الْمَفْعُوْلُ مَقَامَهُ إِذَا كَانَ الْفِعْلُ مَجْهُوْلاً نَحْوُ ضُرِبَ زَيْدٌ وَهُوَ الْقِسْمُ الثَّانِيْ مِنَ الْمَرْفُوْعَاتِ فَصْلٌ إِذَا تَنَازَعَ الْفِعْلَانِ فِيْ اسْمٍ ظَاهِرٍ بَعْدَهُمَا أَيْ أَرَادَ كُلُّ وَاحِدٍ مِنَ الْفِعْلَيْنِ أَنْ يَّعْمَلَ فِيْ ذٰلِكَ الْإِسْمِ فَهٰذَا إِنَّمَا يَكُوْنُ عَلٰى أَرْبَعَةِ أَقْسَامٍ

قولہ وقد یحذف الفاعل :-اور کبھی فاعل حذف کر کے اُسکی جگہ مفعول کو رکھ دیا جاتا ہے اور یہ اُسوقت کیا جاتا ہے جب فعل مجہول ہو جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ اور یہ مرفوعات کی قسم ثانی ہے جسے نائب فاعل کہتے ہیں۔ فائدہ :-تنہا فاعل حذف کرنے کے مواضع درج ذیل ہیں (۱) فعلِ مجہول میں جیسے ضُرِبَ زَیْدٌ۔ (۲) تنازعِ فعلین میں۔(۳) مصدر میں جیسے اِطْعَامٌ فِیْ یَوْمٍ ذِیْ مَسْغَبَةٍ۔ (۴) تعجب میں جیسے اَسْمِعْ بِهِمْ وَاَبْصِرْ۔ (۵) اِضْرِبُنَّ اور اِضْرِبِنَ میں اور ان میں حذف فاعل کثیر ہے۔ قولہ اذا تنازع :-تنازُع کے معنی ہیں باہم جھگڑا کرنا اور یہ جاندار کی صفت ہے اور فعل جاندار نہیں اس لئے یہاں پر تنازع کا مجازی معنی مراد لیا گیا ہے جس کو مصنف نے اپنے قول اَیْ اَرَادَ الخ سے بیان کیا ہے یعنی دو عامل کا ایسے لفظ سے پہلے واقع ہونا کہ وہ لفظ یکے بعد دیگرے دونوں عامل کا معمول بن سکتا ہو۔ سوال :-تنازُع، تو دو اسموں میں بھی ہوتا ہے اُس کو ذکر کیوں نہیں کیا؟ جواب :-چونکہ فعل عمل میں اصل ہے اس لئے مصنف نے اصل کے ذکر پر اکتفاء کیا ہے۔ فائدہ :-مصنف کے قول اَلْفِعْلَانِ سے یہ مراد نہیں کہ دو سے زائد فعلوں میں تنازُع نہیں ہوتا بلکہ اَلْفِعْلَانِ سے ان کا مقصود تنازُع کا ادنیٰ درجہ بیان کرنا ہے کیونکہ دو سے کم میں تنازُع متصور نہیں ہے۔ قولہ فی اسمٍ ظاهرٍ :-اسم ظاہر اسلئے کہا کہ ضمیر متصل میں تنازع متصور نہیں کیونکہ وہ ضمیر جس فعل سے متصل ہوگی اُسی کا معمول ہوگی اور ضمیر منفصل میں تنازع ممکن تو ہے جیسے مَاضَرَبَ وَاَکْرَمَ اِلَّااَنَا، لیکن اس تنازُع کو مذکورہ طریقہ سے ختم کرنا ممکن نہیں۔ قولہ بعدھما :-یہ ظاہر کی صفت ہے یعنی جب تنازُع کریں دو فعل ایسے اسمِ ظاہر میں جو اُن کے بعد واقع ہے۔ مصنف نے اپنے قول بَعْدَهُمَا سے اُس اسمِ ظاہر سے احتراز کیا ہے جو فعلین پر مقدم یا اُن کے درمیان واقع ہو، کیونکہ ایسے اسم میں اول مستحق ہونے کی وجہ سے پہلا فعل عمل کرے گا جیسے زَیْدًا اَضْرَبْتُ وَاَکْرَمْتُ اور ضَرَبْتُ زَیْدًا وَاَکْرَمْتُ۔ قولہ فهذا التنازع :-مصنف کا قول هٰذَا التَّنَازُعُ مبتدا ہے جس کی خبر اِنَّمَا یَکُوْنُ ہے پھر یہ فاء اگر جزائیہ ہے تو یہ جملہ شرطِ سابق اِذَا تَنَازَعَ کی جزا بنے گا اور اگر فاء تفسیر یہ یا عاطفہ ہو تو شرطِ سابق کی جزا مقدر ہوگی یعنی یَجُوْزُ اِعْمَالُ کُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا۔

Marfat.com

اَلْاَوَّلُ اَنْ یَّتَنَازَعَا فِی الْفَاعِلِیَّةِ فَقَطْ نَحْوُ ضَرَبَنِیْ وَاَکْرَمَنِیْ زَیْدٌ اَلثَّانِیْ اَنْ یَّتَنَازَعَا فِی الْمَفْعُوْلِیَّةِ فَقَطْ نَحْوُ ضَرَبْتُ وَاَکْرَمْتُ زَیْدًا اَلثَّالِثُ اَنْ یَتَنَازَعَا فِی الْفَاعِلِیَّةِ وَالْمَفْعُوْلِیَّةِ وَیَقْتَضِی الْاَوَّلُ الْفَاعِلَ وَالثَّانِی الْمَفْعُوْلَ نَحْوُ ضَرَبَنِیْ وَاَکْرَمْتُ زَیْدًا اَلرَّابِعُ عَکْسُهٗ نَحْوُ ضَرَبْتُ وَاَکْرَمَنِیْ زَیْدٌ **واعلم** اَنَّ فِیْ جَمِیْعِ هٰذِهِ الْاَقْسَامِ یَجُوْزُ اِعْمَالُ الْفِعْلِ الْاَوَّلِ وَ اِعْمَالُ الْفِعْلِ الثَّانِیْ خِلَافًا لِلْفَرَّاءِ فِی الصُّوْرَةِ الْاُوْلٰی وَالثَّالِثَةِ اَنْ یُّعْمَلَ الثَّانِیْ وَدَلِیْلُهٗ لُزُوْمُ اَحَدِ الْاَمْرَیْنِ اِمَّا حَذْفُ الْفَاعِلِ اَوِ الْاِضْمَارُ قَبْلَ الذِّکْرِ وَکِلَاهُمَا مَحْظُوْرَانِ وَهٰذَا فِی الْجَوَازِ

قولہ الاول:- یہ تنازع کی پہلی قسم کا بیان ہے کہ دونوں فعل اسم ظاہر کے صرف فاعل ہونے میں تنازع کریں جیسے ضَرَبَنِیْ وَاَکْرَمَنِیْ زَیْدٌ میں ہر دو فعلوں نے زید کے فاعل ہونے میں تنازع کیا ہے۔ قولہ واعلم:- مصنف اعلم کہہ کر اس بات کا افادہ کرتے ہیں کہ تنازع کے اقسام اربعہ میں تمام بصریہ اور کوفیہ کے نزدیک ہر دو فعل کو عمل دینا جائز ہے بجز فراء کے۔ فراء کے نزدیک قسم اول اور قسم ثالث میں دوسرے فعل کو عمل دینا جائز نہیں۔ فائدہ:- مصنف کا قول خلافًا فعل محذوف یُخَالِفُ کا مفعول مطلق ہے ای یُخَالِفُ هٰذَا الْقَوْلَ الْفَرَّاءُ خِلَافًا۔ قولہ ودلیلہ:- فراء کی دلیل یہ ہے کہ قسم اول اور قسم ثالث میں دوسرے فعل کو عمل دینے سے اَحَدُ الْاَمْرَیْنِ لازم آئیگا (۱) حذف فاعل یعنی ثانی فعل کو عمل دینے کی صورت میں پہلے فعل کا فاعل بلا قائم مقام محذوف ماننا پڑے گا۔ (۲) اضمار قبل الذکر یعنی پہلے فعل میں ضمیر فاعل ماننا پڑے گی اور یہ دونوں ممنوع و ناجائز ہیں اور جو ممنوع پر مشتمل ہو وہ ممنوع ہوتا ہے لہٰذا مذکورہ دونوں صورتوں میں فعلِ ثانی کو عمل دینا ممنوع ہے۔ فراء کی دلیل کا جواب:- شق ثانی اختیار کرتے ہوئے فراء کو یہ جواب دیا گیا ہے کہ اضمار قبل الذکر عمدہ میں بشرط تفسیر جائز ہے۔ قولہ وکلاھما:- یہ مرکب اضافی مبتدا ہے اور ''مَحْظُوْرَانِ'' اسکی خبر ہے اور یہ جملہ حالیہ ہے کیونکہ واؤ اور ضمیر دونوں اس جملہ میں موجود ہیں۔ فائدہ:- پانچ جگہ اضمار قبل الذکر جائز ہے۔ (۱) تنازع فعلین میں جیسے ضَرَبَنِیْ وَاَکْرَمْتُ زَیْدًا۔ (۲) ضمیر رُبَّ میں جیسے رُبَّهٗ رَجُلًا لَقِیْتُ۔ (۳) ضمیر نعم میں جیسے نِعْمَ رَجُلًا زَیْدٌ۔ (۴) ضمیر شان وقصہ میں جیسے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور اِنَّهَا لَا تَعْمَی الْاَبْصَارُ۔ (۵) جب مرجع ضمیر سے بدل ہو جیسے ضَرَبْتُهٗ زَیْدًا۔ قولہ هٰذَا فِی الْجَوَازِ:- اور یہ اختلاف جواز میں ہے یعنی جمہور کے نزدیک پہلی اور تیسری قسم میں فعلِ ثانی کو عمل دینا جائز ہے اور فراء کے نزدیک جائز نہیں۔

Marfat.com

وَاَمَّا الْاِخْتِیَارُ فَفِیْهِ خِلَافُ الْبَصْرِیِّیْنَ فَاِنَّهُمْ یَخْتَارُوْنَ اِعْمَالَ الْفِعْلِ الثَّانِیْ اِعْتِبَارًا لِلْقُرْبِ وَالْجِوَارِ وَالْکُوْفِیُّوْنَ یَخْتَارُوْنَ اِعْمَالَ الْفِعْلِ الْاَوَّلِ مُرَاعَاةً لِلتَّقْدِیْمِ وَالْاِسْتِحْقَاقِ فَاِنْ اَعْمَلْتَ الثَّانِیْ فَانْظُرْ اِنْ کَانَ الْفِعْلُ الْاَوَّلُ یَقْتَضِی الْفَاعِلَ اَضْمَرْتَهٗ فِی الْاَوَّلِ کَمَا تَقُوْلُ فِی الْمُتَوَافِقَیْنِ ضَرَبَنِیْ وَاَکْرَمَنِیْ زَیْدٌ وَضَرَبَانِیْ اَکْرَمَنِی الزَّیْدَانِ وَضَرَبُوْنِیْ وَاَکْرَمَنِی الزَّیْدُوْنَ وَفِی الْمُتَخَالِفَیْنِ ضَرَبَنِیْ وَاَکْرَمْتُ زَیْدًا وَضَرَبَانِیْ وَاَکْرَمْتُ الزَّیْدَیْنِ وَضَرَبُوْنِیْ وَاَکْرَمْتُ الزَّیْدِیْنَ وَاِنْ کَانَ الْفِعْلُ الْاَوَّلُ یَقْتَضِی الْمَفْعُوْلَ وَلَمْ یَکُنِ الْفِعْلَانِ مِنْ اَفْعَالِ الْقُلُوْبِ حَذَفْتَ الْمَفْعُوْلَ مِنَ الْفِعْلِ الْاَوَّلِ کَمَا تَقُوْلُ فِی الْمُتَوَافِقَیْنِ ضَرَبْتُ وَاَکْرَمْتُ زَیْدًا وَضَرَبْتُ وَاَکْرَمْتُ الزَّیْدَیْنِ وَضَرَبْتُ وَاَکْرَمْتُ الزَّیْدِیْنَ وَفِی الْمُتَخَالِفَیْنِ ضَرَبْتُ وَاَکْرَمَنِیْ زَیْدٌ وَضَرَبْتُ وَاَکْرَمَنِی الزَّیْدَانِ وَضَرَبْتُ وَاَکْرَمَنِی الزَّیْدُوْنَ

قولہ وَاَمَّا الْاِخْتِیَارُ:- یعنی کس فعل کو عمل دینا اولیٰ اور مختار ہے پس نحاتِ بصرہ کے نزدیک فعلِ ثانی کو عمل دینا اولیٰ ہے اس لئے کہ وہ اسم ظاہر کے قریب ہے وَالْحَقُّ لِلْقَرِیْبِ۔ اور نحاتِ کوفہ کے نزدیک پہلے فعل کو عمل دینا اولیٰ ہے کہ وہ اول طالب اور پہلا مستحق ہے۔ قولہ فَاِنْ اَعْمَلْتَ:- پس اگر تم نحاتِ بصرہ کے مذہب کے مطابق فعلِ ثانی کو عمل دو اور پہلا فعل فاعل کو چاہتا ہو تو اُسمیں اسمِ ظاہر کے موافق فاعل کی ضمیر لاؤ جو افراد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث میں اسمِ ظاہر کے موافق ہو۔ فائدہ:- قطعِ تنازع کی تین صورتیں ہیں۔ (۱) حذفِ فاعل (۲) ذکرِ فاعل اور (۳) اضمار۔ صورتِ مذکورہ میں اگر پہلے فعل میں فاعل محذوف ہو تو یہ حذف قائم مقام نہ ہونے کی وجہ سے جائز نہیں، اور فاعل کو ذکر کریں تو تکرار لازم آئے گی جو قبیح ہے پس اضمار متعین ہو گیا اور عمدہ میں اضمار قبل الذکر بشرطِ تفسیر جائز ہے۔ قولہ وَاِنْ کَانَ الْاَوَّلُ:- اور اگر پہلا فعل مفعول چاہتا ہو اور دونوں فعل افعالِ قلوب سے نہ ہوں تو پہلے فعل میں مفعول محذوف مانو، اس لئے کہ فضلہ ہونے کی وجہ سے مفعول میں اضمار قبل الذکر جائز نہیں اور مفعول کا ذکر خلافِ فصاحت ہے لہٰذا حذف متعین ہو گیا۔

Marfat.com

وَاِنْ كَانَ الْفِعْلَانِ مِنْ اَفْعَالِ الْقُلُوْبِ يَجِبُ اِظْهَارُ الْمَفْعُوْلِ لِلْفِعْلِ الْاَوَّلِ كَمَا تَقُوْلُ حَسِبَنِيْ مُنْطَلِقًا وَحَسِبْتُ زَيْدًا مُنْطَلِقًا اِذْ لَا يَجُوْزُ حَذْفُ الْمَفْعُوْلِ مِنْ اَفْعَالِ الْقُلُوْبِ وَاِضْمَارُ الْمَفْعُوْلِ قَبْلَ الذِّكْرِ هٰذَا هُوَ مَذْهَبُ الْبَصْرِيِّيْنَ وَاَمَّا اِنْ اَعْمَلْتَ الْفِعْلَ الْاَوَّلَ عَلٰى مَذْهَبِ الْكُوْفِيِّيْنَ فَانْظُرْ اِنْ كَانَ الْفِعْلُ الثَّانِيْ يَقْتَضِي الْفَاعِلَ اَضْمَرْتَ الْفَاعِلَ فِي الْفِعْلِ الثَّانِيْ كَمَا تَقُوْلُ فِي الْمُتَوَافِقَيْنِ ضَرَبَنِيْ وَاَكْرَمَنِيْ زَيْدٌ وَضَرَبَنِيْ وَاَكْرَمَانِي الزَّيْدَانِ وَضَرَبَنِيْ وَاَكْرَمُوْنِي الزَّيْدُوْنَ وَفِي الْمُتَخَالِفَيْنِ ضَرَبْتُ وَاَكْرَمَنِيْ زَيْدًا وَضَرَبْتُ وَاَكْرَمَانِي الزَّيْدَيْنِ وَضَرَبْتُ وَاَكْرَمُوْنِي الزَّيْدِيْنَ وَاِنْ كَانَ الْفِعْلُ الثَّانِيْ يَقْتَضِي الْمَفْعُوْلَ وَلَمْ يَكُنِ الْفِعْلَانِ مِنْ اَفْعَالِ الْقُلُوْبِ جَازَ فِيْهِ الْوَجْهَانِ حَذْفُ الْمَفْعُوْلِ وَالْاِضْمَارُ وَالثَّانِيْ هُوَ الْمُخْتَارُ لِيَكُوْنَ الْمَلْفُوْظُ مُطَابِقًا لِّلْمُرَادِ اَمَّا الْحَذْفُ فَكَمَا تَقُوْلُ فِي الْمُتَوَافِقَيْنِ ضَرَبْتُ وَاَكْرَمْتُ زَيْدًا وَضَرَبْتُ وَاَكْرَمْتُ الزَّيْدَيْنِ وَضَرَبْتُ وَاَكْرَمْتُ الزَّيْدِيْنَ وَفِي الْمُتَخَالِفَيْنِ ضَرَبَنِيْ وَاَكْرَمْتُ زَيْدٌ وَضَرَبَنِيْ وَاَكْرَمْتُ الزَّيْدَانِ وَضَرَبَنِيْ وَاَكْرَمْتُ الزَّيْدُوْنَ

قولہ وَاِنْ كَانَ ۔یعنی اگر دونوں فعل افعالِ قلوب سے ہوں تو پہلے فعل کیلئے مفعول ظاہر کرنا واجب ہے کیونکہ بصورتِ اضمار فضلہ میں اضمار قبل الذکر لازم آئے گا جو جائز نہیں اور بصورتِ حذف، افعالِ قلوب کے ایک مفعول کو حذف کرنا ہوگا یہ بھی جائز نہیں ۔تو ظاہر کرنا متعین ہوگیا۔ قولہ وَاَمَّا اِنْ اَعْمَلْتَ :-یعنی اگر تم پہلے فعل کو عمل دو اور دوسرا فعل فاعل کو چاہتا ہو تو اُس میں اسم ظاہر کے مطابق ضمیر لاؤ اور اگر فعل ثانی مفعول کو چاہتا ہو اور وہ فعل افعالِ قلوب سے نہ ہوں تو مفعول میں دو وجہ جائز ہیں ۔(۱) فعلِ ثانی میں مفعول کو محذوف ماننا۔(۲) اسم ظاہر کے مطابق ضمیر لانا اور یہ مختار ہے تاکہ ملفوظ ضمیر لانے کی وجہ سے مراد کے مطابق ہو جائے ۔ فائدہ:-ملفوظ سے مراد اسم ظاہر (مُتَنَازَعْ فِيْهِ) ہے جو ضمیر لانے کی وجہ سے متکلم کے مقصود کے موافق ہو جائے گا کیونکہ مقصودِ متکلم یہ ہے کہ دونوں فعلوں کا مفعول ایک ہو پس دوسرے فعل میں ضمیر لانا اس امر پر دلالت کرے گا کہ اس ضمیر سے مراد وہی اسم ظاہر مذکور ہے لہذا ضمیر کا لانا تنازع پر قرینہ ہوگا جو مقصودِ متکلم ہے۔

Marfat.com

وَامَّا الْاِضْمَارُ فَكَمَا تَقُوْلُ فِى الْمُتَوَافِقَيْنِ ضَرَبْتُ وَاَكْرَمْتُهٗ زَيْدًا وَضَرَبْتُ وَاَكْرَمْتُهُمَا الزَّيْدَيْنِ وَضَرَبْتُ وَاَكْرَمْتُهُمُ الزَّيْدِيْنَ وَفِى الْمُتَخَالِفَيْنِ ضَرَبَنِىْ وَاَكْرَمْتُهٗ زَيْدٌ وَضَرَبَنِىْ وَاَكْرَمْتُهُمَا الزَّيْدَانِ وَضَرَبَنِىْ وَاَكْرَمْتُهُمُ الزَّيْدُوْنَ وَامَّا اِذَا كَانَ الْفِعْلَانِ مِنْ اَفْعَالِ الْقُلُوْبِ فَلَابُدَّ مِنْ اِظْهَارِ الْمَفْعُوْلِ كَمَا تَقُوْلُ حَسِبَنِىْ وَحَسِبْتُهُمَا مُنْطَلِقَيْنِ الزَّيْدَانِ مُنْطَلِقًا وَذٰلِكَ لِاَنَّ حَسِبَنِىْ وَحَسِبْتُهُمَا تَنَازَعَا فِىْ مُنْطَلِقًا وَاَعْمَلْتَ الْاَوَّلَ وَهُوَ حَسِبَنِىْ وَاَظْهَرْتَ الْمَفْعُوْلَ فِى الثَّانِىْ فَاِنْ حَذَفْتَ مُنْطَلِقَيْنِ وَقُلْتَ حَسِبَنِىْ وَحَسِبْتُهُمَا الزَّيْدَانِ مُنْطَلِقًا يَلْزَمُ الْاِقْتِصَارُ عَلٰى اَحَدِ الْمَفْعُوْلَيْنِ فِىْ اَفْعَالِ الْقُلُوْبِ وَهُوَ غَيْرُ جَائِزٍ وَاِنْ اَضْمَرْتَ فَلَا يَخْلُوْ مِنْ اَنْ تُضْمِرَ مُفْرَدًا وَتَقُوْلَ حَسِبَنِىْ وَحَسِبْتُهُمَا اِيَّاهُ الزَّيْدَانِ مُنْطَلِقًا وَحِيْنَئِذٍ لَا يَكُوْنُ الْمَفْعُوْلُ الثَّانِىْ مُطَابِقًا لِّلْمَفْعُوْلِ الْاَوَّلِ وَهُوَ هُمَا فِىْ قَوْلِكَ حَسِبْتُهُمَا وَلَا يَجُوْزُ ذٰلِكَ اَوْ اَنْ تُضْمِرَ مُثَنًّى وَتَقُوْلَ حَسِبَنِىْ وَحَسِبْتُهُمَا اِيَّاهُمَا الزَّيْدَانِ مُنْطَلِقًا وَحِيْنَئِذٍ يَلْزَمُ عَوْدُ الضَّمِيْرِ الْمُثَنّٰى اِلَى اللَّفْظِ الْمُفْرَدِ وَهُوَ مُنْطَلِقًا الَّذِىْ وَقَعَ فِيْهِ التَّنَازُعُ وَهٰذَا اَيْضًا لَا يَجُوْزُ وَاِذَا لَمْ يَجُزِ الْحَذْفُ وَالْاِضْمَارُ كَمَا عَرَفْتَ وَجَبَ الْاِظْهَارُ

قولہ واما اذا کان :- یعنی جب دونوں فعل افعالِ قلوب سے ہوں اور دوسرا فعل مفعول کو چاہتا ہو تو نحاتِ کوفہ کے مذہب کے مطابق دوسرے فعل کے مفعول کو ظاہر کرنا ضروری ہے کیونکہ حذف مفعول اور اضمار دونوں جائز نہیں۔ حذف تو اس لئے ناجائز ہے کہ افعالِ قلوب کے ایک مفعول پر اقتصار جائز نہیں۔ اور اضمار کی درج ذیل صورتیں بنتی ہیں جو تمام ناجائز ہیں۔ (۱) ضمیر مفرد لاؤ جیسے حَسِبَنِىْ وَحَسِبْتُهُمَا اِيَّاهُ الزَّيْدَانِ مُنْطَلِقًا، یہ اسلئے جائز نہیں کہ مفعولِ ثانی پہلے کے موافق نہیں کہ پہلا مفعول تثنیہ ہے اور دوسرا مفرد ہے۔ (۲) ضمیر تثنیہ لاؤ تو مرجع (مُنْطَلِقًا) کے مخالف ہوگی یہ بھی جائز نہیں لہذا مفعول کا ذکر کرنا متعین ہوگیا۔

Marfat.com

فصل مَفْعُوْلُ مَالَمْ يُسَمَّ فَاعِلُهٗ وَهُوَ كُلُّ مَفْعُوْلٍ حُذِفَ فَاعِلُهٗ وَاُقِيْمَ هُوَ مَقَامَهٗ نَحْوُ ضُرِبَ زَيْدٌ وَ حُكْمُهٗ فِىْ تَوْحِيْدِ فِعْلِهٖ وَتَثْنِيَتِهٖ وَجَمْعِهٖ وَتَذْكِيْرِهٖ وَتَانِيْثِهٖ عَلٰى قِيَاسِ مَاعَرَفْتَ فِى الْفَاعِلِ **فصل** اَلْمُبْتَدَأُ وَالْخَبَرُ هُمَا اِسْمَانِ مُجَرَّدَانِ عَنِ الْعَوَامِلِ اللَّفْظِيَّةِ اَحَدُهُمَا مُسْنَدٌ اِلَيْهِ وَيُسَمَّى الْمُبْتَدَأَ وَالثَّانِىْ مُسْنَدٌ بِهٖ وَيُسَمَّى الْخَبَرَ نَحْوُ زَيْدٌ قَائِمٌ وَالْعَامِلُ فِيْهِمَا مَعْنَوِىٌّ وَهُوَ الْاِبْتِدَاءُ

قولہ مَفْعُوْلُ مَالَمْ يُسَمَّ فَاعِلُهٗ:- یہ مرفوعات کی قسم ثانی ہے، متقدمین اس قسم کو مَفْعُوْلُ مَالَمْ يُسَمَّ کے نام سے موسوم کرتے ہیں اور متاخرین نائب فاعل کے نام سے، یہ وہ مفعول ہے جس کے فعل کا فاعل حذف کر کے مفعول کو اس کے قائم مقام کر دیا گیا ہو جیسے ضُرِبَ زَيْدٌ۔ قولہ اَلْمُبْتَدَأُ وَالْخَبَرُ:- مبتدا اور خبر مرفوعات کی دو جدا جدا قسمیں ہیں لیکن اس جگہ ان کو ایک فصل میں جمع کر دیا ہے یا تو اس لئے کہ دونوں کا عامل معنوی ہے یا اس لئے کہ دونوں میں تلازم ہے یعنی ان میں اصل یہ ہے کہ جب ایک ذکر کیا جائے تو دوسرا بھی لازما ذکر کیا جاتا ہے اور کسی ایک کا حذف خلاف اصل ہے۔ سوال:- عامل معنوی کس عامل کو کہتے ہیں؟ جواب:- عامل معنوی وہ ہے جس کا زبان سے تلفظ نہ ہو سکے۔ قولہ هُمَا اِسْمَانِ:- یعنی مبتدا اور خبر دونوں ایسے دو اسم ہیں جو عامل لفظی سے خالی ہوں۔ مصنف کے قول اسمان میں تعمیم ہے کہ وہ حقیقۃً اسم ہوں جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ یا حکماً اسم ہوں جیسے اَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ میں اَنْ تَصُوْمُوْا، حکماً اسم ہے بمعنی صِيَامُكُمْ یا تاویلاً اسم ہوں جیسے ضَرَبَ فِعْلٌ مَاضٍ میں ضرب سے مراد لفظ ہے یعنی ضرب بتاویل هٰذَا اللَّفْظُ مبتدا ہے اور فِعْلٌ مَاضٍ اسکی خبر ہے۔ قولہ مُجَرَّدَانِ:- یہ تَجْرِيْدٌ سے تثنیہ کا صیغہ ہے اور تَجْرِيْدٌ کے معنی ہیں خالی کرنا، جس سے بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ مبتدا پر پہلے عامل لفظی ہوتا ہے پھر وہ عامل لفظی سے مجرد کر لیا جاتا ہے حالانکہ ایسا نہیں ہوتا اسلئے یہاں مجازا یہ مراد ہے کہ مبتدا اور خبر ایسے دو اسم ہیں جن میں عامل لفظی اصلا نہ پایا جائے۔ سوال:- بِحَسْبِكَ دِرْهَمٌ میں حسب مبتدا ہے جس پر باء جارہ داخل ہے اور باء عامل لفظی ہے لہٰذا یہ تعریف جامع نہیں؟ جواب:- مبتدا اور خبر کا ایسے عامل سے خالی ہونا شرط ہے جو معنی میں مؤثر ہو اور بِحَسْبِكَ کی باء معنی میں مؤثر نہیں ہے کیونکہ یہ باء زائدہ ہے۔ قولہ وَالْعَامِلُ:- اور مبتدا و خبر میں عامل معنوی ''اِبْتِدَاء'' ہے یعنی اسم کا عامل لفظی سے خالی ہونا، خلاصہ یہ کہ مبتدا ایسا اسم ہے جو عامل لفظی سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو اور خبر ایسا اسم ہے جو عامل لفظی خالی ہو اور مسند بہ ہو۔

Marfat.com

وَاَصْلُ الْمُبْتَدَأِ اَنْ یَّکُوْنَ مَعْرِفَۃً وَ اَصْلُ الْخَبَرِ اَنْ یَّکُوْنَ نَکِرَۃً وَ النَّکِرَۃُ اِذَا وُصِفَتْ جَازَ اَنْ تَقَعَ مُبْتَدَاً نَحْوُ قَوْلِہٖ تَعَالٰی وَ لَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِکٍ وَکَذَا اِذَا تُخُصِّصَتْ بِوَجْہٍ اٰخَرَ نَحْوُ اَرَجُلٌ فِی الدَّارِ اَمْ اِمْرَاَۃٌ وَمَا اَحَدٌ خَیْرٌ مِّنْکَ

فائدہ:-مبتدا اور خبر کے عامل میں نُحات کا اختلاف ہے۔(۱) زمخشری کے نزدیک اُن میں عامل معنیٰ ابتدا ہے (۲) سیبویہ کے نزدیک مبتدا میں عامل معنیٰ ابتدا ہے اور خبر میں عامل خود مبتدا ہے۔(۳) کسائی اور فراء کے نزدیک مبتدا اور خبر میں سے ہر ایک دوسرے میں عامل ہے۔ قولہ وَاَصْلُ الْمُبْتَدَأِ:-اور مبتدا میں اصل تعریف ہے کیونکہ یہ محکوم علیہ ہوتا ہے اور محکوم علیہ میں اصل تعریف ہے۔ مصنف کے اس قول سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ کبھی مبتدا اصل کے خلاف نکرہ بھی ہوتا ہے لیکن نکرہ محضہ نہیں بلکہ نکرہ مخصصہ ہوتا ہے اس لئے اب مواضعِ تخصیص بیان کرتے ہیں۔ قولہ وَالنَّکِرَۃُ:-یعنی نکرہ میں جب صفت کی وجہ سے تخصیص ہو جائے تو اُس کا مبتدا واقع ہونا جائز ہے جیسے وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَیْرٌ مِّنْ مُّشْرِکٍ، اس میں عَبْدٌ نکرہ ہے اور تخصیص بالصفۃ کے بعد مبتدا واقع ہو رہا ہے۔ فائدہ:-صفت مُخَصِّصَہ کبھی مقدر بھی ہوتی ہے جیسے اَلسَّمْنُ مَنْوَانِ بِدِرْھَمٍ میں مَنْوَانِ نکرہ ہے اور مِنْہُ، کَائِنَانِ کے متعلق ہو کر اسکی صفت ہے جو کہ مقدر ہے۔ قولہ اَرَجُلٌ:-اس میں رَجُلٌ نکرہ مخصصہ مبتدا ہے او اِمْرَاَۃٌ اُس پر معطوف ہے اور اسمیں تخصیص علمِ متکلم کی وجہ سے ہوئی ہے، اس لئے کہ متکلم کو یہ تو معلوم ہے کہ مرد اور عورت میں سے کوئی ایک گھر میں ہے تو وہ سوال کر کے مخاطب سے صرف اُسکی تعیین کرانا چاہتا ہے۔ قولہ مَا اَحَدٌ خَیْرٌ مِّنْکَ:-اس میں اَحَدٌ نکرہ مخصصہ مبتدا ہے اور تحت النفی واقع ہونے کی وجہ سے اس میں تخصیص بالعموم ہے۔ سوال:-عموم تو خصوص کی ضد ہے کیونکہ عموم کے معنیٰ ہیں تَکْثِیْرِ اَفْرَاد اور خصوص کے معنیٰ ہیں تَقْلِیْلِ اَفْرَاد، لہٰذا نکرہ کا مخصوص بالعموم ہونا باطل ہے۔؟ جواب:-یہاں تخصیص سے مراد رَفْعِ اِحْتِمَالَات ہے جو عموم کے منافی اور اُسکی ضد نہیں ہے بلکہ یہ رفعِ احتمالات عموم سے حاصل ہوتا ہے مثلاً مثال مذکور میں اگر زَیْدٌ سے خیریت کی نفی کیجاتی ہے تو عَمْرٌو کی خیریت کا احتمال باقی رہتا ہے اور اگر عمرو سے بھی نفی کیجاتی ہے تو بکر کی خیریت کا احتمال رہتا ہے وَھَلُمَّ جَرًّا لیکن جب مَا اَحَدٌ خَیْرٌ مِّنْکَ کہا تو جملہ احتمالات مرتفع ہو گئے۔ سوال:-مَا اَحَدٌ خَیْرٌ مِّنْکَ میں اَحَدٌ مبتدا نہیں بلکہ مَامُشَابِہٌ بِلَیْسَ کا اسم ہے؟ جواب:-بنو تمیم چونکہ مَامُشَابِہٌ بِلَیْسَ کو عامل نہیں مانتے اس لئے اُن کی لغت کے مطابق اَحَدٌ نکرہ مخصصہ مبتدا ہے اور خَیْرٌ اُسکی خبر ہے۔ فائدہ:-استغراق وعموم کیوجہ سے تخصیص کی صحیح مثال تَمْرَۃٌ خَیْرٌ مِّنْ جَرَادَۃٍ ہے اَیْ کُلُّ تَمْرَۃٍ خَیْرٌ مِّنْ کُلِّ جَرَادَۃٍ۔

Marfat.com

وشرٌّ أهرّ ذا نابٍ، وفي الدار رجلٌ، وسلامٌ عليك. وإن كان أحد الاسمين معرفةً والآخر نكرةً فاجعل المعرفة مبتدأً والنكرة خبراً البتّة كما مرّ. وإن كانا معرفتين فاجعل أيّهما شئت مبتدأً والآخر خبراً نحو الله إلهنا ومحمّدٌ نبيّنا وآدم أبونا. وقد يكون الخبر جملةً اسميّةً نحو زيدٌ أبوه قائمٌ

Marfat.com

اَوْفِعْلِيَّةً نَحْوَ زَيْدٌ قَامَ اَبُوْهُ اَوْشَرْطِيَّةً نَحْوَ زَيْدٌ اِنْ جَآءَنِيْ فَاَكْرَمْتُهٗ اَوْظَرْفِيَّةً نَحْوَ زَيْدٌ خَلْفَكَ وَعَمْرٌو فِي الدَّارِ وَالظَّرْفُ مُتَعَلِّقٌ بِجُمْلَةٍ عِنْدَ الْاَكْثَرِ وَهِيَ اسْتَقَرَّ مَثَلًا تَقُوْلُ زَيْدٌ فِي الدَّارِ تَقْدِيْرُهٗ زَيْدٌ اسْتَقَرَّ فِي الدَّارِ وَلَابُدَّ فِي الْجُمْلَةِ مِنْ ضَمِيْرٍ يَعُوْدُ اِلَى الْمُبْتَدَأِ كَالْهَاءِ فِيْ مَامَرَّ

قولہ فعلیۃ :-یعنی جملہ فعلیہ، جملہ شرطیہ اور ظرفیہ بھی مبتدا کی خبر واقع ہوتا ہے۔ اس میں جملہ کے اقسام بھی بیان کر دیئے گئے ہیں۔ فائدہ:-مصنف کے بیان کے مطابق جملہ کی چار قسمیں ہیں اسمیہ، فعلیہ، ظرفیہ اور شرطیہ۔ اور بعض نے جملہ ظرفیہ کو مفرد میں داخل مان کر جملہ کی تین قسمیں بیان کی ہیں اور کچھ حضرات نے جملہ شرطیہ کو فعلیہ میں اور ظرفیہ کو مفرد میں داخل مان کر جملہ کی صرف دو قسمیں ذکر کی ہیں۔ سوال:-مبتدا کی خبر شرط وجزا کا مجموعہ ہوتا ہے یا اُن میں سے کوئی ایک؟ جواب:-اسمیں تین قول ہیں (۱) دونوں کا مجموعہ خبر واقع ہوتا ہے۔ (۲) ان میں سے کوئی ایک۔ (۳) صرف جزا خبر واقع ہوتی ہے۔ سوال:-کون سے حروف مبتدا کی خبر واقع ہوتے ہیں؟ جواب:-مِنْ، اِلٰی، فِیْ، لَام، بَاء، کاف اور عَنْ۔ قولہ والظَّرْفُ:-اور جو خبر ظرف ہو (خواہ ظرفِ زمان یا ظرفِ مکان یا قائم مقام ظرف) وہ اکثر نحویوں کے نزدیک جملہ فعلیہ کے ساتھ متعلق ہوتی ہے مصنف نے عندالاکثر کہہ کر اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ بعض نحویوں کے نزدیک ظرف کا مُتعلَّق، مفرد یعنی اسم فاعل ہوتا ہے اس لئے کہ خبر میں اصل افراد ہے۔ قولہ وَهِيَ اسْتَقَرَّ:-اور وہ جملہ اسْتَقَرَّ ہے۔ جمہور کی دلیل یہ ہے کہ چونکہ فعل عمل میں اصل ہے اس لئے فعل کو مقدر ماننا اولیٰ ہے نیز ظرفِ مستقر عامل کے قائم مقام ہو کر عمل کرتا ہے لہٰذا ظرف کو فعل کا قائم مقام بنانا اولیٰ ہے، پس ان کے نزدیک زَيْدٌ فِي الدَّارِ کی تقدیر زَيْدٌ اسْتَقَرَّ فِي الدَّارِ ہے۔ سوال:-ظرف مستقر اور ظرف لغو کی تعریف کریں؟ جواب:-ظرف مستقر وہ ہے جس کا مُتعلَّق فعل یا شبہ فعل محذوف ہو خواہ فعل عام ہو یا خاص اور ظرف لغو وہ ہے جس کا مُتعلَّق فعل یا شبہ فعل مذکور ہو۔ فائدہ:-فعل عام وہ ہے جس سے کوئی فعل خالی نہ ہو اور فعلِ عام جو مشہور ہیں وہ چار ہیں۔

افعالِ عامہ چہار اند نزد اربابِ عقول کون است و وجود است وثبوت است وحصول

قولہ ولابُدَّ:-اور جو جملہ مبتدا کی خبر واقع ہو رہا ہو اسمیں مبتدا کو لوٹنے والی ضمیر کا ہونا ضروری ہے تاکہ وہ ضمیر جملہ کو استقلال سے نکال کر ماقبل کے ساتھ مربوط کردے۔ سوال:-کیا جملہ کو ماقبل کے ساتھ مربوط صرف ضمیر کرتی ہے؟ جواب:-نہیں بلکہ دیگر اشیاء بھی رابطہ کا فائدہ دیتی ہیں مثلاً اسم ظاہر کا ضمیر کی جگہ آنا جیسے اَلْحَاقَّةُ مَا الْحَاقَّةُ میں دوسرا اَلْحَاقَّةُ، هِيَ ضمیر کی جگہ میں واقع ہے یا خبر کا مبتدا کی تفسیر ہونا جیسے قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ میں اللّٰهُ اَحَدٌ مبتدا کی خبر ہے اور هُوَ کی تفسیر ہے جو مبتدا ہے۔

Marfat.com

وَیَجُوزُ حَذْفُهُ عِنْدَ وُجُودِ قَرِینَةٍ نَحْوُ اَلسَّمَنُ مَنَوَانِ بِدِرْهَمٍ وَالْبُرُّ الْكُرُّ بِسِتِّینَ دِرْهَمًا وَقَدْ یَتَقَدَّمُ الْخَبَرُ عَلَى الْمُبْتَدَأِ نَحْوُ فِی الدَّارِ زَیْدٌ وَیَجُوزُ لِلْمُبْتَدَأِ الْوَاحِدِ اَخْبَارٌ كَثِیرَةٌ نَحْوُ زَیْدٌ عَالِمٌ فَاضِلٌ عَاقِلٌ وَاعْلَمْ اَنَّ لَهُمْ قِسْمًا اٰخَرَ مِنَ الْمُبْتَدَأِ لَیْسَ مُسْنَدًا اِلَیْهِ

قولہ ویجوز:- اور قرینہ پائے جانے کے وقت صرف ضمیر (رابطہ) کا حذف کرنا جائز ہے جیسے اَلسَّمَنُ مَنَوانِ بِدِرْھَمٍ میں منوان اپنی خبر سے مل کر السمن (مبتدا) کی خبر ہے اور اس جملہ میں ضمیر محذوف ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح ہے اَلسَّمَنُ مَنَوانِ مِنْهُ بِدِرْھَمٍ۔ فائدہ:- مذکورہ مثال میں ضمیر کے حذف پر قرینہ یہ ہے کہ گھی بیچنے والا گھی ہی کا نرخ بتاتا ہے نہ کسی اور چیز کا۔ سوال:- مذکورہ مثال میں مَنَوانِ نکرہ ہے جسکو مبتدا ماننا غلط ہے کہ مبتدا معرفہ ہوتا ہے؟ جواب:- مِنْهُ مقدر منوان کی صفت ہے جسکی وجہ سے منوان نکرہ مخصصہ ہوگیا ہے جو مبتدا واقع ہوتا ہے۔ قولہ اَلْبُرُّ الْكُرُّ:- یہ حذف ضمیر کی دوسری مثال ہے کُر ایک پیمانہ کا نام ہے جسمیں بارہ وسق گیہوں آتے ہیں اور ایک وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اس کی تقدیر اَلْبُرُّ الْكُرُّ مِنْهُ بِسِتِّینَ دِرْھَمًا ہے اور ''مِنْهُ'' ''اَلْكَائِنُ'' کے متعلق ہو کر اَلْكُرُّ کی صفت ہے۔ قولہ وَقَدْ یَتَقَدَّمُ:- اور کبھی خبر، مبتدا پر مقدم ہو جاتی ہے اس تقدیم کی دو قسمیں ہیں اول واجب، جب مبتدا نکرہ ہو جیسے فِی الدَّارِ رَجُلٌ دوم جائز، جب مبتدا معرفہ ہو جیسے فِی الدَّارِ زَیْدٌ۔ فائدہ:- خبر میں اصل یہ ہے کہ مبتدا سے مؤخر ہو اس لئے کہ خبر معنی کے اعتبار سے صفت ہوتی ہے اور جو لفظاً و معنی صفت ہوتی ہے اس کا موصوف سے مؤخر ہونا واجب ہے لہٰذا جو صرف معنی صفت ہو اس کا موصوف سے مؤخر ہونا اصل ہے۔ قولہ ویجوز:- یعنی ایک مبتدا کیلئے اخبار کثیرہ کا ہونا جائز ہے اس لئے کہ خبر حکم ہے اور شئی واحد پر بہت سے احکام لگائے جاسکتے ہیں جیسے زَیْدٌ عَالِمٌ فَاضِلٌ نَاصِرٌ میں زَیْدٌ کی تین خبریں ہیں۔ فائدہ:- مبتدا کی خبر کا کثیر ہونا دو قسم پر ہے (۱) جائز کہ اس تکثُّر کے بغیر کلام کے معنی تمام ہو سکتے ہیں جیسے زَیْدٌ عَالِمٌ عَاقِلٌ نَاصِرٌ۔ اس قسم میں حرف عطف لا کر زَیْدٌ عَالِمٌ وَّعَاقِلٌ وَّ نَاصِرٌ کہنا اولیٰ ہے۔ (۲) واجب، کہ اس تکثُّر کے بغیر کلام کے معنی تمام نہیں ہو سکتے جیسے اَلنَّحْلُ حُلْوٌ حَامِضٌ اس قسم میں ترک عطف اولیٰ ہے۔ قولہ اِعْلَمْ:- یہاں سے ماتن مبتدا کی قسم ثانی کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ نحات کے نزدیک مبتدا کی ایک قسم اور بھی ہے جو قسم اول کی غیر ہے کیونکہ قسم اول مسند الیہ ہوتی ہے مگر یہ قسم مسند الیہ نہیں ہوتی، مبتدا کی ان دونوں قسموں میں مَابِهِ الْاِشْتِرَاكُ یہ ہے کہ دونوں قسموں کا عامل معنوی ہوتا ہے اور مَابِهِ الْاِمْتِیَازُ یہ ہے کہ قسم اول صریح یا تاویلی اسم ہوتی ہے اور مُحْتَاجُ اِلَى الْاِعْتِمَادِ نہیں ہوتی جبکہ قسم ثانی صیغہ صفت، مُحْتَاجُ اِلَى الْاِعْتِمَادِ ہوتی ہے۔ فائدہ:- مصنف کا قول قِسْمًا موصوف ہے اور اٰخَرَ اسکی صفت اول اور لَیْسَ مُسْنَدًا اِلَیْهِ صفت ثانی ہے۔

Marfat.com

وَاَصْلُ الْمُبْتَدَأِ اَنْ يَّكُوْنَ مَعْرِفَةً وَ اَصْلُ الْخَبَرِ اَنْ يَّكُوْنَ نَكِرَةً وَ النَّكِرَةُ اِذَا وُصِفَتْ جَازَ اَنْ تَقَعَ مُبْتَدَأً نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَ لَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ وَ كَذَا اِذَا تَخَصَّصَتْ بِوَجْهٍ اٰخَرَ نَحْوُ اَرَجُلٌ فِي الدَّارِ اَمْ اِمْرَأَةٌ وَمَا اَحَدٌ خَيْرٌ مِّنْكَ

فائدہ:- مبتدا اور خبر کے عامل میں نُحات کا اختلاف ہے۔(۱) زمخشری کے نزدیک اُن میں عامل معنیٰ ابتدا ہے (۲) سیبویہ کے نزدیک مبتدا میں عامل معنیٰ ابتدا ہے اور خبر میں عامل خود مبتدا ہے۔(۳) کسائی اور فراء کے نزدیک مبتدا اور خبر میں سے ہر ایک دوسرے میں عامل ہے۔ قولہ وَاَصْلُ الْمُبْتَدَأِ:- اور مبتدا میں اصل تعریف ہے کیونکہ یہ محکوم علیہ ہوتا ہے اور محکوم علیہ میں اصل تعریف ہے۔ مصنف کے اس قول سے اِس بات کی طرف اشارہ ہے کہ کبھی مبتدا اصل کے خلاف نکرہ بھی ہوتا ہے لیکن نکرہ محضہ نہیں بلکہ نکرہ مخصّصہ ہوتا ہے اس لئے اب مواضعِ تخصیص بیان کرتے ہیں۔ قولہ وَالنَّكِرَةُ:- یعنی نکرہ میں جب صفت کی وجہ سے تخصیص ہو جائے تو اُس کا مبتدا واقع ہونا جائز ہے جیسے وَلَعَبْدٌ مُّؤْمِنٌ خَيْرٌ مِّنْ مُّشْرِكٍ، اس میں عَبْدٌ نکرہ ہے اور تخصیص بالصّفۃ کے بعد مبتدا واقع ہو رہا ہے۔ فائدہ:- صفتِ مُخَصِّصَہ کبھی مقدر بھی ہوتی ہے جیسے اَلسَّمْنُ مَنَوَانِ بِدِرْهَمٍ میں مَنَوَانِ نکرہ ہے اور مِنْهُ، كَائِنَانِ کے متعلق ہو کر اسکی صفت ہے جو کہ مقدر ہے۔ قولہ اَرَجُلٌ:- اس میں رَجُلٌ نکرہ مخصصہ مبتدا ہے او اِمْرَأَةٌ اُس پر معطوف ہے اور اسمیں تخصیص علمِ متکلم کی وجہ سے ہوئی ہے، اس لئے کہ متکلم کو یہ تو معلوم ہے کہ مرد اور عورت میں سے کوئی ایک گھر میں ہے تو وہ سوال کر کے مخاطب سے صرف اُسکی تعیین کرانا چاہتا ہے۔ قولہ مَا اَحَدٌ خَيْرٌ مِّنْكَ:- اس میں اَحَدٌ نکرہ مخصصہ مبتدا ہے اور تحت النّفی واقع ہونے کی وجہ سے اس میں تخصیص بالعموم ہے۔ سوال:- عموم تو خصوص کی ضد ہے کیونکہ عموم کے معنیٰ ہیں تَكْثِيرُ اَفْرَاد اور خصوص کے معنیٰ ہیں تَقْلِيلُ اَفْرَاد، لہٰذا نکرہ کا مخصوص بالعموم ہونا باطل ہے۔؟ جواب:- یہاں تخصیص سے مراد رَفعِ احتمالات ہے جو عموم کے منافی اور اُسکی ضد نہیں ہے بلکہ یہ رفعِ احتمالات عموم سے حاصل ہوتا ہے مثلاً مثال مذکور میں اگر زَیْدٌ سے خیریت کی نفی کیجاتی ہے تو عَمْرٌو کی خیریت کا احتمال باقی رہتا ہے اور اگر عمرو سے بھی نفی کیجاتی ہے تو بکر کی خیریت کا احتمال رہتا ہے وھلُمَّ جرًّا لیکن جب مَا اَحَدٌ خَيْرٌ مِّنْكَ کہا تو جملہ احتمالات مرتفع ہو گئے۔ سوال:- مَا اَحَدٌ خَيْرٌ مِّنْكَ میں اَحَدٌ مبتدا نہیں بلکہ مَا مُشَابِهٌ بِلَيْسَ کا اسم ہے؟ جواب:- بنو تمیم چونکہ مَا مُشَابِهٌ بِلَيْسَ کو عامل نہیں مانتے اس لئے اُن کی لغت کے مطابق اَحَدٌ نکرہ مخصصہ مبتدا ہے اور خَيْرٌ اُسکی خبر ہے۔ فائدہ:- استغراق وعموم کیوجہ سے تخصیص کی صحیح مثال تَمْرَةٌ خَيْرٌ مِّنْ جَرَادَةٍ ہے ای كُلُّ تَمْرَةٍ خَيْرٌ مِّنْ كُلِّ جَرَادَةٍ۔

Marfat.com

وَشَرٌّ اَهَرَّ ذَانَابٍ وَفِي الدَّارِ رَجُلٌ وَسَلَامٌ عَلَيْكَ وَاِنْ كَانَ اَحَدُ الْاِسْمَيْنِ مَعْرِفَةً وَالْاٰخَرُ نَكِرَةً فَاجْعَلِ الْمَعْرِفَةَ مُبْتَدأً وَالنَّكِرَةَ خَبَرًا اَلْبَتَّةَ كَمَا مَرَّ وَاِنْ كَانَا مَعْرِفَتَيْنِ فَاجْعَلْ اَيُّهُمَا شِئْتَ مُبْتَدأً وَالْاٰخَرَ خَبَرًا نَحْوُ اَللّٰهُ اِلٰهُنَا وَمُحَمَّدٌ نَبِيُّنَا وَاٰدَمُ اَبُوْنَا وَقَدْ يَكُوْنُ الْخَبَرُ جُمْلَةً اِسْمِيَّةً نَحْوُ زَيْدٌ اَبُوْهُ قَائِمٌ

قولہ شَرٌّ اَهَرَّ :- اس مثال میں شَرٌّ صفت مقدرہ کی وجہ سے تخصیص پا کر مبتدا واقع ہوا ہے اور اُس کی تقدیر شَرٌّ عَظِیْمٌ اَهَرَّ ذَانَابٍ ہے، یعنی بڑے شر نے کتے کو بھونکایا نہ چھوٹے شر نے۔ قولہ فِي الدَّارِ :- اس مثال میں رَجُلٌ کے اندر تقدیم خبر کی وجہ سے تخصیص ہوئی ہے۔ سوال:- فِي الدَّارِ رَجُلٌ کی ترکیب جائز ہے اور رَجُلٌ فِي الدَّارِ کی ترکیب ناجائز ہے اُس کی وجہ کیا ہے؟ جواب:- رَجُلٌ فِي الدَّارِ میں خبر کا صفت کے ساتھ التباس ہوتا ہے اس لئے یہ ترکیب جائز نہیں لیکن فِي الدَّارِ رَجُلٌ میں یہ التباس نہیں کیونکہ صفت موصوف سے مؤخر ہوتی ہے جبکہ فِي الدَّارِ مقدم ہے لہٰذا یہ خبر ہے صفت نہیں۔ قولہ سَلَامٌ عَلَيْكَ :- اس میں سَلَامٌ نکرہ مخصصہ مبتدا ہے اور اس میں تخصیص نسبت اِلَی الْمُتَكَلِّمِ کی وجہ سے ہوئی ہے کیونکہ یہ اصل میں سَلَامِيْ عَلَيْكَ تھا۔ فائدہ:- ابن برہان کے نزدیک اگر نکرہ سے مخاطب کے علم میں اضافہ ہو تو نکرہ مبتدا واقع ہو سکتا ہے جیسے كَوْكَبٌ اِنْقَضَّ السَّاعَةَ کے سننے سے مخاطب کے علم میں اضافہ ہوتا ہے لہٰذا اس نکرہ کا بلا تخصیص مبتدا واقع ہونا درست ہے اور رَجُلٌ قَائِمٌ سے مخاطب کے علم میں اضافہ نہیں ہوتا کیونکہ ہر ایک کو یہ معلوم ہے کہ کوئی مرد کھڑا ہے لہٰذا رَجُلٌ کا مبتدا واقع ہونا درست نہیں ہے۔ قولہ وَاِنْ كَانَ :- یعنی اگر دو اسم ہوں ایک معرفہ اور دوسرا نکرہ تو معرفہ کو مبتدا بنا دو اور نکرہ کو خبر اس لئے کہ مبتدا میں اصل تعریف ہے اور خبر میں اصل تنکیر ہے پس دونوں اصل کے مطابق ہو جائیں گے۔ قولہ اَلْبَتَّةَ :- یہ کلمہ فَاجْعَلْ کیلئے ظرف ہے اَیْ فَاجْعَلِ الْمَعْرِفَةَ فِيْ كُلِّ تَرْكِيْبٍ وَقَعَتْ یا یہ مفعول مطلق ہے بحذف موصوف اَیْ فَاجْعَلِ الْمَعْرِفَةَ مُبْتَدأً جَعْلًا تَابِيْدِيًّا۔ قولہ وَاِنْ كَانَ مَعْرِفَتَيْنِ :- یعنی اگر مبتدا و خبر دونوں معرفہ ہوں تو جسکو چاہو مبتدا بناؤ اور دوسرے کو خبر یعنی جس کو مقدم کرو گے وہ مبتدا ہوگا اور دوسرا خبر ہوگا۔ قولہ قَدْ يَكُوْنُ :- اور کبھی خبر جملہ بھی ہوتی ہے اس لئے کہ مفرد کی مثل جملہ کے ساتھ بھی حکم کیا جاتا ہے اور جملہ پر خبر کی تعریف بھی صادق آتی ہے جیسے زَيْدٌ اَبُوْهُ قَائِمٌ میں جملہ اسمیہ (اَبُوْهُ قَائِمٌ) مبتدا کی خبر ہے۔

فائدہ:- مصنف نے قَدْ تقلیلیہ لا کر اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے کہ خبر کا جملہ ہونا قلیل ہے اور اصل خبر میں افراد ہے۔

Marfat.com

وَهُوَ صِفَةٌ وَقَعَتْ بَعْدَ حَرْفِ النَّفْيِ نَحْوُ مَاقَائِمٌ زَيْدٌ اَوْبَعْدَ حَرْفِ الْاِسْتِفْهَامِ نَحْوُ اَقَائِمٌ زَيْدٌ بِشَرْطِ اَنْ تَرْفَعَ تِلْكَ الصِّفَةُ اِسْمًا ظَاهِرًا نَحْوُ مَاقَائِمُ الزَّيْدَانِ وَاَقَائِمُ الزَّيْدَانِ بِخِلَافِ مَاقَائِمَانِ الزَّيْدَان **فَصْلٌ** خَبَرُ اِنَّ وَاَخَوَاتِهَا وَهِيَ اِنَّ وَكَاَنَّ وَلٰكِنَّ وَلَيْتَ وَلَعَلَّ فَهٰذِهِ الْحُرُوْفُ تَدْخُلُ عَلَى الْمُبْتَدَأ وَالْخَبَرِ فَتَنْصِبُ الْمُبْتَدَأَ وَيُسَمّٰى اِسْمَ اِنَّ وَتَرْفَعُ الْخَبَرَ وَيُسَمّٰى خَبَرَ اِنَّ

قولہ ھُوَ صِفَةٌ:- یعنی مبتدا کی قسم ثانی ایسا صفت کا صیغہ ہے جو حرفِ نفی یا حرفِ استفہام کے بعد واقع ہو اور اسمِ ظاہر کو رفع دے۔ پس مَاقَائِمَانِ الزَّيْدَانِ میں ضمیر کو رفع دینے کی وجہ سے صیغہ صفت مبتدا نہیں ہے۔ سوال:- مبتدا کی اس قسم میں ماقبل پر اعتماد کیوں ضروری ہے؟ جواب:- اس لئے کہ یہ قسم درحقیقت مبتدا نہیں بلکہ اعراب کی کوئی وجہ نہ پائے جانے کی بنا پر نحات نے اس قسم کے مبتدا ہونے کا قول کیا ہے اس لئے اس قسم میں اعتماد شرط کر دیا ہے جو اصل میں نہیں ہے۔ فائدہ:- سیبویہ اور اخفش کے نزدیک صفت مذکورہ بغیر اعتماد کے بھی اسمِ ظاہر کو رفع دیتی ہے اور بطورِ دلیل "فَخَيْرٌ نَحْنُ عِنْدَ النَّاسِ مِنْكُمْ" پیش کیا ہے کہ اس میں خَيْرٌ اسمِ تفضیل مبتدا ہے اور بغیر اعتماد کے نَحْنُ کو رفع دے رہا ہے لیکن اُنکا یہ استدلال درست نہیں اس لئے کہ گفتگو نثر کلام کے متعلق ہو رہی ہے کہ نثر کلام میں صیغہ صفت کیلئے اعتماد ضروری ہے اور اُنہوں نے بطورِ استدلال شعر پیش کیا ہے۔ سوال:- صیغہ صفت کا اعتماد تو چھ چیزوں میں سے کسی ایک پر ہوتا ہے مصنف نے یہاں صرف دو کے ذکر پر اکتفاء کیوں کیا ہے؟ جواب:- اسلئے کہ بقیہ چار میں سے کسی پر اعتماد کے وقت صیغہ صفت مبتدا نہیں ہوگا اور بات صیغہ صفت کے مبتدا بننے کی ہو رہی ہے مثلاً اگر مبتدا پر اعتماد ہوگا تو صیغہ صفت خبر ہوگا اور موصوف پر اعتماد ہوگا تو صیغہ صفت، موصوف کی صفت بنے گا اور موصول یا ذوالحال پر اعتماد کے وقت صلہ یا حال ہوگا۔ قولہ بِخِلَافِ:- اس عبارت میں باء جارہ مُتَلَبِّسَان مقدر کے متعلق ہو کر مبتدا مقدر کی خبر ہے اَیْ هُمَا مُتَلَبِّسَان، چونکہ مَاقَائِمَانِ الزَّيْدَانِ میں صفت کا صیغہ ضمیر کو رفع دے رہا ہے اس لئے یہ مبتدا نہیں بلکہ خبر ہے۔ فائدہ:- مَاقَائِمَانِ الزَّيْدَانِ میں صیغہ صفت اسم ظاہر کو رفع دیتا تو تثنیہ نہ ہوتا اس لئے کہ قاعدہ ہے اِذَا كَانَ الْفَاعِلُ اِسْمًا ظَاهِرًا وُحِّدَ الْفِعْلُ اَبَدًا۔ قولہ خَبَرُ اِنَّ:- مرفوعات کی ایک قسم اِنَّ اور اس کے اخوات کی خبر ہے اور یہ اِنَّ اور اُسکے اخوات حروف مشبہ بفعل کہلاتے ہیں جو مبتدا و خبر کے دواخل میں سے ہیں۔ وجہ تسمیہ:- یہ حروف چند وجوہ فعل کے ساتھ مشابہت رکھتے ہیں اس لئے انکو حروف مشبہ بفعل سے موسوم کیا گیا۔

اول:- مشابہت لفظی، جس کی دو صورتیں ہیں۔ (۱) ان حروف میں سے بعض فعل کی طرح سہ حرفی ہیں جیسے اِنَّ، اَنَّ اور لَيْتَ، بعض فعل کی طرح چہار حرفی ہیں جیسے كَاَنَّ، لَعَلَّ اور بعض فعل کیطرح پانچ حرفی ہیں جیسے لٰكِنَّ۔

Marfat.com

فَخَبَرُ اِنَّ هُوَ الْمُسْنَدُ بَعْدَ دُخُوْلِهَا نَحْوُ اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ وَحُكْمُهٗ فِيْ كَوْنِهٖ مُفْرَدًا اَوْجُمْلَةً اَوْمَعْرِفَةً اَوْنَكِرَةً كَحُكْمِ خَبَرِ الْمُبْتَدَأِ وَلَا يَجُوْزُ تَقْدِيْمُ اَخْبَارِهَا عَلٰى اَسْمَآئِهَا اِلَّا اِذَا كَانَ ظَرْفًا نَحْوُ اِنَّ فِي الدَّارِ زَيْدًا لِمَجَالِ التَّوَسُّعِ فِي الظُّرُوْفِ

(۲) یہ تمام حروف فعل ماضی کیطرح فتح پر مبنی ہیں۔ دوم:- مشابہت معنوی، بایں طور کہ اِنَّ اور اَنَّ معنی تحقیق پر دلالت کرنے میں فعل حَقَّقْتُ کے مشابہ ہیں اور کَاَنَّ معنی تشبیہ پر دلالت کرنے میں فعل شَبَّهْتُ کے مشابہ ہے اور لٰکِنَّ معنی استدراک پر دلالت کرنے میں فعل اِسْتَدْرَکْتُ کے مشابہ ہے اور لَیْتَ معنی تمنی پر دلالت کرنے میں فعل تَمَنَّیْتُ کے اور لعلَّ معنی ترجی پر دلالت کرنے میں فعل تَرَجَّیْتُ کے مشابہ ہے۔ سوال:- اُخْتٌ، کا اطلاق اُس ذی روح پر ہوتا ہے جس کیلئے ماں ہو اور اِنَّ، ذی روح نہیں ہے اس لئے یہاں پر اُخْتٌ کا اطلاق صحیح نہیں ہے۔ جواب:- اُخْتٌ سے یہاں مجاز اشباہ وامثال مراد ہیں۔ سوال:- اِنَّ کے اشباہ کو اُخ سے کیوں تعبیر نہیں کیا؟ جواب:- یہ تعبیر بتاویل کلمہ ہے یعنی اِنَّ چونکہ کلمہ ہے اور کلمہ مؤنث ہے اس لئے اَخَوَاتٌ (مؤنث) سے تعبیر کیا ہے۔ قولہ فَخَبَرُ اِنَّ:- پس اِنَّ اور اس کے اخوات کی خبر ان حروف میں سے کسی ایک کے داخل ہونے کے بعد مسند ہوتی ہے۔ مثلاً اِنَّ زَیْدًا قَائِمٌ میں اِنَّ کے داخل ہونے کے بعد خبر (قَائِمٌ) مسند ہے۔ قولہ وَحُکْمُهٗ:- یعنی اِنَّ کی خبر کا حکم مفرد یا جمع ہونے میں نیز معرفہ ونکرہ ہونے میں مبتدا کی خبر جیسا ہے، البتہ اِنَّ وغیرہ کی خبر مقدم نہیں ہوسکتی جبکہ مبتدا کی خبر مقدم ہو جاتی ہے۔ فائدہ:- اِنَّ اور اس کے اخوات کو فعل کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے فعل کا عمل فرعی دیا گیا ہے یعنی اِنَّ کا منصوب پہلے آتا ہے اور مرفوع بعد میں اس لئے اِنَّ کے اندر خبر کی تقدیم جائز نہیں تاکہ اِنَّ کا عمل تقدیم خبر کیوجہ سے اِنَّ کے اصل (فعل) جیسا نہ ہو جائے۔ قولہ اِلَّا اِذَا کَانَ:- یعنی جب اِنَّ وغیرہ کی خبر ظرف ہو تو اُسکی تقدیم جائز ہے اس لئے کہ ظرف میں اپنے غیر کی نسبت وسعت زیادہ ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات کے سوا کوئی چیز ایسی نہیں ہے جو زمان ومکان سے خالی ہو۔ فائدہ:- اِبنِ عُنَیْنٍ مصری نے نحو کے یہ دونوں مسئلے اپنی محرومی کے بیان کے ضمن میں اس طرح بیان کئے ہیں۔

كَاَنِّيْ مِنْ اَخْبَارِ اِنَّ وَلَمْ يَجُزْ   لَهٗ اَحَدٌ فِي النَّحْوِ اَنْ يَّتَقَدَّمَا
عَسٰى حَرْفُ جَرٍّ مِّنْ نَّدَاكُمْ يَجُرُّنِيْ   فَاَصْبَحَ مَجْرُوْرًا اِلَيْكُمْ مُقَدَّمَا

جب ابن عنین کو اُس کے بخل اور بد اخلاقی کے سبب وقت کے اہل علم نے نظر انداز کر دیا تو وہ کہتا ہے کہ گویا میں اَنَّ کی خبر ہوں جسکو مقدم کرنا کسی نحوی نے جائز نہیں رکھا، شاید تمہاری مجلس کا کوئی حرفِ جر مجھے لیجائے اور میں تمہارا پیش رو بن جاؤں۔

کسی شاعر نے ابن عنین کو درج ذیل جواب دیا ہے۔

فَلَوْ كُنْتَ ظَرْفًا يَا ابْنَ عُنَيْنٍ اَوْجَبَتْ   لَكَ النَّاسُ تَقْدِيْمًا عَلَيْهِمْ مُحَتَّمَا

اے ابن عنین! اگر تو وسیع الظرف ہوتا تو یقیناً لوگ تجھے اپنا مقتدی بنا لیتے۔

Marfat.com

فصل اِسْمُ كَانَ وَاَخَوَاتِهَا وَهِيَ صَارَوَاَصْبَحَ وَاَمْسٰى وَاَضْحٰى وَظَلَّ وَبَاتَ وَرَاحَ وَاٰضَ وَعَادَ وَغَدَا وَمَازَالَ وَمَابَرِحَ وَمَافَتِئَ وَمَاانْفَكَّ وَمَادَامَ وَلَيْسَ فَهٰذِهِ الْاَفْعَالُ تَدْخُلُ اَيْضًا عَلَى الْمُبْتَدَأِ وَالْخَبَرِ فَتَرْفَعُ الْمُبْتَدَأَ وَيُسَمّٰى اِسْمَ كَانَ وَتَنْصِبُ الْخَبَرَ وَيُسَمّٰى خَبَرَ كَانَ فَاسْمُ كَانَ هُوَ الْمُسْنَدُ اِلَيْهِ بَعْدَ دُخُوْلِهَا نَحْوُ كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا وَيَجُوْزُ فِي الْكُلِّ تَقْدِيْمُ اَخْبَارِهَا عَلٰى اَسْمَآئِهَا نَحْوُ كَانَ قَائِمًا زَيْدٌ وَعَلٰى نَفْسِ الْاَفْعَالِ اَيْضًا فِي التِّسْعَةِ الْاُوَلِ نَحْوُ قَائِمًا كَانَ زَيْدٌ وَلَا يَجُوْزُ ذٰلِكَ فِيْ مَافِيْ اَوَّلِهِ مَا، فَلَا يُقَالُ قَائِمًا مَّازَالَ زَيْدٌ وَفِيْ لَيْسَ خِلَافٌ وَبَاقِي الْكَلَامِ فِيْ هٰذِهِ الْاَفْعَالِ يَجِيْئُ فِي الْقِسْمِ الثَّانِيْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى **فصل** اِسْمُ مَاوَلَا الْمُشَبَّهَتَيْنِ بِلَيْسَ هُوَ الْمُسْنَدُ اِلَيْهِ بَعْدَ دُخُوْلِهِمَا نَحْوُ مَازَيْدٌ قَائِمًا وَلَارَجُلٌ اَفْضَلَ مِنْكَ

قولہ اسْمُ كَانَ :- مرفوعات کی ایک قسم کَانَ اور اُس کے اخوات کا اسم ہے، یہ افعال مبتدا و خبر پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتے ہیں اور افعال ناقصہ کہلاتے ہیں۔ فائدہ:- ابنِ حاجب کے نزدیک کَانَ کا مرفوع فاعل ہے اِس لئے ابن حاجب نے اسْمُ كَانَ کا الگ ذکر نہیں کیا لیکن مصنف کے نزدیک اسم کَانَ فاعل نہیں بلکہ ملحق بالفاعل ہے اِس لئے اسم کَان کا علحدہ ذکر کیا ہے۔ قولہ وَيَجُوْزُ فِي الْكُلِّ :- اور ان تمام افعال میں اسم پر خبر کی تقدیم جائز ہے اور پہلے گیارہ افعال میں خبر کی تقدیم ان کی ذات پر بھی جائز ہے اس لئے کہ یہ افعال عامل قوی ہیں اور تقدیمِ خبر سے کوئی مانع بھی نہیں ہے۔

فائدہ:- کَان سے لیکر غدا تک گیارہ افعال جن کے اول میں مَا نہیں ہے اِن کی ذات پر خبر کی تقدیم جائز ہے اور کتاب میں نو کا ذکر ناسخ کی غلطی ہے اور جن افعال کے شروع میں مَا مصدریہ یا نافیہ ہے اُن کی خبر کی تقدیم اُن کی ذات پر جائز نہیں کیونکہ ما نافیہ صدارتِ کلام کو چاہتا ہے اور ما مصدریہ عامل ضعیف ہے جس کا معمول اُس پر مقدم نہیں ہوسکتا۔ قولہ وَفِيْ لَيْسَ :- یعنی لَیسَ کی خبر میں اختلاف ہے سیبویہ کے نزدیک لَیسَ کی خبر اُسکی ذات پر مقدم نہیں ہوسکتی اِس لئے کہ بمعنیٰ منفی ہونے کی وجہ سے لَیسَ کا حکم اُن افعال کا ہے جن کے شروع میں مَا ہے اور باقی نحات کے نزدیک یہ تقدیم جائز ہے اِس لئے کہ لَیسَ سے قبل ما نہیں ہے۔ قولہ اسْمُ مَاوَلَا :- مرفوعات کی ایک قسم مَا وَ لَا مُشَابِہْ بِلَیسَ کا اسم ہے جو اِن میں سے کسی ایک کے داخل ہونے کے بعد مسند الیہ ہوتا ہے اور یہ مَا اور لَا کا عامل ہونا اہلِ حجاز کی لغت ہے اور قرآن کریم بھی اِسی لغت میں نازل ہوا ہے ارشاد باری مَاهٰذَابَشَرًا میں مَا، مُشَابِہْ بِلَیسَ عمل کررہا ہے لیکن بنو تمیم اِن کو عامل نہیں مانتے۔

Marfat.com

وَيَخْتَصُّ لَا بِالنَّكِرَةِ وَيَعُمُّ مَا بِالْمَعْرِفَةِ وَالنَّكِرَةِ فَصْلٌ خَبَرُ لَا لِنَفْيِ الْجِنْسِ وَهُوَ الْمُسْنَدُ بَعْدَ دُخُولِهَا نَحْوُ لَا رَجُلَ قَائِمٌ

قولہ ویختص:- یعنی لا نکرہ کے ساتھ خاص ہے اس لئے کہ یہ مطلق نفی کیلئے آتا ہے جس کی وجہ سے لیس کے ساتھ اسکی مشابہت ضعیف ہے اور ما کی مشابہت قوی ہے کہ وہ بھی لیس کی طرح نفی حال کیلئے آتا ہے اس لئے ما معرفہ اور نکرہ دونوں پر داخل ہوتا ہے۔ سوال:- لا کی لیس کے ساتھ مشابہت ضعیفہ اس بات کو نہیں چاہتی کہ اس کو نکرہ کے ساتھ خاص کردیا جائے یہ بھی تو ہوسکتا ہے کہ اسکو معرفہ کے ساتھ خاص کردیا جائے تو ایسا کیوں نہیں کیا گیا؟ جواب:- چونکہ مطلق نفی کیلئے ہونے کی وجہ سے لا کو نکرہ کے ساتھ مشابہت ہے اس لئے لا کو نکرہ کے ساتھ خاص کردیا گیا۔ سوال:- لا اگر نکرہ کے ساتھ مختص ہے تو یہ مبتدا کے دواخل سے نہ ہوا اس لئے کہ مبتدا تو معرفہ ہوتا ہے۔ جواب:- لا کے داخل ہونے کے بعد نکرہ تحت نفی ہونے کے باعث خاص ہوجاتا ہے اس لئے اس کا مبتدا واقع ہونا درست ہے لہٰذا لا کے مبتدا کے دواخل میں سے ہونے پر اعتراض صحیح نہ ہوا۔ جواب محققین کے نزدیک مبتدا کا معرفہ ہونا ضروری نہیں بلکہ مفید للمخاطب ہونا ضروری ہے چونکہ یہ نکرہ مفید للمخاطب ہے اس لئے اسکا مبتدا ہونا صحیح ہے۔ فائدہ:- ما کو لیس کے ساتھ تین چیزوں میں مشابہت ہے۔ (۱) معنی نفی میں۔ (۲) مبتدا و خبر پر داخل ہونے میں۔ (۳) دونوں کی خبر میں باء زائدہ آتی ہے اور لا کو پہلی دو باتوں میں مشابہت ہے۔ قولہ خبر لا:- مرفوعات کی ایک قسم اس لا کی خبر ہے جو جنس سے حکم یا صفت کی نفی کیلئے ہے اور یہ خبر لا کے داخل ہونے کے بعد مسند ہوتی ہے جیسے لا رجل قائم اس مثال میں جنس رجل سے صفت قیام کی نفی کی گئی ہے۔ فائدہ:- لائے نفی جنس کا یہ عمل اِنَّ اور اَنَّ کی مشابہت کی وجہ سے ہے اور وہ مشابہت یہ ہے کہ اِنَّ اور اَنَّ اثبات کی تاکید کرتے ہیں اور لا نفی کی تاکید کرتا ہے۔ اور لائے نفی جنس کا مذکورہ بالا عمل دو شرطوں کے ساتھ مشروط ہے۔ اول یہ کہ لا کا اسم اور خبر دونوں نکرہ ہوں دوم یہ کہ لا کا اسم خبر پر مقدم ہو۔ سوال:- حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے قول "قَضِيَّةٌ وَلَا اَبَا حَسَنٍ لَهَا" میں اسم لا معرفہ ہے حالانکہ لا عمل بھی کر رہا ہے۔ جواب:- یہ قول اصل میں قَضِيَّةٌ وَلَا مِثْلَ اَبِي الْحَسَنِ لَهَا تھا اور مثل اضافت کے باوجود نکرہ رہتا ہے یا اَبَا حَسَنٍ سے مراد کوئی غیر معین ہے مثل لِكُلِّ فِرْعَوْنٍ مُوسَى کے۔

Marfat.com

اَلْمَقْصَدُ الثَّانِیْ فِی الْمَنْصُوْبَاتِ اَلْاَسْمَآءُ الْمَنْصُوْبَۃُ اِثْنَا عَشَرَ قِسْمًا اَلْمَفْعُوْلُ الْمُطْلَقُ وَبِہٖ وَفِیْہِ وَلَہٗ وَمَعَہٗ وَالْحَالُ وَالتَّمْیِیْزُ وَالْمُسْتَثْنٰی وَاسْمُ اِنَّ وَاَخَوَاتِھَا وَخَبَرُ کَانَ وَاَخَوَاتِھَا وَالْمَنْصُوْبُ بِلَا الَّتِیْ لِنَفْیِ الْجِنْسِ وَخَبَرُ مَا وَلَا الْمُشَبَّھَتَیْنِ بِلَیْسَ فصل اَلْمَفْعُوْلُ الْمُطْلَقُ وَھُوَ مَصْدَرٌ بِمَعْنٰی فِعْلٍ مَّذْکُوْرٍ قَبْلَہٗ وَیُذْکَرُ لِلتَّاکِیْدِ کَضَرَبْ ضَرْبًا اَوْ لِبَیَانِ النَّوْعِ نَحْوُ جَلَسْتُ جِلْسَۃَ الْقَارِیْ اَوْلِبَیَانِ الْعَدَدِ کَجَلَسْتُ جَلْسَۃً اَوْ جَلْسَتَیْنِ اَوْجَلَسَاتٍ

﴿اَلْمَقْصَدُ الثَّانِیْ فِی الْمَنْصُوْبَاتِ﴾ چونکہ مرفوعات اور منصوبات ایک عامل کے معمول ہیں اس لئے مرفوعات کے بعد منصوبات کا ذکر کیا گیا۔ منصوب، وہ اسم ہے جو مفعولیت کی علامت پر مشتمل ہو اور منصوب کل بارہ اسم ہیں جن میں مفاعیلِ خمسہ اصولِ منصوبات ہیں اور باقی ملحقات۔ مفاعیلِ خمسہ کو شاعر نے اس طرح نظم کیا ہے۔

مفاعیل پنج اندر بشنوی لہٗ، مطلق وفِیہِ، مَعَہٗ، بِہٖ

جن کی امثلہ اس شعر میں آگئی ہیں۔

حَمِدْتُ حَمْدًا حَامِدًا اَوْ حَمِیْدًا رِعَایَۃَ شُکْرِہٖ دَھْرًا مَدِیْدًا

قولہ اَلْمَفْعُوْلُ الْمُطْلَقُ :-مصنف نے مفعولِ مطلق کو چند وجوہ دیگر مفاعیل پر مقدم کیا ہے۔(۱) یہ اصل فعل ہے (۲) اس پر مفعول کا اطلاق بہٖ وغیرہ کی قید کے بغیر ہوتا ہے اور مطلق مقید پر مقدم ہوتا ہے۔ سوال:-اس مفعول پر بھی لفظ مفعول کا اطلاق اَلْمُطْلَقُ کی قید کے ساتھ ہوتا ہے لہٰذا یہ بھی مطلق نہ ہوا؟ جواب:-اَلْمُطْلَقُ، قید نہیں بلکہ اطلاق یعنی عدم تقیید کا بیان ہے۔ قولہ وَھُوَ مَصْدَرٌ:-مفعول مطلق وہ مصدر ہے جو فعلِ مذکور کے معنی میں ہو جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبًا میں ضَرْبًا مصدر ہے جو فعلِ مذکور کے ہم معنی ہے۔ قولہ قَدْ یُذْکَرُ:-یہاں سے مصنف مفعول مطلق کے اقسام بیان کرتے ہیں مفعول مطلق کی تین قسمیں ہیں۔(۱) برائے تاکید، جب مفعول مطلق کا مدلول وہی ہو جو فعل کا مدلول ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبًا (میں نے زید کو حقیقۃً مارا)۔ (۲) برائے نوع، جب اُس کا مدلول فعل کی بعض نوع ہو جیسے جَلَسْتُ جِلْسَۃَ الْقَارِیْ (میں قاری کیطرح بیٹھا) (۳) برائے عدد، جب اس کا مدلول عدد ہو جیسے جَلَسْتُ جَلْسَۃً اَوْ جَلْسَتَیْنِ اَوْ جَلَسَاتٍ (میں ایک مرتبہ بیٹھا یا دو مرتبہ یا تین مرتبہ بیٹھا) فائدہ:-وزن فَعْلَۃٌ (بفتح فاء وسکونِ عین) بیانِ عدد کے لئے آتا ہے اور وزن فِعْلَۃٌ (بکسرِ فاء وسکونِ عین) بیانِ نوع کیلئے۔ کَمَاقَالَ الشَّاعِرُ

اَلْمَفْعَلُ لِلْمَوْضِعِ وَالْمِفْعَلُ لِلْاٰلَۃِ وَالْفَعْلَۃُ لِلْمَرَّۃِ وَالْفِعْلَۃُ لِلْحَالَۃِ

Marfat.com

وَقَدْ يَكُوْنُ مِنْ غَيْرِ لَفْظِ الْفِعْلِ الْمَذْكُوْرِ نَحْوُ قَعَدْتُ جُلُوْسًا وَاَنْبَتَ نَبَاتًا وَقَدْ يُحْذَفُ فِعْلُهٗ لِقِيَامِ قَرِيْنَةٍ جَوَازًا كَقَوْلِكَ لِلْقَادِمِ خَيْرَ مَقْدَمٍ اَیْ قَدِمْتَ قُدُوْمًا خَيْرَ مَقْدَمٍ وَوُجُوْبًا سِمَاعًا نَحْوُ سَقْيًا وَشُكْرًا وَحَمْدًا وَرَعْيًا اَیْ سَقَاكَ اللّٰهُ سَقْيًا وَشَكَرْتُكَ شُكْرًا وَحَمِدْتُكَ حَمْدًا وَرَعَاكَ اللّٰهُ رَعْيًا **فصل** الْمَفْعُوْلُ بِهٖ وَهُوَ اسْمُ مَا وَقَعَ عَلَيْهِ فِعْلُ الْفَاعِلِ كَضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا

قولہ وَقَدْ يَكُوْنُ :- یعنی کبھی مفعول مطلق باعتبار لفظ کے فعلِ مذکور کا مغایر ہوتا ہے اور یہ مغایرت کبھی باعتبار مادہ کے ہوتی ہے جیسے قَعَدْتُ جُلُوْسًا میں اور کبھی باعتبار باب کے جیسے اَنْبَتَ نَبَاتًا میں کہ فعل اور باب سے ہے اور مفعول مطلق اور باب سے۔ فائدہ:- اگر قُعُوْدٌ اور جُلُوْسٌ مترادف ہوں تو قَعَدْتُ جُلُوْسًا مفعول مطلق مِنْ غَيْرِ لَفْظِ الْفِعْلِ کی مثال درست ہے اور اگر قُعُوْدٌ سے قیام کے بعد بیٹھنا مراد ہو اور جلوس سے لیٹنے کے بعد اٹھنا مراد ہو تو یہ مثال درست نہیں اسلئے کہ اس وقت فعل اور مفعول ہم معنی نہیں ہیں۔ قولہ وَقَدْ يُحْذَفُ :- اور کبھی مفعول مطلق کا فعل برائے اختصار جوازًا حذف کر دیا جاتا ہے جبکہ حذف پر قرینہ موجود ہو جیسے تم خَيْرَ مَقْدَمٍ کہو اُس شخص کیلئے جو سفر سے آیا ہے اَیْ قَدِمْتَ قُدُوْمًا خَيْرَ مَقْدَمٍ، یہاں قرینہ مشاہدہ حالِ قدوم ہے کیونکہ یہ جملہ اُسکو کہا جاتا ہے جو سفر سے آئے۔ سوال:- گذشتہ مثال میں کلمہ خَيْرَ کو مفعول مطلق قرار دینا درست نہیں اس لئے کہ خَيْرَ اسمِ تفضیل ہے جو اصل میں اَخْيَرُ تھا اور مفعول مطلق مصدر ہوا کرتا ہے؟ جواب:- خَيْرَ اپنے موصوف مقدر یعنی قُدُوْمًا کے قائم مقام ہونے کیوجہ سے مصدر ہے یا مضاف الیہ سے مصدریت حاصل کر لینے کیوجہ سے مصدر ہے کیونکہ مضاف اپنے مضاف الیہ کے حکم میں ہوتا ہے اور مضاف الیہ (مَقْدَمٍ) مصدر ہے۔ قولہ وَوُجُوْبًا :- یہ جَوَازًا پر معطوف ہے یعنی کبھی مفعول مطلق کا فعل وُجُوْبًا سِمَاعًا حذف کر دیا جاتا ہے جیسے سَقْيًا وغیرہ کا فعل۔ قولہ سِمَاعًا :- یہ کلمہ لفظ حَذْفًا کی دوسری صفت ہے اور اس میں یائے نسبت محذوف ہے اَیْ حَذْفًا وَاجِبًا سِمَاعِيًّا۔ فائدہ:- کتاب میں ذکر کردہ مصادر سَقْيًا وغیرہ کے ساتھ فصحاءِ عرب ان کے فعل ذکر نہیں کرتے مصنف نے محض تفہیم کیلئے مصادر کے ساتھ افعال کا ذکر کیا ہے اور حَمِدْتُ حَمْدًا اصلِ عرب کا کلام نہیں بلکہ مُتَوَلِّدِيْنَ کا کلام ہے۔ قولہ اَلْمَفْعُوْلُ بِهٖ :- منصوبات کی دوسری قسم مفعول بہ ہے۔ مفعول بہ اُس چیز کا نام ہے جس پر فاعل کا فعل اِثْبَاتًا یا نَفْيًا واقع ہو۔ سوال:- مفعول بہ کی تعریف سے اِیَّاكَ نَعْبُدُ کا مفعول خارج ہو گیا کیونکہ معبود پر عبادت واقع نہیں ہوتی۔ جواب:- اِس جگہ وقوع سے مراد وقوعِ حسی نہیں بلکہ مراد تعلقِ فعل ہے یعنی مفعول بہ اُس چیز کا نام ہے جس سے فاعل کے فعل کا تعلق ہو، لہٰذا اِیَّاكَ نَعْبُدُ کا مفعول بہ تعریف میں داخل رہے گا اس لئے کہ عابد کی عبادت کا معبود کے ساتھ تعلق ہوتا ہے۔

Marfat.com

وَقَدْ يَتَقَدَّمُ عَلَى الْفَاعِلِ كَضَرَبَ عَمْرًا زَيْدٌ وَقَدْ يُحْذَفُ فِعْلُهُ لِقِيَامِ قَرِيْنَةٍ جَوَازًا نَحْوُ زَيْدًا فِيْ جَوَابِ مَنْ قَالَ مَنْ اَضْرِبُ وَوُجُوْبًا فِيْ اَرْبَعَةِ مَوَاضِعَ اَلْاَوَّلُ سَمَاعِيٌّ نَحْوُ اِمْرَأً وَنَفْسَهٗ وَانْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ وَاَهْلًا وَسَهْلًا وَالْبَوَاقِيْ قِيَاسِيَّةٌ

قولہ وقد یتقدم :۔اور کبھی مفعول بہ فاعل پر مقدم بھی ہو جاتا ہے کیونکہ فعل قوۃ عمل کیوجہ سے ہر صورت میں عمل کرتا ہے خواہ مفعول فاعل سے مؤخر ہو یا مقدم ہو جیسے ضَرَبَ عَمْرًا زَيْدٌ ۔ فائدہ:۔مفعول بہ کبھی فعل پر بھی مقدم ہو جاتا ہے جیسے اَللّٰهَ اَعْبُدُ ،چونکہ یہ قلیل ہے اس لئے مصنف نے اس کو بیان نہیں کیا۔ قولہ وَقَدْ يُحْذَفُ :۔اور کبھی مفعول بہ کے عامل کو بوقت قیام قرینہ جوازاً حذف کر دیا جاتا ہے جیسے کوئی شخص کہے ''مَنْ اَضْرِبُ'' میں کس کو ماروں؟ تو جواب میں کہا جائے زَيْدًا ای اَضْرِبُ زَيْدًا، یہاں فعل کے حذف پر قرینہ وہ فعل ہے جو سوال میں مذکور ہے۔ فائدہ:۔مَنْ اَضْرِبُ کے جواب میں بولے جانے والے زَيْدًا کی تقدیر ہم نے اَضْرِبُ زَيْدًا بتائی نہ زَيْدًا اَضْرِبُ (بتقدیم مفعول) اس لئے کہ مفعول بہ کا ناصب جب محذوف ہو تو اصل یہ ہے کہ وہ ناصب (فعل) وہاں مقدر مانا جائے جو اُس کا اصل مقام ہے اور فعل چونکہ عامل ہے اس لئے اُسکا اصل مقام تقدیم ہے لہٰذا تقدیر عبارت اَضْرِبُ زَيْدًا ہوگی۔ قولہ وَوُجُوْبًا:۔یعنی مفعول بہ کو بوقت قیام قرینہ چار جگہ وُجُوْبًا حذف کر دیا جاتا ہے جن میں سے پہلا موضع سَمَاعِيٌّ ہے یعنی یہ حذف سماع پر موقوف ہے اس کا کوئی ضابطہ و قاعدہ نہیں ہے اور امثلہ مسموعہ تک محدود ہے۔ قولہ اِمْرَأً وَنَفْسَهٗ :۔یہ حذف وجوبی سماعی کی پہلی مثال ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے اُتْرُكْ اِمْرَأً وَنَفْسَهٗ یعنی چھوڑ دے تو مرد کو اور اس کی ذات کو۔مراد یہ ہے کہ اپنے ہاتھ کو مرد کے مارنے سے اور اپنی زبان کو اسکو نصیحت کرنے سے روک لے۔یہاں اِمْرَأً مفعول بہ ہے جس کا فعل وجوباً محذوف ہے۔ فائدہ:۔لفظ اِمْرَأً کے عین کلمہ پر وہی حرکت ہوتی ہے جو اُس کے لام کلمہ پر ہو، چونکہ اس جگہ اِمْرَأً ،فعلِ محذوف (اُتْرُكْ) کی وجہ سے منصوب ہے لہٰذا یہاں را کا فتح ہے۔ قولہ اِنْتَهُوْا خَيْرًا لَّكُمْ :۔اس ارشاد میں خَيْرًا مفعول بہ ہے جس کا فعلِ ناصب محذوف ہے اَی وَاقْصُدُوْا خَيْرًا لَّكُمْ ۔ سوال:۔خیرًا کا ناصب فعل تو آیت میں موجود ہے یعنی اِنْتَهُوْا ،لہٰذا اس آیت کو حذفِ فعل کی مثال بنانا کیسے درست ہے؟ جواب:۔فعلِ مذکور (اِنْتَهُوْا) خَيْرًا کا ناصب نہیں ہے ورنہ معنی فاسد ہوں گے کیونکہ اُس وقت معنی ہوں گے خیر سے بچو۔ قولہ اَهْلًا :۔لفظ اَهْل مصدر بمعنی مفعول ہے یعنی آباد کیا ہوا اور اس کا موصوف لفظ مَكَانًا مقدر ہے اَی اَتَيْتَ مَكَانًا اَهْلًا یعنی تم آباد جگہ آئے ہو نہ ویران جگہ اور اگر لفظ اَهْل بمعنی اقارب ہو تو معنی ہوں گے تم قرابت داروں میں آئے ہو نہ کہ غیروں میں۔ قولہ سَهْلًا :۔لفظ سَهْل ،بمعنی نرم زمین ہے یعنی تم نے نرم زمین والی بستی میں قدم رکھا ہے نہ سخت زمین والی میں۔اہل عرب اَهْلًا اور سَهْلًا ،مہمان کی آمد پر اظہارِ مسرت کیلئے ایک ساتھ بولتے ہیں۔

Marfat.com

الثانی التَّحذِیرُ وَهُوَ مَعمُولٌ بِتَقدِیرِ اتَّقِ تَحذِیرًا مِمَّا بَعدَهُ نَحوُ اِیَّاکَ وَالْاَسَدَ اَصْلُهُ اِتَّقِکَ وَالْاَسَدَ اَوْ ذُکِرَ الْمُحَذَّرُ مِنْهُ مُکَرَّرًا نَحوُ الطَّرِیقَ الطَّرِیقَ الثالثُ مَا اُضمِرَ عَامِلُهُ عَلٰی شَرِیطَةِ التَّفسِیرِ وَهُوَ کُلُّ اسمٍ بَعدَهُ فِعلٌ اَوْ شِبهُهُ یَشتَغِلُ ذٰلِکَ الْفِعلُ عَنْ ذٰلِکَ الْاِسمِ بِضَمِیرِهٖ اَوْ مُتَعَلِّقِهٖ بِحَیثُ لَوْ سُلِّطَ عَلَیهِ هُوَ اَوْ مُنَاسِبُهُ لَنَصَبَهُ نَحوُ زَیدًا ضَرَبتُهُ فَاِنَّ زَیدًا مَنصُوبٌ بِفِعلٍ مَحذُوفٍ مُضمَرٍ وَهُوَ ضَرَبتُ یُفَسِّرُهُ الْفِعلُ الْمَذکُورُ بَعدَهُ وَهُوَ ضَرَبتُهُ وَلِهٰذَا الْبَابِ فُرُوعٌ کَثِیرَةٌ

قولہ الثَّانِی التَّحذِیرُ :-لغت میں تحذیر کے معنی ہیں کسی کو کسی چیز سے ڈرانا اور دور رکھنا جسکو ڈرایا جائے اُسکو مُحذَّر (بصیغہ اسم مفعول) کہتے ہیں اور جس سے ڈرایا جائے اُس کو مُحذَّر مِنْهُ کہتے ہیں۔اور کبھی مُحذَّر یا مُحذَّر مِنْهُ کو بھی تحذیر کہتے ہیں۔ قولہ وھو معمولٌ :-تحذیر وہ اسم ہے جو اتَّقِ (یا اُسکی مانند فعل) مقدر کا معمول یعنی مفعول بہ ہو۔ تحذیر کی دو قسمیں ہیں۔(۱) تحذیر، اتَّقِ مقدر کا ایسا معمول ہے جس کو مابعد سے ڈرانے کیلئے ذکر کیا جائے جیسے اِیَّاکَ وَالْاَسَدَ، اس مثال میں اِیَّاکَ تحذیر ہے جو اتَّقِ مقدر کا معمول ہے اصل عبارت اس طرح تھی اِتَّقِکَ وَالْاَسَدَ۔چونکہ اِتَّقِکَ میں ضمیر فاعل اور ضمیر مفعول شخص واحد کیلئے ہے اور یہ اَفعالِ قُلُوب کے غیر میں جائز نہیں لہذا لفظ نَفْس کا اضافہ کیا گیا اور اِتَّقِ نَفْسَکَ وَالْاَسَدَ بولا گیا پھر جب تنگیٔ وقت کیوجہ سے اِتَّقِ حذف کر دیا گیا تو لفظِ نَفْسُ بھی بوجہِ عدم ضرورت حذف کر دیا گیا اور کاف (ضمیر متصل) ضمیر منفصل سے بدل گیا تو اِیَّاکَ وَالْاَسَدَ ہوا۔ فائدہ:-مصنف نے تحذیر کی مذکورہ قسم کو اَوَّلاً ذکر کیا کیونکہ اس قسم میں حذف فعل بالاتفاق واجب ہے۔ قولہ تَحذِیرًا :-تَحذِیرًا، کے نصب میں تین احتمال ہیں۔ (۱) مفعول مطلق ہو فعل حَذِّرَ مقدر کا۔ (۲) تَقدِیرُ کا مفعول لہ ہو۔(۳) ذُکِرَ مقدر کا مفعول لہ ہو۔ قولہ اَوْ ذُکِرَ:-مصنف کا قول ذُکِرَ، فعلِ مجہول ہے اور اَلْمُحَذَّرُ-کا نائب فاعل ہے اور مِنْهُ، اَلْمُحَذَّرُ کے متعلق ہے اور مُکَرَّرًا، اَلْمُحَذَّرُ مِنْهُ سے حال ہے اور یہ جملہ تَحذِیرًا کے ناصب حُذِّرَ یا ذُکِرَ پر معطوف ہے اور یہ تَحذِیرُ کی قسم ثانی کا بیان ہے یعنی تحذیر اِتَّقِ مقدر کا ایسا معمول ہے جسکو مقرر ذکر کیا گیا ہو اور وہ محذر منہ ہو جیسے اَلطَّرِیقَ الطَّرِیقَ۔اس مثال میں اَلطَّرِیقَ، تَحذِیرُ ہے جو اِتَّقِ مقدر کا معمول ہے اور مکرر لایا گیا ہے جو اصل میں اِتَّقِ الطَّرِیقَ تھا (تو راستہ سے بچ) قولہ اَلثَّالِثُ :-تیسرا موضع مَا اُضمِرَ عَامِلُهُ عَلٰی شَرِیطَةِ التَّفسِیرِ، ہے لفظِ شَرِیطَة اور شرط ہم معنی ہیں اور شَرِیطَة کی اضافت تفسیر کی طرف اضافتِ بیانیہ ہے اور کلمہ عَلٰی بنائیہ ہے جس کا متعلق مَبنِیًّا، محذوف ہے۔تقدیر عبارت اس طرح ہے مَا اُضمِرَ عَامِلُهُ اِضمَارًا مَبنِیًّا عَلٰی شَرِیطَةِ التَّفسِیرِ۔ قولہ وَهُوَ کُلُّ اسمٍ :-اور مَا اُضمِرَ عَامِلُهُ ہر وہ اسم ہے جس کے بعد فعل یا شبہ فعل ہو جو اُس اسم کی ضمیر یا متعلق میں عمل کرنے کی وجہ سے اُس اسم میں عمل نہ کرتا ہو لیکن فعل یا شبہ فعل کی یہ حیثیت ہو کہ اگر فعل یا شبہ فعل یا اُس کے مناسب (مرادف یا لازم) کو اُس اسم میں عامل قرار دیں تو وہ اُس اسم کو نصب دیدے جیسے زَیدًا ضَرَبتُهُ۔

Marfat.com

اَلرَّابِعُ اَلْمُنَادٰی وَهُوَ اسْمٌ مَدْعُوٌّ بِحَرْفِ النِّدَاءِ لَفْظًا نَحْوُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَیْ اَدْعُوْ عَبْدَ اللّٰهِ وَحَرْفُ النِّدَاءِ قَائِمٌ مَقَامَ اَدْعُوْ وَحُرُوْفُ النِّدَاءِ خَمْسَةٌ يَا، وَاَيَا وَهَيَا، وَاَیْ، وَالْهَمْزَةُ الْمَفْتُوْحَةُ وَقَدْ يُحْذَفُ حَرْفُ النِّدَاءِ لَفْظًا نَحْوُ يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا، وَاعْلَمْ اَنَّ الْمُنَادٰی عَلٰی اَقْسَامٍ فَاِنْ كَانَ مُفْرَدًا مَعْرِفَةً يُبْنٰی عَلٰی عَلَامَةِ الرَّفْعِ كَالضَّمَّةِ وَنَحْوِهَا نَحْوُ يَا زَيْدُ وَيَا رَجُلُ وَيَا زَيْدَانِ وَيَا زَيْدُوْنَ

فائدہ:- زَیْدًا اضْرِبْتُہٗ میں زَیْدًا، فعلِ محذوف کی وجہ سے منصوب ہے جس کی تفسیر زَیْدٌ کے بعد والا فعل ضَرَبْتُہٗ کر رہا ہے اور اس جگہ عامل کا حذف اس لئے واجب ہے کہ بصورتِ ذکرِ عامل مُفَسِّرْ اور مُفَسَّرْ کا اجتماع بغیر حرفِ تفسیر کے لازم آئے گا جو درست نہیں کیونکہ فعلِ مُفَسَّرْ کا ذکر لغو ہو جائے گا۔ قولہ اَلرَّابِعُ الْمُنَادٰی:- منادیٰ میں فعل کا حذف اس لئے واجب ہے کہ اسمیں حرفِ ندا فعل کے قائم مقام ہوتا ہے اگر فعل محذوف نہ ہو تو نائب اور منوب عنہ کا اجتماع لازم آئے گا جو درست نہیں۔ سوال:- منادیٰ کا ناصب کیا ہے؟ جواب:- سیبویہ کے نزدیک اُس کا ناصب فعل محذوف (اَدْعُوْ) ہے۔ ابوعلی کے نزدیک اُس کا ناصب حرفِ ندا ہے اس لئے کہ حرفِ ندا اسمِ فعل ہے جس کا فاعل ضمیر مستتر ہے اور منادیٰ مفعول بہ ہونے کی بنا پر منصوب ہے۔ مبرد کے نزدیک حرفِ ندا فعل کے قائم مقام ہونے کی وجہ سے منادیٰ کا ناصب ہے۔ قولہ وَهُوَ اسْمٌ:- منادیٰ ایسا اسم ہے جس کے مُسَمّٰی کو بذریعہ حرفِ ندا بلایا گیا ہو اِس حال میں کہ وہ حرفِ ندا ملفوظ ہو جیسے یَا عَبْدَ اللّٰہِ جس کی تقدیر اَدْعُوْ عَبْدَ اللّٰہِ ہے اور حروفِ ندا پانچ ہیں۔ فائدہ:- مصنف کا قول لَفْظًا بمعنی ملفوظ ہو کر حرف سے حال ہے یا تمیز۔ قولہ وَقَدْ یُحْذَفُ:- یعنی کبھی حرفِ ندا بغرضِ تخفیف تلفظ میں حذف کر دیا جاتا ہے جیسے ارشادِ باری یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا! میں۔ اَیْ یَا یُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا۔ قولہ اِعْلَمْ:- یہاں سے مصنف منادیٰ کے احوال بیان کرتے ہیں جو درجِ ذیل ہیں (۱) منادیٰ اگر مفرد معرفہ ہو تو علامتِ رفع پر مبنی ہوگا اور علامتِ رفع ضمہ، واؤ اور الف ہے جیسے یَا زَیْدُ، یَا زَیْدَانِ، یَا زَیْدُوْنَ اور مفرد سے اس جگہ مراد وہ ہے جو مضاف اور مشابہ مضاف نہ ہو کہ اُن کا حکم آگے آرہا ہے۔ سوال:- یَا زَیْدُ کہنا درست نہیں اس لئے کہ اِس میں دو آلہ تعریف کا اجتماع ہے جو جائز نہیں؟ جواب:- یَا زَیْدُ میں دو آلہ تعریف جمع نہیں ہوئے اس لئے کہ آلہ، لفظ ہوتا ہے اور علمیت لفظ نہیں۔ فائدہ:- علم جب تثنیہ ہو یا جمع بواو ونون تو غیر منادیٰ میں وہ معرفہ بلام لایا جاتا ہے اور منادیٰ میں بغیر الف ولام کے تاکہ دو آلۂ تعریف حرفِ ندا اور لام جمع نہ ہو جائیں۔ سوال:- علم غیر منادیٰ بوقتِ تثنیہ وجمع معرفہ بلام کیوں لایا جاتا ہے؟ جواب:- تثنیہ اور جمع کے تعدد پر دلالت کرنے کیوجہ سے علم میں جو وضعی تعین ہوتی ہے وہ ختم ہو جاتی ہے جس کی تلافی کیلئے الف ولام لایا جاتا ہے۔

Marfat.com

وَ يُخْفَضُ بِلَامِ الْاِسْتِغَاثَةِ نَحْوُ يَا لَلزَّيْدِ وَ يُفْتَحُ بِاِلْحَاقِ اَلِفِهَا نَحْوُ يَا زَيْدَاهُ وَيُنْصَبُ اِنْ كَانَ مُضَافًا نَحْوُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَوْمُشَابِهًا لِلْمُضَافِ نَحْوُ يَا طَالِعًا جَبَلًا اَوْنَكِرَةً غَيْرَمُعَيَّنَةٍ كَقَوْلِ الْاَعْمٰى يَارَجُلًا خُذْ بِيَدِيْ وَاِنْ كَانَ مُعَرَّفًا بِاللَّامِ قِيْلَ يَا اَيُّهَا الرَّجُلُ وَ يَا اَيَّتُهَا الْمَرْأَةُ

(۲) منادی پر لامِ اِسْتغاثہ داخل ہو جائے تو وہ مجرور ہوتا ہے جیسے یَا لَزَیْدِ۔ سوال:- منادیٰ مستغاث بلام مفرد ہے اور کاف خطاب کی جگہ واقع ہے اس لئے اسکو مبنی ہونا چاہئے؟ جواب:- چونکہ لامِ جارہ کی وجہ سے اسکی مبنی اصل کیساتھ مشابہت ضعیف ہوگئی ہے اس لئے منادیٰ مستغاث بلام معرب ہوتا ہے اور مشابہت ضعیف اسلئے ہوگئی ہے کہ لام جارہ اسم کے خواص سے ہے۔ سوال:- یالزیدِ میں اگر لام جارہ ہے تو مکسور کیوں نہیں جبکہ اسمِ ظاہر کے ساتھ لام مکسور ہوتا ہے؟ جواب:- منادیٰ مستغاث کاف ضمیر کی جگہ ہوتا ہے اور ضمیر کے ساتھ لام مفتوح ہوتا ہے اس لئے منادیٰ مستغاث کے ساتھ بھی لام مفتوح ہوتا ہے۔ سوال:- یالزیدِ کے لام کا مُتعلَّق کیا ہے؟ جواب:- اسمیں تین قول ہیں (۱) سیبویہ کے نزدیک اس کا متعلق فعل اَدْعُـو مقدر ہے۔ (۲) ابن خروف کے نزدیک یہ لام، زائدہ ہے اور حرفِ جار زائدہ کسی کے متعلق نہیں ہوتا۔ (۳) مبرد کے نزدیک اسکا متعلق حرف ندا ہے کیونکہ وہ فعل کے قائم مقام ہے۔ (۳) منادیٰ کے آخر میں الف اِستغاثہ آجائے تو منادیٰ مفتوح ہوتا ہے اور بوجہ تنافِی فِی العَمَلِ لام استغاثہ اور الف استغاثہ کو جمع کر کے یـالـزیداہُ کہنا صحیح نہیں ہے۔ (۴) تین صورتوں میں منادیٰ منصوب ہوتا ہے۔ اول، جب منادیٰ مضاف ہو جیسے یاعبدَاللّٰہ۔ دوم، جب منادیٰ مشابہ مضاف ہو جیسے یاطَالِعًا جَبلاً۔ اس مثال میں طَالِعامنادیٰ مشابہ مضاف ہے اس لئے منصوب ہے اور جبلاً مفعول ہونے کیوجہ سے منصوب ہے۔ فائدہ:- مشابہ مضاف وہ اسمِ غیر مضاف ہے جس کے معنی دوسرے کلمہ سے ملے بغیر تام نہ ہوں جیسے طـالِعًا کے معنی جبَلا سے ملے بغیر تام نہیں ہوتے اس لئے کہ طـالِعًا کے معنی ہیں چڑھنے والے اور چڑھنے کیلئے کسی جگہ کا ذکر ضروری ہے۔ سوم، اگر منادیٰ نکرہ غیرِ مُعیَّنہ ہو جیسے نابینے کا قول یـارجلاً خُـذْبِیَدِیْ (اے مرد میرا ہاتھ پکڑ!) اس مثال میں لفظ رَجُلٌ معرفہ نہیں۔ نہ قبل از ندا جیسا کہ ظاہر ہے اور نہ بعد از ندا کیونکہ نابینا کسی معین مرد کو نہیں پکار رہا اور بغیر تعیین کے کوئی نکرہ معرفہ نہیں بنتا۔ قولہ وَاِنْ کَـان:- یعنی اگر منادیٰ معرفہ بلام ہو تو لفظِ اَیٌّ منادیٰ مذکر کی صورت میں اور اَیَّۃٌ مؤنث کی صورت میں بمع ھاءِ تنبیہ حرف ندا اور منادیٰ کے درمیان لا کر یَآ اَیُّھَا الرَّجُلُ کہا جائے گا تا کہ دو آلہ ءِ تعریف جمع نہ ہوں لیکن لفظ اللّٰہ اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہے۔ فائدہ:- یَآ اَیُّھَا الرَّجُلُ اور یـآ اَیَّتُھَا الْمَرْأَۃُ میں لفظ کے اعتبار سے اَلرَّجُلُ اور اَلْمَرْأَۃُ، صفت ہیں لیکن معنی کے اعتبار سے منادیٰ ہیں اس لئے کہ یہ دونوں لفظ ہمیشہ مرفوع ہوتے ہیں اگر یہ اَیٌّ یا اَیَّۃٌ کی صفت ہوتے تو کبھی منصوب بھی ہوتے کیونکہ منادیٰ مفرد معرفہ کی صفت میں رفع اور نصب ہر دو امر جائز ہیں اور ہاءِ تنبیہ سے اسی بات پر متنبہ کیا گیا ہے۔

Marfat.com

وَيَجُوزُ تَرْخِيمُ الْمُنَادٰى وَهُوَ حَذْفٌ فِىْ اٰخِرِهٖ لِلتَّخْفِيْفِ كَمَا تَقُولُ فِىْ مَالِكٍ يَامَالُ وَفِىْ مَنْصُورٍ يَامَنْصُ وَفِىْ عُثْمَانَ يَاعُثْمُ وَيَجُوزُ فِىْ اٰخِرِ الْمُنَادٰى الْمُرَخَّمِ الضَّمَّةُ وَالْحَرْكَةُ الْاَصْلِيَّةُ كَمَاتَقُوْلُ فِىْ يَاحَارِثُ يَاحَارُ وَيَاحَارِ وَاعْلَمْ اَنَّ يَامِنْ حُرُوْفِ النِّدَاءِ قَدْ تُسْتَعْمَلُ فِى الْمَنْدُوْبِ اَيْضًا وَهُوَ الْمُتَفَجَّعُ عَلَيْهِ بِيَااَوْ وَا،كَمَا يُقَالُ يَازَيْدَاهُ وَ وَازَيْدَاهُ فَوَامُخْتَصَّةٌ بِالْمَنْدُوْبِ وَيَامُشْتَرَكَةٌ بَيْنَ النِّدَاءِ وَالْمَنْدُوْبِ وَحُكْمُهٗ فِى الْاِعْرَابِ وَالْبِنَآءِ مِثْلُ حُكْمِ الْمُنَادٰى **فصل** الْمَفْعُوْلُ فِيْهِ هُوَاِسْمُ مَاوَقَعَ فِعْلُ الْفَاعِلِ فِيْهِ مِنَ الزَّمَانِ وَالْمَكَانِ وَيُسَمّٰى ظَرْفًا وَظُرُوْفُ الزَّمَانِ عَلٰى قِسْمَيْنِ مُبْهَمٌ وَهُوَمَالَايَكُوْنُ لَهٗ حَدٌّ مُّعَيَّنٌ كَدَهْرٍ وَحِيْنٍ وَمَحْدُوْدٌ وَهُوَ مَايَكُوْنُ لَهٗ حَدٌّ مُّعَيَّنٌ كَيَوْمٍ وَلَيْلَةٍ وَشَهْرٍ وَسَنَةٍ

قولہ ویجوز:- اور منادیٰ میں ترخیم جائز ہے۔ ترخیم کے معنی ہیں دُم کاٹنا اور نرم کرنا اور اصطلاحِ نحات میں منادیٰ کے آخر سے محض تخفیف کیلئے حذف کرنے کو ترخیم کہتے ہیں اور حروفِ محذوفہ کے اعتبار سے ترخیم کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) صرف ایک حرف حذف کرنا جبکہ منادیٰ کے آخر میں حرفِ صحیح ہو جیسے یامٰلکُ کو یامالُ پڑھنا۔ (۲) منادیٰ کے آخر سے دو حرف حذف کرنا جب اس کے آخر میں ایک ساتھ زائد کئے جانیوالے دو حرف ہوں جیسے یاعُثمانُ میں یاعُثمُ کہنا یا آخر میں حرف صحیح ہو اور اُس سے پہلے واؤ مدہ ہو جیسے یامنصُورُ کو یامنصُ پڑھنا۔ فائدہ:- منادیٰ اگر مرکب ہو تو بوقتِ ترخیم دوسرے اسم کو حذف کیا جاتا ہے جیسے بعلبک میں یابعل، اس قسم کو بھی ذکر کرنا مناسب تھا۔ قولہ ویجوز:- یعنی ترخیم کے بعد منادیٰ کے آخر میں ضمہ پڑھنا جائز ہے اس بنا پر کہ وہ منادیٰ مستقل ہے اور حرکتِ اصلیہ بھی پڑھ سکتے ہیں جو قبل از ترخیم منادیٰ کے آخر میں تھی مثلاً یاحارِثُ کو یاحارُ (بضم را) اور یاحارِ (بکسرِ را) دونوں طرح پڑھ سکتے ہیں۔ قولہ اِعْلَمْ:- حروفِ ندا سے یاء، ندا اور نُدبہ میں مشترک ہے جس کو مصنف اعْلَمْ کہہ کر مخاطب کو تنبیہ کرتے ہیں کہ جان لو کہ یاء، ندا اور ندبہ میں مشترک ہے اور واؤ ندبہ کے ساتھ مختص ہے اور مندوب اس میت کو کہتے ہیں جس پر کوئی واؤ یا یاء کے ساتھ روئے جیسے یازَیْدَاہُ اور وازَیْدَاہُ۔ سوال:- تفجّع کا صلہ لام آتا ہے اس جگہ علیٰ کیوں آیا ہے؟ جواب:- اس جگہ تفجّع، بُکاء کے معنی کو متضمن ہے اس لئے صلہ علیٰ آیا ہے یا لفظِ علیٰ، بمعنی لام تعلیلیہ ہے۔ قولہ المفعُولُ فیہ:- مفعول فیہ اُس زمان یا مکان کا نام ہے جس میں فاعل کا فعل واقع ہو اور مفعول فیہ کو ظرف کہتے ہیں کیونکہ ظرف وہ ہے جو چیز کا احاطہ کرے اور مفعول فیہ فعل کا احاطہ کرتا ہے۔ قولہ وظُرُوفُ الزَّمان:- اور ظروف زمان کی دو قسمیں ہیں مبہم اور محدود۔ قسم اول، یعنی ظرف زمان مبہم وہ ہے جس کی کوئی حد معین نہ ہو جیسے دَھْرٌ بمعنی زمانہ اور حِیْنٌ بمعنی وقت۔ قسم دوم، یعنی محدود، وہ ہے کہ جس کی کوئی حد معین ہو جیسے یومٌ (دن) شھرٌ (۔۔) سَنَۃٌ (سال)۔

Marfat.com

وَكُلُّهَا مَنْصُوبٌ بِتَقْدِيرِ فِيْ تَقُولُ صُمْتُ دَهْرًا وَسَافَرْتُ شَهْرًا اَيْ فِيْ دَهْرٍ وَشَهْرٍ وَظُرُوفُ الْمَكَانِ كَذٰلِكَ مُبْهَمٌ وَهُوَ مَنْصُوبٌ اَيْضًا بِتَقْدِيرِ فِيْ نَحْوُ جَلَسْتُ خَلْفَكَ وَاَمَامَكَ وَمَحْدُوْدٌ وَهُوَ مَالَا يَكُوْنُ مَنْصُوْبًا بِتَقْدِيرِ فِيْ بَلْ لَابُدَّ مِنْ ذِكْرِ فِيْ فِيْهِ نَحْوُ جَلَسْتُ فِي الدَّارِ وَفِي السُّوْقِ وَفِي الْمَسْجِدِ **فصل** اَلْمَفْعُوْلُ لَهٗ هُوَ اِسْمُ مَا لِاَجْلِهٖ يَقَعُ الْفِعْلُ الْمَذْكُوْرُ قَبْلَهٗ وَيُنْصَبُ بِتَقْدِيرِ اللَّامِ نَحْوُ ضَرَبْتُهٗ تَادِيْبًا اَيْ لِلتَّادِيْبِ وَقَعَدْتُ عَنِ الْحَرْبِ جُبْنًا اَيْ لِلْجُبْنِ وَعِنْدَ الزَّجَّاجِ هُوَ مَصْدَرٌ تَقْدِيْرُهٗ اَدَّبْتُهٗ تَادِيْبًا وَجَبُنْتُ جُبْنًا

قولہ وکلھا:- یعنی ظروف زمان تمام کے تمام بتقدیر فی منصوب ہوتے ہیں جیسے صُمْتُ دھرًا ای فِی دَھرٍ وَسافرتُ شہرًا ای فِی شھرٍ اور اگر لفظ فی ملفوظ ہو تو مجرور ہوتے ہیں۔ (شاعر نے یہ نحوی مسئلہ اس طرح بیان کیا ہے)

ظرف زمان مبہم ومحدود دان قابل نصب اند بتقدیر فی
لیک مکانے کہ معین بود نیست درو چارہ زتحریر فی

قولہ وظروف المکان:- یعنی ظروف مکان کی بھی دو قسمیں ہیں، اول مبہم جو بتقدیر فی منصوب ہوتے ہیں جیسے جلستُ خلفک وامامک۔ دوم محدود جن میں فی کا ذکر ضروری ہے جیسے جلستُ فی الدّارِ۔ قولہ المفعول لہٗ:- مفعول لہ اس چیز کا نام ہے جس کے حصول کیلئے یا جس کے وجود کے سبب وہ فعل واقع ہوا ہو جو مفعول لہ سے پہلے لفظاً یا تقدیراً مذکور ہے جیسے ضربتُہٗ تادیبًا ای للتادیب، یہ اس مفعول لہ کی مثال ہے جسکو حاصل کرنے کیلئے فعل (ضرب) واقع ہوا ہے کیونکہ ادب عادۃً ضرب کے بغیر حاصل نہیں ہوتا۔ اور قعدتُ عنِ الحربِ جُبنًا یہ اس مفعول لہ کی مثال ہے جس کے وجود کے سبب فعل یعنی قعود عن الحرب واقع ہوا۔ فائدہ:- مفعول لہ کبھی علت غائیہ ہوتا ہے جس کا تصور فعل سے پہلے ہوتا ہے اور وجود بعد میں جیسے تادیب کا تصور ضرب سے پہلے ہے اور وجود بعد میں ہے اور کبھی مفعول لہ علت باعثہ ہوتا ہے جس کا وجود فعل سے مقدم ہوتا ہے جیسے بزدلی کا وجود قعود عن الحرب سے پہلے ہے۔

قولہ وینصب:- اور مفعول لہ بتقدیر لام منصوب ہوتا ہے جیسے ضربتُہٗ تادیبًا ای للتادیب پس اگر کسی جگہ لام مقدر نہ ہو بلکہ ملفوظ ہو تو وہ مفعول لہ ہوگا لیکن منصوب نہیں ہوگا۔ قولہ وعند الزجاج:- زجاج کے نزدیک یہ مفعول لہ، مفعول مطلق ہی ہے پس اس کے نزدیک ضربتُہٗ تادیبًا کی تقدیر ادّبتُہٗ بالضرب تادیبًا ہے۔

Marfat.com

فصل اَلْمَفْعُوْلُ مَعَهٗ هُوَ مَا يُذْكَرُ بَعْدَ الْوَاوِ بِمَعْنٰى مَعَ لِمُصَاحَبَةِ مَعْمُوْلِ الْفِعْلِ نَحْوُ جَآءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ وَجِئْتُ اَنَاوَزَيْدًا اَىْ مَعَ الْجُبَّاتِ وَمَعَ زَيْدٍ فَاِنْ كَانَ الْفِعْلُ لَفْظًا وَجَازَ الْعَطْفُ يَجُوْزُ فِيْهِ الْوَجْهَانِ النَّصْبُ وَالرَّفْعُ نَحْوُ جِئْتُ اَنَاوَزَيْدًا وَزَيْدٌ

فائدہ:- جمہور کے نزدیک مفعول لہ اور مفعول مطلق منصوبات میں سے دو الگ الگ قسمیں ہیں اور دونوں کے مصدر ہونے کے باوجود ان میں یہ فرق ہے کہ مفعول مطلق فعلِ مذکور کے معنی میں ہوتا ہے اور مفعول لہٗ فعلِ مذکور کے معنی میں نہیں ہوتا۔ سوال:- کیا زجاج کا یہ قول درست ہے کہ مفعول لہٗ کوئی الگ منصوب نہیں بلکہ یہ مفعول مطلق ہی ہے؟ جواب:-نہیں اس لئے کہ تاویل سے ایک نوع کو دوسری میں داخل کر لینے سے یہ لازم نہیں آتا کہ نوعِ اول، ثانی کا عین ہو جائے مثلاً جَآءَ نِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا کی تاویل کر کے اس کو جَآءَ نِیْ زَیْدٌ فِیْ وَقْتِ الرُّکُوْبِ کے معنی میں کر لیا جائے تو یہ لازم نہیں آتا کہ حال، عین مفعول فیہ ہو جائے۔ قولہ اَلْمَفْعُوْلُ مَعَهٗ:- لفظ مَعَهٗ (مرکب اضافی) تقدیراً مرفوع ہے اس لئے کہ نائب فاعل ہے اور اس کا رفع لفظی اس لئے نہیں کہ مَعَ ظروف میں سے ہے جو اکثر و بیشتر بنا بر ظرفیت منصوب ہوتے ہیں اور اگر کہیں نائب فاعل ہوں تو منصوب ہی باقی رہتے ہیں جب اس قاعدہ کے پیش نظر مَعَ کا نصب باقی رکھا گیا تو اس کا رفع تقدیری ہو گیا۔ قولہ هُوَ مَا يُذْكَرُ:- مفعول معہٗ ایسا اسم ہے جو واؤ بمعنی مَعَ کے بعد ذکر کیا جائے فعل کے معمول کی مصاحبت کیلئے خواہ وہ معمول فاعل ہو جیسے جَآءَ الْبَرْدُ وَالْجُبَّاتِ، اس مثال میں مفعول معہ (اَلْجُبَّاتِ) کو فاعل (اَلْبَرْدُ) کیساتھ آمد میں معیت اور شرکت حاصل ہے کہ جبے، جاڑے کے ساتھ آئے یا وہ معمول مفعول بہ ہو جیسے كَفَاكَ وَزَيْدًا دِرْهَمٌ، تجھے بمع زید ایک درہم کافی ہو گیا۔ اس میں زید (مفعول معہ) کو کفایتِ درہم میں مفعول بہ (مخاطب) کے ساتھ معیت حاصل ہے کہ دونوں کو ایک درہم نے کفایت کی۔ سوال:- اگر وَالْجُبَّاتِ، کا واؤ بمعنی مَعَ ہے تو واؤ کی جگہ لفظ مَعَ کیوں نہیں لایا گیا؟ جواب:- برائے اختصار کہ مَعَ دو حرفی کلمہ ہے اور واؤ یک حرفی۔ فائدہ:- مفعول معہ کے عاملِ ناصب میں اختلاف ہے۔ (۱) جمہور نحات کے نزدیک واؤ بمعنی مَعَ کے توسط سے فعل لفظی یا معنوی اُس کا عامل ہے۔ (۲) عبد القاہر کے نزدیک خود واؤ عامل ہے۔ (۳) اخفش کے نزدیک لفظ مَعَ کا نصب مفعول معہ کو منتقل کر دیا جاتا ہے جسکی وجہ سے مفعول معہ منصوب ہوتا ہے۔ (۴) زجاج کے نزدیک واؤ کے بعد فعل پوشیدہ ہوتا ہے جسکی وجہ سے مفعول معہ منصوب ہوتا ہے۔ قولہ فَاِنْ كَانَ:- اس عبارت میں فاء برائے تفسیر ہے اور لَفْظًا بتاویلِ لَفْظِيًّا کان کی خبر ہے یا کان تامہ ہے اور لفظًا بمعنی مَلْفُوْظًا، حال ہے یا تمیز ہے اس جگہ مصنف اُن مقامات کی نشاندہی فرمار ہے ہیں جہاں واؤ کے مابعد کا مفعول معہ ہونا جائز ہے یا واجب یا ممتنع جسکی چار صورتیں ہیں۔ (۱) اگر فعل لفظی ہو اور واؤ کے مابعد کا عطف اُسکے ماقبل پر جائز ہو تو اُسمیں دو وجہ درست ہیں اول واؤ کے مابعد کا نصب بنا بر مفعول معہ جیسے جِئْتُ اَنَاوَزَيْدًا۔ دوم، ماقبل پر عطف جیسے جِئْتُ اَنَاوَزَيْدٌ، اس جگہ عطف اس لئے جائز ہے کہ ضمیر متصل کی تاکید ضمیر منفصل کے ساتھ کی گئی ہے۔

Marfat.com

وَاِنْ لَّمْ یَجُزِ الْعَطْفُ تَعَیَّنَ النَّصْبُ نَحْوُ جِئْتُ وَزَیْدًا وَاِنْ کَانَ الْفِعْلُ مَعْنًی وَجَازَ الْعَطْفُ تَعَیَّنَ الْعَطْفُ نَحْوُ مَالِزَیْدٍ وَعَمْرٍو وَاِنْ لَّمْ یَجُزِ الْعَطْفُ تَعَیَّنَ النَّصْبُ نَحْوُ مَا لَکَ وَزَیْدًا وَمَاشَانُکَ وَعَمْرًا لِاَنَّ الْمَعْنٰی مَاتَصْنَعُ

فصل اَلْحَالُ لَفْظٌ یَدُلُّ عَلٰی بَیَانِ هَیْأَۃِ الْفَاعِلِ اَوِ الْمَفْعُوْلِ بِهٖ اَوْ کِلَیْهِمَا نَحْوُ جَآءَنِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا وَضَرَبْتُ زَیْدًا مَّشْدُوْدًا وَلَقِیْتُ عَمْرًا رَاکِبَیْنِ

(۲) اگر فعل لفظی ہو اور عطف جائز نہ ہو تو نصب بنا بر مفعول معہ متعین ہو جائے گا کیونکہ اس وقت واؤ کا بمعنی مَعَ ہونا واجب ہے جیسے جِئْتُ وَزَیْدًا۔ یہاں عطف اسلئے ناجائز ہے کہ ضمیر متصل کی تاکید نہیں لائی گئی۔ (۳) اگر فعل معنوی ہو اور عطف جائز ہو تو عطف متعین ہو جائے گا جیسے مَالِزَیْدٍ وَعَمْرٍو۔ اس لئے کہ بصورت عطف معطوف (عَمْرٍو) کا عامل لفظی یعنی لام جارہ ہوگا اور واؤ بمعنی مَعَ کی صورت میں معطوف میں عامل معنوی ہوگا اور عامل لفظی کے ہوتے ہوئے عامل معنوی کو اختیار کرنا صحیح نہیں۔ (۴) اگر فعل معنوی ہو اور ماقبل پر عطف جائز نہ ہو تو واؤ کا بمعنی مَعَ ہونا واجب ہے جیسے مالَکَ وزیدًا۔ <u>فائدہ</u>:- مالکَ وَزَیْدًا اور ماشَانُکَ وَعَمْرًا میں عطف جائز نہیں اس لئے کہ ضمیر مجرور پر عطف کیلئے اعادۂ خافض ضروری ہے جو ان مثالوں میں مفقود ہے لہٰذا واؤ کا بمعنی مَعَ ہونا اور مابعد کا منصوب ہونا واجب ہے۔ <u>قولہ</u> لِاَنَّ الْمَعْنٰی:- مذکورہ دونوں مثالوں کا معنی ہے مَاتَصْنَعُ وَزَیْدًا اور مَاتَصْنَعُ وَعَمْرًا، یعنی اندازِ کلام سے تَصْنَعُ مستنبط ہو رہا ہے۔ <u>قولہ</u> اَلْحَالُ:- حال، لغت میں بمعنی صفت ہے کہا جاتا ہے کَیْفَ حَالُکَ ای کَیْفَ صِفَتُکَ اور موجودہ زمانہ کو بھی حال کہتے ہیں عرفِ نحات میں حال اس لفظ کو کہتے ہیں جو فاعل یا مفعول بہ یا دونوں کی وہ ہیئت بیان کرے جو صدورِ فعل یا وقوعِ فعل کے وقت پائی جاتی ہے۔ <u>قولہ</u> جَآءَنِیْ زَیْدٌ رَاکِبًا:- میرے پاس زید سوار ہو کر آیا۔ یہ حال عن الفاعل کی مثال ہے اور ضَرَبْتُ زَیْدًا مَشْدُوْدًا، میں نے زید کو اس حال میں پیٹا کہ وہ بندھا ہوا تھا۔ یہ حال عن المفعول کی مثال ہے اور لَقِیْتُ عَمْرًا رَاکِبَیْنِ (میں نے عمرو سے ملاقات کی اس حال میں کہ ہم دونوں سوار تھے) اس میں رَاکِبَیْنِ، فاعل اور مفعول سے حال ہے۔ <u>فائدہ</u>:- مضاف الیہ سے بھی حال بنتا ہے جس میں کسی ایک شرط کا موجود ہونا ضروری ہے۔ (۱) مضاف، مضاف الیہ کا بعض ہو جیسے اَیُحِبُّ اَحَدُکُمْ اَنْ یَّاْکُلَ لَحْمَ اَخِیْهِ مَیْتًا، اس ارشاد میں مَیْتًا حال ہے اَخ سے جو لَحْم کا مضاف الیہ اور لَحْمَ (مضاف)، اَخ کا بعض ہے۔ (۲) مضاف کے حذف کے بعد مضاف الیہ اُس سے مُسْتَغْنِی کردے جیسے ارشادِ باری ہے بَلْ نَتَّبِعُ مِلَّۃَ اِبْرَاهِیْمَ حَنِیْفًا، اس ارشاد میں حَنِیْفًا حال ہے مِلَّۃَ کے مضاف الیہ (اِبْرَاهِیْمَ) سے یہاں مضاف کو حذف کر کے بَلْ نَتَّبِعُ اِبْرَاهِیْمَ حَنِیْفًا کہا جائے تو صحیح ہے۔ (۳) مضاف حال میں عامل ہو جیسے اِلَیْهِ مَرْجِعُکُمْ جَمِیْعًا۔ اس میں جَمِیْعًا ضمیر مجرور (کُمْ) سے حال ہے اور حال میں عامل مضاف (مَرْجِعُ) ہے۔ اسی طرح مبتدا بھی ذوالحال بنتا ہے کہ وہ فاعل حکمی ہے۔

Marfat.com

وَقَدْ يَكُوْنُ الْفَاعِلُ مَعْنَوِيًّا نَحْوُ زَيْدٌ فِي الدَّارِ قَائِمًا لِاَنَّ مَعْنَاهُ زَيْدٌ اِسْتَقَرَّ فِي الدَّارِ قَائِمًا وَكَذَا الْمَفْعُوْلُ بِهٖ نَحْوُ هٰذَا زَيْدٌ قَائِمًا فَاِنَّ مَعْنَاهُ الْمُشَارُ اِلَيْهِ قَائِمًا هُوَ زَيْدٌ وَالْعَامِلُ فِي الْحَالِ فِعْلٌ اَوْ مَعْنٰى فِعْلٍ وَالْحَالُ نَكِرَةٌ اَبَدًا وَذُو الْحَالِ مَعْرِفَةٌ غَالِبًا كَمَا رَأَيْتَ فِي الْاَمْثِلَةِ الْمَذْكُوْرَةِ فَاِنْ كَانَ ذُو الْحَالِ نَكِرَةً يَجِبُ تَقْدِيْمُ الْحَالِ عَلَيْهِ نَحْوُ جَاءَنِيْ رَاكِبًا رَجُلٌ لِئَلَّا تَلْتَبِسَ بِالصِّفَةِ فِيْ حَالَةِ النَّصْبِ فِيْ مِثْلِ قَوْلِكَ رَأَيْتُ رَجُلًا رَاكِبًا

قولہ وقَدْ يَكُوْن :- اور فاعل کبھی معنوی ہوتا ہے یعنی نظم کلام میں منطوق وملفوظ نہیں ہوتا اور مفعول بہ بھی معنوی ہوتا ہے جیسے زَيْدٌ فِي الدَّارِ قائما ۔ اس مثال میں قَائِمًا عامل معنوی (اِسْتَقَرَّ) کے فاعل سے حال ہے اور وہ عامل اسْتقرَّ، ظرف سے ماخوذ ہے ای زَيْدٌ اِسْتَقَرَّ فِي الدَّارِ قَائِمًا۔ قولہ هٰذَا زَيْدٌ قَائِمًا :- یہ زید ہے دراں حالِ کہ کھڑا ہونے والا، اس مثال میں زید اگرچہ لفظ کے اعتبار سے هٰذَا (مبتدا) کی خبر ہے لیکن معنٰی اشارہ یا تنبیہ (جو لفظ هٰذَا کے حرف تنبیہ اور اسم اشارہ سے سمجھے جاتے ہیں) کے اعتبار سے زید مفعول بہ معنوی ہے کہ هٰذَا معنٰی فعل کو متضمن ہے ای اُشِيْرُ اِلٰى زَيْدٍ حال كَوْنِہٖ قائما، پس یہ زید بواسطہ حرفِ جر مفعول بہ معنوی ہے اور قَائِمًا اس سے حال ہے۔ فائدہ:- کوفیین کے نزدیک ہائے تنبیہ سے مستفاد فعل اُنَبِّہُ، قَائِمًا میں عامل ہے کیونکہ ہائے تنبیہ پہلے ہے اور بصریین کے نزدیک اسم اشارہ سے مستنبط فعل اُشِيْرُ اس میں عامل ہے اس لئے کہ اسم اشارہ قَائِمًا کے قریب ہے اور یہی مختار ہے۔ سوال:- هٰذَا زَيْدٌ قائما میں لفظ زَيْدٌ کو مفعول بہ معنوی کہنا درست نہیں صحیح یہ ہے کہ یہ مفعول بہ لفظی ہے اس لئے کہ ہائے تنبیہ اور اسم اشارہ ملفوظ ہیں؟ جواب:- ہائے تنبیہ اور اسمِ اشارہ سے جو فعل مفہوم ہوتا ہے وہ نہ ملفوظ ہے اور نہ مقدر لہٰذا زَيْدٌ کی مفعولیت معنٰی کے اعتبار سے ہے نہ لفظ کے اعتبار سے۔ قولہ والْعَامِلُ :- اور حال میں عامل فعل ہوتا ہے خواہ ملفوظ ہو یا مقدر یا معنٰی فعل عامل ہوتا ہے یعنی اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل، مصدر، ظرف، جار مجرور اور ہر وہ چیز جس سے معنٰی فعل مستنبط ہوتے ہوں جیسے حرف تنبیہ اور اسم اشارہ وغیرہ۔ قولہ والْحَالُ :- اور حال ہمیشہ نکرہ ہوتا ہے اس لئے کہ حال حکم ہے جس میں اصل تنکیر ہے اور ذو الحال عموما معرفہ ہوتا ہے۔ سوال:- مَرَرْتُ بِهٖ وَحْدَهٗ میں وَحْدَهٗ حال ہے لیکن نکرہ نہیں بلکہ معرفہ باضافت ہے۔ جواب:- سیبویہ کے نزدیک وَحْدَهٗ چونکہ مُنْفَرِدًا کی جگہ مستعمل ہے اس لئے یہ نکرہ ہے اور ابو علی کے نزدیک یہ حال نہیں بلکہ مفعول مطلق ہے ای مَرَرْتُ بِهٖ يَنْفَرِدُ وَحْدَهٗ ۔ پھر جملہ يَنْفَرِدُ وَحْدَهٗ حال ہے۔ قولہ فَاِنْ كَانَ :- یعنی اگر ذو الحال نکرہ ہو تو حال کی تقدیم ذو الحال پر واجب ہے تا کہ حال حالتِ نصب میں صفت کے ساتھ ملتبس نہ ہو۔ سوال:- جَاءَنِيْ رَجُلٌ مُلْتَانِيٌّ رَاكِبًا میں ذو الحال نکرہ ہے اس پر حال کو مقدم کیوں نہیں کیا گیا؟ جواب:- اس لئے کہ یہ ذو الحال نکرہ مخصصہ ہے اور حال کو مقدم کرنا اُس وقت واجب ہے جب ذو الحال نکرہ محضہ ہو۔

Marfat.com

وَقَدْ تَكُوْنُ الْحَالُ جُمْلَةً خَبَرِيَّةً نَحْوُ جَاءَنِيْ زَيْدٌ وَغُلَامُهُ رَاكِبٌ اَوْ يَرْكَبُ غُلَامُهُ وَمِثَالُ مَا كَانَ عَامِلُهَا مَعْنَى الْفِعْلِ نَحْوُ هٰذَا زَيْدٌ قَائِمًا مَعْنَاهُ اُنَبِّهُ وَاُشِيْرُ وَقَدْ يُحْذَفُ الْعَامِلُ لِقِيَامِ قَرِيْنَةٍ كَمَا تَقُوْلُ لِلْمُسَافِرِ سَالِمًا غَانِمًا اَيْ تَرْجِعُ سَالِمًا غَانِمًا **فصل** اَلتَّمْيِيْزُ هُوَ نَكِرَةٌ تُذْكَرُ بَعْدَ مِقْدَارٍ مِنْ عَدَدٍ اَوْ كَيْلٍ اَوْ وَزْنٍ اَوْ مَسَاحَةٍ اَوْ غَيْرِ ذٰلِكَ مِمَّا فِيْهِ اِبْهَامٌ تَرْفَعُ ذٰلِكَ الْاِبْهَامَ نَحْوُ عِنْدِيْ عِشْرُوْنَ دِرْهَمًا

قولہ وقد تکون:- یعنی حال کبھی جملہ خبریہ بھی ہوتا ہے اس لئے کہ مفرد کی طرح جملہ بھی ہیئت بیان کرتا ہے جیسے جاءنی زید وغلامہ راکب میں جملہ حال بن رہا ہے۔ فائدہ:- مصنف نے کہا کہ حال جملہ خبریہ ہوتا ہے، خبریہ کی قید اس لئے لگائی کہ جملہ انشائیہ نہ حال بنتا ہے اور نہ صفت، نہ صلہ۔ قولہ ومثال ما:- یعنی اُس حال کی مثال جو معنی فعل سے حال ہوتا ہے ھذا زید قائما ہے جو بمعنی اُنبہ علی زید قائما ہے یا بمعنی اُشیر الی زید قائما ہے۔ قولہ وقد یحذف:- اگر قرینہ موجود ہو تو حال کے عامل کو کبھی حذف بھی کر دیا جاتا ہے جیسے تم مسافر سے کہو سالما، غانما ای ترجع سالما غانما، یہاں حذف پر قرینہ حال مخاطب ہے۔ قولہ التمییز:- تمیز کو تبیین، تفسیر اور ممیز (بکسر الیاء وفتحہا) بھی کہتے ہیں۔ لغت میں تمیز کے معنی ہیں ممتاز کرنا، جدا کرنا اور اُس کی تین قسمیں ہیں۔ قسم اول، ھو نکرۃ...... الخ:- یعنی تمیز اُس نکرہ کو کہتے ہیں جو مقدار کے بعد ذکر کیا جائے تاکہ اُس مقدار میں واقع ابہام کو دور کرے۔ سوال:- کیا تمیز کیلئے نکرہ ہونا ضروری ہے؟ جواب:- نحات بصرہ کے نزدیک تمیز کیلئے نکرہ ہونا ضروری ہے کیونکہ رفع ابہام نکرہ سے ہو جاتا ہے، لہٰذا معرفہ ہونا زائد از ضرورت ہے۔ اور ارشاد باری تعالیٰ اِلَّا مَنْ سَفِهَ نَفْسَهٗ میں نفسہ تمیز نہیں بلکہ یہ منصوب بنزع الخافض ہے۔ اور نحات کوفہ کے نزدیک تمیز معرفہ بھی ہوسکتی ہے۔ فائدہ:- مقدار وہ ہے جس سے کسی چیز کا اندازہ کیا جائے اور وہ پانچ چیزیں ہیں۔

پنج اند جانِ من تو مقادیر را شناس کیل است و وزن و عدد و ذراع است و ہم قیاس

کیل، پیمانہ۔ وزن، تول۔ عدد، گنتی۔ ذراع، پیمائش۔ قیاس، اندازہ۔ سوال:- حال بھی ابہام کو دور کرتا ہے لہٰذا تمیز اور حال میں فرق واضح کریں۔ جواب:- حال ابہام وضعی کو دور کرتا ہے اور تمیز ابہام ذاتی کو دور کرتی ہے۔ قولہ عندی عشرون:- (میرے پاس بیس درہم ہیں) یہ مقدار عددی کی مثال ہے۔ اس میں عشرون اسم تام (عدد) ہے۔ جس کے معدود میں یہ ابہام تھا کہ اس سے مراد دینار ہیں یا درہم یا کوئی اور چیز تو درھما (تمیز) نے اِس ابہام کو دور کر دیا کہ وہ درہم ہیں۔

Marfat.com

وَقَفِيْزَانِ بُرًّا وَمَنَوَانِ سَمْنًا وَجَرِيْبَانِ قُطْنًا وَعَلَى التَّمْرَةِ مِثْلُهَا زُبْدًا وَقَدْ يَكُوْنُ عَنْ غَيْرِ مِقْدَارٍ نَحْوُ هٰذَا خَاتَمٌ حَدِيْدًا وَسِوَارٌ ذَهَبًا وَفِيْهِ الْخَفْضُ اَكْثَرُ وَقَدْ يَقَعُ بَعْدَ الْجُمْلَةِ لِرَفْعِ الْإِبْهَامِ عَنْ نِسْبَتِهَا نَحْوُ طَابَ زَيْدٌ نَفْسًا اَوْ عِلْمًا اَوْ اَبًا

قولہ قفیزان بُرًّا:- یہ اسمِ تام (مقدارِ کیلی) کی مثال ہے یعنی ابہام تھا کہ قفیزان کس چیز کی ہیں؟ بُرًّا اس ابہام کو دور کرتی ہے۔ قولہ عندی منوان سمنا:-(میرے پاس دو سیر گھی ہے) یہ مقدارِ وزنی کی مثال ہے۔ قولہ عندی جریبان قطنا:- یہ مقدار مساحی کی مثال ہے یعنی میرے پاس دو جریب روئی ہے۔ قولہ وعلی التمرۃ:- یہ مقدار مقیاسی کی مثال ہے۔ یعنی چھوہارے پر اُسکی مثل مکھن ہے۔ فائدہ:- زُبد، بضم زاء بمعنی مکھن ہے اور بفتحتین بمعنی سمندر کا جھاگ ہے۔ سوال:- اسمِ تام تمیز کو کیوں نصب کرتا ہے؟ جواب:- فعل کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے یعنی فعل اپنے فاعل کے ساتھ تام ہو کر مفعول بہ کو نصب کرتا ہے اور اسمِ تام مُتمّمات اربعہ میں سے کسی کے ساتھ تام ہو کر تمیز کو نصب کرتا ہے اور متممات یہ ہیں۔(۱) تنوین۔(۲) نونِ تثنیہ وجمع۔(۳) مشابہ نونِ جمع۔(۴) اضافت۔ تمیز کی قسم ثانی، وہ تمیز جو مفرد غیر مقدار سے ہو۔ اس قسم کو ماتن نے اپنے قول وَقَدْ يَكُوْنُ کے ساتھ بیان کیا ہے جیسے هٰذَا خَاتَمٌ حَدِيْدًا، یہ لوہے کی انگوٹھی ہے۔ اس میں لفظ خاتمٌ مفرد غیر مقدار ہے جو تنوین سے تام ہو کر تمیز کو نصب دے رہا ہے اور تمیز کی اِس قسم میں جر کثیر ہے۔ فائدہ:- مفرد غیر مقدار کی تمیز میں جر کے جائز ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اس میں رفعِ ابہام کے علاوہ تخفیف بھی ہے کہ خاتم سے تنوین ساقط ہوگئی ہے۔ اور جر کثیر ہونے کی وجہ یہ ہے کہ مفرد غیر مقدار میں ابہام ناقص ہے لہٰذا اس میں تمیز منصوب کی طلب بھی ناقص ہے۔ قولہ وقد یقع:- یہاں سے تمیز کی قسمِ ثالث کو بیان کرتے ہیں جس کا نام تَمْيِيْزُ عَنِ النِّسْبَةِ ہے یعنی کبھی تمیز اس ابہام کو دور کرتی ہے جو جملہ میں واقع نسبت کے اندر ہوتا ہے جیسے طَابَ زَيْدٌ نَفْسًا وغیرہ (زید ذات کے لحاظ سے اچھا ہے) فائدہ:- تمیز عن النسبت کی چار قسمیں ہیں (۱) مُحَوَّلٌ عَنِ الْفَاعِلِ جیسے وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا، جس کا اصل اِشْتَعَلَ شَيْبُ الرَّأْسِ ہے۔(۲) مُحَوَّلٌ عَنِ الْمَفْعُوْلِ جیسے فَجَّرْنَا الْاَرْضَ عُيُوْنًا، جس کا اصل فَجَّرْنَا عُيُوْنَ الْاَرْضِ ہے۔(۳) فاعل اور مفعول کے غیر سے مُحَوَّلٌ، جیسے اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا، جس کا اصل مَالِىْ اَكْثَرُ مِنْكَ ہے۔ مضاف (مال) حذف کر کے مضاف الیہ (ضمیر مجرور) کو اُس کی جگہ رکھا تو وہ ضمیر مرفوع (انا) ہوگئی پھر مضاف محذوف کو بطور تمیز لایا گیا تو اَنَا اَكْثَرُ مِنْكَ مَالًا ہوا۔(۴) وہ تمیز جو کسی سے مُحَوَّلٌ نہ ہو جیسے لِلّٰهِ دَرُّهٗ فَارِسًا۔

Marfat.com

فَصلٌ اَلْمُسْتَثْنٰی لَفظٌ یُذْکَرُ بَعْدَ اِلَّا وَاَخَوَاتِھَا لِیُعْلَمَ اَنَّہٗ لَایُنْسَبُ اِلَیْہِ مَانُسِبَ اِلٰی مَاقَبْلَھَا وَھُوَ عَلٰی قِسْمَیْنِ مُتَّصِلٌ وَھُوَ مَااُخْرِجَ عَنْ مُتَعَدِّدٍ بِاِلَّا وَاَخَوَاتِھَا نَحْوُجَاءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا وَمُنْقَطِعٌ وَھُوَ الْمَذْکُورُ بَعْدَ اِلَّا وَاَخَوَاتِھَا غَیْرَمُخْرَجٍ عَنْ مُتَعَدِّدٍ لِعَدَمِ دُخُوْلِہٖ فِی الْمُسْتَثْنٰی مِنْہُ نَحْوُ جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا

سوال:- مصنف نے تمیز عن النسبۃ کی تین مثالیں کیوں ذکر کی ہیں؟ جواب:- پہلی اُس تمیز کی مثال ہے جو مُنتصب عنہُ کے ساتھ خاص ہے۔ دوسری اُس تمیز کی مثال ہے جو مُنتصب عنہُ کے متعلق کے ساتھ خاص ہے۔ تیسری اُس تمیز کی مثال ہے جسمیں دونوں احتمال ہیں کہ مُنتصب عنہُ سے ہو یا اُسکے متعلق سے پہلے احتمال پر معنی ہوں گے ''زید اچھاباپ ہے'' اور دوسرے پر معنی ہوں گے ''زید کا باپ اچھا ہے''۔ فائدہ:- مُنتصب عنہُ، وہ چیز ہے جس کی طرف فعل یا شبہ فعل کی نسبت کرنے میں ابہام ہو، مثلاً طاب زیدٌ نفسا میں زیدٌ، مُنتصب عنہُ ہے اور نفسًا اُس کی تمیز ہے۔

سوال:- اگر تمیز شبہ فعل کی نسبت میں واقع ابہام کو دور کرتی ہے تو مصنف نے اُس کی مثالیں کیوں ترک کردی ہیں؟ جواب:- چونکہ فعل اصل ہے اس لئے صرف فعل کی امثلہ پر اکتفاء کیا ہے اور شبہ فعل کی مثالیں چھوڑ دی ہیں۔ قولہ اَلْمُسْتَثْنٰی:- اصطلاح نحات میں مستثنٰی وہ ہے جو اِلَّا اور اُسکے اخوات میں سے کسی کے بعد ذکر کیا جائے تاکہ یہ بات معلوم ہو جائے کہ مستثنٰی کی طرف وہ حکم منسوب نہیں جو مستثنٰی منہ کی طرف منسوب ہے جیسے جآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا میرے پاس قوم آئی مگر زید، یعنی وہ نہیں آیا۔ قولہ وَھُوَعَلٰی قِسْمَیْنِ:- یعنی مستثنٰی کی دو قسمیں ہیں مستثنٰی متصل اور مستثنٰی منقطع۔ (۱) مستثنٰی متصل وہ ہے جو اِلَّا یا اُس کے اخوات میں سے کسی ایک کے ذریعہ ماقبل متعدد سے نکالا گیا ہو۔ خواہ اُسکے اخراج کے بعد باقی رہ جانیوالے اقل ہوں یا اکثر یا مساوی جیسے جآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا۔ فائدہ:- مستثنٰی کے ناصب میں اختلاف ہے۔ (۱) بصریین کے نزدیک اُسکا ناصب فعل یا معنی فعل ہے بتوسطِ اِلَّا وغیرہ کے۔ (۲) عبدالقاہر کے نزدیک حرف استثناء قائم مقام فعل ہو کر اُسکا ناصب ہے۔ (۳) کسائی کے نزدیک مستثنٰی کا ناصب لفظ اِنَّ ہے جو اِلَّا کے بعد مقدر ہے اور اِنَّ کی خبر محذوف ہے۔ کسائی کے نزدیک قَامَ الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا کی تقدیر قَامَ الْقَوْمُ اِلَّا اِنَّ زَیْدًا لَمْ یَقُمْ ہے۔ (۴) فرأ کے نزدیک کلمہ اِلَّا مرکب ہے کلمہ اِنَّ اور لَا عاطفہ سے اِنَّ، کا پہلا نون حذف کیا اور دوسرے نون کو لام میں ادغام کیا تو اِلَّا ہوا۔ فرأ کے نزدیک مستثنٰی کا نصب اِنَّ کی وجہ سے ہوتا ہے اور ماقبل والا اعراب ماقبل پر معطوف ہونے کیوجہ سے ہوتا ہے۔ قولہ وَمُنْقَطِعٌ:- مستثنٰی کی قسم ثانی مستثنٰی منقطع ہے جو اِلَّا اور اُس کے اخوات میں سے کسی کے بعد واقع ہو اور ماقبل متعدد سے نہ نکالا گیا ہو جیسے جآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا۔ اور اس کو مستثنٰی منفصل بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

واعلم اَنَّ اِعْرَابَ الْمُسْتَثْنٰی عَلٰی اَرْبَعَةِ اَقْسَامٍ فَاِنْ كَانَ مُتَّصِلًا وَقَعَ بَعْدَ اِلَّا فِیْ كَلَامٍ مُوْجَبٍ اَوْ مُنْقَطِعًا كَمَا مَرَّ اَوْ مُقَدَّمًا عَلَی الْمُسْتَثْنٰی مِنْهُ نَحْوُ مَا جَآءَ نِیْ اِلَّا زَیْدًا اَحَدٌ اَوْ كَانَ بَعْدَ خَلَا وَعَدَا عِنْدَ الْاَكْثَرِ اَوْ بَعْدَ مَا خَلَا وَمَا عَدَا وَلَیْسَ وَلَا یَكُوْنُ نَحْوُ جَآءَ نِی الْقَوْمُ خَلَا زَیْدًا الخ كَانَ مَنْصُوْبًا وَاِنْ كَانَ بَعْدَ اِلَّا فِیْ كَلَامٍ غَیْرِ مُوْجَبٍ وَهُوَ كُلُّ كَلَامٍ یَكُوْنُ فِیْهِ نَفْیٌ وَّنَهْیٌ وَاسْتِفْهَامٌ وَالْمُسْتَثْنٰی مِنْهُ مَذْكُوْرٌ یَجُوْزُ فِیْهِ الْوَجْهَانِ النَّصْبُ وَالْبَدَلُ عَمَّا قَبْلَهَا نَحْوُ مَا جَآءَ نِیْ اَحَدٌ اِلَّا زَیْدًا وَاِلَّا زَیْدٌ وَاِنْ كَانَ مُفَرَّغًا بِاَنْ یَّكُوْنَ بَعْدَ اِلَّا فِیْ كَلَامٍ غَیْرِ مُوْجَبٍ وَالْمُسْتَثْنٰی مِنْهُ غَیْرُ مَذْكُوْرٍ كَانَ اِعْرَابُهٗ بِحَسْبِ الْعَوَامِلِ تَقُوْلُ مَا جَآءَ نِیْ اِلَّا زَیْدٌ وَمَا رَأَیْتُ اِلَّا زَیْدًا وَمَا مَرَرْتُ اِلَّا بِزَیْدٍ

قولہ واعلم:- یہاں سے مستثنیٰ کے اعراب کے اقسام بیان کرتے ہیں جو چار ہیں۔ (۱) نصب، یہ چار جگہ ہوتا ہے۔ اول، جب مستثنیٰ متصل کلام موجب میں اِلَّا کے بعد واقع ہو جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا زَیْدًا۔ دوم، جب مستثنیٰ منقطع ہو جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ اِلَّا حِمَارًا۔ سوم، جب مستثنیٰ مستثنیٰ منہ پر مقدم ہو جیسے مَا جَآءَ نِیْ اِلَّا زَیْدًا اَحَدٌ۔ چہارم، جب مستثنیٰ خلا اور عدا کے بعد واقع ہو تو اکثر کے نزدیک منصوب ہوتا ہے اور مَا خَلَا، مَا عَدَا، لَیْسَ اور لَا یَكُوْنُ کے بعد بھی منصوب ہوتا ہے۔ فائدہ:- مذکورہ چار صورتوں میں مستثنیٰ کو نصب واجب ہے، پہلی تین صورتوں میں اِس لئے واجب ہے کہ رفع اور جر اُس پر نہیں آسکتے رفع تو اس لئے نہیں آسکتا کہ رفع بر بنائے بدلیت ہوگا اور مستثنیٰ کو بدل بنانا باطل ہے کہ خلاف مقصود ہے۔ اور جر اس لئے کہ مستثنیٰ سے پہلے نہ حرف جر ہے اور نہ مضاف۔ چوتھی صورت میں نصب اسلئے واجب ہے کہ خلا وغیرہ فعل کا مفعول ہے۔ سوال:- خَلَا تو فعلِ لازم ہے اُس کے بعد مستثنیٰ کیوں منصوب ہوتا ہے؟ جواب:- بابِ استثناء میں مجاوزت کے معنیٰ کو متضمن ہونے کی وجہ سے خَلَا متعدی ہو جاتا ہے۔ (۲) نصب و بدل، جب مستثنیٰ اِلَّا کے بعد کلامِ غیر موجب میں واقع ہو اور مستثنیٰ منہ مذکور ہو تو اُس میں اعراب کی دو وجہ جائز ہیں۔ (۱) نصب، بنا بر استثناء۔ (۲) اِلَّا کے ماقبل سے بدل جیسے مَا جَآءَ نِیْ اَحَدٌ اِلَّا زَیْدًا وَاِلَّا زَیْدٌ۔ فائدہ:- کلامِ غیر موجب اُس کو کہتے ہیں جس میں نفی، نہی یا استفہام ہو جیسے مَا جَآءَ نِیْ اَحَدٌ اِلَّا زَیْدًا۔ (۳) اعراب بمقتضائے عوامل، جب مستثنیٰ مفرغ ہو یعنی مستثنیٰ منہ مذکور نہ ہو اور مستثنیٰ اِلَّا کے بعد کلامِ غیر موجب میں واقع ہے تو مستثنیٰ کا اعراب بحسبِ عوامل ہوگا یعنی سابق عامل کے موافق ہوگا۔ فائدہ:- مستثنیٰ اصل میں مفرغ لہٗ ہوتا ہے اور اُس کا عامل مُفَرَّغ ہوتا ہے، لہٗ کو حذف کر کے مستثنیٰ کو مفرغ کہہ دیا گیا۔ جیسے مُشْتَرَكٌ فِیْهِ سے لفظِ فِیْهِ حذف کر کے مُشْتَرَك بول دیتے ہیں۔

Marfat.com

وَاِنْ كَانَ بَعْدَ غَيْرَ وَسِوٰى وَسَوَآءَ وَحَاشَا عِنْدَ الْاَكْثَرِ كَانَ مَجْرُوْرًا نَحْوُ جَآءَ نِىَ الْقَوْمُ غَيْرَ زَيْدٍ وَسِوٰى زَيْدٍ وَسَوَاءَ زَيْدٍ وَحَاشَا زَيْدٍ **واعلم** اَنَّ اِعْرَابَ غَيْرَ كَاِعْرَابِ الْمُسْتَثْنٰى بِاِلَّا تَقُوْلُ جَآءَ نِى الْقَوْمُ غَيْرَ زَيْدٍ وَغَيْرَ حِمَارٍ وَمَا جَآءَ نِىْ غَيْرَ زَيْدٍ الْقَوْمُ وَمَا جَآءَ نِىْ اَحَدٌ غَيْرُ زَيْدٍ وَغَيْرَ زَيْدٍ وَمَا جَآءَ نِىْ غَيْرُ زَيْدٍ وَمَا رَأَيْتُ غَيْرَ زَيْدٍ وَمَا مَرَرْتُ بِغَيْرِ زَيْدٍ **واعلم** اَنَّ لَفْظَةَ غَيْرَ مَوْضُوْعَةٌ لِلصِّفَةِ وَقَدْ تُسْتَعْمَلُ لِلْاِسْتِثْنَاءِ كَمَا اَنَّ لَفْظَةَ اِلَّا مَوْضُوْعَةٌ لِلْاِسْتِثْنَاءِ وَقَدْ تُسْتَعْمَلُ لِلصِّفَةِ كَمَا فِىْ قَوْلِهٖ تَعَالٰى لَوْ كَانَ فِيْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا اَىْ غَيْرُ اللّٰهِ وَكَذٰلِكَ قَوْلُكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

(۴) جب مستثنیٰ لفظِ غَیْرَ، سَوَآءَ، سِوٰی یا حَاشَا میں سے کسی کے بعد واقع ہو تو مجرور ہوگا۔ پہلے تین کے بعد مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے اور حاشا کے بعد اس کے حرفِ جر ہونے کی وجہ سے۔ سوال:- حاشا اگر حرفِ جر ہے تو کسی فعل یا شبہ فعل کے متعلق کیوں نہیں ہوتا؟ جواب:- متعلق وہ حروف ہوتے ہیں جو فعل یا شبہ فعل کے معنی کو اپنے مدخول تک لے جائیں اور حاشا اپنے مدخول کو ان معانی سے پاک و مبرا ثابت کرتا ہے۔ قولہ اعلم:- چونکہ کلمات استثناء میں سے لفظِ غَیْرَ، اسم متمکن ہے اس لئے اِعْلَمْ سے مصنف اس کا اعراب بیان کر رہے ہیں یعنی کلمہ غیر جب استثناء کیلئے ہو تو اس کا اعراب مستثنیٰ بالا کی طرح ہوگا۔ سوال:- کلمہ غیر اگر بابِ استثناء میں بمعنی اِلَّا ہے تو غیر کو مبنی ہونا چاہیے کیونکہ جو اسم بمعنی حرف ہو وہ مبنی ہوتا ہے؟ جواب:- کلمہ غیر کو اضافت لازم ہے جو اسم متمکن کی علامت ہے اس لئے غیر معرب ہے۔ فائدہ، کلمہ غیر کے اعراب کے درج ذیل اقسام ہیں۔ (۱) کلمہ غیر، تین جگہ منصوب پڑھا جائے گا۔ اول، غیر کے بعد جب مستثنیٰ متصل کلام موجب میں واقع ہو جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ غَیْرَ زَیْدٍ۔ دوم، جب غیر کے بعد مستثنیٰ منقطع واقع ہو جیسے جَآءَ نِی الْقَوْمُ غَیْرَ حِمَارٍ۔ سوم، جب غیر کے بعد مستثنیٰ واقع ہو اور لفظِ غیر، مستثنیٰ منہ پر مقدم ہو جیسے مَا جَآءَ نِیْ غَیْرَ زَیْدٍ الْقَوْمُ۔ (۲) جب غیر کے بعد مستثنیٰ کلام غیر موجب میں واقع ہو اور مستثنیٰ منہ مذکور ہو تو دو وجہیں جائز ہیں۔ اول، نصب بنا بر استثناء۔ دوم، رفع بنا بر بدل جیسے مَا جَآءَ نِیْ اَحَدٌ غَیْرُ زَیْدٍ وَغَیْرَ زَیْدٍ۔ (۳) جب غیر کے بعد مستثنیٰ مُفرَّغ کلام غیر موجب میں ہو تو عامل کے مطابق اس کا اعراب ہوگا جیسے مَا جَآءَ نِیْ غَیْرُ زَیْدٍ وَمَا رَأَیْتُ غَیْرَ زَیْدٍ وَمَا مَرَرْتُ بِغَیْرِ زَیْدٍ۔ قولہ اعلم:- اس جگہ مصنف کلمہ غیر کے حقیقی اور مجازی معنی بیان کرتے ہیں یعنی لفظ غیر صفت کیلئے موضوع ہے بمعنی مُغایرت یعنی اپنے ماقبل اور مابعد میں مغایرت ثابت کرتا ہے لیکن کبھی استثناء کیلئے بھی استعمال کیا جاتا ہے اور اس کے برعکس کلمہ اِلَّا ہے جو استثناء کیلئے موضوع ہے لیکن کبھی صفت کیلئے بھی آتا ہے جیسے ارشادِ باری تعالیٰ لَوْ کَانَ فِیْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا میں۔

Marfat.com

فصل خَبَرُ كَانَ وَاَخَوَاتِهَا هُوَ الْمُسْنَدُ بَعْدَ دُخُوْلِهَا نَحْوُ كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا وَحُكْمُهُ كَحُكْمِ خَبَرِ الْمُبْتَدَأِ اِلَّا اَنَّهُ يَجُوْزُ تَقْدِيْمُهُ عَلٰى اَسْمَائِهَا مَعَ كَوْنِهٖ مَعْرِفَةً بِخِلَافِ خَبَرِ الْمُبْتَدَأِ نَحْوُ كَانَ الْقَائِمَ زَيْدٌ **فصل** اِسْمُ اِنَّ وَاَخَوَاتِهَا هُوَ الْمُسْنَدُ اِلَيْهِ بَعْدَ دُخُوْلِهَا نَحْوُ اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ **فصل** الْمَنْصُوْبُ بِلَا الَّتِىْ لِنَفْيِ الْجِنْسِ هُوَ الْمُسْنَدُ اِلَيْهِ بَعْدَ دُخُوْلِهَا يَلِيْهَا نَكِرَةً مُضَافَةً نَحْوُ لَا غُلَامَ رَجُلٍ فِى الدَّارِ اَوْ مُشَابِهًا لَهَا نَحْوُ لَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا فِى الْكِيْسِ

فائدہ:- اِلَّا بمعنی غیر میں اختلاف ہے کہ یہ اسم ہے یا حرف۔ (۱) جمہور کے نزدیک یہ حرف ہے کیونکہ کلمہ کی اسمیت وغیرہ حقیقی معنی کے اعتبار سے ہوتی ہے اور اِلَّا حقیقی معنی کے اعتبار سے حرف ہے لہٰذا بمعنی غیر ہو جانے کے بعد بھی حرف رہے گا۔ (۲) بعض کے نزدیک یہ اسم ہے اس لئے کہ کلمہ مجازی معنی کے لحاظ سے بھی اسم، فعل اور حرف ہوتا ہے لہٰذا جب اِلَّا بمعنی غیر ہوگا تو اُس وقت اسم ہوگا۔ قولہ خَبَرُ کَانَ:- کَانَ اور اُس کے اخوات کی خبر ان میں سے کسی ایک کے داخل ہونے بعد ان کے اسم کی طرف مسند ہوتی ہے مصنف کے قول اَخَوَاتِهَا کی ضمیر کا مرجع لَفْظَةُ کَانَ ہے۔ اور کَانَ وغیرہ کی خبر کا حکم مبتدا کی خبر جیسا ہے۔ قولہ اِلَّا اَنَّهُ:- اس عبارت میں مصنف نے اس فرق کو بیان کیا ہے جو کَانَ کی خبر اور مبتدا کی خبر میں ہے اور وہ فرق یہ ہے کہ مبتدا پر اُس کی خبر کو مقدم کرنا جائز نہیں جبکہ خبر معرفہ ہو اور کان کی خبر کو اُس کے اسم پر مقدم کرنا جائز ہے خواہ خبر معرفہ کیوں نہ ہو۔ قولہ اِسْمُ اِنَّ:- یعنی اِنَّ اور اُس کے اخوات کا اسم ان میں سے کسی ایک کے داخل ہونے کے بعد مسند الیہ ہوتا ہے۔ قولہ اَلْمَنْصُوْبُ بِلَا:- لائے نفی جنس کا ہر اسم منصوب نہیں ہوتا اس لئے مصنف نے اسم لا نہیں کہا بلکہ اَلْمَنْصُوْبُ بِلَا کہا۔ سوال:- مستثنیٰ کا بھی ہر فرد منصوب نہیں ہوتا وہاں اَلْمَنْصُوْبُ بِالْاِسْتِثْنَاءِ کیوں نہیں کہا؟ جواب:- اسلئے کہ مستثنیٰ کے اکثر افراد منصوب ہوتے ہیں و لِلْاَکْثَرِ حُکْمُ الْکُلِّ۔ قولہ اَلَّتِىْ لِنَفْيِ الْجِنْسِ:- اس عبارت میں مضاف مقدر ہے ای اَلَّتِىْ لِنَفْيِ صِفَةِ الْجِنْسِ، یعنی منصوب اُس لَا کا جو جنس سے صفت کی نفی کرتا ہے جیسے لَا رَجُلَ قَائِمٌ میں لا نے جنس رجل سے صفت قیام کی نفی کی ہے۔ قولہ یَلِيْهَا:- فعل یَلِیْ کی ضمیر مستتر، مسند الیہ کی طرف راجع ہے اور ھاء ضمیر بارز کلمہ لا کی طرف راجع ہے اور یہ جملہ اِلَیْهِ کی ضمیر سے یا دُخُوْلِهَا کی ضمیر سے حال ہے اور نَکِرَةً، یَلِيْهَا کی ضمیر مستتر سے حال ہے اور مُضَافَةً، نَکِرَةً کی صفت ہے یعنی منصوب بلاءِ نفی جنس ایسا اسم ہے جو لا کے داخل ہونے کے بعد مسند الیہ ہو درانحالیکہ وہ مسند الیہ لا کے بعد بلا فصل واقع ہو اس حال میں کہ وہ مسند الیہ نکرہ مضافہ ہو جیسے لَا رَجُلَ فِى الدَّارِ یا مشابہ مضاف ہو جیسے لَا عِشْرِيْنَ دِرْهَمًا فِى الْكِيْسِ۔

Marfat.com

فَإِنْ كَانَ بَعْدَ لَا نَكِرَةٌ مُفْرَدَةٌ تُبْنٰى عَلَى الْفَتْحِ نَحْوُ لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ وَإِنْ كَانَ مَعْرِفَةً أَوْ نَكِرَةً مَفْصُولًا بَيْنَهُ وَبَيْنَ لَا كَانَ مَرْفُوعًا وَيَجِبُ تَكْرِيرُ لَا مَعَ اسْمٍ آخَرَ تَقُولُ لَا زَيْدٌ فِي الدَّارِ وَلَا عَمْرٌو وَلَا فِيهَا رَجُلٌ وَلَا امْرَأَةٌ وَيَجُوزُ فِي مِثْلِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ خَمْسَةُ أَوْجُهٍ فَتْحُهُمَا وَرَفْعُهُمَا وَفَتْحُ الْأَوَّلِ وَنَصْبُ الثَّانِي وَفَتْحُ الْأَوَّلِ وَرَفْعُ الثَّانِي وَرَفْعُ الْأَوَّلِ وَفَتْحُ الثَّانِي وَقَدْ يُحْذَفُ اسْمُ لَا لِلْقَرِينَةِ نَحْوُ لَا عَلَيْكَ أَيْ لَا بَأْسَ عَلَيْكَ

قولہ فَإِنْ كَانَ :- اس عبارت میں کلمہ کان، فعلِ ناقص ہے جسکی خبر ظرف ہے اور لفظِ نَكِرَةً، اُس کا اسم مؤخر ہے یا کان تامہ بمعنی وُجد ہے یعنی اگر لا کے بعد نکرہ مفردہ ہو تو وہ مبنی ہوگا فتح پر جیسے لَا رَجُلَ فِي الدَّارِ، وجہ بنا نکرہ کا مِن استغراقیہ کو متضمن ہونا ہے۔ قولہ وَإِنْ كَانَ :- یعنی اگر لا کا اسم، معرفہ ہو یا ایسا نکرہ کہ اُس نکرہ اور لا کے درمیان فاصلہ ہو تو لا کا اسم بنا بر مبتدا مرفوع ہوگا، اور اُسوقت دوسرے معرفہ یا نکرہ کے ساتھ لا کو مکرر لانا ضروری ہے جیسے لَا زَيْدٌ فِي الدَّارِ وَلَا عَمْرٌو اور لَا فِيهَا رَجُلٌ وَلَا امْرَأَةٌ۔ قولہ وَيَجُوزُ :- یعنی ہر وہ ترکیب جس میں لائے نفی جنس بطریق عطف مکرر ہو اور دونوں جگہ لا، کا اسم نکرہ مفردہ بلا فصل ہو ایسی ترکیب میں پانچ وجہ جائز ہیں ۔(۱) دونوں اسموں کو مبنی بر فتح پڑھنا اس بنا پر کہ دونوں جگہ لائے نفی جنس ہے جیسے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔ (۲) دونوں اسموں کو بر بنائے مبتدا مرفوع پڑھنا اور دونوں لا زائدہ قرار دینا جیسے لَا حَوْلٌ وَلَا قُوَّةٌ إِلَّا بِاللّٰهِ۔ (۳) اول اسم کو مبنی بر فتح پڑھنا اس بنا پر کہ وہ لائے نفی جنس کا اسم ہے اور دوسرے اسم کو نصب پڑھنا تنوین کیساتھ اس بنا پر کہ دوسرا لا، زائدہ برائے تاکید ہے جیسے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةً إِلَّا بِاللّٰهِ۔ (۴) اول اسم کو مفتوح پڑھنا اسم لائے نفی جنس کی بنا پر اور دوسرے کو تنوین کے ساتھ مرفوع پڑھنا اس بنا پر کہ لا، زائدہ برائے تاکید ہے اور دوسرا نکرہ پہلے کے محل پر معطوف ہے جیسے لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةٌ إِلَّا بِاللّٰهِ۔ (۵) اول اسم کو مرفوع پڑھنا تنوین کیساتھ اس بنا پر کہ پہلا لا، مشابہ بلیس ہے اور دوسرے اسم کو لائے نفی جنس کیوجہ سے مبنی بر فتح پڑھنا جیسے لَا حَوْلٌ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ۔ قولہ وَقَدْ يُحْذَفُ :- اور کبھی لائے نفی جنس کا اسم بوقت قیام قرینہ حذف کر دیا جاتا ہے جیسے لَا عَلَيْكَ أَيْ لَا بَأْسَ عَلَيْكَ (تیرے اوپر کوئی خوف نہیں) یہ ڈرنے والے کو بطور تسلی کہا جاتا ہے۔ فائدہ:- لَا عَلَيْكَ، میں حذفِ اسم پر قرینہ یہ ہے کہ لا، حرف ہے اور عَلٰی بھی حرف ہے اور حرف دوسرے حرف پر داخل نہیں ہوتا جس سے معلوم ہوا کہ یہاں لا، کا اسم محذوف ہے۔

Marfat.com

فصل خَبَرُ مَا وَلَا الْمُشَبَّهَتَيْنِ بِلَيْسَ هُوَ الْمُسْنَدُ بَعْدَ دُخُولِهِمَا نَحْوُ مَا زَيْدٌ قَائِمًا وَلَا رَجُلٌ حَاضِرًا وَاِنْ وَقَعَ الْخَبَرُ بَعْدَ اِلَّا نَحْوُ مَا زَيْدٌ اِلَّا قَائِمٌ اَوْ تَقَدَّمَ الْخَبَرُ عَلَى الْاِسْمِ نَحْوُ مَا قَائِمٌ زَيْدٌ اَوْ زِيْدَتْ اِنْ بَعْدَ مَا، نَحْوُ مَا اِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ بَطَلَ الْعَمَلُ كَمَا رَأَيْتَ فِي الْاَمْثِلَةِ وَهٰذَا لُغَةُ اَهْلِ الْحِجَازِ وَاَمَّا بَنُوْ تَمِيْمٍ فَلَا يَعْمَلُوْنَهُمَا اَصْلًا قَالَ الشَّاعِرُ عَنْ لِسَانِ بَنِيْ تَمِيْمٍ۔

وَمُهَفْهَفٍ كَالْغُصْنِ قُلْتُ لَهُ اِنْتَسِبْ	شعر	فَاَجَابَ مَا قَتْلُ الْمُحِبِّ حَرَامٌ

الْمَقْصَدُ الثَّالِثُ فِي الْمَجْرُوْرَاتِ اَلْاَسْمَاءُ الْمَجْرُوْرَةُ هِيَ الْمُضَافُ اِلَيْهِ فَقَطْ وَهُوَ كُلُّ اسْمٍ نُسِبَ اِلَيْهِ شَيْئٌ بِوَاسِطَةِ حَرْفِ الْجَرِّ

قولہ خبر ما و لا:- منصوبات سے مَا وَلَا مُشَابِهٗ بِلَيْسَ، کی خبر ہے جو ان میں سے کسی کے داخل ہونے کے بعد ان کے اسم کی طرف مسند ہوتی ہے اور مَا وَلَا کا یہ عمل تین صورتوں میں باطل ہو جاتا ہے۔ (۱) جب ان کی خبر اِلَّا کے بعد واقع ہو جیسے وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ، کیوں کہ اِلَّا کے سبب نفی ٹوٹ جانیکی وجہ سے لَيْسَ، کے ساتھ نفی میں جو مشابہت تھی وہ ختم ہوگئی لہٰذا ان کا عمل ختم ہوگیا۔ (۲) جب خبر ان کے اسم پر مقدم ہو جیسے مَا قَائِمٌ زَيْدٌ. اس صورت میں بطلانِ عمل کی وجہ یہ ہے کہ مَا وَلَا کے عمل کیلئے اسم کا مقدم ہونا شرط ہے لہٰذا شرط مفقود ہونے کیوجہ سے ان کا عمل باطل ہو جائیگا۔ (۳) جب مَا کے بعد اِنْ واقع ہو جیسے مَا اِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ، اس صورت میں بطلانِ عمل کی وجہ یہ ہے کہ مَا عاملِ ضعیف ہے جو فاصلہ کی حالت میں عمل نہیں کر سکتا۔ قولہ وَهٰذَا لُغَةٌ:- اور مَا وَلَا کو عمل دینا اہلِ حجاز کی لغت ہے بنو تمیم ان کو عمل نہیں دیتے، اُنکی دلیل کتاب میں مذکور شعر ہے جس میں شاعر نے کلمہ مَا کو عمل نہیں دیا کیوں کہ لفظِ حرام کو نصب نہیں دیا۔ ترجمہ شعر:- میں نے ایک باریک کمر والے محبوب سے جو نزاکت میں شاخ کی مانند ہے کہا کہ تو اپنا نسب بیان کر اُس نے جواب دیا کہ میرے نزدیک عاشق کو قتل کرنا حرام نہیں۔ فائدہ:- بنو تمیم کی ایک دلیل یہ ہے کہ یہ اسم اور فعل کے دواخل میں سے ہیں اور جو لفظ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہو وہ عامل نہیں ہوتا۔ یہ دلیل بھی کمزور ہے کیونکہ اُن کے نزدیک بھی لائے نفی جنس عمل کرتا ہے حالانکہ وہ بھی اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے۔ قولہ **الْمَجْرُوْرَاتُ**:- مجرورات کو مرفوعات اور منصوبات کی مشاکلت کیوجہ سے جمع لایا گیا ورنہ مجرور کی صرف نوع واحد ہے یعنی مضاف الیہ۔ قولہ وَهُوَ كُلُّ اسْمٍ:- مضاف الیہ ہر وہ اسم ہے جس کی طرف کوئی چیز بواسطہ حرفِ جر منسوب کی گئی ہو خواہ وہ حرف جر ملفوظ ہو جیسے مَرَرْتُ بِزَيْدٍ اور اس ترکیب کو اصطلاح میں جار مجرور کہتے ہیں یا حرفِ جر مقدر ہو جیسے غُلَامُ زَيْدٍ اور اس ترکیب کو مضاف و مضاف الیہ کہتے ہیں۔

Marfat.com

لَفْظًا نَحْوُ مَرَرْتُ بِزَيْدٍ وَيُعَبَّرُ عَنْ هٰذَا التَّرْكِيْبِ فِى الْاِصْطِلَاحِ بِاَنَّهٗ جَارٌّ وَمَجْرُوْرٌ اَوْ تَقْدِيْرًا نَحْوُ غُلَامُ زَيْدٍ تَقْدِيْرُهٗ غُلَامٌ لِزَيْدٍ وَيُعَبَّرُ عَنْهُ فِى الْاِصْطِلَاحِ بِاَنَّهٗ مُضَافٌ وَمُضَافٌ اِلَيْهِ وَيَجِبُ تَجْرِيْدُ الْمُضَافِ عَنِ التَّنْوِيْنِ اَوْ مَا يَقُوْمُ مَقَامَهٗ وَهُوَ نُوْنُ التَّثْنِيَةِ وَالْجَمْعِ نَحْوُ جَآءَنِىْ غُلَامُ زَيْدٍ وَغُلَامَا زَيْدٍ وَمُسْلِمُوْ مِصْرَ **واعلم** اَنَّ الْاِضَافَةَ عَلٰى قِسْمَيْنِ مَعْنَوِيَّةٌ وَلَفْظِيَّةٌ اَمَّا الْمَعْنَوِيَّةُ فَهِىَ اَنْ يَكُوْنَ الْمُضَافُ غَيْرَ صِفَةٍ مُضَافَةٍ اِلٰى مَعْمُوْلِهَا

قولہ لفظا :- مصنف کا قول لفظا اور تقدیرا ، ملفوظا اور مقدرا کے معنی میں ہو کر حال ہے یا تمییز یا کان مقدر کی خبر ہے۔ سوال :- مضاف الیہ کی تعریف مانع نہیں اس لئے کہ مفعول فیہ پر صادق آتی ہے۔ مثلاً صُمْتُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ میں صُمْتُ بواسطہ حرف جر تقدیری یَوْمَ الْجُمُعَةِ کی طرف منسوب ہے اور وہ حرف جر فِیْ ہے؟ جواب :- مصنف کے قول تقدیرا سے ایسا مقدر مراد ہے جس کا عمل باقی ہو اور مثال مذکور میں فِیْ کا عمل باقی نہیں ہے ورنہ یَوْمَ منصوب نہ ہوتا۔ قولہ ویجب :- اور بوقت اضافت مضاف کو تنوین اور قائم مقام تنوین سے خالی کرنا ضروری ہے کیونکہ اضافت اور تنوین یا قائم مقام تنوین میں منافات ہے اس لئے کہ یہ کلمہ کے تمام ہونے کی دلیل ہیں اور اضافت کلمہ کے ناتمام ہونے کی دلیل ہے اس لئے بوقت اضافت مضاف کو تنوین وغیرہ سے خالی کرلیا جاتا ہے۔ قولہ جآءنی غلامُ زید :- یہ اس مضاف کی مثال ہے جسے تنوین سے خالی کرلیا گیا ہے اور غُلَامَا عَمْرٍو ، اس مضاف کی مثال ہے جسے نونِ تثنیہ سے خالی کرلیا گیا ہے اور مُسْلِمُوْ مِصْرَ ، اس مضاف کی مثال ہے جسے نونِ جمع سے خالی کرلیا گیا ہے۔ قولہ اِعْلَمْ :- یعنی اضافت بتقدیر حرف جر کی دو قسمیں ہیں۔ اضافت معنویہ اور اضافت لفظیہ۔ قولہ فالمعنویۃ :- اضافت معنویہ وہ ہے جسمیں مضاف ایسا صیغہ صفت نہ ہو جو اپنے معمول کیطرف مضاف ہو۔ چونکہ اضافت معنویہ کے دو فائدے ہیں اور اضافت لفظیہ کا ایک اس لئے اضافت معنویہ کو مقدم کیا گیا ہے۔ فائدہ :- اضافت معنویہ میں صیغہ صفت سے مراد اسم فاعل ، اسم مفعول ، صفت مشبہ ، اسم منسوب اور اسم تفضیل ہے اور معمول سے مراد فاعل ، نائب فاعل ، اور مفعول بہ ہے۔ فائدہ :- اضافت معنویہ کی تعریف سے اسکی تین صورتیں سامنے آئیں۔ (۱) مضاف صفت کا صیغہ نہ ہو بلکہ اسم جامد ہو اور نہ ہی اپنے معمول کیطرف مضاف ہو جیسے غُلَامُ زَیْدٍ ۔ (۲) مضاف صفت کا صیغہ تو ہو مگر معمول کیطرف مضاف نہ ہو جیسے کَرِیْمُ الْبَلَدِ ، کہ کریم صفت کا صیغہ ہے مگر البلد ، اس کا معمول (فاعل) نہیں بن سکتا کہ کریمُ ، بلدٌ نہیں بلکہ مَنْ فِی الْبَلَدِ ، کریم ہے۔ (۳) مضاف صیغہ صفت نہ ہو لیکن معمول کی طرف مضاف ہو جیسے ضَرْبُ الْیَوْمِ ۔

Marfat.com

وَهِيَ اِمَّا بِمَعْنَى اللَّامِ نَحْوُ غُلَامُ زَيْدٍ اَوْ بِمَعْنٰى مِنْ نَحْوُ خَاتَمُ فِضَّةٍ اَوْ بِمَعْنٰى فِيْ نَحْوُ صَلٰوةُ اللَّيْلِ وَفَائِدَةُ هٰذِهِ الْاِضَافَةِ تَعْرِيْفُ الْمُضَافِ اِنْ اُضِيْفَ اِلٰى مَعْرِفَةٍ كَمَا مَرَّ اَوْ تَخْصِيْصُهٗ اِنْ اُضِيْفَ اِلٰى نَكِرَةٍ كَغُلَامِ رَجُلٍ وَاَمَّا اللَّفْظِيَّةُ فَهِيَ اَنْ يَّكُوْنَ الْمُضَافُ صِفَةً مُضَافَةً اِلٰى مَعْمُوْلِهَا وَهِيَ فِيْ تَقْدِيْرِ الْاِنْفِصَالِ نَحْوُ ضَارِبُ زَيْدٍ وَحَسَنُ الْوَجْهِ وَفَائِدَتُهَا تَخْفِيْفٌ فِي اللَّفْظِ فَقَطْ

قولہ وھی :- یعنی اضافت معنویہ کی تین قسمیں ہیں ۔ اول، اضافت لامیہ یہ اُس وقت ہوتی ہے جب مضاف الیہ نہ مضاف کی جنس سے ہو اور نہ ظرف جیسے غُلَامُ زَيْدٍ جو اصل میں غُلَامٌ لِزَيْدٍ ہے ۔ دوم، اضافت منیہ یہ اُس وقت ہوتی ہے جب مضاف الیہ مضاف کی جنس سے ہو جیسے خَاتَمُ فِضَّةٍ جو اصل میں خَاتَمٌ مِنْ فِضَّةٍ ہے ۔ سوم، اضافت فِویہ یہ اُس وقت ہوتی ہے جب مضاف الیہ، مضاف کیلئے ظرف ہو جیسے ضَرْبُ الْيَوْمِ جو اصل میں ضَرْبٌ فِي الْيَوْمِ ہے ۔ سوال :- اگر اضافت معنویہ میں حرف جر مقدر ہوتا ہے تو مضاف یا مضاف الیہ کو بتقدیر حرف جر مبنی ہونا چاہئے ؟ جواب :- اضافت چونکہ اسم کے اعظم خواص میں سے ایک خاصہ ہے جس کے ہوتے ہوئے اسم کی جانب اسمیت قوی ہو جاتی ہے اور اعراب جو اسم میں اصل ہے وہ برقرار رہتا ہے اگرچہ اسم، حرف کو متضمن ہوتا ہے ۔ قولہ وفائدتہ :- اضافت معنویہ کے دو فائدے ہیں ۔ (۱) تعریف (۲) تخصیص، اضافت معنویہ تعریف کا افادہ اُس وقت کرتی ہے جب مضاف الیہ معرفہ ہو جیسے غُلَامُ زَيْدٍ اور تخصیص کا افادہ اُس وقت کرتی ہے جب مضاف الیہ نکرہ ہو جیسے غُلَامُ رَجُلٍ ۔ سوال :- کیا اضافت معنویہ کے صرف دو فائدے ہیں ؟ جواب :- نہیں ! ان کے علاوہ بہت سے فوائد ہیں مثلاً مضاف کا مضاف الیہ سے تذکیر یا تانیث حاصل کرنا وغیرہ ۔ فائدہ :- لفظ مِثْلُ اور غَيْرُ، معرفہ کی طرف مضاف ہونے کے باوجود نکرہ رہتے ہیں کیونکہ ان میں موجود ابہام اضافت سے دور نہیں ہو سکتا اور لفظ شِبْهٌ، نَظِيْرٌ اور نَحْوٌ، بھی ان کی مثل ہے ۔ البتہ جب ان کی اضافت ایسی چیز کی طرف ہو جسکی ضد واحد مشہور و معروف ہو تو یہ بھی معرفہ بن جاتے ہیں جیسے غَيْرُ الْمُنْصَرِفِ، میں غیر معرفہ بن گیا ہے ۔ قولہ واَمَّا اللَّفْظِيَّةُ :- اضافت لفظیہ وہ ہے کہ صیغہ صفت اپنے معمول کیطرف مضاف ہو جیسے ضَارِبُ زَيْدٍ اور مجرور باضافت لفظیہ باعتبار معنی کے جس طرح اضافت سے پہلے فاعل یا مفعول تھا اُسی طرح باقی رہیگا ۔ قولہ وفائدتُھا :- اضافت لفظیہ کا فائدہ صرف لفظ میں تخفیف ہے یعنی یہ اضافت تعریف یا تخصیص کا فائدہ نہیں دیتی ۔ سوال :- اَلْحَسَنُ الْوَجْهِ میں تو اضافت لفظیہ نے تخصیص کا فائدہ دیا ہے اس لئے کہ اَلْحَسَنُ، آنکھ، چہرہ وغیرہ کے حُسن کو شامل تھا لیکن اضافت کے بعد خاص ہو گیا یعنی چہرہ کا حسن اور یہی تخصیص ہے ؟ جواب :- یہ تخصیص اضافت سے نہیں ہوئی بلکہ اضافت سے پہلے بھی تھی اس لئے کہ اَلْحَسَنُ الْوَجْهِ کی اصل اَلْحَسَنُ وَجْهُهٗ ہے اور اضافت سے صرف تخفیف ہوئی ہے یعنی ضمیر حذف ہو گئی ہے ۔

Marfat.com

واعلم اَنَّکَ اِذَا اَضَفْتَ الْاِسْمَ الصَّحِیْحَ اَوِ الْجَارِیَ الْمَجْرَی الصَّحِیْحِ اِلٰی یَاءِ الْمُتَکَلِّمِ کَسَرْتَ اٰخِرَہٗ وَاَسْکَنْتَ الْیَاءَ اَوْفَتَحْتَھَا کَغُلَامِیْ وَدَلْوِیْ وَظَبْیِیْ وَاِنْ کَانَ اٰخِرُ الْاِسْمِ اَلِفًا تُثْبَتُ کَعَصَایَ وَرَحَایَ خِلَافًا لِلْھُذَیْلِ کَعَصَیَّ وَرَحَیَّ وَاِنْ کَانَ اٰخِرُ الْاِسْمِ یَاءً مَکْسُوْرًا مَاقَبْلَھَا اُدْغِمَتِ الْیَاءُ فِی الْیَاءِ وَفُتِحَتِ الْیَاءُ الثَّانِیَۃُ لِئَلَّا یَلْتَقِیَ السَّاکِنَانِ تَقُوْلُ فِیْ قَاضِیْ قَاضِیَّ وَاِنْ کَانَ اٰخِرُہٗ وَاوًا مَضْمُوْمًا مَاقَبْلَھَا قَلَبْتَھَا یَاءً وَعَمِلْتَ کَمَا عَمِلْتَ اَلْاٰنَ تَقُوْلُ جَآءَنِیْ مُسْلِمِیَّ

فائدہ:- اضافت لفظیہ کے افادۂ تخفیف کی تین صورتیں ہیں۔ (۱) صرف مضاف میں تخفیف بصورت حذفِ تنوین وقائم مقام تنوین جیسے ضاربُ زیدٍ، ضاربا زیدٍ۔ (۲) صرف مضاف الیہ میں تخفیف اس طرح کہ مضاف الیہ سے ضمیر حذف ہوکر صیغہ صفت میں مستتر ہو جاتی ہے جیسے اَلقائمُ الغُلامِ، جو اصل میں اَلقائمُ غُلامُہٗ تھا۔ (۳) مضاف اور مضاف الیہ دونوں میں تخفیف جیسے زیدٌ قائمُ الغُلامِ، جو اصل میں زیدٌ قائمٌ غُلامُہٗ، تھا قائمٌ (مضاف) سے تنوین حذف ہوئی اور غلامُ (مضاف الیہ) سے ضمیر۔ قولہ اعلم:- اس جگہ مصنف مضاف کے کچھ احکام بیان کرتے ہیں جو مضاف کے آخر سے تعلق رکھتے ہیں۔ اول، جب اسم صحیح یا جاری مجرائے صحیح، یائے متکلم کی طرف مضاف ہو تو اُس کا آخر مکسور ہوگا اور یاء، ساکن یا مفتوح ہوگی جیسے غُلامِیْ (غلامی) اور دلْوِیْ (دلوی)۔ فائدہ:- اس صورت میں اصل فتح ہے کیونکہ یک حرفی حرف متحرک ہوتا ہے اور حرکات میں فتح خفیف ہے۔ دوم، اگر اسم مضاف کے آخر میں الف ہو تو باقی رہیگا، خواہ الف تثنیہ ہو جیسے غلامای (میرے دو غلام) یا غیر تثنیہ جیسے عصای (میری لاٹھی) لیکن بنو ذہیل ایسے الف کو جو تثنیہ کا نہیں ہے، یاء سے بدل کر ادغام کرتے ہیں یعنی عصای، کو عصیَّ پڑھتے ہیں۔ فائدہ:- بنو ذہیل الف تثنیہ کو یاء سے نہیں بدلتے تاکہ تثنیہ کی حالت رفع اور حالت نصب میں التباس نہ ہو اور غیر تثنیہ کے الف کو اس لئے بدلتے ہیں کہ یاء ماقبل کی حرکت چاہتی ہے اور الف قابلِ حرکت نہیں ہے اسلئے الف کو یاء کر کے ادغام کرتے ہیں۔ سوم، اگر اسم مضاف کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو تو یائے متکلم کو اُس میں وجوباً ادغام کرتے ہیں اور دوسری یاء کو حرکت فتح دیتے ہیں جیسے قاضیَّ۔ چہارم، اگر یائے متکلم کی طرف مضاف اسم کے آخر میں واؤ ماقبل مفتوح ہو تو واؤ کو یاء کر کے ادغام کیا جائے گا اور ماقبل کا فتح بدستور باقی رہے گا، لہٰذا مُصطفَوْن کو مُصطفَیَّ، پڑھا جائے گا۔

Marfat.com

وَفِی الْاَسْمَاءِ السِّتَّةِ مُضَافَةً اِلٰی یَاءِ الْمُتَکَلِّمِ تَقُوْلُ اَخِیْ وَاَبِیْ وَحَمِیْ وَهَنِیْ وَفِیَّ عِنْدَ الْاَکْثَرِ وَفَمِیْ عِنْدَ قَوْمٍ وَذُوْ لَایُضَافُ اِلٰی مُضْمَرٍ اَصْلًا وَقَوْلُ الْقَائِلِ ع اِنَّمَا یَعْرِفُ ذَاالْفَضْلِ مِنَ النَّاسِ ذَوُوْهُ شَاذٌّ وَاِذَاقُطِعَتْ هٰذِهِ الْاَسْمَاءُ عَنِ الْاِضَافَةِ قُلْتَ اَخٌ وَاَبٌ وَحَمٌ وَهَنٌ وَفَمٌ وَذُوْ لَایُقْطَعُ عَنِ الْاِضَافَةِ اَلْبَتَّةَ هٰذَاکُلُّهٗ بِتَقْدِیْرِ حَرْفِ الْجَرِّ اَمَّامَایُذْکَرُ فِیْهِ حَرْفُ الْجَرِّ لَفْظًا فَسَیَأْتِیْکَ فِی الْقِسْمِ الثَّالِثِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰی **اَلْخَاتِمَةُ** فِی التَّوَابِعِ **اِعْلَمْ** اَنَّ الَّتِیْ مَرَّتْ مِنَ الْاَسْمَآءِ الْمُعْرَبَةِ کَانَ اِعْرَابُهَا بِالْاِصَالَةِ بِاَنْ دَخَلَتْهَا الْعَوَامِلُ مِنَ الْمَرْفُوْعَاتِ وَالْمَنْصُوْبَاتِ وَالْمَجْرُوْرَاتِ فَقَدْ یَکُوْنُ اِعْرَابُ الْاِسْمِ بِتَبَعِیَّةِ مَاقَبْلَهٗ وَیُسَمَّی التَّابِعَ لِاَنَّهٗ یَتْبَعُ مَاقَبْلَهٗ فِی الْاِعْرَابِ وَهُوَ کُلُّ ثَانٍ مُعْرَبٍ بِاِعْرَابِ سَابِقِهٖ مِنْ جِهَةٍ وَّاحِدَةٍ وَالتَّوَابِعُ خَمْسَةُ اَقْسَامٍ اَلنَّعْتُ وَالْعَطْفُ بِالْحُرُوْفِ وَالتَّاکِیْدُ وَالْبَدَلُ وَعَطْفُ الْبَیَانِ

پنجم ،اسماء ستہ مکبرہ میں سے اَخٌ ،اَبٌ ، حَمٌ ، هَنٌ کو یائے متکلم کی طرف اضافت کے وقت اَخِیْ ، اَبِیْ ، حَمِیْ اور هَنِیْ پڑھا جائے گا اور فَمٌ ، کو اکثر کے نزدیک فِیَّ یعنی فَمٌ ، کی واؤ محذوفہ واپس لا کر اُس کو یاء کر کے یاء میں ادغام کریں گے اور فِیَّ پڑھیں گے اور بعض کے نزدیک واؤ واپس نہیں آئے گا اور فَمِیْ پڑھا جائے گا۔ قولہ وَذُوْ :- اور کلمہ ذُوْ ، جب بمعنی صاحب ہو تو ضمیر کی طرف مضاف نہیں ہوتا اور شاعر کے قول میں واقع اضافت شاذ ہے۔ قولہ وَاِذَا :- یعنی جب اسماء ستہ میں سے پہلے پانچ مقطوع عَنِ الْاِضَافَةِ ، ہوں تو اُن کا لام کلمہ حذف کر کے عین پر اعراب جاری کیا جائے گا ، مثلاً اَبٌ کہا جائے گا اور کلمہ ذُوْ ، مقطوع عَنِ الْاِضَافَةِ نہیں ہوتا۔ قولہ اَلْخَاتِمَةُ :- خاتمہ ، توابع کے بیان میں ہے جو پانچ ہیں۔

گر پرسند از توابع گو کہ پنج اینک عیاں نعت و توکید و بدل عطف نسق عطف بیاں

قولہ وَهُوَ کُلُّ ثَانٍ :- تابع ، وہ دوسرا لفظ ہے جو اپنے سابق کے اعراب کے ساتھ معرب ہو ایک ہی جہت سے یعنی دونوں کے اعراب کا سبب ایک ہو۔ فائدہ :- تابع کی تعریف میں کُلُّ ثَانٍ سے مجازاً ، کُلُّ مُتَاخِّرٍ مراد ہے لہٰذا معنی ہوگا کہ تابع وہ بعد میں آنے والا لفظ ہے جو پہلے کے اعراب میں ہو خواہ وہ کسی درجہ میں ہو۔

Marfat.com

فصل اَلنَّعْتُ تَابِعٌ يَدُلُّ عَلٰى مَعْنًى فِىْ مَتْبُوْعِهٖ نَحْوُ جَآءَنِىْ رَجُلٌ عَالِمٌ اَوْفِىْ مُتَعَلِّقِ مَتْبُوْعِهٖ نَحْوُ جَآءَنِىْ رَجُلٌ عَالِمٌ اَبُوْهُ وَيُسَمّٰى صِفَةً اَيْضًا وَالْقِسْمُ الْاَوَّلُ يَتْبَعُ مَتْبُوْعَهٗ فِىْ عَشْرَةِ اَشْيَاءَ فِى الْاِعْرَابِ وَالتَّعْرِيْفِ وَالتَّنْكِيْرِ وَالْاِفْرَادِ وَالتَّثْنِيَةِ وَالْجَمْعِ وَالتَّذْكِيْرِ وَالتَّانِيْثِ نَحْوُ جَآءَنِىْ رَجُلٌ عَالِمٌ وَرَجُلَانِ عَالِمَانِ وَرِجَالٌ عَالِمُوْنَ وَزَيْدُ نِ الْعَالِمُ وَامْرَأَةٌ عَالِمَةٌ وَالْقِسْمُ الثَّانِىْ اِنَّمَا يَتْبَعُ مَتْبُوْعَهٗ فِى الْخَمْسَةِ الْاُوَلِ فَقَطْ اَعْنِى الْاِعْرَابَ وَالتَّعْرِيْفَ وَالتَّنْكِيْرَ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَفَائِدَةُ النَّعْتِ تَخْصِيْصُ الْمَنْعُوْتِ اِنْ كَانَا نَكِرَتَيْنِ نَحْوُ جَآءَنِىْ رَجُلٌ عَالِمٌ وَتَوْضِيْحُهٗ اِنْ كَانَا مَعْرِفَتَيْنِ نَحْوُ جَآءَنِىْ زَيْدُ نِ الْفَاضِلُ وَقَدْ يَكُوْنُ لِمُجَرَّدِ الثَّنَاءِ وَالْمَدْحِ نَحْوُ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَقَدْ يَكُوْنُ لِلذَّمِّ نَحْوُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَقَدْ يَكُوْنُ لِلتَّاكِيْدِ نَحْوُ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ

قولہ اَلنَّعْتُ :-نعت، ایسا تابع ہے جو اُس معنی پر دلالت کرے جو متبوع یا متعلق متبوع میں پائے جاتے ہیں جیسے جَآءَنِىْ رَجُلٌ عَالِمٌ اور جَآءَنِىْ رَجُلٌ عَالِمٌ اَبُوْهُ۔ فائدہ:-نعت چونکہ جہاتِ کثیرہ سے اپنے متبوع کے تابع ہوتی ہے مثلاً اعراب، تعریف وغیرہ۔ نیز کثیر الاستعمال ہے اس لئے مصنف نے نعت کو دیگر توابع پر مقدم کیا ہے۔ قولہ وَالْقِسْمُ الْاَوَّلُ اور نعت کی پہلی قسم دس چیزوں میں اپنے متبوع کے موافق ہوتی ہے جن کے چار طائفہ ہیں۔ (۱) اعراب (۲) تذکیر وتانیث (۳) تعریف وتنکیر (۴) افراد، تثنیہ اور جمع۔ لہٰذا یہ مطابقت ہر طائفہ ہے کسی ایک چیز میں ہوگی۔ سوال:-اِمْرَأَةٌ جَرِيْحٌ میں جَرِيْحٌ صفت ہے حالانکہ مؤنث نہیں ہے؟ جواب:-لفظ جَرِيْحٌ چونکہ مذکر ومؤنث دونوں کیلئے بولا جاتا ہے اس لئے اس مثال میں جَرِيْحَةٌ مؤنث بولنا ضروری نہیں ہے۔ قولہ وَالْقِسْمُ الثَّانِىْ :-اور صفت کی قسمِ ثانی پانچ چیزوں میں موصوف کے موافق ہوتی ہے یعنی اعرابِ ثلثہ سے کسی ایک میں اور تعریف وتنکیر میں سے کسی میں اور باقی پانچ میں فعل کی مثل ہوتی ہے۔ قولہ وفائدۃ النَّعْتِ:-نعت، درجِ ذیل امور کا فائدہ دیتی ہے۔ (۱) موصوف کی تخصیص کا اگر موصوف وصفت دونوں نکرہ ہوں جیسے جَآءَنِىْ رَجُلٌ عَالِمٌ۔ (۲) موصوف کی توضیح کا اگر دونوں معرفہ ہوں جیسے جَآءَنِىْ زَيْدُ نِ الْفَاضِلُ۔ (۳) مدح وثنا کا جیسے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ (۴) ندمت کا جیسے اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ۔ (۵) تاکید کا جیسے نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ میں وَاحِدَةٌ، صفت، تاکید کا فائدہ دے رہی ہے کیونکہ وحدت تو نَفْخَةٌ کی تاء سے مفہوم ہو رہی ہے۔

Marfat.com

وَاعلم اَنَّ النَّكِرَةَ تُوصَفُ بِالْجُمْلَةِ الْخَبَرِيَّةِ نحوُ مَرَرْتُ بِرَجُلٍ اَبُوْهُ عَالِمٌ اَوْقَامَ اَبُوْهُ وَالْمُضْمَرُ لَايُوْصَفُ وَلَايُوْصَفُ بِهٖ فَصْل اَلْعَطْفُ بِالْحُرُوْفِ تَابِعٌ يُنْسَبُ اِلَيْهِ مَانُسِبَ اِلٰى مَتْبُوْعِهٖ وَكِلَاهُمَا مَقْصُوْدَانِ بِتِلْكَ النِّسْبَةِ وَيُسَمّٰى عَطْفَ النَّسَقِ وَشَرْطُهٗ اَنْ يَّكُوْنَ بَيْنَهٗ وَبَيْنَ مَتْبُوْعِهٖ اَحَدُ حُرُوْفِ الْعَطْفِ وَسَيَأْتِيْ ذِكْرُهَا فِي الْقِسْمِ الثَّالِثِ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى نَحْوُ قَامَ زَيْدٌ وَعَمْرٌو

فائدہ:- ذکر کردہ فوائد کے علاوہ بھی نعت کے فائدے ہیں مثلاً (۱) کشفِ ماہیت جیسے اَلْجِسْمُ الطَّوِيْلُ العريضُ العميقُ۔ (۲) ترحم، جیسے انازیدٌ الفقیرُ۔ (۳) برائے تعمیم جیسے کَانَ زَيْدٌ فِيْ يَوْمٍ مِّنَ الْاَيَّامِ۔ قولہ واعلم انّ النکرۃ:- یعنی نکرہ کی صفت کبھی جملہ خبریہ ہوتا ہے کیونکہ متبوع کے معنی پر دلالت جملہ میں بھی پائی جاتی ہے اور جملہ نکرہ کے حکم میں ہوتا ہے جیسے لَفْظٌ وُضِعَ لِمَعْنًى۔ قولہ وَالْمُضْمَرُ:- یعنی ضمیر نہ موصوف ہوتی ہے اور نہ صفت موصوف تو اس لئے کہ صفت لا کر اس کی توضیح کی جائے گی جو تحصیل حاصل ہے کیونکہ ضمیر اعرف المعارف اور واضح ہے۔ اور ضمیر صفت اس لئے نہیں ہوتی کہ صفت معنی متبوع پر دلالت کرتی ہے جبکہ ضمیر ذات پر دلالت کرتی ہے۔ سوال:- لَااِلٰہَ اِلَّاھُوَ العزیزُ الحکیمُ، میں ضمیر غائب موصوف واقع ہو رہی ہے؟ جواب:- اَلْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ، ضمیر سے بدل ہے۔ جواب۲:- اس ارشاد میں ھُوْ، ضمیر نہیں بلکہ یہ اسمِ الٰہی ہے اس صورت میں ھُوْ، بسکونِ واؤ پڑھا جائے گا۔ قولہ المعطوف:- عطف، کے لغوی معنی ہیں مائل کرنا یہاں عطف بمعنی معطوف ہے۔ چونکہ یہ حروف اپنے مابعد کو ماقبل کے حکم کی طرف مائل کر دیتے ہیں اس لئے ان کو حروف عطف کہتے ہیں۔ عرفِ نحات میں معطوف بحرف ایسا تابع ہے جس کی طرف وہ چیز منسوب کی جائے جو اس کے متبوع کی طرف منسوب کی گئی ہے اور وہ دونوں یعنی تابع اور متبوع اس نسبت سے مقصود ہوں۔ قولہ ویسمّٰی:- یعنی معطوف بحرف کو عطفِ نسق بھی کہتے ہیں۔ نَسَق، کے معنی برابر ہونے کے ہیں چونکہ عطف بحرف میں تابع اور متبوع ایک نسق پر ہوتے ہیں یعنی دونوں مقصود بالنسبت ہوتے ہیں اس لئے اس کو عطفِ نسق کہتے ہیں۔ قولہ شرطُهٗ:- عطف بحرف کی شرط یہ ہے کہ معطوف علیہ اور معطوف کے درمیان حروفِ عطف سے کوئی ایک حرف ہو اور حروف عطف دس ہیں جن کو شاعر نے اس طرح جمع کیا ہے۔

دہ حروفِ عاطفہ مشہور اند یعنی واؤ، فا ثُمَّ، حَتّٰی، اَوْ، اِمَّا، اَمْ، بَلْ، لٰكِنْ وَلَا

فائدہ:- مصنف کے کلام سے معلوم ہوتا ہے کہ حرفِ عاطفہ کا توسط شرط اور لازم ہے اور اُس کا حذف ممتنع ہے لیکن بعض کے نزدیک بلا عاطف بھی عطف جائز ہے جیسے اَكَلْتُ سَمَكًا، لَبَنًا، تَمْرًا۔

Marfat.com

وَاِذَا عُطِفَ عَلَى الضَّمِيْرِ الْمَرْفُوْعِ الْمُتَّصِلِ يَجِبُ تَاْكِيْدُهٗ بِالضَّمِيْرِ الْمُنْفَصِلِ نَحْوُ ضَرَبْتُ اَنَا وَزَيْدٌ اِلَّا اِذَا فُصِّلَ نَحْوُ ضَرَبْتُ الْيَوْمَ وَزَيْدٌ وَاِذَا عُطِفَ عَلَى الضَّمِيْرِ الْمَجْرُوْرِ يَجِبُ اِعَادَةُ حَرْفِ الْجَرِّ نَحْوُ مَرَرْتُ بِكَ وَبِزَيْدٍ **واعلم** اَنَّ الْمَعْطُوْفَ فِيْ حُكْمِ الْمَعْطُوْفِ عَلَيْهِ اَعْنِيْ اِذَا كَانَ الْاَوَّلُ صِفَةً لِشَيْئٍ اَوْخَبَرًا لِاَمْرٍ اَوْصِلَةً اَوْحَالًا فَالثَّانِيْ كَذٰلِكَ اَيْضًا

قولہ واذا عطف :- یعنی جب ضمیر مرفوع متصل پر عطف کا ارادہ کیا جائے تو پہلے اسکی تاکید ضمیر منفصل کے ساتھ لانا واجب ہے جیسے ارشاد باری تعالیٰ فاذھب انت وربک میں انت سے تاکید کی گئی ہے جیسا کہ ابن مالک نے کہا۔

وان علی ضمیر رفع متصل   عطفت فافصل بالضمیر المنفصل

سوال :- ضمیر کو مرفوع متصل کے ساتھ مقید کیوں کیا گیا ہے؟ جواب :- اس لئے کہ ضمیر منصوب، مجرور اور ضمیر مرفوع منفصل پر بلا تاکید عطف جائز ہے کہ وہ کسی کا جز نہیں ہوتیں۔ قولہ الا اذا فصل :- یعنی جب ضمیر مذکور اور اس کے معطوف کے درمیان فاصلہ ہو تو ترک تاکید جائز ہے اور یہ فاصلہ تاکید کے قائم مقام ہو جائے گا جیسے ضربت الیوم وزید۔ فائدہ :- یہ فاصلہ کبھی حرف عطف سے پہلے ہوتا ہے جیسے ضربت الیوم وزید میں ہے اور کبھی حرف عطف کے بعد جیسے ارشاد باری ما اشرکنا ولا اٰباؤنا، میں لا، زائدہ برائے تاکید حرف عطف کے بعد فاصل ہے۔ قولہ واذا عطف :- یعنی جب ضمیر مجرور پر عطف کیا جائے تو اسکے لئے اعادۂ جار واجب ہے اس لئے کہ ضمیر اپنے جار کے ساتھ شدت اتصال کی وجہ سے بمنزلہ اس کے جز کے ہوتی ہے اور کسی کلمہ کے جز پر عطف کرنا جائز نہیں جیسے مررت بک وبزید میں حرف جار کا اعادہ کیا گیا ہے۔ سوال :- اعادۂ جار کے وقت معطوف میں عامل پہلا جار ہوگا یا دوسرا؟ جواب :- پہلا جار عامل ہوگا اس لئے کہ دوسرا جار صحت عطف کیلئے زائد کیا گیا ہے گویا کہ وہ کالعدم ہے۔ فائدہ :- اعادۂ جار سعۃ کلام میں بصریین کا مختار ہے اور بوقت ضرورت ترک اعادۂ جار بھی جائز ہے۔ جیسے صلوا علیہ والہ میں۔ اور کوفیین کے نزدیک ترک اعادۂ جار مطلقاً جائز ہے اور جرمی کے نزدیک اگر اسم ظاہر سے ضمیر کی تاکید ہو جائے تو عطف بلا اعادۂ جار جائز ہے مثلاً مررت بک نفسک وزید کہنا درست ہے۔ قولہ اعلم :- اس جگہ مصنف وہ چند مواضع ذکر کرتے ہیں جن میں معطوف اپنے معطوف علیہ کے حکم میں ہوتا ہے یعنی جب معطوف علیہ کسی چیز کی صفت ہو تو معطوف بھی صفت ہوگا جیسے جاء زید العالم والعاقل۔ اور معطوف علیہ خبر ہو تو معطوف بھی خبر ہوگا جیسے زید عاقل وشاعر۔ اور معطوف علیہ صلہ ہو تو معطوف بھی صلہ ہوگا جیسے قام الذی صلی وصام۔ اور اگر معطوف علیہ حال ہو تو معطوف بھی حال ہوگا جیسے قعد زید مشدودا ومضروبا۔

Marfat.com

وَالضَّابِطَةُ فِيْهِ اَنَّهُ حَيْثُ يَجُوْزُ اَنْ يُقَامَ الْمَعْطُوْفُ مَقَامَ الْمَعْطُوْفِ عَلَيْهِ جَازَ الْعَطْفُ وَحَيْثُ لَا فَلَا. وَالْعَطْفُ عَلٰى مَعْمُوْلَىْ عَامِلَيْنِ مُخْتَلِفَيْنِ جَآئِزٌ اِنْ كَانَ الْمَعْطُوْفُ عَلَيْهِ مَجْرُوْرًا مُقَدَّمًا وَالْمَعْطُوْفُ كَذٰلِكَ نَحْوُ فِى الدَّارِ زَيْدٌ وَ الْحُجْرَةِ عَمْرٌو وَفِىْ هٰذِهِ الْمَسْئَلَةِ مَذْهَبَانِ اٰخَرَانِ وَهُمَا اَنْ يَّجُوْزَ مُطْلَقًا عِنْدَ الْفَرَّاءِ وَلَا يَجُوْزُ مُطْلَقًا عِنْدَ سِيْبَوَيْهِ **فَصْلٌ** اَلتَّاكِيْدُ

سوال:- رُبَّ شَاةٍ وَسَخْلَتِهَا، میں معطوف پر رُبَّ، کا دخول ممنوع ہے کیونکہ وہ معرفہ ہے جبکہ معطوف علیہ پر رُبَّ، داخل ہونا جائز ہے کیونکہ شاۃ، نکرہ ہے جس سے قاعدہ مذکورہ ٹوٹ گیا ہے؟ جواب:- اس مثال میں معطوف پر رُبَّ، کا دخول ممنوع نہیں کیونکہ معطوف بھی نکرہ ہے اس لئے کہ نکرہ کی طرف لوٹنے والی ضمیر عند البعض نکرہ ہوتی ہے لہٰذا ھا، ضمیر کی طرف اضافت کی وجہ سے کلمہ سَخْلَةٌ معرفہ نہ ہوا۔ یا اس لئے معطوف نکرہ ہے کہ متکلم کا مقصود اُس سے تعین نہیں بلکہ متکلم کی مراد ہے رُبَّ شَاةٍ وَسَخْلَةٍ لَهَا۔ فائدہ:- کچھ امور معطوف علیہ سے مختص ہوتے ہیں اور غیر کی طرف متجاوز نہیں ہوتے ان امور میں معطوف، معطوف علیہ کے حکم میں نہیں ہوتا۔ مثلاً معطوف علیہ جب لائے نفی جنس کا اسم نکرہ مفرد مبنی بر فتح ہوگا تو اس پر معطوف مبنی نہیں ہوگا جیسے لَا رَجُلَ وَزَيْدًا میں معطوف مبنی نہیں ہے۔ قولہ وَالضَّابِطَةُ:- اور عطف کا ضابطہ اور قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ جہاں معطوف کو معطوف علیہ کی جگہ رکھنا جائز ہو وہاں عطف بھی جائز ہوگا اور جہاں ناجائز ہوگا وہاں عطف بھی ناجائز ہوگا۔ قولہ وَالْعَطْفُ:- دو مختلف عاملوں کے دو معمولوں پر ایک حرف کے ذریعے عطف کرنے میں تین مذہب ہیں۔ (۱) ایسا عطف مطلقاً ناجائز ہے کیونکہ ایک حرف عطف میں اتنی قوت نہیں کہ دو عاملوں کے قائم مقام ہو سکے۔ (۲) یہ عطف مطلقاً جائز ہے یہ فرا کا مذہب ہے وجہ جواز یہ ہے کہ وہ اس کو ایک عامل کے دو مختلف معمولوں پر قیاس کرتے ہیں۔ (۳) جمہور کے نزدیک یہ عطف صرف ایک صورت میں جائز ہے وہ یہ کہ معطوف علیہ مجرور ہو اور مرفوع منصوب پر مقدم ہو اور معطوف بھی اسی طرح ہو جیسے فِى الدَّارِ زَيْدٌ وَّالْحُجْرَةِ عَمْرٌو، وجہ جواز یہ ہے کہ ایسی تراکیب کلام عرب میں بکثرت موجود ہیں۔ فائدہ:- آپ کو عربی عبارت میں درج ذیل نشانیاں بکثرت ملیں گی۔ ع، عط، عف۔ یہ عطف کا مخفف ہیں جس لفظ پر ان میں سے کوئی نشانی ہو اُس کے پیچھے والا پہلا لفظ معطوف علیہ ہوگا اور دوسرا لفظ معطوف ہوگا۔ قولہ التَّاكِيْدُ:- مصنف نے عطف بالحروف کے بعد تاکید کا بیان کیا بایں مناسبت کہ بعض حروفِ عطف تاکید لفظی کیلئے آتے ہیں مثلاً ثم اور فاء جیسے وَاللّٰهِ ثُمَّ وَاللّٰهِ، وَاللّٰهِ فَوَاللّٰهِ۔

Marfat.com

تَابِعٌ يَدُلُّ عَلٰى تَقْرِيْرِ الْمَتْبُوْعِ فِيْ مَا نُسِبَ اِلَيْهِ اَوْ عَلٰى شُمُوْلِ الْحُكْمِ لِكُلِّ فَرْدٍ مِنْ اَفْرَادِ الْمَتْبُوْعِ وَالتَّاكِيْدُ عَلٰى قِسْمَيْنِ لَفْظِيٌّ وَهُوَ تَكْرِيْرُ اللَّفْظِ الْاَوَّلِ نَحْوُ جَآءَنِيْ زَيْدٌ زَيْدٌ وَجَاءَ جَاءَ زَيْدٌ وَمَعْنَوِيٌّ وَهُوَ بِاَلْفَاظٍ مَعْدُوْدَةٍ وَهِيَ النَّفْسُ وَالْعَيْنُ لِلْوَاحِدِ وَالْمُثَنّٰى وَالْمَجْمُوْعِ بِاِخْتِلَافِ الصِّيْغَةِ وَالضَّمِيْرِ نَحْوُ جَاءَنِيْ زَيْدٌ نَفْسُهٗ وَالزَّيْدَانِ اَنْفُسُهُمَا اَوْ نَفْسَاهُمَا وَالزَّيْدُوْنَ اَنْفُسُهُمْ وَكَذٰلِكَ عَيْنُهٗ وَاَعْيُنُهُمَا اَوْ عَيْنَاهُمَا وَاَعْيُنُهُمْ وَجَاءَتْنِيْ هِنْدٌ نَفْسُهَا وَجَاءَتْنِي الْهِنْدَانِ اَنْفُسُهُمَا اَوْ نَفْسَاهُمَا وَجَاءَتْنِي الْهِنْدَاتُ اَنْفُسُهُنَّ وَكِلَا وَكِلْتَا لِلْمُثَنّٰى خَاصَّةً

قولہ تابعٌ:- یعنی تاکید وہ تابع ہے جو اپنے متبوع کی تقریر پر دلالت کرے اُس چیز میں جو متبوع کی طرف منسوب کی گئی ہو۔ یعنی متبوع کے منسوب الیہ ہونے کو پختہ کر دے تاکہ سامع پر یہ بات واضح ہو جائے کہ یہ چیز متبوع ہی کی طرف منسوب ہے کسی دوسری شئی کی طرف منسوب نہیں جیسے جآءنی زیدٌ زیدٌ یعنی میرے پاس زید بذاتِ خود آیا اُس کا پیغام یا مکتوب نہیں آیا۔ قولہ اوعلی شمولِ الحکم:- یہ علی تقریرِ الحکم، پر معطوف ہے۔ یعنی تاکید ایسا تابع ہے جو اس بات پر دلالت کرے کہ حکم مذکور متبوع کے ہر ہر فرد اور ہر ہر جز کو شامل ہے جیسے جآءنی القومُ کُلُّھم میں القومُ، کل اجزا کو شامل ہے اور لفظ کُل نے اس شمول کو پختہ کر دیا ہے۔ قولہ والتاکیدُ:- یعنی تاکید کی دو قسمیں ہیں اول تاکیدِ لفظی جو لفظ کے تکرار سے حاصل ہوتی ہے۔ تاکید کی یہ قسم تمام الفاظ میں جاری ہوتی ہے خواہ اسم ہوں جیسے جآءنی زیدٌ زیدٌ، یا فعل ہوں جیسے ضرب ضرب زیدٌ، یا حرف ہوں جیسے اِنَّ اِنَّ زیدًا قائمٌ۔ قولہ ومعنویٌّ:- تاکید کی دوسری قسم تاکیدِ معنوی ہے جو الفاظ مخصوصہ کے ساتھ آتی ہے اور وہ نو الفاظ ہیں۔ قولہ النفسُ والعینُ:- یعنی یہ دونوں لفظ باختلاف صیغہ وضمیر واحد، تثنیہ اور جمع کی تاکید کیلئے آتے ہیں۔ مصنف نے مثالوں میں الزیدان کی تاکید صیغہ جمع (انفسھما) اور صیغہ تثنیہ (نفساھما) سے کر کے اس بات کی طرف اشارہ کیا ہے صیغہ تثنیہ کی تاکید میں دو قول ہیں جمہور کے نزدیک صیغہ جمع کے ساتھ اور بعض کے نزدیک صیغہ تثنیہ کے ساتھ۔ قولہ کِلا وکِلتا:- یہ دونوں تثنیہ مذکر و تثنیہ مؤنث کی تاکید کیلئے آتے ہیں اور ان کے ساتھ جو ضمیر ہوتی ہے وہ متبوع کے غائب، مخاطب اور متکلم ہونے کے لحاظ سے بدلتی رہتی ہے۔ فائدہ:- مصنف کے قول خاصّةً میں دو احتمال ہیں۔

(۱) یہ کلمہ لِلمُثنّٰی سے حال ہو جو یُستعملان، مقدر کا مفعول ہے ای یُستعملان لِتاکیدِ المُثنّٰی خاصّةً۔

(۲) خُصُوصٌ کے معنی میں ہو کر فعلِ مقدر کا مفعولِ مطلق ہو ای خُصَّ المُثنّٰی بتاکِیدِ ھِما خُصُوصًا۔

Marfat.com

نَحْوُ قَامَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا وَقَامَتِ الْمَرْأَتَانِ كِلْتَاهُمَا وَكُلٌّ وَاَجْمَعُ وَاَكْتَعُ وَاَبْتَعُ وَاَبْصَعُ لِغَيْرِ الْمُثَنّٰى بِاخْتِلَافِ الضَّمِيْرِ فِيْ كُلِّ وَالصِّيْغَةِ فِي الْبَوَاقِيْ تَقُوْلُ جَاءَنِي الْقَوْمُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ اَكْتَعُوْنَ اَبْتَعُوْنَ اَبْصَعُوْنَ وَقَامَتِ النِّسَآءُ كُلُّهُنَّ جُمَعُ كُتَعُ بُتَعُ بُصَعُ وَاِذَا اَرَدْتَّ تَاكِيْدَ الضَّمِيْرِ الْمَرْفُوْعِ الْمُتَّصِلِ بِالنَّفْسِ وَالْعَيْنِ يَجِبُ تَاكِيْدُهٗ بِالضَّمِيْرِ الْمُنْفَصِلِ نَحْوُ ضَرَبْتَ اَنْتَ نَفْسُكَ

سوال:- خاصَۃً (مؤنث) کو اَلْمُثَنّٰی (مذکر) سے حال بنانا درست نہیں کیونکہ ذوالحال اور حال کے درمیان تذکیر وتانیث میں مطابقت ضروری ہے جو یہاں مفقود ہے؟ جواب:- خَاصَّۃً، کی تاء برائے تانیث نہیں بلکہ برائے مبالغہ ہے جیسے عَلَّامَۃٌ کی تاء برائے مبالغہ ہے۔ قولہ کُلٌّ وَاَجْمَعُ:- اور لفظِ کُلٌّ وغیرہ یہ پانچوں الفاظ غیرِ تثنیہ یعنی مفرد اور جمع کی تاکید کیلئے آتے ہیں۔ ان میں لفظ کُلٌّ واحد اور جمع کیلئے باختلافِ ضمیر آتا ہے اور باقی چار باختلافِ صیغہ آتے ہیں۔ فائدہ:- اَکْتَعُ، اَبْتَعُ اور اَبْصَعُ، اگر اکیلے ہوں تو اُنکے لئے کوئی معنیٰ نہیں اور جب اَجْمَعُ کے بعد آئیں تو معنیٰ اَجْمَعُ ہوتے ہیں۔ سوال:- تاکید معنوی مذکورہ نو الفاظ کے علاوہ کلمہ اِنَّ اور لامِ تاکید سے بھی آتی ہے مصنف نے ان کا ذکر کیوں نہیں کیا؟ جواب:- یہاں اُس تاکید کا بیان ہو رہا ہے جو از قسمِ توابع ہے اور وہ تاکید صرف انہیں الفاظ سے آتی ہے۔ مطلق تاکید کا بیان نہیں کہ دیگر الفاظ تاکید بھی ذکر کرتے۔ قولہ وَاِذَا اَرَدْتَّ:- اور جب تم ضمیر مرفوع کی تاکید نَفْس یا عَیْن کے ساتھ کرنا چاہو تو پہلے ضمیر منفصل کے ساتھ اُس کی تاکید لاؤ اور اِس طرح کہو ضَرَبْتَ اَنْتَ نَفْسُکَ۔ فائدہ:- چونکہ لفظِ نَفْس اور عَیْن، زیادہ تر فاعل واقع ہوتے ہیں جیسے زَیْدٌ ضَرَبَ نَفْسُہٗ اور بَشَرٌ جَآءَ عَیْنُہٗ، اس لئے ضروری ہے کہ بوقتِ تاکید پہلے اُن کی ضمیر منفصل کے ساتھ تاکید لائی جائے تاکہ فاعل اور تاکیدِ فاعل میں فرق ہو سکے یہی وجہ ہے کہ لفظ کُلٌّ اور اَجْمَعُ فاعل واقع نہیں ہوتے تو ان میں سے کوئی جب ضمیر متصل کی تاکید واقع ہو تو پہلے ضمیر منفصل کے ساتھ ان کی تاکید ضروری نہیں۔ سوال:- مصنف نے مضمر کو مرفوع اور متصل کے ساتھ کیوں مقید کیا ہے؟ جواب:- اس لئے کہ ضمیر منصوب، مجرور اور ضمیر منفصل کی تاکید لفظ نَفْس اور عَیْن کے ساتھ بغیر کسی شرط کے جائز ہے جیسے ضَرَبْتُکَ نَفْسَکَ، مَرَرْتُ بِکَ نَفْسِکَ، اَنْتَ نَفْسُکَ قَائِمَۃٌ۔

Marfat.com

وَلَا يُؤَكَّدُ بِكُلٍّ وَاَجْمَعَ اِلَّا مَالَهُ اَجْزَاءٌ وَاَبْعَاضٌ يَصِحُّ اِفْتِرَاقُهَا حِسًّا كَالْقَوْمِ اَوْحُكْمًا كَمَا تَقُوْلُ اِشْتَرَيْتُ الْعَبْدَ كُلَّهُ وَلَاتَقُوْلُ اَكْرَمْتُ الْعَبْدَ كُلَّهُ **واعلم** اَنَّ اَكْتَعَ وَاَبْتَعَ وَاَبْصَعَ اَتْبَاعٌ لِاَجْمَعَ وَلَيْسَ لَهَا مَعْنًى هٰهُنَا بِدُوْنِهٖ فَلَايَجُوْزُ تَقْدِيْمُهَا عَلٰى اَجْمَعَ وَلَاذِكْرُهَا بِدُوْنِهٖ **فصل** اَلْبَدَلُ تَابِعٌ يُنْسَبُ اِلَيْهِ مَانُسِبَ اِلٰى مَتْبُوْعِهٖ وَهُوَ الْمَقْصُوْدُ بِالنِّسْبَةِ دُوْنَ مَتْبُوْعِهٖ وَاَقْسَامُ الْبَدَلِ اَرْبَعَةٌ بَدَلُ الْكُلِّ مِنَ الْكُلِّ وَهُوَمَامَدْلُوْلُهٗ مَدْلُوْلُ الْمَتْبُوْعِ نَحْوُ جَاءَنِيْ زَيْدٌ اَخُوْكَ وَبَدَلُ الْبَعْضِ مِنَ الْكُلِّ وَهُوَ مَامَدْلُوْلُهٗ جُزْءُ مَدْلُوْلِ الْمَتْبُوْعِ نَحْوُ ضَرَبْتُ زَيْدًا رَأْسَهٗ وَبَدَلُ الْاِشْتِمَالِ وَهُوَمَامَدْلُوْلُهٗ مُتَعَلِّقُ الْمَتْبُوْعِ كَسُلِبَ زَيْدٌ ثَوْبُهٗ

قولہ ولایؤکد:- یعنی لفظ کُلّ اور اجمع کے ساتھ صرف اس چیز کی تاکید کی جاتی ہے جس کے ایسے اجزا اور ابعاض ہوں جو حسًا ایک دوسرے سے جدا ہو سکتے ہوں جیسے لفظ قوم یا حکما جدا ہو سکتے ہوں جیسے لفظ عبد، تیرے قول اشتریت العبد کلّہ میں۔ وجہ یہ ہے کہ ان دونوں لفظوں کی وضع افادۂ شمول کیلئے ہے جو صرف ذو اجزاء میں متصور ہے اور جس کے اجزاء نہیں ہیں وہاں شمول متعذر ہے لہذا اکرمتُ العبد کلّہ نہیں کہا جائے گا۔ فائدہ:- لفظ حسًا اور حکمًا کے نصب میں درج ذیل احتمال ہیں۔ (۱) مفعول مطلق ہوں بحذف مضاف ای یصحّ افتراقُھا افتراق حسّ۔ (۲) تمیز کی بنا پر منصوب ہوں۔ (۳) کان، محذوف کی خبر ہوں۔ (۴) بحذف مضاف حال ہوں ای یصحّ افتراقُھا حال کونھا ذات حسّ۔ فائدہ:- اکتع، ابتع اور ابصع، باب تاکید میں اجمع کے تابع ہیں البتہ اس امر میں اختلاف ہے کہ اجمع کے بعد ان میں سے کس کو لایا جائے زمخشری کے نزدیک ابتع، کی تقدیم دوسرے دو پر فصیح ہے۔ بغدادیہ کے نزدیک ابصع کی اور ابن کیسان کے نزدیک اجمع کے بعد جو بھی لایا جائے درست ہے۔ قولہ البدل تابع:- بدل وہ تابع ہے جسکی طرف وہ چیز منسوب کی گئی ہو جو اس کے متبوع کی طرف منسوب کی گئی ہے اور مقصود اس نسبت سے یہی تابع ہو اور متبوع کا ذکر محض تمہید کیلئے ہو جیسے جاءنی زیدٌ اخوک۔ اس مثال میں آنے کی نسبت اگرچہ زید اور اخوک دونوں کی طرف ہے مگر مقصود بالنسبۃ، اخوک ہے۔ قولہ واقسام البدل:- بدل کی چار قسمیں ہیں۔ (۱) بدل الکل۔ بدل الکل، وہ ہے کہ جس کا مدلول، مصداق وہی ہو جو مبدل منہ کا ہے جیسے جاءنی زیدٌ اخوک میں زید اور اخوک، ذات واحدہ پر بولے جاتے ہیں۔ (۲) بدل البعض، یہ وہ تابع ہے کہ جس کا مدلول، مبدل منہ کے مدلول کا بعض ہو جیسے ضربتُ زیدًا رأسہٗ۔ فائدہ:- بدل کی اس قسم کے ساتھ ایک ضمیر ہوتی ہے جو مبدل منہ کے موافق ہوتی ہے۔ (۳) بدل الاشتمال:- یہ وہ تابع ہے کہ جس کا مدلول، مبدل منہ (متبوع) کے مدلول کا متعلق ہو جیسے سُلِبَ زیدٌ ثوبُہٗ۔

Marfat.com

وَبَدَلُ الْغَلَطِ وَهُوَ مَا يُذْكَرُ بَعْدَ الْغَلَطِ نَحْوُ جَاءَنِيْ زَيْدٌ جَعْفَرٌ وَرَأَيْتُ رَجُلًا حِمَارًا وَالْبَدَلُ اِنْ كَانَ نَكِرَةً مِنْ مَعْرِفَةٍ يَجِبُ نَعْتُهُ كَقَوْلِهِ تَعَالٰى بِالنَّاصِيَةِ نَاصِيَةٍ كَاذِبَةٍ وَلَا يَجِبُ ذٰلِكَ فِيْ عَكْسِهٖ وَلَا فِي الْمُتَجَانِسَيْنِ **فصل** عَطْفُ الْبَيَانِ تَابِعٌ غَيْرُ صِفَةٍ يُوْضِحُ مَتْبُوْعَهٗ وَهُوَ اَشْهَرُ اِسْمَيْ شَيْئٍ نَحْوُ قَامَ اَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ وَقَامَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ وَلَا يَلْتَبِسُ بِالْبَدَلِ لَفْظًا فِيْ مِثْلِ قَوْلِ الشَّاعِرِ اَنَا ابْنُ التَّارِكِ الْبَكْرِيِّ بِشْرٍ **شعر** عَلَيْهِ الطَّيْرُ تَرْقُبُهٗ وُقُوْعًا

(۴) بَدَلُ الْغَلَطِ ، یہ وہ تابع ہے جو مبدل منہ کو غلطی سے ذکر کرنے کے بعد اُس کے تدارک کیلئے ذکر کیا جائے جیسے جَاءَنِیْ زَیْدٌ جَعْفَرٌ۔ قولہ وَالْبَدَلُ :- یعنی بدل اگر نکرہ ہو اور مبدل منہ معرفہ تو بدل کی صفت لانا واجب ہے جیسے بِالنَّاصِیَةِ نَاصِیَةٍ کَاذِبَةٍ ۔ فائدہ:- بدل اور مبدل منہ کی چار صورتیں ہیں۔(۱) دونوں معرفہ ہوں۔(۲) دونوں نکرہ ہوں۔(۳) مبدل منہ نکرہ ہو بدل معرفہ ہو۔(۴) مبدل منہ معرفہ ہو اور بدل نکرہ۔ چونکہ مقصود بِالنِّسْبَةِ ، بدل ہے اس لئے اس کو مبدل منہ سے ناقص نہیں ہونا چاہیے اور پہلی تین صورتوں میں چونکہ بدل ناقص نہیں اس لئے صفت سے بدل کی تخصیص ضروری نہیں اور چوتھی صورت میں بدل، ناقص ہے یعنی نکرہ ہے اس لئے اُس کی صفت لانا واجب ہے تاکہ بدل نکرہ مخصصہ ہو کر معرفہ کے قریب ہو جائے۔ قولہ عَطْفُ الْبَیَانِ :- عطف بیان وہ تابع ہے جو صفت نہ ہو لیکن موصوف کی وضاحت کرے۔ قولہ وَهُوَ اَشْهَرُ :- یعنی عطف بیان کسی چیز کے دو ناموں میں سے زیادہ مشہور کو کہتے ہیں جیسے اَبُوْ حَفْصٍ عُمَرُ میں اَبُوْ حَفْصٍ (کنیت) جو زیادہ مشہور نہیں ہے مُبَیَّن ہے اور عُمَرُ ، جو زیادہ مشہور ہے عطفِ بیان ہے اور یہ نام کے عطف بیان ہونے کی مثال ہے اور قَامَ عَبْدُ اللّٰهِ ابْنُ عُمَرَ ، کنیت کے عطفِ بیان ہونے کی مثال ہے۔ فائدہ: علم (نام) کی تین قسمیں ہیں۔ اول کنیت، جس کے شروع میں اَب یا اِبْن یا اُم یا بِنْتُ ہو۔ دوم لقب، جس سے مقصود مدح یا ذم ہو۔ سوم علم، جو لقب یا کنیت نہ ہو۔ قولہ وَلَا یَلْتَبِسُ :- کچھ لوگ بدل اور عطفِ بیان میں فرق نہیں کرتے اور توابع کی صرف چار قسمیں بتاتے ہیں مصنف اُن کا رد کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ بدل اور عطفِ بیان میں لفظاً اور معنیً فرق موجود ہے۔ فرق معنوی تو اس طرح کہ بدل مقصود بِالنِّسْبَتُ ہوتا ہے اور عطفِ بیان مقصود بِالنِّسْبَتُ نہیں ہوتا اور فرقِ لفظی شاعر کے قول سے واضح ہے کہ لفظ بِشْرٌ کو اَلْبَکْرِیَ سے عطفِ بیان بنانا جائز ہے جبکہ بدل بنانا جائز نہیں جس سے معلوم ہوا کہ عطف بیان اور بدل، شئی واحد نہیں ہیں۔ ترجمہ شعر۔ میں اُس شخص کا بیٹا ہوں جو بکری بِشر جیسے بہادر کو قتل کر کے چھوڑ دیتا ہے اس حال میں کہ پرندے اُس کے مرنے کا انتظار کر رہے ہیں۔

Marfat.com

اَلْبَابُ الثَّانِی فِی الْاِسْمِ الْمَبْنِیِّ وَھُوَ اسْمٌ وَّقَعَ غَیْرَ مُرَکَّبٍ مَعَ غَیْرِہٖ مِثْلُ ا ب ت ث وَمِثْلُ وَاحِد وَاِثْنَان وَثَلٰثَۃ وَ کَلَفْظَۃِ زَیْد وَحْدَہٗ فَاِنَّہٗ مَبْنِیٌّ بِالْفِعْلِ عَلَی السُّکُوْنِ وَمُعْرَبٌ بِالْقُوَّۃِ اَوْ شَابَہَ مَبْنِیَّ الْاَصْلِ بِاَنْ یَّکُوْنَ فِی الدَّلَالَۃِ عَلٰی مَعْنَاہُ مُحْتَاجًا اِلٰی قَرِیْنَۃٍ کَالْاِشَارَۃِ نَحْوُ ھٰؤُلَآءِ وَنَحْوِھَا اَوْ یَکُوْنَ عَلٰی اَقَلَّ مِنْ ثَلٰثَۃِ اَحْرُفٍ اَوْ تَضَمَّنَ مَعْنَی الْحَرْفِ نَحْوُ ذَا وَمَنْ وَاَحَدَعَشَرَ اِلٰی تِسْعَۃَ عَشَرَ

فائدہ:- شاعر کے قول میں لفظ بِشْرٍ کو اَلْبَکْرِیِّ سے بدل بنانا اس لئے جائز نہیں کہ بدل تکرارِ عامل کے حکم میں ہوتا ہے لہٰذا تقدیرِ عبارت ہوگی اَلتَّارِکِ بِشْرٍ اور یہ ترکیب تخفیف کا فائدہ نہ دینے کی بنا پر اَلضَّارِبُ زَیْدٍ کی مثل نا جائز ہے۔

قولہ **الباب الثانی فی الاسم المبنی** :- دوسرا باب اسم مبنی کے بیان میں ہے۔ مبنی، بنا بمعنی عدم تغیُّر سے ماخوذ ہے۔ چونکہ اسم کی اس قسم کا آخر عوامل کے تغیر سے متغیر نہیں ہوتا اس لئے اس کو مبنی کہتے ہیں اور مبنی کی دو قسمیں ہیں۔ قولہ وَھُوَ اسْمٌ :- اس عبارت میں مصنف نے مبنی کی قسم اول کی تعریف بیان کی ہے یعنی مبنی وہ اسم ہے جو اپنے غیر (عامل) کیساتھ مرکب نہ ہو جیسے ا، ب، ت، ث اور جیسے اسمائے اعداد وَاحِدٌ، اِثْنَانِ، ثَلٰثَۃٌ اور جیسے لفظ زَیْدٌ تنہا یعنی غیر مرکب۔ قولہ فَاِنَّہٗ مَبْنِیٌّ :- یعنی اس قسم کے اسماءِ مبنیہ، بالفعل (یعنی موجودہ صورت میں) مبنی علی السکون ہیں لیکن بالقوۃ معرب ہیں یعنی جب عامل کے ساتھ واقع ہوتے ہیں تو ان پر اعراب آجاتا ہے جیسا کہ حدیث میں اَلِفٌ حَرْفٌ، لَامٌ حَرْفٌ، مِیْمٌ حَرْفٌ، آیا ہے۔ فائدہ:- مصنف کے قول مثل ا، ب، ت، ث سے مراد ان حروف کے اسماء ہیں یعنی اَلِفْ، بَآءْ وغیرہ بایں قرینہ کہ یہ بحث اسم مبنی کی ہے نہ حرف کی اور ا، ب، ت، تو حروف تہجی ہیں۔ قولہ اَوْشَابَہَ الـخ :- یہ قسم دوم کی تعریف ہے یعنی مبنی وہ اسم ہے جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت (مناسبت) رکھتا ہو، اور مبنی الاصل تین چیزیں ہیں فعل ماضی، امر حاضر معروف اور جملہ حروف۔ فائدہ:- اس مشابہت ومناسبت سے مراد ایسی مشابہت ومناسبت ہے جو اعراب کے روکنے میں مؤثر ہو اور اسکی تین قسمیں ہیں، قسم اول:- اسم اپنے معنی پر دلالت کرنے میں قرینہ کا محتاج ہو جیسے اسمائے اشارہ، مضمرات وغیرہ۔ قسم دوم:- اسم کی بنا تین حروف سے کم ہو جیسے ذَا، مَنْ۔ قسم سوم:- اسم میں مبنی اصل کا معنی پایا جائے یا مبنی اصل کو متضمن ہو جیسے اَحَدَعَشَرَ سے تِسْعَۃَ عَشَرَ تک۔ فائدہ:- مشابہت، دو چیزوں کا ایک ایسے خاص وصف میں شریک ہونا جو ایک شئی کو لازم اور اس کا وصف مشہور ہو جیسے کہ اسد اور رجل شجاع، وصفِ شجاعت میں شریک ہیں اور شجاعت، اسد کا وصف مشہور ہے۔ مناسبت دو چیزوں کا ایک ایسے خاص وصف میں شریک ہونا جو دونوں کو لازم ہو جیسے زید اور خالد کا وصفِ شجاعت میں شریک ہونا۔ مجانست، دو چیزوں کا جنس میں شریک ہونا جیسے انسان اور فرس کی شرکت حیوانیت میں۔ مماثلت، دو چیزوں کا نوع میں شریک ہونا جیسے زید اور بکر کی شرکت، انسانیت میں۔ مشاکلت، دو چیزوں کا شکل وصورت میں ایک جیسا ہونا جیسے دیوار پر شیر کی منقش صورت اور شیر، ہم شکل ہوتے ہیں۔

Marfat.com

وَهٰذَا الْقِسْمُ لَا يَصِيْرُ مُعْرَبًا اَصْلًا وَحُكْمُهٗ اَنْ لَّا يَخْتَلِفَ اٰخِرُهٗ بِاخْتِلَافِ الْعَوَامِلِ وَحَرَكَاتُهٗ تُسَمّٰى ضَمًّا وَّفَتْحًا وَّكَسْرًا وَسُكُوْنُهٗ وَقْفًا وَهُوَ عَلٰى ثَمَانِيَةِ اَنْوَاعٍ اَلْمُضْمَرَاتُ وَاَسْمَآءُ الْاِشَارَاتِ وَالْمَوْصُوْلَاتِ وَاَسْمَآءُ الْاَفْعَالِ وَالْاَصْوَاتُ وَالْمُرَكَّبَاتُ وَالْكِنَايَاتُ وَبَعْضُ الظُّرُوْفِ

قولہ وهٰذا القسم:- اور مبنی کی یہ قسم کبھی معرب نہیں ہوتی نہ بالفعل اور نہ بالقوۃ، بخلاف قسم اول کے کہ وہ ترکیب کے بعد معرب بن جاتی ہے۔ فائدہ:- مبنی کی قسم ثانی میں جب کسی اسم میں مبنی اصل کی مشابہت کے معارض کوئی اور مشابہت پائی جائے تو پھر وہ اسم معرب ہو جاتا ہے جیسے اِثْنَاعَشَر حرف کو متضمن ہونے کی بنا پر مَبْنِيُّ الْاَصْلُ کے مشابہ ہے مگر حذف نون میں مضاف کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے اس کا پہلا جزء معرب ہے۔ قولہ حُكْمُهٗ:- اور مبنی کی قسم ثانی کا حکم یعنی اثر جو اس پر مرتب ہوتا ہے یہ ہے کہ اس کا آخر، عوامل کے بدلنے سے نہیں بدلتا۔ فائدہ:- حُكْمُهٗ کی ضمیر کا مرجع مطلق مبنی نہیں بلکہ مبنی کی قسم ثانی ہے اس لئے کہ قسم اول ترکیب مَعَ الْعَامِل کے بعد معرب ہو جاتی ہے اور اس کا آخر عوامل کے بدلنے سے بدل جاتا ہے جیسے جَآءَ نِیْ زَيْدٌ، رَأَيْتُ زَيْدًا، مَرَرْتُ بِزَيْدٍ۔ قولہ وَحَرَكَاتُهٗ:- اور مبنی کے حرکات کا نام ضم، فتح اور کسر رکھا گیا ہے اور اس کے سکون کا نام وقف۔ فائدہ:- نحات بصرہ، معرب اور مبنی کے حرکات کے ناموں میں فرق کرتے ہیں چنانچہ ان کے نزدیک مبنی کے حرکات کا نام ضم، فتح، کسر اور سکون کا نام وقف ہے اور معرب کے حرکات کا نام رفع، نصب اور جر ہے، جبکہ ضَمَّة، فَتْحَه اور کَسْرَہ حرکات اعرابیہ و بنائیہ میں مشترک ہے، لیکن نحات کوفہ کے نزدیک ان میں کوئی فرق نہیں وہ مبنی پر معرب کے حرکات اور معرب پر مبنی کے حرکات بول دیتے ہیں۔ قولہ وھو:- یعنی مبنی کی آٹھ قسمیں ہیں مضمرات وغیرہ۔ المضمرات اور اس کے معطوفات کو انواع سے بدل کی بنا پر مجرور پڑھ سکتے ہیں اور مبتدا مقدر احدھا وغیرہ کی خبر کی بنا پر مرفوع بھی پڑھ سکتے ہیں۔ فائدہ:- اصوات، اسماء نہیں اس لئے کہ اسم کی وضع معنی کے لئے ہوتی ہے جبکہ اصوات کی وضع معنی کیلئے نہیں ہے اسی لئے مصنف نے اُنکا ذکر نہیں کیا اور اُنکا ذکر اسماء مبنیہ میں اس لئے کیا گیا کہ یہ ملحق بالاسماء ہیں۔ قولہ وَبَعْضُ الظُّرُوْفِ:- ظروف، تمام مبنی نہیں بلکہ کچھ معرب بھی ہیں اس لئے وَبَعْضُ الظُّرُوْفِ کہا اور موصولات اکثر مبنی ہیں اس لئے بَعْضُ الْمَوْصُوْلَاتِ نہیں کہا لاَنَّ لِلْاَكْثَرِ حُكْمَ الْكُلِّ۔ اَلْمُضْمَرَاتُ۔ اسماء مبنیہ میں ضمائر کو مقدم کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ضمائر کے تمام افراد بالاتفاق مبنی ہیں اور کوئی ضمیر معرب نہیں ہوتی۔ وجہ بنا:- ضمائر کے مبنی ہونیکی وجہ یا تو ان کی اِحْتِیَاجٌ اِلَی الْمَرْجِعِ میں حرف کے ساتھ مشابہت ہے یا حرف کے ساتھ ان کی وضعی مشابہت ہے یعنی دو حرفی ہونا اور زائد حروف والی ضمیریں دو حرفی پر محمول ہیں۔

Marfat.com

فَصْلٌ اَلْمُضْمَرُ اِسْمٌ وُضِعَ لِيَدُلَّ عَلٰى مُتَكَلِّمٍ اَوْمُخَاطَبٍ اَوْغَائِبٍ تَقَدَّمَ ذِكْرُهٗ لَفْظًا اَوْ مَعْنًى اَوْحُكْمًا وَهُوَ عَلٰى قِسْمَيْنِ مُتَّصِلٌ وَّهُوَ مَالَايُسْتَعْمَلُ وَحْدَهٗ اِمَّامَرْفُوْعٌ نَحْوُ ضَرَبْتُ اِلٰى ضَرَبْنَ اَوْمَنْصُوْبٌ نَحْوُ ضَرَبَنِيْ اِلٰى ضَرَبَهُنَّ وَاِنَّنِيْ اِلٰى اِنَّهُنَّ اَوْمَجْرُوْرٌ نَحْوُ غُلَامِيْ وَلِيْ اِلٰى غُلَامِهِنَّ وَلَهُنَّ وَمُنْفَصِلٌ وَّهُوَ مَايُسْتَعْمَلُ وَحْدَهٗ اِمَّامَرْفُوْعٌ نَحْوُ اَنَا اِلٰى هُنَّ اَوْمَنْصُوْبٌ نَحْوُ اِيَّايَ اِلٰى اِيَّاهُنَّ فَذَالِكَ سِتُّوْنَ ضَمِيْرًا

قولہ اَلْمُضْمَرُ :- یعنی ضمیر ایسا اسم ہے جو متکلم، مخاطب یا ایسے غائب پر دلالت کرنے کیلئے وضع کیا گیا ہو جو لفظاً یا معنًی یا حکماً مذکور ہو۔ قولہ لَفْظًا :- ضمیر کا مرجع یا لفظاً تَحْقِیْقًا مقدم ہوگا جیسے ضَرَبَ زَیْدٌ غُلَامَهٗ میں زَیْدٌ، تَحْقِیْقًا مقدم ہے، یا تَقْدِیْرًا مقدم ہوگا جیسے ضَرَبَ غُلَامَهٗ زَیْدٌ" میں زَیْدٌ بنا بر فاعلیت تَقْدِیْرًا مقدم ہے۔ قولہ اَوْمَعْنًى :- مرجع کے مَعْنٰی مقدم ہونے سے مراد یہ ہے کہ جو لفظ مرجع کو متضمن ہے وہ ضمیر سے پہلے ہو۔ جیسے اِعْدِلُوْا هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى میں ضمیر کے مرجع، عدل کو اِعْدِلُوْا متضمن ہے اور وہ ضمیر سے پہلے ہے۔ قولہ اَوْحُكْمًا :- تقدم حکمی ضمیر شان اور ضمیر قصہ میں ہوتا ہے جو مَاحَضَرَ فِي الذِّهْنِ کی طرف لوٹا کرتی ہے جیسے قُلْ هُوَاللّٰهُ اَحَدٌ میں ضمیر شان (هُوَ) کا مرجع حُكْمًا مقدم ہے۔ قولہ وَهُوَعَلٰى قِسْمَيْنِ :- اور مضمر کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل :- مضمر متصل یعنی جو تنہا مستعمل نہ ہوتی ہو اور اُسکی تین قسمیں ہیں (۱) مرفوع (۲) منصوب اور (۳) مجرور۔ فائدہ :- ضمیر متصل کا بیان پہلے کیا اس لئے کہ اصل ضمائر میں اتصال ہے۔ دوم :- مضمر منفصل یعنی جو تنہا مستعمل ہوتی ہو اور اُسکی دو قسمیں ہیں (۱) مرفوع (۲) منصوب۔ اور ضمیریں کل بحذفِ مکرر ساٹھ ہیں۔ فائدہ :- ضمیرِ مجرور منفصل نہیں آتی اسلئے کہ ضمیر منفصل کی اُس کے عامل پر تقدیم جائز ہے اگر ضمیر مجرور منفصل آئے تو اُس کی تقدیم بھی عامل پر جائز ہوگی، جس سے مجرور کی تقدیم جار پر لازم آئے گی جو جائز نہیں۔ فائدہ :- (۱) ضمیرِ منصوب متصل اور ضمیرِ مجرور متصل برائے واحد مذکر غائب جب کسرہ کے بعد واقع ہو تو کسرہ اشباعی کے ساتھ پڑھی جاتی ہے جیسے بِهٖ، بِغُلَامِهٖ اور اِرْمِهٖ، (۲) اگر یاءِ ساکن کے بعد واقع ہو تو خالص کسرہ کے ساتھ پڑھی جاتی ہے جیسے فِيْهِ، اِضْرِبِيْهِ (۳) حرفِ صحیح ساکن کے بعد واقع ہو تو خالص ضمہ کے ساتھ پڑھی جاتی ہے جیسے مِنْهُ، وَمِنْ نِّعْمَرُهٗ (۴) اگر فتحہ یا ضمہ کے بعد واقع ہو تو ضمہ اشباعی کے ساتھ پڑھی جاتی ہے۔ رَحِمَهٗ، يَضْرِبُهٗ، لَهٗ۔ (۵) اگر الف یا واؤ ساکن کے بعد واقع ہو تو ضمہ خالص کیساتھ پڑھی جاتی ہے جیسے اِشْتَرَاهُ، خُذُوْهُ۔ اور (۶) ضمیرِ جمع مذکر (هُمْ) اور جمع مؤنث (هُنَّ) اور ضمیرِ تثنیہ (هُمَا) اگر یائے ساکن یا کسرہ کے بعد واقع ہو تو مکسور پڑھی جائے گی جیسے عَلَيْهِمْ، عَلَيْهِنَّ، عَلَيْهِمَا، اِرْمِهِمْ، اِرْمِهِنَّ اور اِرْمِهِمَا، ورنہ مضموم پڑھی جائے گی جیسے لَهُمْ، لَهُنَّ وغیرہ۔ اور مَآ اَنْسَانِيْهُ میں یائے ساکن کے بعد ضمیر میں ضمہ خالص اور وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا میں کسرہ اشباعی پڑھنا قلیل ہے اور سماع پر موقوف ہے۔

Marfat.com

واعلم اَنَّ الْمَرْفُوْعَ الْمُتَّصِلَ خَاصَّةً يَكُوْنُ مُسْتَتِرًا فِی الْمَاضِیْ لِلْغَائِبِ وَالْغَائِبَةِ كَضَرَبَ اَیْ هُوَ وَضَرَبَتْ اَیْ هِیَ وَفِی الْمُضَارِعِ الْمُتَكَلِّمِ مُطْلَقًا نَحْوُ اَضْرِبُ اَیْ اَنَا وَنَضْرِبُ اَیْ نَحْنُ وَلِلْمُخَاطَبِ كَتَضْرِبُ اَیْ اَنْتَ وَلِلْغَائِبِ وَالْغَائِبَةِ كَيَضْرِبُ اَیْ هُوَ وَتَضْرِبُ اَیْ هِیَ وَفِی الصِّفَةِ اَعْنِیْ اِسْمَ الْفَاعِلِ وَالْمَفْعُوْلِ وَغَيْرَهُمَا مُطْلَقًا وَلَايَجُوْزُ اِسْتِعْمَالُ الْمُنْفَصِلِ اِلَّا عِنْدَ تَعَذُّرِ الْمُتَّصِلِ كَاِيَّاكَ نَعْبُدُ وَمَاضَرَبَكَ اِلَّا اَنَا وَاَنَا زَيْدٌ وَمَا اَنْتَ اِلَّا قَائِمًا

قولہ اِعْلَمْ :- مصنف علیہ الرحمۃ اقسامِ ضمیر بیان کرنے کے بعد کلمۂ اِعْلَمْ کے ساتھ مخاطب کو متوجہ کر کے ضمیر مرفوع کے مواضعِ اِسْتِتَار ذکر کرتے ہیں۔ اور وہ تین ہیں۔ اوّل:- فعلِ ماضی، جس کے دو صیغوں میں ضمیر، مستتر ہوتی ہے مثلاً ضَرَبَ میں ھُوَ اور ضَرَبَتْ میں ھِیَ۔ دوم:- فعلِ مضارع، جس کے پانچ صیغوں میں ضمیر، مستتر ہوتی ہے۔ مثلاً یَضْرِبُ میں ھُوَ، تَضْرِبُ میں ھِیَ، تَضْرِبُ میں اَنْتَ، اَضْرِبُ میں اَنَا اور نَضْرِبُ میں نَحْنُ۔ سوم:- صیغہائے صفت، صفت کے تمام صیغوں میں ضمیر، مستتر ہوتی ہے کیونکہ ان میں اِستتارِ ضمیر پر قرینہ موجود ہے مثلاً صیغہ تثنیہ میں الف اور صیغہ جمع میں واؤ اور صیغہ مفرد، اُن پر محمول ہے۔ سوال:- ھُوَ مبنی بر فتح ہے یا مبنی بر ضم؟ جواب:- بصریہ کے نزدیک مبنی بر فتح ہے اور واؤ جزو کلمہ ہے اور کوفیہ کے نزدیک مبنی بر ضم ہے اور واؤ برائے اشباع ہے قولِ اول صحیح ہے کہ حرفِ اِشباع، متحرک نہیں ہوتا اور ھِیَ بصریہ کے نزدیک مبنی بر فتحہ اور کوفیہ کے نزدیک مبنی بر کسر ہے۔ قولہ وَلَایَجُوْزُ:- یعنی ضمیر منفصل لانا صرف اُس وقت جائز ہے جب ضمیر متصل لانا متعذر ہو اس لئے کہ ضمیر کی وضع اختصار کیلئے ہے اور ضمیرِ متصل، قلتِ حروف کی وجہ سے منفصل سے مختصر ہے لہٰذا ضمیرِ منفصل کی طرف عدول اُسوقت ہوگا جب متصل متعذر ہو مثلاً مَا اَنْتَ قَائِمًا میں کہ مَا، حرف ہے جس کے ساتھ ضمیر، متصل نہیں ہوسکتی۔ فائدہ:- ضمیر متصل کے مواضعِ تَعَذُّرْ یہ ہیں (۱) جب ضمیر اپنے عامل پر مقدم ہو جیسے اِیَّاکَ نَعْبُدُ وجہِ تعذر یہ ہے کہ ضمیر کا اتصال آخر میں ہوتا ہے۔ اور یہ اول میں ہے۔ (۲) جب ضمیر اور اس کے عامل کے درمیان کسی ایسی غرض کیلئے فصل ہو کہ وہ غرض بلا فصلِ فاصل حاصل نہ ہوسکتی ہو مثلاً فصل برائے قصر، جیسے مَاضَرَبَ اِلَّا اَنَا۔ (۳) جب عامل حرف ہو اور ضمیر مرفوع ہو جیسے مَا اَنْتَ قَائِمًا، اس لئے کہ ضمیر مرفوع حرف سے متصل نہیں ہوسکتی۔ (۴) جب ضمیر کا عامل معنوی ہو جیسے ھُوَ زَیْدٌ میں عاملِ ضمیر معنی ابتدا ہے اور وجہِ تعذر یہ ہے کہ ضمیر کا اتصال عامل معنوی سے نہیں ہوسکتا۔ (۵) جب ضمیر کا عامل محذوف ہو کیونکہ محذوف سے بھی اتصال نہیں ہوسکتا جیسے اِیَّاکَ وَالشَّرَّ۔

Marfat.com

واعلم اَنَّ لَهُمْ ضَمِيرًا يَقَعُ قَبْلَ جُمْلَةٍ تُفَسِّرُهُ وَيُسَمّٰى ضَمِيرَ الشَّانِ فِى الْمُذَكَّرِ وَضَمِيرَ الْقِصَّةِ فِى الْمُؤَنَّثِ نَحْوُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَاِنَّهَا زَيْنَبُ قَائِمَةٌ وَيَدْخُلُ بَيْنَ الْمُبْتَدَأِ وَالْخَبَرِ صِيْغَةُ مَرْفُوْعٍ مُنْفَصِلٍ مُطَابِقٍ لِلْمُبْتَدَأِ اِذَا كَانَ الْخَبَرُ مَعْرِفَةً اَوْ اَفْعَلَ مِنْ كَذَا وَيُسَمّٰى فَصْلًا لِاَنَّهُ يُفَصِّلُ بَيْنَ الْخَبَرِ وَالصِّفَةِ نَحْوَ زَيْدٌ هُوَ الْقَائِمُ وَكَانَ زَيْدٌ هُوَ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى كُنْتَ اَنْتَ الرَّقِيْبَ عَلَيْهِمْ

قولہ واعلم:۔ مصنف علیہ الرحمۃ نے ضمیر کی تعریف میں ضمیر غائب کیلئے مرجع کا مذکور ہونا ضروری قرار دیا تھا اب بطور استثناء ایک ایسی ضمیر کا ذکر کرتے ہیں جو ضمیر غائب ہے لیکن اس کا مرجع مذکور نہیں ہوتا اور کلام عرب میں ایسی ضمیر کا لانا جائز بھی ہے چنانچہ فرمایا نحات کے ہاں ایک ایسی ضمیر ہے جو جملہ سے پہلے واقع ہوتی ہے اور جملہ اسکی تفسیر کرتا ہے، یہ ضمیر مذکر کی ہو تو ضمیر شان کہلاتی ہے اور مؤنث کی ہو تو ضمیر قصہ۔ ضمیر شان کی مثال قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ہے اور ضمیر قصہ کی مثال اِنَّهَا زَيْنَبُ قَائِمَةٌ ہے فائدہ:۔ نحات بصرہ کے ہاں اس ضمیر کا نام ضمیر شان و ضمیر قصہ ہے اس لئے کہ یہ کسی واقعہ کی شان وعظمت پر دلالت کرتی ہے۔ کیونکہ کسی چیز کو مبہم ذکر کرنے کے بعد اسکی تفصیل کرنے سے سامع کے ذہن میں اُسکی قدر و منزلت بیٹھ جاتی ہے۔ اور نحات کوفہ اس ضمیر کو ضمیر مجہول کہتے ہیں۔ قولہ ویدخل:۔ یعنی مبتدا اور خبر کے درمیان صیغہ مرفوع منفصل داخل ہوتا ہے جو افراد، تثنیہ، جمع اور تذکیر و تانیث اور تکلم و خطاب اور غیبت میں مبتدا کے مطابق ہوتا ہے (جبکہ خبر معرفہ ہو یا اسم تفضیل مستعمل بمن) اور نحات بصرہ اسکو ضمیر فصل کے نام سے یاد کرتے ہیں کیونکہ یہ ضمیر مبتدا اور صفت کے درمیان فرق کر دیتی ہے یعنی یہ بات واضح کر دیتی ہے کہ اسکا مابعد اس کے ماقبل کی خبر ہے صفت نہیں جیسے زَيْدٌ هُوَ الْقَائِمُ۔ سوال:۔ ضمیر فصل لانے کیلئے خبر کا معرفہ ہونا یا اسم تفضیل مستعمل بمن ہونا کیوں ضروری ہے؟ جواب:۔ التباس اُس وقت ہوتا ہے جب خبر معرفہ ہو اس لئے کہ نکرہ معرفہ کی صفت واقع نہیں ہوتا لہٰذا ضمیر نے آکر یہ واضح کر دیا کہ اس کا مابعد اس کے ماقبل کی صفت نہیں کہ موصوف اور صفت میں فصل نہیں ہوتا اور اسم تفضیل مستعمل بمن معرفہ کے حکم میں ہوتا ہے۔ فائدہ:۔ مصنف نے صیغہ مرفوع کہا ضمیر مرفوع نہیں کہا اس لئے کہ یہ کلمہ بعض کے نزدیک اسم نہیں کیونکہ یہ معنی غیر مستقل پر دلالت کرتا ہے یعنی رَفْعُ الْاِلْتِبَاسِ پر لہٰذا یہ حرف ہوا اور ضمیر، اسم ہوتی ہے۔ اور بعض کے نزدیک یہ اسم ہے۔ مصنف نے دونوں فریقوں کی رعایت کرتے ہوئے اسکو "صیغہ" کیساتھ تعبیر کیا کیونکہ اس کے صیغہ ہونے میں کسی کو اختلاف نہیں ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ اَسْمَآءُ الْاِشَارَةِ مَا وُضِعَ لِيَدُلَّ عَلٰى مُشَارٍ اِلَيْهِ وَهِىَ خَمْسَةُ اَلْفَاظٍ لِسِتَّةِ مَعَانٍ وَذٰلِكَ ذَا لِلْمُذَكَّرِ وَذَانِ وَذَيْنِ لِمُثَنَّاهُ وَتَا وَتِىْ وَتِهْ وَذِهْ وَتِهِىْ وَذِهِىْ لِلْمُؤَنَّثِ وَتَانِ وَتَيْنِ لِمُثَنَّاهُ وَاُولَاءِ بِالْمَدِّ وَالْقَصْرِ لِجَمْعِهِمَا

قولہ اَسْمَاءُ الْاِشَارَةِ :- اسماءِ اشارہ، وہ اسماء ہیں جن میں سے ہر ایک مشارٌ اِلَیْہِ پر دلالت کرنے کیلئے وضع کیا گیا ہو۔ انکی بنا کا سبب یا تو حرف کے ساتھ مشابہت ہے کہ یہ مشار الیہ کے محتاج ہوتے ہیں یا اِن میں سے بعض کی وضع حرف جیسی ہے مثلاً ذا اور ذی، حرف کی طرح دو حرفی ہیں اور جنکے حرف دو سے زائد ہیں وہ دو حرفی پر محمول ہو کر مبنی ہیں۔ فائدہ :- اسماءِ اشارہ اُن معانی کیلئے وضع کئے گئے ہیں جن کی طرف اشارہ حِسّیہ کیا جاتا ہے اور ارشادِ باری تعالیٰ ذالِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ میں مشارٌ الیہ اپنی عظمت کی وجہ سے بمنزلہ محسوس و مشاہد کے ہے اور ضمیرِ غائب و لامِ عہد سے بھی اشارہ ہوتا ہے مگر یہ اشارہ ذہنیہ ہوتا ہے۔ قولہ وَهِىَ خَمْسَةُ اَلْفَاظٍ :- اور اسماءِ اشارہ پانچ الفاظ ہیں چھ معانی کے لئے اس لئے کہ جمع مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ایک لفظ ہے۔ ان پانچ کی تفصیل اسطرح ہے کہ ذَا مفرد مذکر کیلئے ہے، ذان اور ذَیْنِ تثنیہ مذکر کیلئے ہیں۔ فائدہ :- نحاتِ کوفہ کے نزدیک اسمِ اشارہ فقط ذال ہے جس کے بعد الف زائدہ ہے اور اخفش کے نزدیک ذَا کا الف یاء سے بدلا ہوا ہے کیونکہ ذَا اصل میں ذَیٌّ بتشدید یاء تھا، یائے ثانی کو بوجہ تخفیف حذف کیا تو ذَیْ رہ گیا پھر یا کو الف کر دیا تا کہ کَیْ کی شکل و صورت سے نکل جائے جو حرف ہے تو ذا ہوا۔ سوال :- کیا ذان بھی مبنی ہے؟ حالانکہ یہ حالتِ نصب و جر میں ذَیْنِ ہو جاتا ہے یعنی اس کا الف، یاء ہو جاتا ہے۔ جواب :- زجاج کے نزدیک تو مبنی ہے بلکہ ہر تثنیہ اس کے نزدیک حرف کو متضمن ہونے کی وجہ سے مبنی ہے کیونکہ زَیْدَان اُس کے نزدیک دراصل زَیْدٌ وَّزَیْدٌ ہے اور هٰذَان، هٰذَا وَهٰذَا ہے۔ زجاج کے علاوہ باقی نحات میں سے بعض کے نزدیک هٰذَان مبنی ہے اور علتِ بنا وہی ہے جو ذَا میں ہے اور بعض کے نزدیک معرب ہے اِس لئے کہ اِسکا الف، یاء سے بدل جاتا ہے۔ قولہ وَتَا وَتِیْ ...... الخ :- یعنی تَا، تِیْ اور ذِیْ وغیرہ یہ تمام الفاظ واحد مؤنث کے لئے ہیں بعض کے نزدیک ان میں اصل لفظِ ذِیْ ہے کہ ذَا کے مقابلہ میں مؤنث کے لئے ہے اور ذَا کے الف کو یاء کر دینے سے بنا ہے اور بعض کے نزدیک تا اصل ہے اس لئے کہ تثنیہ صرف اُسی کا آتا ہے یعنی تَانِ اور تَیْنِ۔
قولہ وتان :- تان اور تَیْنِ تثنیہ مؤنث کیلئے ہے اور اُولَاءِ مد اور قصر کیساتھ جمع مذکر و مؤنث کیلئے ہے۔

Marfat.com

وَقَدْ يَلْحَقُ بِاَوَائِلِهَا هَاءُ التَّنْبِيْهِ نَحْوُ هٰذَا، وَهٰذَانِ، وَهٰؤُلَاءِ، وَيَتَّصِلُ بِاَوَاخِرِهَا حَرْفُ الْخِطَابِ وَهُوَ اَيْضًا خَمْسَةُ اَلْفَاظٍ لِسِتَّةِ مَعَانٍ نَحْوُ كَ، كُمَا، كُمْ، كِ، كُنَّ فَذٰلِكَ خَمْسَةٌ وَّعِشْرُوْنَ الْحَاصِلُ مِنْ ضَرْبِ خَمْسَةٍ فِيْ خَمْسَةٍ وَهِيَ ذَاكَ اِلٰى ذَاكُنَّ وَذَانِكَ اِلٰى ذَانِكُنَّ وَكَذٰلِكَ الْبَوَاقِيْ وَاعْلَمْ اَنَّ ذَا لِلْقَرِيْبِ وَذٰلِكَ لِلْبَعِيْدِ وَذَاكَ لِلْمُتَوَسِّطِ

قولہ وقد یلحق :- اور کبھی اسماء اشارہ کے شروع میں ہائے تنبیہ لاحق کیجاتی ہے تاکہ مخاطب اس مضمون سے غافل نہ رہے جسے متکلم بیان کر رہا ہے جیسے ھذا اور کبھی اس ہاء کے بدلے لام آتا ہے جیسے ذلک میں، یہی وجہ ہے کہ ہاء اور لام جمع نہیں ہوتے اور ھذالک نہیں کہتے۔ فائدہ:- لحوق کے معنی اگرچہ آخر میں آنے کے ہیں مگر یہاں مجازاً اول میں آنا مراد ہے اور یہاں لحوق سے اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حرفِ تنبیہ اسمِ اشارہ کا جز نہیں ہے۔ قولہ ویتصل الخ :- اور ان اسماءِ اشارہ کے آخر میں حرفِ خطاب (کاف) لاحق کیا جاتا ہے تاکہ وہ مخاطب کے مفرد، تثنیہ، جمع اور مذکر و مؤنث ہونے پر دلالت کرے اور حرفِ خطاب بھی پانچ لفظ ہیں چھ معانی کیلئے جیسے کَ، کُمَا وغیرہ۔ فائدہ:- اسمائے اشارہ کے آخر میں آنے والا کاف، حرف ہے اس لئے کہ مستقل بالمفہومیت نہیں ہے اور حرفِ خطاب آنے سے اسم اشارہ ذلکما اور ذالکم برائے تثنیہ وجمع نہیں ہوجاتے اور نہ ذالکُنَّ جمع مؤنث کیلئے بلکہ یہ سب واحد کے لئے ہیں جیسے ذالکُمُ اللّٰہُ ربُّکُم میں ذالکُم واحد کیلئے ہے۔ سوال:- حرف میں تصریف نہیں ہوتی اور کاف میں تصریف ہے جیسے کَ، کُمَا، کُمْ، لہٰذا کافِ خطاب اسم ہونا چاہئے؟ جواب:- اس میں تصریف محض اسلئے ہے کہ اسکی شکل وصورت کافِ ضمیر جیسی ہے جس میں تصریف ہوتی ہے۔ قولہ اعلم انّ ذا :- یعنی اسمِ اشارہ ذا کیساتھ مشارٌ الیہ قریب کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے اس لئے کہ اس کے حروف کم ہیں جو قلتِ مسافت پر دلالت کرتے ہیں اور ذالک بعید کیلئے ہے کہ اسمیں کثرتِ حروف ہیں جو کثرتِ مسافت پر دال ہیں اور ذاکَ متوسط کیلئے ہے کیونکہ اس کے حروف متوسط قلت مسافت پر دال ہیں۔ چونکہ متوسط کا تعین طرفین کے تعین پر موقوف ہے اس لئے ذاکَ کا ذکر بعد میں کیا۔ فائدہ:- تین جگہ ذالک کے لام کا ترک واجب ہے (۱) تثنیہ میں جیسے ذانکَ (۲) جمع میں جب مد کیساتھ ہو جیسے اُولٰئک (۳) جب حرفِ تنبیہ شروع میں آجائے جیسے ھذاک۔

Marfat.com

فصل اَلْمُوْصُوْلُ اِسْمٌ لَّا يَصْلَحُ اَنْ يَّكُوْنَ جُزْأً تَامًّا مِّنْ جُمْلَةٍ اِلَّا بِصِلَةٍ بَعْدَهٗ وَالصِّلَةُ جُمْلَةٌ خَبَرِيَّةٌ وَلَابُدَّ مِنْ عَائِدٍ فِيْهَا يَعُوْدُ اِلَى الْمَوْصُوْلِ مِثَالُهُ اَلَّذِىْ فِىْ قَوْلِنَا جَآءَ الَّذِىْ اَبُوْهُ قَائِمٌ اَوْقَامَ اَبُوْهُ وَالَّذِىْ لِلْمُذَكَّرِ وَاللَّذَانِ وَاللَّذَيْنِ لِمُثَنَّاهُ وَالَّتِىْ لِلْمُؤَنَّثِ وَاللَّتَانِ وَاللَّتَيْنِ لِمُثَنَّاهَا وَالَّذِيْنَ وَالْاُلٰى لِجَمْعِ الْمُذَكَّرِ وَاللَّاتِىْ وَاللَّوَاتِىْ وَاللَّاءِ وَاللَّائِىْ لِجَمْعِ الْمُؤَنَّثِ وَمَا وَمَنْ وَاَىٌّ وَاَيَّةٌ وَذُوْ بِمَعْنَى الَّذِىْ فِىْ لُغَةِ بَنِىْ طَىٍّ كَقَوْلِ الشَّاعِرِ۔

فَاِنَّ الْمَآءَ مَآءُ اَبِىْ وَجَدِّىْ	شعر	وَبِيْرِىْ ذُوْ حَفَرْتُ وَذُوْ طَوَيْتُ

اَىِ الَّذِىْ حَفَرْتُهٗ وَالَّذِىْ طَوَيْتُهٗ

الموصول موصول ایسا اسم ہے جو صلہ کے بغیر جملہ کا جزِ تام (فاعل وغیرہ) نہ بن سکے (جو صلہ اسکے بعد ہوتا ہے) اور صلہ ایسے جملہ خبریہ کو کہتے ہیں کہ جس کا مضمون مخاطب کو معلوم ہو جیسے جَآءَ الَّذِىْ اَبُوْهُ قَائِمٌ میں اَلَّذِىْ اسم موصول اور اَبُوْهُ قَائِمٌ اُسکا صلہ ہے جس کے بغیر اَلَّذِىْ فاعل نہیں بن سکتا۔ فائدہ:- صلہ چونکہ موصول کا بیان ہوتا ہے اور بیان جملہ ہی کے ذریعہ ہوسکتا ہے اس لئے موصول کا صلہ جملہ آتا ہے اور جملہ خبریہ موصول کے ساتھ مربوط ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے کیونکہ انشائیہ ربط کو قبول نہیں کرتا۔ قولہ وَلَابُدَّ الخ:- یعنی صلہ میں عائد اِلَى الْمَوْصُوْلِ برائے ربط ضروری ہے اور عائد غالباً ضمیر ہوتی ہے جو موصول کی طرف لوٹتی ہے۔ فائدہ:- اُولٰى بروزن عُلٰى وَهُدٰى ہے نہ بروزن طُوْبٰى اور اس میں واؤ صرف ہمزہ کا ضمہ ظاہر کرنے کیلئے لکھا جاتا ہے، یہ اَلَّذِىْ کی جمع مِنْ غیر لفظہ ہے اور جمع مذکر میں اسکا استعمال زیادہ مشہور ہے۔ قولہ وَمَا وَمَنْ:- کلمہ مَا اسم موصول برائے غیر ذی عقل ہے غالباً اور مَن اسم موصول برائے ذی عقل ہے۔ یہ دونوں واحد، تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث سب کیلئے آتے ہیں۔ قولہ وَاَىٌّ وَاَيَّةٌ:- اَىّ اسم موصول برائے مذکر و مؤنث ہے۔ رضی میں ہے کہ وَاِذَا اُرِيْدَ بِهِ الْمُؤَنَّثُ جَازَ اِلْحَاقُ التَّآءِ بِهٖ، یعنی جب اَىّ سے مؤنث مراد ہو تو اُسکے آخر میں تاء لاحق کرنا جائز ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ تاء کے بغیر بھی تانیث کیلئے آتا ہے اور اَيَّةٌ صرف مؤنث کیلئے مستعمل ہوتا ہے اور یہ دونوں واحد، تثنیہ اور جمع تینوں کیلئے آتے ہیں۔ فائدہ:- لفظ اَىّ غیر ندا میں زیادہ تر مذکر و مؤنث دونوں کیلئے آتا ہے جیسے بِاَىِّ كِتَابٍ اور بِاَيَّةِ اَرْضٍ، لیکن ندا میں مذکر کیلئے صیغہ مذکر آتا ہے اور مؤنث کیلئے صیغہ مؤنث جیسے يَآ اَيُّهَا الْاِنْسَانُ اور يَآ اَيَّتُهَا النَّفْسُ۔ قولہ وَذُوْ:- اور ذُوْ لغت بنی طی میں اسم موصول ہے جو بمعنی اَلَّذِىْ یا اَلَّتِىْ ہوتا ہے۔ جیسا کہ شعر میں ذُوْ بمعنی اَلَّذِىْ ہے۔ (ترجمہ) جس پانی کے متعلق نزاع ہو رہا ہے وہ میرے باپ دادا کا ہے اور کنواں جس کے بارے میں نزاع ہے اُسکو میں نے کھودا ہے اور پتھروں سے گول کیا ہے۔

Marfat.com

وَالْاَلِفُ وَاللَّامُ بِمَعْنَى الَّذِىْ صِلَتُهُ اِسْمُ الْفَاعِلِ وَ اِسْمُ الْمَفْعُوْلِ نَحْوُ جَآءَ نِىْ الضَّارِبُ زَيْدًا اَىِ الَّذِىْ يَضْرِبُ زَيْدًا اَوْ جَآءَ نِى الْمَضْرُوْبُ غُلَامُهُ وَ يَجُوْزُ حَذْفُ الْعَآئِدِ مِنَ اللَّفْظِ اِنْ كَانَ مَفْعُوْلًا نَحْوُ قَامَ الَّذِىْ ضَرَبْتُ اَىِ الَّذِىْ ضَرَبْتُهُ وَاعْلَمْ اَنَّ اَيًّا وَّاَيَّةً مُعْرَبَةٌ اِلَّا اِذَا حُذِفَ صَدْرُ صِلَتِهَا كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى ثُمَّ لَنَنْزِعَنَّ مِنْ كُلِّ شِيْعَةٍ اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا اَىْ هُوَ اَشَدُّ

فائدہ:- کلمہ ذُو کبھی بمعنی صاحب آتا ہے جیسا کہ اسماءِ ستہ مکبرہ میں گزرا ہے یہ ذُو معرب ہے اور کبھی بمعنی اَلَّذِیْ ، یہ مبنی ہے اور یہ مذکر، مؤنث، واحد، تثنیہ اور جمع سب کیلئے آتا ہے اور تمام حالتوں میں یکساں رہتا ہے۔ یہ لغت مشہورہ ہے اور ایک لغت میں مؤنث کیلئے لفظ ذاتُ بضم تاء ہے۔ قولہ وَالْاَلِفُ:- یعنی الف ولام کا مجموعہ جو اَلَّذِیْ وغیرہ کے معنی میں ہوتا ہے یہ بھی اسم موصول ہے جس کا صلہ اسم فاعل اور اسم مفعول ہوتا ہے۔ سوال:- جب الف لام اسم موصول ہے اور صلہ جملہ خبریہ ہوتا ہے، تو اسم فاعل کو صلہ قرار دینے میں کیا حکمت ہے؟ جواب:- اس کی حکمت اس بات کی طرف اشارہ کرنا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول اپنے اپنے مسند الیہ سے ملکر شبہ جملہ خبریہ ہوتے ہیں۔ قولہ وَيَجُوْزُ:- وہ ضمیر جو صلہ میں ہوتی ہے اور موصول کو لوٹتی ہے اس کو حذف کرنا جائز ہے بشرطیکہ وہ ضمیر مفعول ہو اس لئے کہ ضمیر کے حذف پر اسم موصول دلالت کر رہا ہے جیسے قَامَ الَّذِیْ ضَرَبْتُ اَیِ الَّذِیْ ضَرَبْتُهُ۔ سوال:- سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ میں ضمیر، مفعول ہے اسکو حذف کرنا کیوں جائز نہیں؟ جواب:- اسلئے کہ یہ ضمیر موصول کی طرف راجع نہیں، اگر حذف کر دی جائے تو حذف پر کوئی قرینہ موجود نہیں ہوگا یہ جائز نہیں۔ بخلاف اس ضمیر کے جو راجع بسوئے موصول ہو کہ اسکے حذف پر قرینہ (موصول) موجود ہوتا ہے۔ قولہ وَاعْلَمْ اَنَّ اَيًّا الخ:- ایٌّ اور ایَّةٌ ایک صورت میں مبنی ہوتے ہیں اور تین صورتوں میں معرب، اس ایک صورت کے پیش نظر مصنف نے انکو مبنیات میں ذکر کیا اور تین صورتوں کے پیش نظر تصریح کر دی کہ یہ معرب ہیں۔ صورت بناء، وہ ایک صورت جس میں مبنی ہوتے ہیں یہ ہے کہ یہ مضاف ہوں اور مضاف الیہ مذکور ہو اور صدر صلہ محذوف ہو جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے اَيُّهُمْ اَشَدُّ عَلَى الرَّحْمٰنِ عِتِيًّا اَیْ هُوَ اَشَدُّ۔ وجہ بنا، اس صورت میں ان کے مبنی ہونے کی وجہ یہ ہے کہ صدر صلہ کے حذف ہونے سے حرف کے ساتھ انکی مشابہت (اِحْتِيَاجِ اِلَى الْغَيْرِ) قوی ہوگئی اور یہی مبنی ہونے کا سبب ہے اور قوت مشابہت کی وجہ یہ ہے کہ اب غیر صلہ یعنی قرینہ کی احتیاج ہوگی کہ حذف بلا قرینہ نہیں ہوتا۔ صور اعراب:- ایٌّ اور ایَّةٌ کے معرب ہونے کی صورتیں یہ ہیں (۱) جب انکا صدر صلہ اور مضاف الیہ دونوں مذکور ہوں جیسے اَيُّهُمْ هُوَ قَائِمٌ (۲) جب دونوں محذوف ہوں جیسے اَیٌّ قَائِمٌ (۳) جب صرف مضاف الیہ محذوف ہو جیسے اَیٌّ هُوَ قَائِمٌ۔

Marfat.com

فصل اَسْمَآءُ الْاَفْعَالِ هُوَ كُلُّ اسْمٍ بِمَعْنَى الْاَمْرِ وَالْمَاضِيْ نَحْوُ رُوَيْدَ زَيْدًا اَيْ اَمْهِلْهُ وَهَيْهَاتَ زَيْدٌ اَيْ بَعُدَ اَوْ كَانَ عَلٰى وَزْنِ فَعَالِ بِمَعْنَى الْاَمْرِ وَهُوَ مِنَ الثُّلَاثِيِّ قِيَاسٌ كَنَزَالِ بِمَعْنٰى اِنْزِلْ وَتَرَاكِ بِمَعْنٰى اُتْرُكْ وَيَلْحَقُ بِهٖ فَعَالِ مَصْدَرًا مَعْرِفَةً كَفَجَارِ بِمَعْنَى الْفُجُوْرِ اَوْ صِفَةً لِلْمُؤَنَّثِ نَحْوُ يَا فَسَاقِ بِمَعْنٰى فَاسِقَةِ وَيَا لَكَاعِ بِمَعْنٰى لَاكِعَةِ اَوْ عَلَمًا لِلْاَعْيَانِ الْمُؤَنَّثَةِ كَقَطَامِ وَغَلَابِ وَحَضَارِ وَهٰذِهِ الثَّلٰثَةُ لَيْسَتْ مِنْ اَسْمَآءِ الْاَفْعَالِ وَاِنَّمَا ذُكِرَتْ هٰهُنَا لِلْمُنَاسَبَةِ

اسماء الافعال: اسم فعل ہر وہ اسم ہے جو امر حاضر معروف یا فعل ماضی کے معنی میں ہو جیسے رُوَيْدَ زیدًا میں رُوَيْد بمعنی امر (اَمْهِلْ) ہے اور هَيْهَاتَ زَيْدٌ میں هَيْهَاتَ بمعنی ماضی (بَعُدَ) ہے۔ فائدہ:- هُوَ ضمیر جس سے تعریف شروع ہو رہی ہے اُس کا مرجع اسم ہے جو اسماء کے ضمن میں مذکور ہے اور جو اسماءِ افعال بمعنی مضارع آتے ہیں وہ بھی اصل میں بمعنی ماضی تھے مثلاً اُفٍ بمعنی اتَزَجَّرُ اصل میں تَزَجَّرْتُ کے معنی میں تھا، مجازی طور پر اسکو مضارع کیساتھ تعبیر کر دیا گیا۔ قولہ اوکان:- یا اسم فعل وہ ہے جو فَعَالِ بمعنی امر کے وزن پر ہو جیسے نَزَالِ بمعنی انزل اور تراک بمعنی اُترُک اور یہ وزن، فعال ثلاثی مجرد سے قیاسی ہے یعنی ثلاثی مجرد کے ہر باب سے اس کو مشتق کیا جا سکتا ہے۔ قولہ ویلحق بہ:- فعال مبنی کی چار قسمیں ہیں اول بمعنی امر اور دیگر تینوں فَعَالِ قسم اول کیساتھ ملحق ہونے کی بنا پر مبنی ہیں اُنہیں کا بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ فَعَالِ بمعنی امر کیساتھ بنا میں وہ فَعَالِ ملحق ہے جو مصدر معرفہ ہو جیسے فَجَارِ بمعنی اَلْفُجُوْرُ اور فعالِ بمعنی امر کیساتھ بنا میں وہ فَعَالِ ملحق ہے جو مؤنث کی صفت ہو جیسے فَسَاقِ بمعنی فَاسِقَةٌ اور وہ فَعَالِ جو اعیانِ مؤنث یعنی ذواتِ مؤنث کیلئے علم ہو جیسے قَطَامِ اور غَلَابِ۔ اور فَعَالِ کی آخری تینوں قسمیں اسماءِ افعال میں سے نہیں ہیں، لیکن عدل اور وزن میں فَعَالِ بمعنی امر کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے اُس کے ساتھ انکو ذکر کر دیا گیا ہے۔ فائدہ:- چونکہ یہ اسماء، ذات کے اعتبار سے اسم ہیں کچھ پر تو تنوین تنکیر آتی ہے جیسے صہٍ اور کچھ ظرف (جار مجرور) یا مصدر سے منقول ہیں جیسے عَلَيْكَ یہ جار مجرور سے منقول ہے اور رُوَيْدَ یہ مصدر سے منقول ہے اور ان کے اوزان فعل کے اوزان کے مغایر ہیں اور اُن میں سے بعض پر الف لام بھی داخل ہوتا ہے اسلئے اُن کا نام افعال نہیں رکھا بلکہ اسماءِ افعال رکھا۔

Marfat.com

فصل اَلْاَصْوَاتُ کُلُّ لَفْظٍ حُکِیَ بِہٖ صَوْتٌ کَغَاقٍ لِصَوْتِ الْغُرَابِ اَوْصُوِّتَ بِہٖ الْبَھَآئِمُ کَنَخٍّ لِاِنَاخَۃِ الْبَعِیْرِ **فصل** اَلْمُرَکَّبَاتُ کُلُّ اِسْمٍ رُکِّبَ مِنْ کَلِمَتَیْنِ لَیْسَتْ بَیْنَھُمَا نِسْبَۃٌ فَاِنْ تَضَمَّنَ الثَّانِیْ حَرْفًا یَجِبُ بِنَآؤُھُمَا عَلَی الْفَتْحِ کَاَحَدَ عَشَرَ اِلٰی تِسْعَۃَ عَشَرَ اِلَّا اثْنٰی عَشَرَ فَاِنَّھَا مُعْرَبَۃٌ کَالْمُثَنّٰی وَاِنْ لَّمْ یَتَضَمَّنْ ذٰلِکَ فَفِیْھَا لُغَاتٌ اَفْصَحُھَا بِنَآءُ الْاَوَّلِ عَلَی الْفَتْحِ وَاِعْرَابُ الثَّانِیْ غَیْرَ مُنْصَرِفٍ کَبَعْلَبَکَّ نَحْوُ جَآءَ نِیْ بَعْلَبَکُّ وَرَأَیْتُ بَعْلَبَکَّ وَمَرَرْتُ بِبَعْلَبَکَّ

الاصوات ○ یہ صوتٌ کی جمع ہے اور اسکی تعریف یہ ہے (۱) صوت وہ لفظ ہے جو کسی آواز کی حکایت ونقل ہو جیسے غاق، یہ آواز زاغ کی حکایت ہے (۲) صوت، وہ لفظ ہے جس سے کسی حیوان کو آواز دی جائے جیسے اُونٹ بٹھانے یا سلانے کیلئے نخ، نخَ، نخ (۳) صوت، اس لفظ کو بھی کہتے ہیں جو کسی امرِ عارض کے وقت انسان کی زبان سے طبعی طور پر صادر ہو جیسے بوقت شدید کھانسی اُخ، اُخ اور بوقت خوشی بخ یابخ۔ فائدہ:- اصوات کے مبنی ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہ اسماءِ غیر مرکبہ کے قائمقام ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ اسمائے غیر مرکبہ بوقت ترکیب معرب ہو جاتے ہیں جیسے لفظ زَیْدٌ، ترکیب میں معرب ہو جاتا ہے لیکن اصوات ترکیب کے وقت بھی مبنی رہتے ہیں۔ ○ **المرکبات** ○ یہ مرکب کی جمع ہے اور یہاں مرکب سے مراد مرکب تعدادی ہے یعنی مراد وہ اسم ہے جو ایسے دو کلموں سے ترکیب دیا گیا ہو جن میں کوئی نسبت نہ ہو، نہ نسبت اسنادی، نہ اضافی اور نہ توصیفی جیسے احدعشر، اور ترکیب کی چھ قسمیں ہیں۔

بود ترکیب نز دنحویاں شش　　　　بیادش گیر گر خائف ز فوتی

اضافی داں وتعدادی ومزجی　　　　چوں اسنادی وتوصیفی وصوتی

قولہ فاِنْ تضمّن:- پس اگر مرکب کا جزوِ ثانی کسی حرف کو متضمن ہو تو اُس کے دونوں جز کا مبنی بر فتح ہونا واجب ہے۔ جزوِاول تو اس لئے کہ اُس کا آخر، ترکیب کے بعد آخر نہیں رہا بلکہ وسط ہو گیا ہے اور وسطِ کلمہ محلِ اعراب نہیں ہوتا بلکہ مبنی ہوتا ہے اور جزوِ ثانی حرف کو متضمن ہونے کی وجہ سے مبنی ہوتا ہے جیسے اَحَدَ عَشَرَ سے تِسْعَۃَ عَشَرَ تک۔ قولہ اِلَّا اثنا عشر:- یعنی اثناعشر کے پہلے جز میں اگر چہ علتِ بنا موجود ہے یعنی وسطِ کلمہ ہو جانا لیکن وہ معرب ہے اس لئے کہ اُس کا پہلا جز وحذف نون کی وجہ سے مضاف کے مشابہ ہو گیا ہے اور اُسکو مضاف کا حکم دیدیا گیا ہے دوسرا جز (عشر) حرف کو متضمن ہونے کی وجہ سے مبنی ہے۔ قولہ وَاِنْ لَّمْ یَتَضَمَّنْ:- اور اگر مرکب کا دوسرا جز کسی حرف کو متضمن نہ ہو تو اسمیں چند لغات ہیں زیادہ فصیح لغت میں پہلا جز وسطِ کلمہ ہو جانے کی وجہ سے فتح پر مبنی ہے اور دوسرا جز معرب ہے لیکن منع صرف کے دو سبب یعنی علمیت اور ترکیب پائے جانے کی وجہ سے یہ معرب غیر منصرف ہے جیسے بَعْلَبَکَّ۔

Marfat.com

فَصْلٌ اَلْكِنَايَاتُ هِيَ اَسْمَاءٌ تَدُلُّ عَلٰى عَدَدٍ مُّبْهَمٍ وَهِيَ كَمْ وَكَذَا اَوْحَدِيْثٍ مُّبْهَمٍ وَهُوَ كَيْتَ وَذَيْتَ وَاعْلَمْ اَنَّ كَمْ عَلٰى قِسْمَيْنِ اِسْتِفْهَامِيَّةٌ وَّمَا بَعْدَهَا مَنْصُوْبٌ مُّفْرَدٌ عَلَى التَّمْيِيْزِ نَحْوُ كَمْ رَجُلًا عِنْدَكَ

فائدہ:- بعلبک ایک شہر کا نام ہے جو ملک شام میں تھا یہ دو اسموں سے مرکب ہے۔ ایک بَعْلُ، جو بت کا نام ہے اسکو حضرت الیاس علیہ السلام کی قوم پوجتی تھی اور ایک بک جو اُس شہر کے بادشاہ کا نام ہے جو اُس بت کا پجاری تھا اُس شہر کا نام عابد و معبود باطل کے ناموں سے مرکب ہو کر بعلبک بنا۔ ﴿الکنایات﴾ کنایات، کِنَایَۃٌ کی جمع ہے لغت و اصطلاح دونوں میں اس کے معنی ہیں ''کسی معین چیز کو ایسے لفظ سے تعبیر کرنا جو اُس پر صراحۃً دلالت نہ کرتا ہو'' مصنف کے قول ''الکنایات'' سے بعض کنایات مراد ہیں اس لئے کہ لفظ فُلاَنٌ اور فُلاَنَۃٌ جو اعلام سے کنایہ ہیں معرب ہیں اور کنایات دو قسم پر ہیں۔ (۱) جو عددِ مبہم پر دلالت کریں جیسے کَمْ اور کذا۔ (۲) جو مبہم بات پر دلالت کریں جیسے کَیْتَ اور ذَیْتَ۔ قولہ وھی کم و کذا:- یعنی وہ کنایات جو عددِ مبہم پر دلالت کرتے ہیں وہ کَمْ اور کَذَا ہیں جیسے کَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُ ''میں نے اتنا مال خرچ کیا'' اور عندی کذا درھما ''میرے پاس اتنے درھم ہیں''۔ فائدہ:- کم استفہامیہ کے مبنی ہونے کی دو وجہیں ہیں اول ہمزہ استفہام کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ سے مبنی ہے اور کم خبریہ اس کے ساتھ مشابہت لفظی کی وجہ سے۔ دوم یہ کہ دونوں کا سبب بنا ایک چیز ہے اور وہ حرف کے ساتھ انکی موافقت وضعی ہے یعنی دو حرفی ہونا اور چونکہ کَذَا کے دونوں جز یعنی کاف اور ذا مبنی ہیں لہٰذا اجزائے مبنیہ سے مرکب لفظ کَذَا بھی مبنی ہے۔ قولہ وھو کیت:- یعنی وہ کنایات جو مبہم بات پر دلالت کرتے ہیں وہ کیت اور ذیت ہیں، یہ دونوں لفظ مکرر استعمال ہوتے ہیں جیسے کَانَ بَیْنِیْ وَبَیْنَ فُلاَنٍ کَیْتَ وَ کَیْتَ، میرے اور فلاں کے درمیان ایسی ایسی بات تھی اور کَانَ مِنَ الْاَمْرِ ذَیْتَ وَذَیْتَ میرے اور فلاں کے درمیان ایسا ایسا معاملہ تھا۔ فائدہ:- کیت اور ذیت اصل میں دونوں مشدد تھے پھر ان میں تخفیف کردی گئی۔ یہ دونوں جملہ سے کنایہ ہوتے ہیں اور جملہ کی جگہ واقع ہوتے ہیں اس لئے مَکْنِیْ عَنْہُ (جملے) کی طرح یہ بھی مبنی ہوتے ہیں۔ قولہ واعلم:- کم دو قسم پر ہے استفہامیہ اور خبریہ، کم استفہامیہ سے عددِ مبہم کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے اور اُسکی تمیز مفرد اور منصوب ہوتی ہے۔ جیسے کَمْ رَجُلًا عِنْدَکَ۔ تیرے پاس کتنے مرد ہیں۔ فائدہ:- کم استفہامیہ چونکہ عدد سے کنایہ ہوتا ہے اس لئے عددِ اوسط پر حمل کرتے ہوئے اُسکی تمیز منصوب لاتے ہیں اور جب کَمْ سے پہلے حرفِ جر آجائے تو اُسکی تمیز مجرور ہوتی ہے۔ جیسے بِکَمْ رُوْبِیَۃٍ اِشْتَرَیْتَ ھٰذَا الْکِتَابَ (یہ کتاب آپ نے کتنے روپے میں خریدی ہے؟)

Marfat.com

وَخَبَرِيَّةٌ وَمَا بَعْدَهَا مَجْرُوْرٌ مُفْرَدٌ نَحْوُ كَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُهٗ اَوْمَجْمُوْعٌ نَحْوُ كَمْ رِجَالٍ لَقِيْتُهُمْ وَمَعْنَاهُ التَّكْثِيْرُ وَتَدْخُلُ مِنْ فِيْهِمَا تَقُوْلُ كَمْ مِنْ رَجُلٍ لَقِيْتُهٗ وَكَمْ مِّنْ مَّالٍ اَنْفَقْتُهٗ وَقَدْ يُحْذَفُ التَّمْيِيْزُ لِقِيَامِ قَرِيْنَةٍ نَحْوُ كَمْ مَالُكَ اَىْ كَمْ دِيْنَارًا مَالُكَ وَكَمْ ضَرَبْتَ اَىْ كَمْ ضَرْبَةٍ ضَرَبْتَ

سوال:- تمیز مجرور کا عامل کیا ہے؟ جواب:- سیبویہ اور خلیل کے نزدیک مِنْ مقدرہ عامل ہے تقدیر عبارت اسطرح ہے بِكَمْ مِنْ رُوْبِيَةٍ اِشْتَرَيْتَ هٰذَا الْكِتَابَ؟ اور جزولی کے نزدیک اسکا عامل باء جارہ ہے اس لئے کہ کَمْ اور اسکی تمیز بمنزلہ شئی واحد کے ہے جس پر حرف جر داخل ہے۔ فائدہ:- کم استفہامیہ کی تمیز کا جر دو شرطوں سے مشروط ہے (۱) کلمہ کَمْ پر حرف جر داخل ہو (۲) تمیز کلمہ کَمْ سے متصل ہو جیسے بِكَمْ دِرْهَمٍ اِشْتَرَيْتَ وَعَلٰى كَمْ شَيْخٍ اِشْتَغَلْتَ۔ کم خبریہ بھی عدد مبہم پر دلالت کرتا ہے اور اس میں کثرت کے معنی پائے جاتے ہیں، اس کی تمیز مفرد مجرور اور جمع مجرور ہوتی ہے جیسے کَمْ مَالٍ اَنْفَقْتُهٗ، میں نے اتنا مال خرچ کیا ہے، یہ تمیز مفرد مجرور کی مثال ہے اور کَمْ رِجَالٍ لَقِيْتُهُمْ، یعنی بہت سے آدمیوں سے ملاقات کی، یہ تمیز جمع کی مثال ہے۔ فائدہ:- کم خبریہ عدد مضاف پر محمول ہے اور عدد مضاف کی دو قسمیں ہیں اول مضاف الی الجماعۃ جیسے ثَلٰثَةٌ سے عَشَرَةٌ تک دوم مضاف الی الواحد جیسے مِاَةٌ اور اَلْفٌ، اس لئے کم خبریہ کی تمیز کبھی عدد اکثر یعنی مِاَةٌ اور اَلْفٌ کی تمیز کی مثل، مفرد مجرور ہوتی ہے اور کبھی عدد اقل کی تمیز کی مثل جمع مجرور ہوتی ہے۔ فائدہ:- اکثر نحات کے نزدیک یہ جر کَمْ کی اضافت کی وجہ سے ہوتا ہے اسی لئے جب کَمْ خبریہ اور اسکی تمیز کے درمیان فصل ہو تو تمیز میں نصب مختار ہے کیوں کہ فصل کی وجہ سے تمیز کیطرف کَمْ کی اضافت نہیں ہوسکتی اور بعض کے نزدیک مِنْ مقدرہ کی وجہ سے تمیز مجرور ہوتی ہے۔ قولہ وَتَدْخُلُ:- اور کم استفہامیہ ہو یا خبریہ کبھی اُن کی تمیز سے پہلے مِنْ بیانیہ بھی آجاتا ہے جس کی وجہ سے تمیز مجرور ہوتی ہے جیسے كَمْ مِنْ رَجُلٍ لَقِيْتَ کس قدر آدمیوں سے تو نے ملاقات کی اور كَمْ مِنْ مَالٍ اَنْفَقْتُهٗ، بہت سا مال میں نے خرچ کیا۔ فائدہ:- اگر کَمْ اور اسکی تمیز کے درمیان فعل متعدی آجائے تو تمیز پر مِنْ کا لانا واجب ہے تاکہ تمیز کا مفعول کے ساتھ التباس نہ ہو۔ جیسے ارشادِ باری تعالی ہے كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَرْيَةٍ۔ قولہ وَقَدْ يُحْذَفُ:- اور کَمْ کی تمیز کبھی حذف کردی جاتی ہے جب اُسکے حذف پر کوئی قرینہ موجود ہو جیسے كَمْ مَالُكَ؟ جو اصل میں كَمْ دِرْهَمًا مَالُكَ تھا، یہ کَمْ استفہامیہ کی مثال ہے اور قرینہ یہ ہے کہ کلمہ کَمْ معرفہ پر داخل نہیں ہوتا اور مثال میں کَمْ کا مدخول معرفہ ہے جس سے معلوم ہوا کہ تمیز محذوف ہے، اور وہ دِيْنَارًا ہے اور كَمْ ضَرَبْتَ یہ کم خبریہ کی مثال ہے جو اصل میں كَمْ ضَرْبَةٍ ضَرَبْتَ تھا۔ قرینہ یہ ہے کہ اس مثال میں کَمْ فعل پر داخل ہے حالانکہ وہ فعل پر داخل نہیں ہوتا جس سے معلوم ہوا کہ کَمْ کا مدخول (تمیز) محذوف ہے اور وہ ضَرْبَةٍ ہے۔

Marfat.com

واعلم اَنَّ كَمْ فِى الْوَجْهَيْنِ يَقَعُ مَنْصُوْبًا اِذَا كَانَ بَعْدَهُ فِعْلٌ غَيْرُ مُشْتَغِلٍ عَنْهُ بِضَمِيْرِهِ نَحْوُ كَمْ رَجُلاً ضَرَبْتَ وَكَمْ غُلَامٍ مَلَكْتَ مَفْعُوْلاً بِهٖ وَنَحْوُ كَمْ ضَرْبَةً ضَرَبْتَ وَكَمْ ضَرْبَةٍ ضَرَبْتُ مَصْدَرًا وَكَمْ يَوْمًا سِرْتَ وَكَمْ يَوْمٍ صُمْتُ مَفْعُوْلاً فِيْهِ وَمَجْرُوْرًا اِذَا كَانَ قَبْلَهُ حَرْفُ جَرٍّ اَوْ مُضَافٌ نَحْوُ بِكَمْ رَجُلاً مَرَرْتَ وَعَلٰى كَمْ رَجُلٍ حَكَمْتُ وَغُلَامُ كَمْ رَجُلاً ضَرَبْتُ وَمَالُ كَمْ رَجُلٍ سَلَبْتُ وَمَرْفُوْعًا اِذَا لَمْ يَكُنْ شَيْئًا مِّنَ الْاَمْرَيْنِ مُبْتَدَأً اِنْ لَمْ يَكُنْ ظَرْفًا نَحْوُ كَمْ رَجُلاً اَخُوْكَ وَكَمْ رَجُلٍ ضَرَبْتُهٗ وَخَبَرًا اِنْ كَانَ ظَرْفًا نَحْوُ كَمْ يَوْمًا سَفَرُكَ وَكَمْ شَهْرٍ صَوْمِىْ

قولہ واعلم:۔ محل اعراب کے لحاظ سے کَمْ کی تین صورتیں ہیں (۱) منصوب (۲) مجرور (۳) مرفوع۔ مصنف علیہ الرحمۃ، اعلم سے ہر ایک کا موقع ومحل بتاتے ہیں۔ (۱) محل نصب جب کم کے بعد فعل ہو اور وہ کَمْ کی ضمیر یا کَمْ کے متعلق کی وجہ سے کَمْ میں عمل کرنے سے اعراض نہ کر رہا ہو تو یہ محل نصب میں ہوگا اور اس کے منصوب ہونے کی تین صورتیں ہیں۔ (۱) جب کَمْ کی تمیز اسم ظرف ہو تو یہ اپنی تمیز سے ملکر مفعول فیہ ہوگا جیسے کَمْ یَوْمًا سِرْتَ اور کَمْ یَوْمٍ صُمْتُ۔ (۲) جب کَمْ کی تمیز فعل مذکور کا مصدر ہو تو یہ تمیز سے ملکر مفعول مطلق ہوگا جیسے کَمْ ضَرْبَةً ضَرَبْتَ اور کَمْ ضَرْبَةٍ ضَرَبْتُ (۳) جب مذکورہ دونوں صورتیں نہ ہوں تو یہ مفعول بہ ہوگا جیسے کَمْ رَجُلاً ضَرَبْتَ اور کَمْ غُلامٍ ملکتَ۔ فائدہ:۔ مصنف کا قول مَفْعُوْلاً بِهٖ اُنکے قول کَمْ رَجُلاً اور کَمْ غُلَامٍ سے حال ہے، اسی طرح مصدرا حال ہے کَمْ ضَرْبَةً اور کَمْ ضَرْبَةٍ سے اور مَفْعُوْلاً فِيْهِ بھی حال ہے کَمْ یَوْمًا اور کَمْ یَوْمٍ سے۔ (۲) محل جر، جب کَمْ سے پہلے کوئی حرف جر یا مضاف ہو تو یہ مجرور ہوگا جیسے بِکَمْ رَجُلاً مَرَرْتَ اور عَلٰی کَمْ رَجُلٍ حَکَمْتُ، (۳) محل رفع محل رفع میں ہونے کی دو صورتیں ہیں (۱) تمیز ظرف نہ ہو تو یہ (کَمْ) مبتدا ہونے کی بنا پر مرفوع ہوگا۔ جیسے کَمْ رَجُلاً اَخُوْکَ اور کَمْ رَجُلٍ ضَرَبْتُهٗ (۲) تمیز ظرف ہو تو یہ خبر مقدم ہوگا جیسے کَمْ یَوْمًا سَفَرُکَ اور کَمْ شَهْرٍ صَوْمِیْ اور کَمْ کی ظرفیت یا مصدریت تمیز کے لحاظ سے ہوتی ہے۔ فائدہ:۔ کلمہ کَمْ کو صدارت کلام لازم ہے اور جب اس سے پہلے حرفِ جر یا مضاف آجائے تو وہ صدارت حرفِ جر یا مضاف کو منتقل ہو جاتی ہے اس لئے کہ جار و مجرور اور مضاف ومضاف الیہ میں جزئیت اور اتحاد پایا جاتا ہے۔

Marfat.com

فصل اَلظُّرُوْفُ الْمَبْنِيَّةُ عَلٰى اَقْسَامٍ مِنْهَا مَاقُطِعَ عَنِ الْاِضَافَةِ بِاَنْ حُذِفَ الْمُضَافُ اِلَيْهِ كَقَبْلُ وَبَعْدُ وَفَوْقُ وَتَحْتُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلُ وَمِنْ بَعْدُ اَىْ مِنْ قَبْلِ كُلِّ شَيْئٍ وَّمِنْ بَعْدِ كُلِّ شَيْئٍ هٰذَا اِذَا كَانَ الْمَحْذُوْفُ مَنْوِيًّا لِّلْمُتَكَلِّمِ وَاِلَّا لَكَانَتْ مُعْرَبَةً وَعَلٰى هٰذَا قُرِئَ لِلّٰهِ الْاَمْرُ مِنْ قَبْلٍ وَمِنْ بَعْدٍ وَتُسَمَّى الْغَايَاتِ وَمِنْهَا حَيْثُ بُنِيَتْ تَشْبِيْهًا لَّهَا بِالْغَايَاتِ لِمُلَازَمَتِهَا الْاِضَافَةَ اِلَى الْجُمْلَةِ فِى الْاَكْثَرِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى سَنَسْتَدْرِجُهُمْ مِنْ حَيْثُ لَايَعْلَمُوْنَ وَقَدْ يُضَافُ اِلَى الْمُفْرَدِ كَقَوْلِ الشَّاعِرِ

ع اَمَا تَرٰى حَيْثُ سُهَيْلٍ طَالِعًا اَىْ مَكَانَ سُهَيْلٍ فَحَيْثُ هٰذَا بِمَعْنٰى مَكَانٍ

○ **الظروف** ○ ظروف مبنیہ چند اقسام پر ہیں۔ (۱) ظروف مقطوع عن الاضافۃ، یعنی جن حروف کا مضاف الیہ لفظوں سے حذف کر دیا گیا ہو لیکن نیت میں موجود ہو، ایسے ظروف مبنی بر ضم ہوتے ہیں جیسے قبلُ اور بعدُ وغیرہ۔ ارشاد باری تعالیٰ ہے للہ الامر من قبلُ ومن بعدُ ای من قبلِ کلِ شیئٍ ومن بعدِ کلِ شیئٍ۔ اگر مضاف الیہ نیت میں موجود نہ ہو تو پھر یہ معرب ہوتے ہیں، اور نیت میں موجود نہ ہونے کی تقدیر پر آیت مذکورہ میں قبلُ اور بعدُ کو مجرور پڑھا گیا ہے۔ فائدہ:- قبلُ، بعدُ، فوقُ اور تحتُ کے علاوہ قدامُ، خلفُ، اسفلُ اور اولُ بمعنی قبلُ بھی مضاف الیہ محذوف منوی ہونے کے وقت مبنی ہوتے ہیں اور حرکت ضمہ پر مبنی ہونے کی وجہ یہ ہے کہ حذفِ مضاف الیہ سے جو کمی آئی ہے اسکو حرکت قویہ (ضمہ) سے پورا کر دیا جائے۔ قولہ وتسمّٰی:- غایت وانتہاء کلام تو مضاف الیہ تھا، جب اسکو حذف کر دیا تو یہ ظروف، کلام کا منتہی وغایت رہ گئے لہٰذا ان کا نام غایات رکھ دیا گیا چونکہ احتیاج بسوئے مضاف الیہ میں انکی حرف کے ساتھ مشابہت ہے جسکی وجہ سے غایات مبنی بنا دیئے گئے۔ (۲) حیثُ، یہ غایات کے ساتھ مشابہت کی وجہ سے مبنی بر ضم ہوتا ہے اور جملہ کی طرف مضاف ہو کر استعمال ہوتا ہے۔ فائدہ:- حیثُ کی غایات کیساتھ مشابہت اس طرح ہے کہ یہ اکثر جملہ کی طرف مضاف ہوتا ہے اور حقیقت میں یہ اس مصدر کی طرف مضاف ہوتا ہے جس کو جملہ متضمن ہوتا ہے پس اس مصدر (مضاف الیہ) کے محذوف ہونے میں یہ غایات کے مشابہ ہو گیا۔ قولہ وقد یضاف:- اور حیثُ کبھی مفرد کیطرف بھی مضاف ہوتا ہے جیسے کتاب میں مذکور مصرع میں حیثُ، سُہیلٍ کی طرف مضاف ہے، پس یہ بمعنی مکان ہے ای مکان سُہیلٍ۔ فائدہ:- جب حیثُ، مفرد کی طرف مضاف ہو تو بعض نحات کے نزدیک معرب ہوتا ہے اس لئے کہ علتِ بنا اضافت الی الجملۃ ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ اس وقت بھی حیثُ، ضمہ پر مبنی ہوتا ہے کیونکہ یہ اضافت عدم اضافت کے درجہ میں ہے۔

Marfat.com

وَشَرْطُهُ اَنْ يُّضَافَ اِلَى الْجُمْلَةِ نَحْوُ اِجْلِسْ حَيْثُ يَجْلِسُ زَيْدٌ وَمِنْهَا اِذَا وَهِيَ لِلْمُسْتَقْبَلِ وَاِذَا دَخَلَتْ عَلَى الْمَاضِيْ صَارَ مُسْتَقْبَلًا نَحْوُ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَفِيْهَا مَعْنَى الشَّرْطِ وَيَجُوْزُ اَنْ تَقَعَ بَعْدَهَا الْجُمْلَةُ الْاِسْمِيَّةُ نَحْوُ اٰتِيْكَ اِذَا الشَّمْسُ طَالِعَةٌ وَالْمُخْتَارُ الْفِعْلِيَّةُ نَحْوُ اٰتِيْكَ اِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَقَدْ تَكُوْنُ لِلْمُفَاجَاةِ فَيُخْتَارُ بَعْدَهَا الْمُبْتَدَأُ نَحْوُ خَرَجْتُ فَاِذَا السَّبُعُ وَاقِفٌ وَمِنْهَا اِذْ وَهِيَ لِلْمَاضِيْ وَتَقَعُ بَعْدَهَا الْجُمْلَتَانِ الْاِسْمِيَّةُ وَالْفِعْلِيَّةُ نَحْوُ جِئْتُكَ اِذْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ وَاِذِ الشَّمْسُ طَالِعَةٌ وَمِنْهَا اَيْنَ وَاَنّٰى لِلْمَكَانِ بِمَعْنَى الْاِسْتِفْهَامِ نَحْوُ اَيْنَ تَمْشِيْ وَاَنّٰى تَقْعُدُ وَبِمَعْنَى الشَّرْطِ نَحْوُ اَيْنَ تَجْلِسْ اَجْلِسْ وَاَنّٰى تَقُمْ اَقُمْ وَمِنْهَا مَتٰى لِلزَّمَانِ شَرْطًا اَوْ اِسْتِفْهَامًا نَحْوُ مَتٰى تَصُمْ اَصُمْ وَمَتٰى تُسَافِرُ وَمِنْهَا كَيْفَ لِلْاِسْتِفْهَامِ حَالًا نَحْوُ كَيْفَ اَنْتَ اَيْ فِيْ اَيِّ حَالٍ اَنْتَ وَمِنْهَا اَيَّانَ لِلزَّمَانِ اِسْتِفْهَامًا نَحْوُ اَيَّانَ يَوْمُ الدِّيْنِ

قولہ وشرطُهٗ:- اور اکثر استعمال کی بنا پر حیثُ، کی شرط یہ ہے کہ وہ جملہ کی طرف مضاف ہو خواہ وہ جملہ فعلیہ ہو جیسے اجلس حیثُ یجلسُ زیدٌ یا جملہ اسمیہ جیسے اجلس حیثُ زیدٌ جالسٌ۔ (۳) اِذا، یہ سکون پر مبنی ہوتا ہے اور درج ذیل معانی دیتا ہے (۱) زمانہ مستقبل کے معنی دیتا ہے خواہ ماضی پر داخل ہو جیسے اِذا جآءَ نصرُ اللّٰہ۔ (۲) اسمیں شرط کے معنی پائے جاتے ہیں اسی لئے اس کے بعد جملہ واقع ہوتا ہے اور جملہ فعلیہ کا لانا مختار ہے اس لئے کہ شرط فعل کو مقتضی ہے اور اس کے بعد جملہ اسمیہ کا واقع ہونا بھی جائز ہے اس لئے کہ اِذا معنی شرط کے لئے موضوع نہیں ہے۔ (۳) کبھی یہ مفاجات کے معنی دیتا ہے اُس وقت اس کے بعد مبتدا کا آنا اولیٰ ہے جیسے خرجتُ فاِذا السَّبُعُ واقفٌ (میں نکلا کہ ناگاہ درندہ کھڑا ہوا ہے)۔ (۴) اِذ یہ سکون پر مبنی ہے اور زمانہ ماضی کیلئے آتا ہے اگر چہ مضارع پر داخل ہو اور اس کے بعد جملہ اسمیہ اور فعلیہ دونوں آتے ہیں۔ (۵) اَینَ اور (۶) اَنّٰی، یہ دونوں ظرفِ مکان کیلئے ہیں۔ اَینَ، مبنی بر فتح اور اَنّٰی مبنی بر سکون ہوتا ہے اور یہ دونوں استفہام اور شرط کے معنی میں آتے ہیں۔ (۷) متٰی، یہ ظرفِ زمان کے لئے ہے۔ شرط اور استفہام دونوں کیلئے آتا ہے شرط و استفہام کے ساتھ مشابہت معنوی کی بنا پر مبنی ہوتا ہے۔ (۸) کیفَ، یہ مبنی بر فتح ہے اور کسی چیز کی حالت وصفت دریافت کرنے کیلئے آتا ہے جیسے کیفَ انتَ، تو کس حال میں ہے؟ (۹) اَیّانَ، یہ ظرفِ زمان کیلئے آتا ہے اور حرفِ استفہام کے معنی میں ہوتا ہے اور اسی وجہ سے مبنی ہوتا ہے۔

Marfat.com

وَمِنْهَا مُذْ وَمُنْذُ بِمَعْنٰى اَوَّلِ الْمُدَّةِ اِنْ صَلَحَ جَوَابًا لِمَتٰى نَحْوُ مَارَأَيْتُهٗ مُذْ اَوْمُنْذُ يَوْمِ الْجُمُعَةِ فِيْ جَوَابِ مَنْ قَالَ مَتٰى مَارَأَيْتَ زَيْدًا اَيْ اَوَّلُ مُدَّةِ اِنْقِطَاعِ رُؤْيَتِيْ اِيَّاهُ يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَ بِمَعْنٰى جَمِيْعِ الْمُدَّةِ اِنْ صَلَحَ جَوَابًا لِكَمْ نَحْوُ مَارَأَيْتُهٗ مُذْ اَوْمُنْذُ يَوْمَانِ فِيْ جَوَابِ مَنْ قَالَ كَمْ مُدَّةً مَارَأَيْتَ زَيْدًا اَيْ جَمِيْعُ مُدَّةِ مَارَأَيْتُهٗ يَوْمَانِ وَمِنْهَا لَدٰى وَلَدُنْ بِمَعْنٰى عِنْدَ نَحْوُ الْمَالُ لَدَيْكَ وَالْفَرْقُ بَيْنَهُمَا اَنَّ عِنْدَ لَايُشْتَرَطُ فِيْهِ الْحُضُوْرُ وَيُشْتَرَطُ ذٰلِكَ فِيْ لَدٰى وَلَدُنْ وَجَآءَ فِيْهِ لُغَاتٌ اُخَرُ لَدْنِ وَلُدْنِ وَلَدَنْ وَلَدْ وَلُدْ وَ لِدْ وَمِنْهَا قَطُّ لِلْمَاضِي الْمَنْفِيِّ نَحْوُ مَارَأَيْتُهٗ قَطُّ وَمِنْهَا عَوْضُ لِلْمُسْتَقْبَلِ الْمَنْفِيِّ نَحْوُ لَااَضْرِبُهٗ عَوْضُ

(۱۰) مُذْ اور (۱۱) مُنْذُ، اول مبنی بر سکون اور ثانی مبنی بر ضمہ ہے وجہ بنا غایات کے ساتھ مشابہت ہے۔ یہ دونوں اول مدت کے معنی میں آتے ہیں یعنی فعل مقدم کے زمانہ کی اول مدت بتانے کیلئے جبکہ ان کے مابعد میں متی، کا جواب بننے کی صلاحیت ہو جیسے متی مارأیت زیدًا کے جواب میں کہا جائے مارأیتہٗ مذ اومنذ یوم الجمعۃ۔ میں نے اسکو جمعہ کے دن سے نہیں دیکھا اور اگر کم کا جواب واقع ہونے کی مابعد میں صلاحیت ہو تو بمعنی جمیع مدت آتے ہیں جیسے کم مدّۃ مارأیت زیدا کے جواب میں کہا جائے مارأیتہٗ مذ اومنذ یومان، میں نے اسکو دو دن سے نہیں دیکھا یعنی تمام مدت میرے اسے نہ دیکھنے کی دو دن ہے۔ (۱۲) لدی اور (۱۳) لدن، یہ مبنی بر سکون ہوتے ہیں اور عند کے معنی میں ہوتے ہیں یعنی کسی چیز کی موجودگی کا معنی دیتے ہیں وجہ بنا یہ ہے کہ ان کی بعض لغات وضع میں حرف کے ساتھ مشابہ ہیں اور دیگر لغات اسپر محمول ہیں۔ قولہ الفرق: ۔ یعنی عند اور لدی کے استعمال میں فرق یہ ہے کہ عند میں چیز کا پاس موجود ہونا شرط نہیں یعنی زید کے پاس مال ہو یا اس کے گھر میں ہو المال عند زید کہہ سکتے ہیں لیکن لدی میں اور لدن میں مال کا پاس موجود ہونا شرط ہے، لہٰذا المال لدی زید یا لدن زید اسوقت کہہ سکتے ہیں جب مال زید کے پاس موجود ہو (گھر میں یا خزانے میں نہ ہو)۔ (۱۴) قطُّ، یہ مبنی برضمہ ہے یہ ماضی منفی کے استغراق کیلئے ہے۔ جیسے مارأیتہ قطُّ، میں نے اسکو کبھی نہیں دیکھا، اسکی وضع حرف جیسی ہے اس لئے مبنی ہوتا ہے۔ (۱۵) عوض، یہ مضاف الیہ کے حذف ہونے کی وجہ سے ضمہ پر مبنی ہوتا ہے اور زمانہ مستقبل کی نفی کے استغراق کیلئے آتا ہے جیسے لا اضربہٗ عوض، میں اسکو کبھی نہیں ماروں گا۔

Marfat.com

وَاعْلَمْ اَنَّهٗ اِذَا اُضِيْفَ الظُّرُوْفُ اِلَى الْجُمْلَةِ اَوْ اِلٰى اِذْ جَازَ بِنَآؤُهَا عَلَى الْفَتْحِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى هٰذَا يَوْمَ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ وَكَيَوْمَئِذٍ وَحِيْنَئِذٍ **وَكَذٰلِكَ** مِثْلُ وَغَيْرُ مَعَ مَا وَاَنْ وَاَنَّ تَقُوْلُ ضَرَبْتُهٗ مِثْلَ مَا ضَرَبَ زَيْدٌ وَغَيْرَ اَنْ ضَرَبَ زَيْدٌ وَّمِنْهَا اَمْسِ بِالْكَسْرِ عِنْدَ اَهْلِ الْحِجَازِ **وَالْخَاتِمَةُ** فِيْ سَائِرِ اَحْكَامِ الْاِسْمِ وَلَوَاحِقِهٖ غَيْرَ الْاِعْرَابِ وَالْبِنَآءِ وَفِيْهَا فُصُوْلٌ **فَصْلٌ** اِعْلَمْ اَنَّ الْاِسْمَ عَلٰى قِسْمَيْنِ مَعْرِفَةٌ وَّنَكِرَةٌ فَالْمَعْرِفَةُ اِسْمٌ وُضِعَ لِشَيْئٍ مُعَيَّنٍ وَهِيَ سِتَّةُ اَقْسَامٍ اَلْمُضْمَرَاتُ وَالْاَعْلَامُ وَالْمُبْهَمَاتُ اَعْنِيْ اَسْمَاءَ الْاِشَارَاتِ وَالْمَوْصُوْلَاتِ وَالْمُعَرَّفُ بِاللَّامِ وَالْمُضَافُ اِلٰى اَحَدِهَا اِضَافَةً مَعْنَوِيَّةً وَالْمُعَرَّفُ بِالنِّدَآءِ

قولہ وَاعْلَمْ:- یعنی ایسے ظروف جو مبنی نہیں جب اُن کو جملہ یا کلمہ اِذْ کی طرف مضاف کر دیا جائے تو اُن کو مبنی بر فتح پڑھنا جائز ہے اس لئے کہ یہ مضاف الیہ سے بنا حاصل کر لیتے ہیں اور انکو معرب پڑھنا بھی جائز ہے کیونکہ یہ مستحقِ اعراب ہیں جیسے یَوْمَئِذٍ میں یَوْمَ، مبنی بر فتح ہے۔ قولہ وَکَذَالِکَ:- یعنی ظروف مضاف (یَوْمُ وغیرہ) کی طرح لفظ مِثْلُ اور غَیْرُ کو معرب اور مبنی پڑھ سکتے ہیں جب یہ مَذْکُوْرَۃُ التَّحت تین کلموں سے کسی ایک کی طرف مضاف ہوں۔ (۱) مَا مصدریہ کی طرف جیسے ضَرَبْتُهٗ مِثْلَ مَاضَرَبَ زَیْدٌ (میں نے اُس کو زید کی مثل مارا) (۲) اَنْ مفتوحہ مخففہ کی طرف جیسے ضَرَبْتُهٗ غَیْرَ اَنْ ضَرَبَ زَیْدٌ۔ (۳) اَنَّ مفتوحہ مشددہ کی طرف جیسے ضَرَبْتُهٗ غَیْرَ اَنَّ ضَرَبَ زَیْدٌ۔ اِن مثالوں میں لفظ مِثْلَ اور غَیْرَ مبنی بر فتح ہیں اور معرب بھی۔ فائدہ:- لفظِ مِثْلُ اور غَیْرُ اگر چہ ظروف سے نہیں ہیں لیکن مضاف الیہ کیطرف احتیاج میں ظروف کے مشابہ ہیں اِس لئے یہاں اُن کا ذکر کر دیا ہے اور لفظِ غَیْرَ سے پہلے لا یا لَیْسَ آجائے تو یہ مبنی بر ضمہ ہو جاتا ہے جیسے اِفْعَلْ ھٰذَا لَاغَیْرُ۔ (۴) اَمْسِ، بمعنی گذشتہ کل یہ مبنی بر کسر ہے اہلِ حجاز کے نزدیک اور بعض کے نزدیک معرب ہے، وجہِ بنا قَبْلُ وبَعْدُ کے ساتھ مشابہت ہے لیکن جب یہ مضاف ہو یا اس پر الف لام داخل ہو جائے یا نکرہ واقع ہو تو بالاتفاق معرب ہوتا ہے، جیسے مَضٰی اَمْسُنَا، مَضَی الْاَمْسُ، کُلُّ غَدٍ صَآئِرٌ اَمْسًا۔ قولہ اَلْمَعْرِفَةُ:- اِسم میں اصل اگر چہ تنکیر ہے لیکن مقصودِ اصلی، اہم اور کثیر الاستعمال معرفہ ہے اس لئے معرفہ کو مقدم کیا۔ معرفہ کی تعریف:- معرفہ وہ اسم ہے جو کسی معین چیز پر دلالت کرے جیسے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اور معرفہ کی چھ اقسام ہیں۔ (۱) مضمرات (۲) اعلام (۳) مبہمات (۴) مُعَرَّف بِاللَّامْ (۵) وہ اسم جو اِن میں سے کسی ایک کی طرف مضاف باضافتِ معنویہ ہو۔ (۶) معرفہ بہ ندا۔ کسی شاعر نے تمام معارف کو ایک شعر میں بیان کیا ہے۔

معارف جملہ شش دانی منادی وعلم ---- مضاف ومضمر وذو اللام مبہم داں تو ہم

Marfat.com

وَالْعَلَمُ مَاوُضِعَ لِشَيْءٍ مُعَيَّنٍ لَايَتَنَاوَلُ غَيْرَهُ بِوَضْعٍ وَاحِدٍ وَّاَعْرَفُ الْمَعَارِفِ الْمُضْمَرُ الْمُتَكَلِّمُ نَحْوُ اَنَا وَنَحْنُ ثُمَّ الْمُخَاطَبُ نَحْوُ اَنْتَ ثُمَّ الْغَائِبُ نَحْوُ هُوَ ثُمَّ الْعَلَمُ ثُمَّ الْمُبْهَمَاتُ ثُمَّ الْمُعَرَّفُ بِاللَّامِ ثُمَّ الْمُعَرَّفُ بِالنِّدَآءِ وَالْمُضَافُ فِيْ قُوَّةِ الْمُضَافِ اِلَيْهِ وَالنَّكِرَةُ مَاوُضِعَ لِشَيْءٍ غَيْرِ مُعَيَّنٍ كَرَجُلٍ وَّفَرَسٍ **فصل** اَسْمَآءُ الْعَدَدِ مَاوُضِعَ لِيَدُلَّ عَلٰى كَمِّيَّةِ اٰحَادِ الْاَشْيَآءِ وَاُصُوْلُ الْعَدَدِ اِثْنَتَا عَشَرَةَ كَلِمَةً وَاحِدَةٌ اِلٰى عَشَرَةٍ وَمِأَةٌ وَّ اَلْفٌ

قولہ والعلم :-علم وہ اسم ہے جو معین چیز کیلئے وضع کیا گیا ہو اس حال میں کہ وضع واحد کیساتھ اس معین چیز کے غیر کو شامل نہ ہو۔ قولہ واعرف المعارف :-اور معارف میں اعرف، ضمیر متکلم ہے اس لئے کہ اس میں بالکل التباس نہیں ہوتا جیسے انا اور نحنُ۔ پھر ضمیر مخاطب، کہ اسمیں التباس کا احتمال ہے۔ پھر ضمیر غائب، پھر علم پھر مُبہمات یعنی اسماءِ اشارہ اور موصولہ، پھر معرف باللام، پھر مُعَرَّفْ بالنِّدا اور مضاف، مرتبہ تعریف میں مضاف الیہ کی قوت میں ہوتا ہے کیونکہ اُسی سے تعریف حاصل کرتا ہے۔ سوال:-ضمیر انا مبنی بر فتح ہے یا مبنی بر سکون؟ جواب:-بصریہ کے نزدیک مبنی بر فتح ہے کیونکہ اس کے آخر میں الف اشباع ہے جو رفع التباس کیلئے لایا گیا ہے یعنی اگر یہ الف نہ ہوتا تو حالت وقف میں جب ضمیر کا آخر ساکن ہوتا تو یہ ضمیر اَن مصدریہ کے ساتھ مُلتبس ہو جاتی۔ اور کوفیہ کے نزدیک یہ مبنی بر سکون ہے اور الف جز وِکلمہ ہے قول اول راجح ہے۔ نکرہ کی تعریف:-نکرہ وہ اسم ہے جو کسی غیر معین چیز کیلئے موضوع ہو جیسے رَجلٌ کوئی مرد۔ فائدہ:-نکرہ کی بعض علامتیں یہ ہیں (۱) اس پر لام تعریف داخل ہو سکتا ہے۔ (۲) رُبَّ اور کم خبریہ داخل ہوتا ہے۔ (۳) وہ حال اور تمیز واقع ہوتا ہے۔ (۴) لا، بمعنی لَیسَ کا اسم واقع ہوتا ہے۔ ❁ **اسماء العدد** ❁ عدد کی تعریف:-عدد وہ ہے جو اپنی دونوں طرفوں کے مجموعہ کا نصف ہو جیسے اِثْنان، یہ طرفِ اَسفل یعنی واحِد اور طرفِ اعلیٰ یعنی ثلٰثۃ کے مجموعے کا نصف ہے چونکہ واحد کی طرف اسفل نہیں اس لئے وہ عدد نہیں لیکن عدد کی تعریف جو مصنف نے کی ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ واحِدْ بھی عدد ہے کیونکہ جب اسماءِ عدد سے مراد وہ اسماء ہیں جن کے ساتھ کسی شئی کے افراد (محدودات) کو شمار کیا جائے تو لفظِ واحِدْ بھی عدد ہوا کہ اس کے ساتھ بھی شئی کو شمار کیا جاتا ہے مثلاً کہا جائے کم دِرھمًا عِندکَ تو جواب میں دِرْھمٌ آتا ہے۔ فائدہ:-جسے شمار کیا جائے اُسے معدود کہتے ہیں جیسے ثَلٰثَۃُ رِجالٍ، میں ثلٰثۃ اسم عدد ہے اور رِجَالٌ، معدود اور تمیز ہے اور اسماءِ اعداد چار حصوں میں تقسیم کئے جاتے ہیں (۱) مفرد (۲) مرکب (۳) معطوف (۴) عقود۔ مفرد:-مفرد سے مراد اکائیاں ہیں اور یہ عدد مفرد ایک سے لیکر دس تک کے عددوں پر بمع مِأَۃٌ اور اَلْفٌ کے بولا جاتا ہے اور انہیں کو اصول اعداد بھی کہتے ہیں، جو کل بارہ کلمات ہیں اور باقی اعداد ان سے مرکب ہو کر بنتے ہیں۔

Marfat.com

وَاسْتِعْمَالُهُ مِنْ وَاحِدٍ اِلٰى اِثْنَيْنِ عَلَى الْقِيَاسِ اَعْنِيْ لِلْمُذَكَّرِ بِدُوْنِ التَّاءِ وَلِلْمُؤَنَّثِ بِالتَّاءِ تَقُوْلُ فِيْ رَجُلٍ وَاحِدٌ وَفِيْ رَجُلَيْنِ اِثْنَانِ وَفِيْ امْرَأَةٍ وَاحِدَةٌ وَفِيْ امْرَأَتَيْنِ اِثْنَتَانِ وَثِنْتَانِ وَمِنْ ثَلٰثَةٍ اِلٰى عَشَرَةٍ عَلٰى خِلَافِ الْقِيَاسِ اَعْنِيْ لِلْمُذَكَّرِ بِالتَّاءِ تَقُوْلُ ثَلٰثَةُ رِجَالٍ اِلٰى عَشَرَةِ رِجَالٍ وَلِلْمُؤَنَّثِ بِدُوْنِهَا تَقُوْلُ ثَلٰثُ نِسْوَةٍ اِلٰى عَشْرِ نِسْوَةٍ وَبَعْدَ الْعَشَرَةِ تَقُوْلُ اَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا وَاِثْنَا عَشَرَ رَجُلًا وَثَلٰثَةَ عَشَرَ رَجُلًا اِلٰى تِسْعَةَ عَشَرَ رَجُلًا وَاِحْدٰى عَشْرَةَ امْرَأَةً وَاِثْنَتَا عَشْرَةَ امْرَأَةً وَثَلٰثَ عَشْرَةَ امْرَأَةً اِلٰى تِسْعَ عَشْرَةَ امْرَأَةً وَبَعْدَ ذٰلِكَ تَقُوْلُ عِشْرُوْنَ رَجُلًا وَعِشْرُوْنَ امْرَأَةً بِلَا فَرْقٍ بَيْنَ الْمُذَكَّرِ وَالْمُؤَنَّثِ اِلٰى تِسْعِيْنَ رَجُلًا وَامْرَأَةً وَاحِدٌ وَّعِشْرُوْنَ رَجُلًا وَاِحْدٰى وَعِشْرُوْنَ امْرَأَةً وَاِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ رَجُلًا وَاِثْنَتَانِ وَعِشْرُوْنَ امْرَأَةً وَثَلٰثَةٌ وَّعِشْرُوْنَ رَجُلًا وَثَلٰثٌ وَّعِشْرُوْنَ امْرَأَةً اِلٰى تِسْعَةٍ وَّتِسْعِيْنَ رَجُلًا وَتِسْعٍ وَّتِسْعِيْنَ امْرَأَةً ثُمَّ تَقُوْلُ مِائَةُ رَجُلٍ وَّمِائَةُ امْرَأَةٍ وَاَلْفُ رَجُلٍ وَّاَلْفُ امْرَأَةٍ وَمِائَتَا رَجُلٍ وَّمِائَتَا امْرَأَةٍ وَاَلْفَا رَجُلٍ وَّاَلْفَا امْرَأَةٍ بِلَا فَرْقٍ بَيْنَ الْمُذَكَّرِ وَالْمُؤَنَّثِ فَاِذَا زَادَ عَلَى الْمِائَةِ وَالْاَلْفِ يُسْتَعْمَلُ عَلٰى قِيَاسِ مَا عَرَفْتَ وَيُقَدَّمُ الْاَلْفُ عَلَى الْمِائَةِ وَالْمِائَةُ عَلَى الْاٰحَادِ وَالْاٰحَادُ عَلَى الْعَشَرَاتِ تَقُوْلُ عِنْدِيْ اَلْفٌ وَّمِائَةٌ وَّاَحَدٌ وَّعِشْرُوْنَ رَجُلًا وَاَلْفَانِ وَمِائَتَانِ وَاِثْنَانِ وَعِشْرُوْنَ رَجُلًا وَاَرْبَعَةُ اٰلَافٍ وَّتِسْعُ مِائَةٍ وَّخَمْسٌ وَاَرْبَعُوْنَ امْرَأَةً وَعَلَيْكَ بِالْقِيَاسِ

قولہ واستعمالُہٗ:- اور عدد کا استعمال وَاحِدٌ سے اِثْنَيْنِ تک قیاس کے مطابق ہوتا ہے یعنی مذکر کے لئے بغیر تاءِ تانیث کے اور مؤنث کیلئے تاء کے ساتھ، مِاَةٌ اور اَلْفٌ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے بغیر کسی فرق کے آتا ہے اور تین سے لیکر دس تک خلاف قیاس یعنی تمیز مذکر کے لئے اسم عدد مؤنث اور مؤنث کیلئے اسم عدد مذکر آتا ہے۔ مرکب:- اس سے مراد گیارہ سے لیکر انیس تک کے عدد ہیں جن میں سے بارہ (اِثْنَا عَشَرَ) کا پہلا جز تثنیہ کیساتھ مشابہت کی وجہ سے معرب ہوتا ہے اور حالت رفع میں الف کیساتھ آتا ہے جیسے هٰذا اِثْنَا عَشَرَ دِرْهَمًا اور حالتِ نصب و جر میں یاء کے ساتھ آتا ہے جیسے وَهَبْتُ اِثْنَيْ عَشَرَ غُلَامًا وَمَرَرْتُ بِاِثْنَيْ عَشَرَ غُلَامًا۔ معطوف:- اس سے مراد اکیس سے لیکر ناوے تک کے عدد ہیں ان کی اکائی اور دہائی کے درمیان واؤ عاطفہ ہوتی ہے اور اکائی کو معطوف اور دہائی کو معطوف علیہ کہتے ہیں۔ عددِ معطوف و مرکب میں وَاحِدٌ اور اِثْنَانِ قیاس کے مطابق اور باقی خلافِ قیاس استعمال ہوتے ہیں۔ عقود:- ان سے مراد دہائیاں ہیں ان میں اسمِ عدد مذکر و مؤنث کیلئے ایک جیسا آتا ہے جیسے عِشْرُوْنَ رَجُلًا اور عِشْرُوْنَ امْرَأَةً۔

Marfat.com

وَاعلم اَنَّ الْوَاحِدَ وَالْاِثْنَيْنِ لَا مُمَيِّزَ لَهُمَا لِاَنَّ لَفْظَ الْمُمَيِّزِ يُغْنِيْ عَنْ ذِكْرِ الْعَدَدِ فِيْهِمَا تَقُوْلُ عِنْدِيْ رَجُلٌ وَّ رَجُلَانِ وَاَمَّا سَائِرُ الْاَعْدَادِ فَلَابُدَّ لَهَا مِنْ مُمَيِّزٍ فَتَقُوْلُ مُمَيِّزُ الثَّلٰثَةِ اِلَى الْعَشَرَةِ مَخْفُوْضٌ مَجْمُوْعٌ تَقُوْلُ ثَلٰثَةُ رِجَالٍ وَّ ثَلٰثُ نِسْوَةٍ اِلَّا اِذَا كَانَ الْمُمَيِّزُ لَفْظَ الْمِائَةِ فَحِيْنَئِذٍ يَكُوْنُ مَخْفُوْضًا مُفْرَدًا تَقُوْلُ ثَلٰثُ مِائَةٍ وَّتِسْعُ مِائَةٍ وَالْقِيَاسُ ثَلٰثُ مِاتٍ اَوْمِئِيْنَ وَمُمَيِّزُ اَحَدَ عَشَرَ اِلٰى تِسْعَةٍ وَّ تِسْعِيْنَ مَنْصُوْبٌ مُفْرَدٌ تَقُوْلُ اَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا وَ اِحْدٰى عَشْرَةَ اِمْرَأَةً وَ تِسْعَةٌ وَّ تِسْعُوْنَ رَجُلًا وَّتِسْعٌ وَّ تِسْعُوْنَ اِمْرَأَةً وَمُمَيِّزُ مِائَةٍ وَّاَلْفٍ وَ تَثْنِيَتُهُمَا وَجَمْعُ الْاَلْفِ مَخْفُوْضٌ مُفْرَدٌ تَقُوْلُ مِائَةُ رَجُلٍ وَّ مِائَةُ اِمْرَأَةٍ وَاَلْفُ رَجُلٍ وَّاَلْفُ اِمْرَأَةٍ وَمِائَتَا رَجُلٍ وَّمِائَتَا اِمْرَأَةٍ وَاَلْفَا رَجُلٍ وَاَلْفَا اِمْرَأَةٍ وَثَلٰثَةُ اٰلَافِ رَجُلٍ وَّثَلٰثُ اٰلَافِ اِمْرَأَةٍ وَقِسْ عَلٰى هٰذَا

فائدہ:- عدد مرکب اور معطوف میں برائے تخفیف وَاحِدٌ کو اَحَدٌ بولتے ہیں اور وَاحِدَۃٌ کو اِحْدٰی۔ سوال:- ارشاد باری تعالیٰ مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا ، میں اسمِ عدد مذکر کیوں آیا ہے؟ جبکہ تمیز بھی مذکر ہے۔ جواب:- اس لئے کہ امثال سے مراد حسنات ہیں اور وہ مؤنث ہے اور تمیز مؤنث کیلئے عدد مذکر آتا ہے، نیز جمع مذکر ہو یا مؤنث حکماً مؤنث ہوتی ہے یہی وجہ ہے کہ اس کی طرف مؤنث کی ضمیر راجع کی جاسکتی ہے۔ قولہ اِنَّ الْوَاحِدَ:- اس عبارت میں مصنف نے اسم عدد کی تمیز کے احوال بیان کئے ہیں اور وہ تین ہیں یعنی اسم عدد کی تمیز تین طرح آتی ہے جسے شاعر نے ایک رباعی میں اسطرح بیان کیا ہے۔

ممیز از عدد بر سہ جہت داں زسہ تا دہ ہمہ مجموع ومکسور

زدہ تا صد ہمہ منصوب ومفرد زصد برتر ہمہ فرد است ومجرور

(۱) واحدؔ اور اثنان کے ساتھ تمیز ذکر نہیں کی جاتی، مراد یہ ہے کہ وَاحِدٌ اور اِثْنَانِ تمیز کے ساتھ ذکر نہیں کئے جاتے اس لئے کہ تمیز کے آنے سے اسم عدد یعنی وَاحِدٌ اور اِثْنَان کے ذکر سے استغناء ہو جاتا ہے کیونکہ لفظِ تمیز مثلاً رَجُلٌ اور رَجُلَانِ باعتبار صیغہ کے وحدت اور تثنیہ پر دلالت کرتے ہیں اور عرب کے قول رَجُلٌ وَّاحِدٌ میں وَاحِدٌ برائے تاکید ہے۔ (۲) تین سے لیکر دس تک کی تمیز جمع اور مجرور ہوتی ہے سوائے لفظ مِأَۃٌ کے جیسے ثَلٰثُ مِأَۃٍ یعنی لفظ مِأَۃٌ مفرد آتا ہے۔ (۳) گیارہ سے لیکر ننانوے تک کی تمیز مفرد اور منصوب ہوتی ہے۔ (۴) مِأَۃٌ اور اَلْفٌ اور ان کے تثنیہ وجمع کی تمیز مفرد اور مجرور آتی ہے۔ سوال:- ارشادِ باری تعالیٰ "وَقَطَّعْنٰهُمُ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اَسْبَاطًا اُمَمًا " میں تمیز مفرد کیوں نہیں آئی؟ جواب:- اس ارشادِ باری تعالیٰ میں اَسْبَاطًا تمیز نہیں ورنہ اسم عدد قیاس کے مطابق (اِثْنَا عَشَر) آتا، بلکہ یہ ماقبل سے بدل الکل ہے اور تمیز محذوف ہے اور وہ فِرْقَةً ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ اَلْاِسْمُ اِمَّا مُذَكَّرٌ وَاِمَّا مُؤَنَّثٌ فَالْمُؤَنَّثُ مَا فِيْهِ عَلَامَةُ التَّانِيْثِ لَفْظًا اَوْ تَقْدِيْرًا وَالْمُذَكَّرُ مَا بِخِلَافِهٖ وَعَلَامَةُ التَّانِيْثِ ثَلٰثَةٌ اَلتَّآءُ كَطَلْحَةَ وَالْاَلِفُ الْمَقْصُوْرَةُ كَحُبْلٰى وَ الْاَلِفُ الْمَمْدُوْدَةُ كَحَمْرَاءَ وَالْمُقَدَّرَةُ اِنَّمَا هُوَالتَّآءُ فَقَطْ كَاَرْضٍ وَدَارٍ بِدَلِيْلِ اُرَيْضَةٍ وَدُوَيْرَةٍ ثُمَّ الْمُؤَنَّثُ عَلٰى قِسْمَيْنِ حَقِيْقِيٌّ وَهُوَ مَا بِاِزَائِهٖ ذَكَرٌ مِنَ الْحَيَوَانِ كَاِمْرَاَةٍ وَنَاقَةٍ وَلَفْظِيٌّ وَهُوَ مَا بِخِلَافِهٖ كَظُلْمَةٍ وَّعَيْنٍ وَ قَدْ عَرَفْتَ اَحْكَامَ الْفِعْلِ اِذَا اُسْنِدَ اِلَى الْمُؤَنَّثِ فَلَا نُعِيْدُهَا

قولہ اَلاِسْمُ اِمَّامُذَكَّرٌ وَّاِمَّامُؤَنَّثٌ :- جنس کے اعتبار سے اسم کی دو قسمیں ہیں مذکر اور مؤنث، مذکر وہ ہے جس میں علامت تانیث نہ ہو۔ مؤنث وہ ہے جس میں تانیث کی علامت لَفْظًا یا تَقْدِیْرًا ہو۔ اور تانیث کی علامتیں تین ہیں۔ (۱) تائے مُدوَّرۃ (ۃ)، یہ علامت، اسمِ جامد اور اسمِ صفت میں پائی جاتی ہے جیسے غُرْفَةٌ (کمرہ) یہ اسمِ جامد ہے اور ضَارِبَةٌ (مارنے والی) یہ اسمِ صفت ہے (۲) الف مقصورہ، یہ علامت صفت مشبہ اور اسم تفضیل میں پائی جاتی ہے جیسے عَطْشٰی (پیاسی عورت) اور حُسْنٰی (سب سے زیادہ خوبصورت عورت)۔ (۳) الف ممدودہ، یہ علامت صفتِ مؤنث اور اسم کے آخر میں آتی ہے جیسے حَمْرَآءُ اور صَحْرَآءُ۔ حَمْرَآءُ مؤنث کی صفت ہے اور صَحْرَآءُ اسم ہے۔ قولہ وَالْمُقَدَّرَةُ :- یعنی تانیث کی علامتوں میں سے مقدر، صرف تاء ہوتی ہے جیسے اَرْضٌ اور دَارٌ اور ان میں تقدیرِ تاء پر دلیل یہ ہے کہ ان کی تصغیر اُرَیْضَةٌ اور دُوَیْرَةٌ ہے اور تصغیر میں اسم کے تمام حروف اصل پر آجاتے ہیں۔ سوال:- مؤنث کی تعریف مذکور جامع نہیں ہے اس لئے کہ ھِیَ، ھٰذِہٖ اور اَلَّتِیْ وغیرہ پر صادق نہیں آتی کیونکہ ان میں کوئی علامتِ تانیث نہیں ہے نہ ملفوظ اور نہ مقدر؟ جواب:- مذکورہ تعریفِ مؤنث، اسمِ متمکن کی ہے اور ھِیَ وغیرہ اسم متمکن نہیں بلکہ اسمِ غیر متمکن ہیں جس پر مذکورہ تعریف کا صادق نہ آنا ضروری ہے۔ فائدہ:- کسی اسم کی تانیث، بچند وجوہ معلوم کی جاسکتی ہے (۱) اسم کی طرف راجع ضمیر سے جیسے وَالشَّمْسِ وَضُحٰهَا (۲) اسم اشارہ سے جیسے تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ۔ (۳) فعل کے مؤنث ہونے سے جیسے اِلْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ۔ (۴) تصغیر کے ساتھ جیسے اُرَیْضَةٌ۔ (۵) عدد مجرد عَنِ التَّآءِ کے ساتھ جیسے ثَلٰثُ اَذْرُعٍ (عقد) قولہ ثُمَّ الْمُؤَنَّثُ :- پھر مؤنث کی دو قسمیں ہیں۔ (۱) حقیقی، یہ وہ مؤنث ہے جس کے مدلول کے مقابلہ میں نر جاندار ہو جیسے اِمْرَاَةٌ اور نَاقَةٌ کہ اول کے مدلول کے مقابلہ میں رَجُلٌ ہے جو نر حیوان ہے اور ثانی کے مدلول کے مقابلہ میں جَمَلٌ ہے جو نر حیوان ہے (۲) لفظی، مؤنث لفظی وہ ہے جس کے مدلول کے مقابلہ میں نر جاندار نہ ہو، اس میں کبھی علامتِ تانیث لفظوں میں ظاہر ہوتی ہے جیسے ظُلْمَةٌ اور کبھی ظاہر نہیں ہوتی جیسے عَیْنٌ۔ فائدہ:- لفظِ عَیْنٌ، الفاظِ مشترکہ سے ایک لفظ ہے اور اپنے ہر معنی کے اعتبار سے مؤنث ہے اس کی جمع عُیُوْنٌ اور اَعْیَانٌ ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ اَلْمُثَنّٰی اِسْمٌ اُلْحِقَ بِاٰخِرِهٖ اَلِفٌ اَوْ يَاءٌ مَّفْتُوْحٌ مَّاقَبْلَهَا وَنُوْنٌ مَّكْسُوْرَةٌ لِيَدُلَّ عَلٰى اَنَّ مَعَهٗ اٰخَرَ مِثْلَهٗ نَحْوُ رَجُلَانِ وَرَجُلَيْنِ هٰذَا فِى الصَّحِيْحِ اَمَّا الْمَقْصُوْرُ فَاِنْ كَانَتْ اَلِفُهٗ مُنْقَلِبَةً عَنْ وَاوٍ وَّكَانَ ثُلَاثِيًّا رُدَّ اِلٰى اَصْلِهٖ كَعَصَوَانِ فِىْ عَصًا وَاِنْ كَانَتْ عَنْ يَاءٍ اَوْ وَاوٍ وَهُوَ اَكْثَرُ مِنَ الثُّلَاثِىِّ اَوْ لَيْسَتْ مُنْقَلِبَةً عَنْ شَيْئٍ تُقْلَبُ يَاءً كَرَحَيَانِ فِىْ رَحًى وَمَلْهَيَانِ فِىْ مَلْهٰى وَحُبَارَيَانِ فِىْ حُبَارٰى وَحُبْلَيَانِ فِىْ حُبْلٰى وَاَمَّا الْمَمْدُوْدُ فَاِنْ كَانَتْ هَمْزَتُهٗ اَصْلِيَّةً تُثْبَتُ كَقُرَّاءَانِ فِىْ قُرَّاءٍ وَاِنْ كَانَتْ لِلتَّانِيْثِ تُقْلَبُ وَاوًا كَحَمْرَاوَانِ فِىْ حَمْرَاءَ وَاِنْ كَانَتْ بَدَلًا مِّنْ اَصْلٍ وَاوًا اَوْ يَاءً جَازَ فِيْهِ الْوَجْهَانِ كَكِسَاوَانِ وَكِسَاءَانِ وَيَجِبُ حَذْفُ نُوْنِهٖ عِنْدَ الْاِضَافَةِ تَقُوْلُ جَاءَنِىْ غُلَامَا زَيْدٍ وَّمُسْلِمَا مِصْرَ

﴿اَلْمُثَنّٰی﴾ مصنف علیہ الرحمۃ نے مثنّٰی کو بوجوہِ ذیل جمع پر مقدم کیا۔ (۱) یہ اپنے اصل یعنی مفرد کے زیادہ قریب ہے۔ (۲) اس میں مفرد کے اندر تبدیلی نہیں آتی۔ (۳) بوجہِ اسکی کثرت کے، کیونکہ یہ کسی شرط کے ساتھ مشروط نہیں اور غیر مشروط کثیر ہوتا ہے۔ تعریف:- تثنیہ وہ اسم ہے جس کے مفرد کے آخر میں الف نون حالت رفع میں اور یاء ونون حالت نصب وجر میں بڑھایا جائے تا کہ یہ اضافہ اس امر پر دلالت کرے کہ مفرد کے ساتھ اُس کی مثل ایک اور بھی ہے جیسے رَجُلٌ سے رَجُلَانِ اور رَجُلَيْنِ۔ اور مفرد میں مذکورہ بالا تبدیلی صرف صحیح اور جاری مجرائے صحیح میں ہوگی۔ سوال:- هُمَا اور اَنْتُمَا، مثنّٰی ہیں حالانکہ ان کے مفرد هُوَ اور اَنْتَ کے آخر میں الف نون یا یاء ونون نہیں بڑھایا گیا؟ جواب:- یہ دونوں اسم غیر متمکن ہیں اور تعریفِ مذکور اُس مثنّٰی کی ہے جو اسم متمکن ہے۔ قولہ وَاَمَّا الْمَقْصُوْرُ:- اسم مقصور سے تثنیہ بنانا ہو تو دیکھیں۔ (۱) اگر واحد ثلاثی ہے اور اُس کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے تو تثنیہ بناتے وقت الف کو اُس کے اصل (واؤ) کی طرف لوٹا دیں مثلاً عصی سے عصوان۔ (۲) اگر وہ ثلاثی ہے اور اُس کا الف یاء سے بدلا ہوا ہے تو تثنیہ میں الف کو یاء کر دیں مثلاً رَحٰی سے رَحَیَان۔ (۳) اگر اسم ثلاثی نہیں ہے اور الف واؤ سے بدلا ہوا ہے تو الف یاء سے بدل جائے گا مثلاً مُلْهٰی سے مُلْهَیَان، یہ اسمِ مفعول ہے اِلْهَاءٌ بمعنی مشغول کرنا سے۔ (۴) اگر الف کسی سے بدلا ہوا نہیں ہے تو یاء ہو جائے گا جیسے حُبْلٰی سے حُبْلَیَان یہ ثلاثی مجرد ہے اور حُبَارٰی سے حُبَارَیَان، یہ ثلاثی مزید فیہ ہے۔ قولہ وَالْمَمْدُوْدُ:- جس اسم کے آخر میں الف ممدودہ ہو اُس سے تثنیہ بنانے کی تین صورتیں ہیں۔ (۱) اگر ہمزہ اصلیہ اور کسی حرف سے بدلا ہوا نہیں ہے تو تثنیہ میں ہمزہ ہی رہے گا جیسے قُرَّآءٌ سے قُرَّآآن۔ (۲) اگر ہمزہ تانیث کا ہے تو واؤ ہو جائے گا جیسے حَمْرَآءُ سے حَمْرَاوَان۔ (۳) اگر ہمزہ واؤ یا یاءِ اصلیہ سے مُبْدَل ہے تو ہمزہ باقی رہیگا۔ قُرَّآءٌ کے ہمزہ کی مشابہت کیوجہ سے جیسے کِسَآءٌ سے کِسَآآن یا واؤ سے بدل جائے گا بوجہ مشابہت بہمزہ حَمْرَاءُ کے۔ جیسے کِسَاءٌ سے کِسَاوَان۔

Marfat.com

وَكَذٰلِكَ تُحْذَفُ تَاءُ التَّانِيْثِ فِىْ تَثْنِيَّةِ الْخُصْيَةِ وَالْاِلْيَةِ خَاصَّةً تَقُوْلُ خُصْيَانِ وَاِلْيَانِ لِاَنَّهُمَا مُتَلَازِمَانِ فَكَاَنَّهُمَا شَيْئٌ وَاحِدٌ **وَاعْلَمْ** اَنَّهٗ اِذَا اُرِيْدَ اِضَافَةُ مُثَنًّى اِلَى الْمُثَنّٰى يُعَبَّرُ عَنِ الْاَوَّلِ بِلَفْظِ الْجَمْعِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا وَفَاقْطَعُوْا اَيْدِيَهُمَا وَذٰلِكَ لِكَرَاهَةِ اجْتِمَاعِ تَثْنِيَّتَيْنِ فِيْمَا تَاَكَّدَ الْاِتِّصَالُ بَيْنَهُمَا لَفْظًا وَّمَعْنًى **فصل** اَلْمَجْمُوْعُ اِسْمٌ دَلَّ عَلٰى اٰحَادٍ مَقْصُوْدَةٍ بِحُرُوْفِ مُفْرَدِهٖ بِتَغَيُّرٍ مَّا اِمَّا لَفْظِيٌّ كَرِجَالٍ فِىْ رَجُلٍ اَوْ تَقْدِيْرِيٌّ كَفُلْكٍ عَلٰى وَزْنِ اُسُدٍ فَاِنَّ مُفْرَدَهٗ اَيْضًا فُلْكٌ لٰكِنَّهٗ عَلٰى وَزْنِ قُفْلٍ فَقَوْمٌ وَرَهْطٌ وَنَحْوُهٗ وَاِنْ دَلَّ عَلٰى اٰحَادٍ لٰكِنَّهٗ لَيْسَ بِجَمْعٍ اِذْ لَا مُفْرَدَ لَهٗ

قولہ و کذلک تحذف :- خصیۃ و الیۃ کے تثنیہ سے تائے تانیث کا حذف واجب ہے جو ان کی خصوصیت ہے۔ مصنف نے حذف تاء کو حذف نون کے ساتھ حذف میں تشبیہ دی ہے مراد یہ نہیں کہ بوقت اضافت نون کی طرح تاء بھی ساقط ہو جاتی ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ الیۃ کا تثنیہ بناتے وقت تاء ساقط ہو جاتی ہے۔ اس لئے کہ خُصْيَيْنِ اور اِلْيَيْنِ شدت اتصال کی وجہ سے بمنزلہ شے واحد کے ہیں اور مفرد کے حکم میں ہیں اور مفرد کے وسط میں تائے تانیث نہیں آتی۔ قولہ واعلم :- یعنی جب کسی مثنی کی ضمیر مثنی کی طرف اضافت کی جائے تو مثنی مضاف کو جمع لایا جائے گا جیسے فَقَدْ صَغَتْ قُلُوْبُكُمَا میں قُلُوْبُ جمع ہے اور فاقطعوا ایدیهما میں اَیْدِیْ جمع ہے۔ قولہ وذلک :- اور تثنیہ مضاف کو بصورت جمع اس لئے لایا جاتا ہے کہ مضاف اور مضاف الیہ کے درمیان لفظاً و معنیً اتصال مؤکد ہے اور ایسی جگہ دو مثنی کا اجتماع مکروہ ہے۔

قولہ المجموع :- اگرچہ مشہور نام جمع ہے لیکن مصنف نے اَلْمَجْمُوْعُ یا تو اَلْمُثَنّٰى کی موافقت میں کہا یا اس کے ایک مخفی نام کو ظاہر کرنے کیلئے۔ جمع وہ اسم ہے جو افراد مقصودہ پر مفرد کے حروف کے ساتھ بمع کچھ تغیر کے دلالت کرے اور صیغہ جمع کی مفرد کے ساتھ مغایرت کبھی لفظی ہوتی ہے جیسے رجال میں جو رَجُلٌ کی جمع ہے اور کبھی مغایرت تقدیری ہوتی ہے جیسے فُلْكٌ جو بمعنی کشتیاں ہے، یہ جمع ہے اور بروزن اُسُدٌ ہے اور فُلْكٌ بمعنی کشتی مفرد ہے یہ بروزن قُفْلٌ ہے یعنی فُلْكٌ مفرد اور جمع میں لفظوں میں کوئی فرق نہیں ہے صرف فرق تقدیری ہے اور وہ جمع کا بروزن اُسُدٌ اور مفرد کا بروزن قُفْلٌ ہونا۔

قولہ فقوم :- یہ مصنف کے قول بِحُرُوْفِ مُفْرَدِهٖ پر متفرع ہے یعنی قَوْمٌ اور رَهْطٌ وغیرہ اگرچہ آحاد پر دلالت کرتے ہیں لیکن جمع نہیں اس لئے کہ ان کا مفرد نہیں ہے بلکہ یہ اسم جمع ہیں۔

Marfat.com

ثُمَّ الْجَمْعُ عَلٰى قِسْمَيْنِ مُصَحَّحٌ وَهُوَ مَالَمْ يَتَغَيَّرْ بِنَاءُ وَاحِدِهٖ وَمُكَسَّرٌ وَهُوَ مَا يَتَغَيَّرُ فِيْهِ بِنَاءُ وَاحِدِهٖ وَالْمُصَحَّحُ عَلٰى قِسْمَيْنِ مُذَكَّرٌ وَهُوَ مَا اُلْحِقَ بِاٰخِرِهٖ وَاوٌ مَضْمُوْمٌ مَاقَبْلَهَا وَنُوْنٌ مَفْتُوْحَةٌ كَمُسْلِمُوْنَ اَوْ يَاءٌ مَكْسُوْرٌ مَاقَبْلَهَا وَنُوْنٌ كَذٰلِكَ لِيَدُلَّ عَلٰى اَنَّ مَعَهٗ اَكْثَرَ مِنْهُ نَحْوُ مُسْلِمِيْنَ وَهٰذَا فِي الصَّحِيْحِ اَمَّا الْمَنْقُوْصُ فَتُحْذَفُ يَاؤُهٗ مِثْلُ قَاضُوْنَ وَدَاعُوْنَ وَالْمَقْصُوْرُ يُحْذَفُ اَلِفُهٗ وَيُبْقٰى مَاقَبْلَهَا مَفْتُوْحًا لِيَدُلَّ عَلَى الْاَلِفِ الْمَحْذُوْفَةِ مِثْلُ مُصْطَفَوْنَ وَيُخْتَصُّ بِاُولِي الْعِلْمِ وَاَمَّا قَوْلُهُمْ سِنُوْنَ وَاَرَضُوْنَ وَثُبُوْنَ وَقِلُوْنَ فَشَاذٌّ

قولہ ثم الجمع:- پھر جمع کی دو قسمیں ہیں۔(۱) مُصَحَّحْ (سالم) یہ وہ جمع ہے جس میں واحد کا وزن تبدیل نہ ہو، صرف آخر میں کچھ حروف بڑھا دیئے جائیں۔ (۲) جمع مُکَسَّرْ یہ وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے جیسے رِجَالٌ جو رَجُلٌ کی جمع ہے اور جمع مُصَحَّحْ کی دو قسمیں ہیں اول جمع مذکر دوم جمع مؤنث۔ قسم اوّل:- جمع مذکر سالم وہ جمع ہے جس کے مفرد کے آخر میں حالت رفع میں واؤ ماقبل مضموم اور نونِ مفتوحہ لاحق کیا جائے جیسے مُسْلِمُوْن یا یاء ماقبل مکسور اور نون مفتوحہ بڑھایا جائے جیسے مُسْلِمِیْن تاکہ یہ اضافہ اس امر پر دلالت کرے کہ مفرد کے ساتھ اُس کی جنس سے اکثر ہیں اور یہ الحاق بغیر کسی دوسری تبدیلی کے صرف مفرد صحیح میں ہوتا ہے۔ قولہ اَمَّا الْمَنْقُوْصُ:- یعنی اسم منقوص مفرد کی یاء، جمع سالم بناتے وقت حذف ہو جاتی ہے جیسے قَاضُوْنَ جو اصل میں قَاضِیُوْنَ تھا اور اسم مقصور کا الف بھی حذف ہو جاتا ہے اور اُس کے ماقبل کا فتحہ باقی رہتا ہے تاکہ الف محذوفہ پر دلالت کرے جیسے مُصْطَفَوْنَ جو اصل میں مُصْطَفَیُوْنَ تھا۔ یاء الف ہو کر التقاء ساکنین کی وجہ سے حذف ہو گئی، اور یہ جمع (واؤ نون اور یاء نون کیساتھ) اُولِی الْعِلْم یعنی ذوی العقول کے ساتھ خاص ہے۔ فائدہ:- عالمِیْن، عالَم کی جمع از باب تغلیب ہے یعنی غیر عقلاء پر عقلاء کو غلبہ دے کر یہ جمع یاء و نون کے ساتھ بنائی گئی ہے اور ارشادِ باری تعالیٰ رَأَيْتُهُمْ لِيْ سَاجِدِيْنَ میں چونکہ ستاروں سے ذوی العقول والا فعل (سجدہ) صادر ہوا اس لئے اُن کو ذوی العقول کا درجہ دیکر اُن کی جمع یاء و نون کے ساتھ لائی گئی۔

قولہ واما قولھم:- یہ ایک اعتراض مقدر کا جواب ہے تقریر اعتراض یہ ہے کہ لفظ اَرْضٌ (زمین) سَنَةٌ (سال) ثُبَةٌ (گروہ) قُلَةٌ (گلی ڈنڈا) یہ تمام الفاظ ذی عقل نہیں حالانکہ ان کی جمع واؤ نون اور یاء نون کے ساتھ آئی ہے لہٰذا اس جمع کے لئے ذی عقل کی شرط صحیح نہیں۔ جواب یہ ہے کہ اَرَضُوْن، سِنُوْن، ثُبُوْن اور قُلُوْن، جموع شاذہ اور خلاف قیاس ہیں۔

Marfat.com

وَيَجِبُ اَنْ لَّا يَكُوْنَ اَفْعَلَ مُؤَنَّثُهُ فَعْلَاءُ كَاَحْمَرَ وَحَمْرَآءَ وَلَا فَعْلَانَ مُؤَنَّثُهُ فَعْلٰى كَسَكْرَانَ وَسَكْرٰى وَلَا فَعِيْلًا بِمَعْنٰى مَفْعُوْلٍ كَجَرِيْحٍ بِمَعْنٰى مَجْرُوْحٍ وَلَا فَعُوْلًا بِمَعْنٰى فَاعِلٍ كَصَبُوْرٍ بِمَعْنٰى صَابِرٍ وَيَجِبُ حَذْفُ نُوْنِهٖ بِالْاِضَافَةِ نَحْوُ مُسْلِمُوْ مِصْرٍ وَمُؤَنَّثٌ وَهُوَ مَا اُلْحِقَ بِاٰخِرِهٖ اَلِفٌ وَتَاءٌ نَحْوُ مُسْلِمَاتٍ وَشَرْطُهٗ اِنْ كَانَ صِفَةً وَلَهٗ مُذَكَّرٌ اَنْ يَّكُوْنَ مُذَكَّرُهٗ قَدْ جُمِعَ بِالْوَاوِ وَالنُّوْنِ نَحْوُ مُسْلِمُوْنَ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ لَهٗ مُذَكَّرٌ فَشَرْطُهٗ اَنْ لَّا يَكُوْنَ مُؤَنَّثًا مُجَرَّدًا عَنِ التَّاءِ كَالْحَائِضِ وَالْحَامِلِ

قولہ ویجب:۔یعنی جس مفرد کی یہ جمع بنائی ہو اگر وہ اسمِ محض ہو تو اُس میں تین شرطیں ہیں۔(۱) مذکر ہو۔(۲) علم ہو۔(۳) عاقل ہو۔ اور اگر اسمِ صفت ہو تو اُس میں چھ شرطیں ہیں۔(۱) وہ اسمِ صفت اُس اَفْعَلُ کے وزن پر نہ ہو جس کی مؤنث فَعْلَاءُ کے وزن پر آتی ہے جیسے اَحْمَرُ کہ اس کی مؤنث حَمْرَآءُ کے وزن پر آتی ہے۔ یہ شرط اِس لئے ہے کہ افعل تفضیل جس کی جمع واؤ اور نون کے ساتھ آتی ہے اُس سے التباس نہ ہو۔(۲) وہ اسمِ صفت اُس فَعْلَانٌ کے وزن پر نہ ہو جس کی مؤنث فَعْلٰی کے وزن پر آتی ہے جیسے سَكْرَانٌ، اس کی مؤنث سَكْرٰی آتی ہے، وجہ یہ ہے کہ فَعْلَانٌ، فَعْلَانَةٌ کی جمع واؤ نون کے ساتھ آتی ہے اور فَعْلَانٌ، فَعْلٰی کی جمع بھی اگر واؤ نون کے ساتھ آئے تو اِن میں فرق نہیں ہو سکے گا جیسے نَدْمَانٌ کی جمع نَدْمَانُوْنَ آتی ہے۔ (۳) وہ اسمِ صفت فَعِيْلٌ بمعنی مَفْعُوْلٌ نہ ہو جیسے جَرِيْحٌ بمعنی مَجْرُوْحٌ۔ (۴) وہ اسمِ صفت فَعُوْلٌ بمعنی فاعل نہ ہو جیسے صَبُوْرٌ بمعنی صابرٌ۔ وجہ یہ ہے کہ اِس فَعِيْلٌ اور فَعُوْلٌ میں تذکیر و تانیث مساوی ہے لہٰذا ان کی جمع نہ تو واؤ اور نون کے ساتھ آئے گی اور نہ الف اور تاء کیساتھ بلکہ ایسے لفظ کیساتھ آئی گی جس میں تذکیر و تانیث برابر ہو۔(۵) اسم میں تاء نہ ہو جیسے عَلَّامَةٌ۔(۶) یہ شرط وجودی ہے کہ وہ اسمِ صفت مذکر عاقل ہو۔ قولہ ومُؤَنَّثٌ:۔یعنی جمع سالم کی دوسری قسم جمع مؤنث سالم ہے یہ وہ جمع ہے جس کے مفرد کے آخر میں الف اور تاء لاحق کیا گیا ہو جیسے مُسْلِمَاتٌ جو مُسْلِمَةٌ کی جمع ہے۔ قولہ شَرْطُهٗ:۔یعنی جس اسم کی جمع الف اور تاء کے ساتھ لانا چاہتے ہو اگر وہ صیغہ صفت ہو اور اُس کا مذکر بھی ہو تو اُس کی شرط یہ ہے کہ اُس کے مذکر کی جمع واؤ اور نون کے ساتھ آئی ہو اِس لئے کہ اگر مؤنث کی جمع سالم آئے اور مذکر کی نہ آئے تو فرع کی اصل پر زیادتی لازم آئے گی اور اگر اُس مؤنث کا مذکر نہ ہو تو اُس کی شرط یہ ہے کہ وہ مؤنث مجرد عن التَّاءِ نہ ہو جیسے حائضٌ اور حاملٌ۔ یہ دونوں اسمِ صفت مجرد عن التَّاءِ ہیں اور اِن کا مذکر نہیں ہے لہٰذا ان کی جمع الف اور تاء کے ساتھ (حائضاتٌ اور حاملاتٌ) نہیں آئے گی بلکہ حَوَآئِضُ اور حَوَامِلُ آئے گی تاکہ حائضةٌ اور حاملةٌ (بالتاء) کی جمع کے ساتھ التباس نہ ہو کہ اُن کی جمع الف اور تاء کے ساتھ آتی ہے۔

Marfat.com

وَاِنْ کَانَ اِسْمًا غَیْرَ صِفَۃٍ جُمِعَ بِالْاَلِفِ وَالتَّاءِ بِلَا شَرْطٍ کَھِنْدَاتٍ وَ الْمُکَسَّرُ صِیْغَتُہٗ فِی الثُّلَاثِیِّ کَثِیْرَۃٌ تُعْرَفُ بِالسَّمَاعِ کَرِجَالٍ وَ اَفْرَاسٍ وَ فُلُوْسٍ وَفِیْ غَیْرِ الثُّلَاثِیِّ عَلٰی وَزْنِ فَعَالِلَ وَ فَعَالِیْلَ قِیَاسًا کَمَا عَرَفْتَ فِی التَّصْرِیْفِ ثُمَّ الْجَمْعُ اَیْضًا عَلٰی قِسْمَیْنِ جَمْعُ قِلَّۃٍ وَ ھُوَ مَا یُطْلَقُ عَلٰی الْعَشَرَۃِ فَمَادُوْنَھَا وَاَبْنِیَتُہٗ اَفْعُلٌ وَاَفْعَالٌ وَاَفْعِلَۃٌ وَفِعْلَۃٌ وَجَمْعَا الصَّحِیْحِ بِدُوْنِ اللَّامِ کَزَیْدُوْنَ وَمُسْلِمَاتٍ وَجَمْعُ کَثْرَۃٍ وَ ھُوَ مَایُطْلَقُ عَلٰی مَافَوْقَ الْعَشَرَۃِ وَ اَبْنِیَتُہٗ مَاعَدَا ھٰذِہِ الْاَبْنِیَۃِ

فائدہ :- یہ تفریق لفظاً اس لئے ضروری ہے کہ ان دونوں میں معنیً تفریق ہے کیونکہ حَـائِض کے معنی ہیں بالغ عورت اور حَـائِضَہ، وہ ہے جو فی الحال حیض میں مبتلا ہے۔ قولہ وَاِنْ کَانَ :- اور اگر وہ مفرد اسم محض ہو تو اُس کی جمع بغیر کسی شرط کے الف اور تاء کے ساتھ آئے گی۔ جیسے ھِنْدٌ کی جمع ھِنْدَاتٌ ہے۔ قولہ وَالْمُکَسَّرُ :- یعنی جمع مکسر کے صیغے ثلاثی میں کثیر ہیں جو سماع سے معلوم ہوتے ہیں جیسے رِجَالٌ، وغیرہ اور غیر ثلاثی میں فَعَالِلُ اور فَعَالِیْلُ کے وزن پر آتے ہیں۔ جیسے دَرَاھِمُ اور دَنَانِیْرُ۔ قولہ ثُمَّ الْجَمْعُ :- جمع کی معنی کے اعتبار سے دو قسمیں ہیں۔ (۱) جمعِ قلت، جس کا اطلاق تین سے لیکر دس افراد تک ہو اور اُس کے وزن یہ ہیں اَفْعُلٌ، جیسے اَکْلُبٌ (جمع کَلْبٌ)۔ اَفْعَالٌ، جیسے اَفْرَاسٌ (جمع فَرَسٌ)۔ اَفْعِلَۃٌ، جیسے اَرْغِفَۃٌ (جمع رَغِیْفٌ) فِعْلَۃٌ جیسے غِلْمَۃٌ (جمع غُلَامٌ) اور دو جمع صحیح جبکہ وہ الف لام کے بغیر ہوں جیسے زَیْدُوْنَ اور مُسْلِمَاتٌ۔

جَمْعُ السَّلَامَۃِ مُنْکُوْرًا یُرَادُ بِہٖ	قطعہ	مِنَ الثَّلَاثَۃِ اِلٰی عَشْرٍ فَلَا تَزِدْ
وَ اَفْعُلٌ ثُمَّ اَفْعَالٌ وَ اَفْعِلَۃٌ		وَفِعْلَۃٌ مِثْلُہٗ فِیْ ذٰلِکَ الْعَدَدِ
کَاَفْلُسٍ وَّ کَاَثْوَابٍ وَ اَرْغِفَۃٍ		وَغِلْمَۃٌ فَاحْفَظْھَا حِفْظَ مُجْتَھِدٍ

فائدہ :- مصنف کا قول جَمْعَا الصَّحِیْحِ، مرکب اضافی ہے اس کا مضاف اصل میں جَمْعَانِ (صیغہ تثنیہ) تھا۔ نون بوجہ اضافت گر گیا ہے اور یہ مصنف کے قول فِعْلَۃٌ پر معطوف ہے یعنی جمع قلت کی اَبْنِیَہ سے دو جمعِ سالم ہیں جیسے مُسْلِمُوْنَ اور مُسْلِمَاتٌ۔ قولہ بِدُوْنِ اللَّامِ :- حال ہونے اُن اوزانِ ستہ کے لام کے بغیر۔ کیونکہ اوزانِ ستہ جب معرّف بلام ہوں گے تو مفید استغراق ہوں گے۔ (۲) جمعِ کثرت دس سے اوپر غیر محدود افراد پر اطلاق کی جاتی ہے اور اُس کے اوزان جمعِ قلت کے اوزانِ ستہ کے علاوہ ہیں۔ فائدہ جمعِ قلت اور جمعِ کثرت کے درمیان فرق عند المصنف مبدأ اور مُنتہٰی کے لحاظ سے ہے جیسا کہ مذکور ہوا۔ لیکن علامہ تفتازانی وغیرہ کے نزدیک ان میں فرق باعتبار مُنتہٰی کے ہے یعنی جمعِ قلت کا اطلاق تین سے دس تک ہوتا ہے اور جمعِ کثرت کا اطلاق تین سے شروع ہوتا ہے اور اُس کے زائد کی کوئی حد نہیں۔

Marfat.com

فصل اَلْمَصْدَرُ اِسْمٌ يَدُلُّ عَلَى الْحَدَثِ فَقَطْ وَ يُشْتَقُّ مِنْهُ الْاَفْعَالُ كَالضَّرْبِ وَالنَّصْرِ مَثَلًا وَ اَبْنِيَتُهُ مِنَ الثُّلَاثِيِّ الْمُجَرَّدِ غَيْرُ مَضْبُوْطَةٍ تُعْرَفُ بِالسَّمَاعِ وَمِنْ غَيْرِهٖ قِيَاسِيَّةٌ كَالْاِفْعَالِ وَالْاِنْفِعَالِ وَالْاِسْتِفْعَالِ وَالْفَعْلَلَةِ وَالتَّفَعْلُلِ مَثَلًا فَالْمَصْدَرُ اِنْ لَّمْ يَكُنْ مَفْعُوْلًا مُطْلَقًا يَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِهٖ اَعْنِيْ يَرْفَعُ الْفَاعِلَ اِنْ كَانَ لَازِمًا نَحْوُ اَعْجَبَنِيْ قِيَامُ زَيْدٍ وَ يَنْصَبُ مَفْعُوْلًا اَيْضًا اِنْ كَانَ مُتَعَدِّيًا نَحْوُ اَعْجَبَنِيْ ضَرْبُ زَيْدٍ عَمْرًا وَلَا يَجُوْزُ تَقْدِيْمُ مَعْمُوْلِ الْمَصْدَرِ عَلَيْهِ فَلَا يُقَالُ اَعْجَبَنِيْ زَيْدٌ ضَرْبُ عَمْرًا وَ لَا عَمْرًا ضَرْبُ زَيْدٍ

المصدر: مصدر وہ اسم ہے جو صرف معنی حدث پر دلالت کرے اور اُس سے افعال مشتق کئے جاتے ہوں۔ جیسے الضرب اور النصر وغیرہ۔ سوال:- اسمائے عاملہ کو افعال پر مقدم کیوں کیا گیا ہے حالانکہ اسماء کا عمل افعال سے مستعار ہے؟ جواب:- اس لئے کہ اسماء باعتبار مفہوم اقوی ہیں کیونکہ اسم کے معنی فہم میں کسی چیز کے محتاج نہیں اور اقوی محتاج الیہ کی تقدیم اولی ہے۔ فائدہ:- حدث سے مراد وہ معنی ہیں جو قائم بالغیر ہوں جیسے طول اور قصر چونکہ نحاتِ بصرہ کے نزدیک مصدر اشتقاق میں سب کی اصل ہے اس لئے تمام متعلقاتِ فعل میں اُس کو مقدم کیا گیا ہے۔ قولہ اَبْنِيَتُهُ:- یعنی مصدر کے اوزان کا ثلاثی مجرد سے کوئی قاعدہ کلیہ نہیں بلکہ سماع کے ساتھ تعلق رکھتے ہیں چنانچہ صاحب علم الصیغہ نے مصادرِ مشہورہ ۴۴ ذکر کئے ہیں۔ قولہ ومن غیرہ:- اور غیر ثلاثی مجرد سے قیاسی ہیں یعنی اُن کے وزن مقرر ہیں مثلاً ماضی اَفْعَلَ کا مصدر افعالٌ اور ماضی فعلل کا فعللةٌ وغیرہ۔ مصدر کا عمل اور شرط:- مصدر اپنے فعل کی مانند عمل کرتا ہے یعنی فعلِ لازم کا مصدر ہو تو صرف فاعل کو رفع کرتا ہے اور فعلِ متعدی کا ہو تو فاعل کو رفع اور مفعول بہ کو نصب کرتا ہے بشرطیکہ وہ مصدر مفعولِ مطلق نہ ہو۔ سوال:- مصدر مفعول مطلق ہونے کی صورت میں عمل کیوں نہیں کرتا؟ جواب:- اس صورت میں چونکہ فعل موجود ہوتا ہے جو عمل میں اصل ہے اس لئے اصل کی موجودگی میں فرع کو عامل قرار دینا مناسب نہیں۔ قولہ ولا یجوز:- اور مصدر پر اُس کے معمول کو مقدم کرنا جائز نہیں یا تو اس لئے کہ مصدر عاملِ ضعیف ہے اور یا اس لئے کہ مصدر اَن مع الفعل کی تقدیر میں ہوتا ہے اور اَن، موصول حرفی ہے جس پر اُس کا صلہ یا معمولِ صلہ مقدم نہیں ہوسکتا۔ سوال:- صلہ موصول پر مقدم کیوں نہیں ہوتا؟ جواب:- اس لئے کہ موصول اور صلہ شے واحد کے حکم میں ہوتے ہیں یعنی دونوں مل کر کلام کا ایک جز بنتے ہیں اور شئی واحد کا بعض اُس کے بعض پر مقدم نہیں ہوتا۔

Marfat.com

وَ يَجُوْزُ اِضَافَتُهٗ اِلَى الْفَاعِلِ نَحْوُ كَرِهْتُ ضَرْبَ زَيْدٍ عَمْرًا وَ اِلَى الْمَفْعُوْلِ بِهٖ نَحْوُ كَرِهْتُ ضَرْبَ عَمْرٍو زَيْدٌ وَ اَمَّا اِنْ كَانَ مَفْعُوْلًا مُطْلَقًا فَالْعَمَلُ لِلْفِعْلِ الَّذِىْ قَبْلَهٗ نَحْوُ ضَرَبْتُ ضَرْبًا عَمْرًا فَعَمْرٌو مَنْصُوْبٌ بِضَرَبْتُ **فصل** اِسْمُ الْفَاعِلِ اِسْمٌ مُشْتَقٌّ مِنْ فِعْلٍ لِيَدُلَّ عَلٰى مَنْ قَامَ بِهِ الْفِعْلُ بِمَعْنَى الْحُدُوْثِ وَصِيْغَتُهٗ مِنَ الثُّلَاثِىِّ الْمُجَرَّدِ عَلٰى وَزْنِ فَاعِلٍ كَضَارِبٍ وَنَاصِرٍ وَ مِنْ غَيْرِهٖ عَلٰى صِيْغَةِ الْمُضَارِعِ مِنْ ذٰلِكَ الْفِعْلِ بِمِيْمٍ مَضْمُوْمٍ مَكَانَ حَرْفِ الْمُضَارَعَةِ وَكَسْرِ مَاقَبْلَ الْاٰخِرِ كَمُدْخِلٍ وَ مُسْتَخْرِجٍ

قولہ ویجوز:- اور مصدر کی اضافت فاعل طرف جائز ہے اُس وقت فاعل لفظاً مجرور ہوگا۔ جیسے کَرِهْتُ ضَرْبَ زَيْدٍ عَمْرًا (میں نے زید کے عمرو کو مارنے کو ناپسند کیا) اور مفعول کی طرف اضافت بھی جائز ہے اُس وقت مفعول لفظاً مجرور ہوگا جیسے كَرِهْتُ ضَرْبَ عَمْرٍو زَيْدٌ ۔لیکن مصدر کا مضاف نہ ہونا اور مُنَوَّن ہو کر عمل کرنا اَولیٰ ہے۔ سوال:- کیا مصدر کے عمل کے لئے اعتماد شرط ہے؟ جواب:- نہیں۔ سوال:- مصدر کب عمل کرتا ہے؟ جواب:- (۱) جب مفعول مطلق تاکیدی یا عددی نہ ہو۔ (۲) جب اُس کے آخر میں تاءِ تانیث نہ ہو۔ (۳) جب تثنیہ و جمع نہ ہو۔ (۴) جب محذوف نہ ہو۔ (۵) جب معمول سے مؤخر نہ ہو۔ قولہ ﴿اسم الفاعل﴾:- اسمِ فاعل وہ اسم ہے جو فعل سے مشتق ہو تاکہ اُس ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فعل بطریق حدوث قائم ہے۔ فائدہ:- اسمِ فاعل اور دیگر صفات کے مشتق منہ میں دو قول ہیں۔ (۱) تمام صفات فعل سے مشتق ہیں۔ اس قول کے پیشِ نظر مصنف کے قول مِنْ فِعْلٍ سے مراد فعلِ اصطلاحی ہوگا۔ (۲) تمام صفات مصدر سے مشتق ہیں۔ اس قول کی بنا پر مِنْ فِعْلٍ سے فعل لغوی مراد ہوگا۔ سوال:- اسم فاعل کی تعریف جامع نہیں اس لئے کہ تعریف میں لفظ مَنْ ، مذکور ہے جو ذی عقل کیلئے آتا ہے لہٰذا اس تعریف سے وہ اسم فاعل خارج ہو گیا جس کا مدلول غیر ذی عقل ہوتا ہے جیسے مُفْتَرِسٌ اور نَاهِقٌ۔ جواب:- اسمِ فاعل کی تعریف میں کلمہ مَنْ سے تغلیبًا ذی عقل اور غیر ذی عقل دونوں مراد ہیں لہٰذا تعریف جامع ہے۔ قولہ وَصِيْغَتُهٗ:- اور اسم فاعل کا صیغہ ثلاثی مجرد سے اکثر فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے اور غیر ثلاثی مجرد سے علامتِ مضارع کی جگہ میم مضموم لگانے اور ماقبل آخر کو کسرہ دینے سے بنتا ہے۔ جیسے مُدْخِلٌ، مُسْتَخْرِجٌ۔

Marfat.com

وَهُوَ يَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِهِ الْمَعْرُوْفِ اِنْ كَانَ بِمَعْنَى الْحَالِ اَوِالْاِ سْتِقْبَالِ وَمُعْتَمِدًا عَلَى الْمُبْتَدَأ نَحْوُ زَيْدٌ قَائِمٌ اَبُوْهُ اَوْ ذِى الْحَالِ نَحْوُ جَاءَ نِىْ زَيْدٌ ضَارِبًا اَبُوْهُ عَمْرًا اَوْ مَوْصُوْلٍ نَحْوُ مَرَرْتُ بِالضَّارِبِ اَبُوْهُ عَمْرًا اَوْ مَوْصُوْفٍ نَحْوُ عِنْدِىْ رَجُلٌ ضَارِبٌ اَبُوْهُ عَمْرًا اَوْ هَمْزَةِ الْاِسْتِفْهَامِ نَحْوُ اَقَائِمٌ زَيْدٌ اَوْحَرْفِ النَّفْىِ نَحْوُ مَاقَائِمٌ زَيْدٌ فَاِنْ كَانَ بِمَعْنَى الْمَاضِىْ وَجَبَتِ الْاِضَافَةُ مَعْنًى نَحْوُ زَيْدٌ ضَارِبُ عَمْرٍو اَمْسِ هٰذَا اِذَا كَانَ مُنَكَّرًا اَمَّا اِذَا كَانَ مُعَرَّفًا بِاللَّامِ يَسْتَوِىْ فِيْهِ جَمِيْعُ الْاَزْمِنَةِ نَحْوُ زَيْدُنِ الضَّارِبُ اَبُوْهُ عَمْرَ انِ الْاٰنَ اَوْ غَدًا اَوْاَمْسِ

قولہ وھو یعمل:- اور اسمِ فاعل اپنے فعلِ معروف والا عمل کرتا ہے یعنی لازم ہو تو فاعل کو رفع دیتا ہے اور اگر متعدی ہو تو مفعول بہ کو نصب بھی دیتا ہے لیکن اس کے عمل کے لئے دو شرطیں ہیں۔ (۱) حال یا استقبال کے معنی میں آئے تا کہ زمانہ میں موافقت کی وجہ سے مضارع کیساتھ اُس کی موافقت برقرار رہے۔ (۲) مبتدا، ذوالحال، موصول، موصوف، ہمزۂ استفہام اور حرفِ نفی میں سے کسی ایک پر اعتماد کرتا ہو۔ سوال:- آیت کریمہ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ بِالْوَصِيْدِ میں باسطٌ بمعنی ماضی ہے حالانکہ مفعول بہ کو نصب دے رہا ہے؟ جواب:- بَاسِطٌ (اسمِ فاعل) بطورِ حکایتً بمعنی حال ہے۔ فائدہ:- علامہ عبدالرسول نے اس تاویل کو تکلف قرار دیا ہے وہ فرماتے ہیں۔

لیک در معنی ماضی ہم کند گاہے عمل ہست تاویلش تکلف فہم کن نکتہ را

سوال:- اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ میں اسمِ فاعل عمل کر رہا ہے حالانکہ اُس کا اعتماد اشیاءِ ستہ میں سے کسی پر نہیں ہے؟

جواب:- اشیاءِ ستہ میں سے ایک مبتدا ہے جس سے مراد مسند الیہ ہے اور وہ مثالِ مذکور میں موجود ہے یعنی زَيْدًا، کیونکہ حرفِ مُشَبَّہ بفعل کا اسم مسند الیہ ہوتا ہے۔ قولہ فَاِنْ كَانَ:- پس اگر اسمِ فاعل بمعنی ماضی ہو تو اُس کی اضافت مابعد کی طرف باضافتِ معنویہ واجب ہے۔ جیسے زَيْدٌ ضَارِبُ عَمْرٍو اَمْسِ، زید نے عمرو کو گذشتہ کل مارا۔ فائدہ:- اسمِ فاعل بمعنی ماضی کی اضافت اُس وقت واجب ہے جب اُس کا مابعد از روئے معنی مفعول بہ ہونے کی صلاحیت رکھتا ہو، ورنہ اضافت واجب نہیں لہٰذا هٰذَا ضَارِبُ اَمْسِ، میں ضَارِبُ پر تنوین بھی جائز ہے کہ لفظ اَمْسِ باعتبارِ معنی مفعول بہ ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ قولہ وھذا:- اور اسمِ فاعل کے عمل کے لئے مذکورہ شرط اُس وقت ہے جب نکرہ ہو اور اگر معرفہ بلامِ موصولہ ہو تو بغیر شرط کے مفعول بہ کو نصب دے گا اس لئے کہ اسمِ فاعل مقرون بلامِ موصولہ فعل کے مقام اور اُس کی قوت میں ہوتا ہے لہٰذا بلا شرط عمل کرتا ہے۔ جیسے اَلضَّارِبُ اَبُوْهُ عَمْرًا اَلْاٰنَ اَوْغَدًا اَوْاَمْسِ هُوَزَيْدٌ۔

Marfat.com

فَصْلٌ اِسْمُ الْمَفْعُوْلِ اِسْمٌ مُشْتَقٌّ مِنْ فِعْلٍ مُتَعَدٍّ لِيَدُلَّ عَلٰى مَنْ وَقَعَ عَلَيْهِ الْفِعْلُ وَ صِيْغَتُهٗ مِنْ مُجَرَّدِ الثُّلَاثِيْ عَلٰى وَزْنِ مَفْعُوْلٍ لَفْظًا كَمَضْرُوْبٍ اَوْ تَقْدِيْرًا كَمَقُوْلٍ وَمَرْمِيٍّ وَمِنْ غَيْرِهٖ كَاِسْمِ الْفَاعِلِ بِفَتْحِ مَاقَبْلَ الْاٰخِرِ كَمُدْخَلٍ وَمُسْتَخْرَجٍ وَ يَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِهِ الْمَجْهُوْلِ بِالشَّرَائِطِ الْمَذْكُوْرَةِ فِيْ اِسْمِ الْفَاعِلِ نَحْوُ زَيْدٌ مَضْرُوْبٌ غُلَامُهُ الْاٰنَ اَوْ غَدًا اَوْ اَمْسِ **فَصْلٌ** اَلصِّفَةُ الْمُشَبَّهَةُ اِسْمٌ مُشْتَقٌّ مِنْ فِعْلٍ لَازِمٍ لِيَدُلَّ عَلٰى مَنْ قَامَ بِهِ الْفِعْلُ بِمَعْنَى الثُّبُوْتِ وَصِيْغَتُهَا عَلٰى خِلَافِ صِيْغَةِ اِسْمِ الْفَاعِلِ وَالْمَفْعُوْلِ اَنَّمَا تُعْرَفُ بِالسَّمَاعِ كَحَسَنٍ وَصَعْبٍ وَظَرِيْفٍ وَهِيَ تَعْمَلُ عَمَلَ فِعْلِهَا مُطْلَقًا بِشَرْطِ الْاِعْتِمَادِ الْمَذْكُوْرِ

قولہ ﴿**اسم المفعول**﴾:۔ اسمِ مفعول وہ اسم ہے جو فعلِ متعدی سے مشتق ہوتا کہ اُس ذات پر دلالت کرے جس پر فاعل کا فعل واقع ہوا ہے۔ اور اُس کا صیغہ ثلاثی مجرد سے اکثر مَفْعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے اور غیر ثلاثی مجرد سے اسمِ فاعل کے وزن پر صرف اتنے فرق کے ساتھ کہ ماقبل آخر اُس میں مفتوح ہوتا ہے اور یہ فعلِ مجہول والا عمل کرتا ہے اُنہیں شرائط کے ساتھ جو اسم فاعل میں گذری ہیں۔ قولہ ﴿**الصفة المشبهة**﴾:۔ صفت مُشبّہ وہ اسم ہے جو فعلِ لازم سے مشتق ہو، تا کہ اُس ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فعل (معنی مصدری) بطورِ ثبوت قائم ہو اور ثبوت سے مراد دوام واستمرار نہیں جس کے معنی ہیں تمام ازمنہ میں پایا جانا بلکہ مراد مقابلِ حدوث ہے یعنی کسی ایک زمانہ کے ساتھ مقید نہ ہو۔ فائدہ :۔ صفتِ مُشبّہ کو اسم فاعل کے ساتھ دو امور میں مشابہت ہے۔ اوّل گردان میں کہ دونوں کی تصریف ہوتی ہے اور دوم ذاتِ مبہم پر دلالت کرنے میں۔ قولہ وَصِيْغَتُهَا:۔ چونکہ صفتِ مُشبّہ بعض اُمور میں اسم فاعل کے ساتھ مخالفت رکھتی ہے اس لئے مصنف اُن کو بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ صفتِ مُشبّہ کا صیغہ اسم فاعل اور اسم مفعول کے صیغہ کے مخالف ہوتا ہے۔ فائدہ:۔ قولہ اَنَّمَا تُعْرَفُ ہمزہ کے فتح کے ساتھ صِيْغَتُهَا کی خبر ثانی ہے اور پہلی خبر کی دلیل کو متضمن ہے یعنی یہ مخالفت اس طرح ہے کہ صفتِ مُشبّہ کے صیغے سماعی ہیں اور اسمِ فاعل اور اسمِ مفعول کے صیغے قیاسی ہیں۔ قولہ وَهِيَ تَعْمَلُ:۔ اور صفتِ مُشبّہ مطلقاً اپنے فعل لازم والا عمل کرتی ہے یعنی زمانہ حال یا استقبال کی شرط کے بغیر عمل کرتی ہے، لیکن اعتمادِ مذکور اُس کے عمل کیلئے بھی شرط ہے۔ فائدہ:۔ صفتِ مُشبّہ کے عمل کرنے کیلئے اشیاءِ ستہ میں موصول کے علاوہ کسی ایک پر اعتماد ضروری ہے اور موصول پر اعتماد اُس کا معتبر نہیں کہ اُس پر داخل لام بالاتفاق لامِ موصول نہیں ہوتا اِس لئے کہ لامِ موصول کا صلہ صرف اسمِ فاعل ہوتا ہے یا اسمِ مفعول۔

Marfat.com

وَ مَسَائِلُهَا ثَمَانِيَةَ عَشَرَ لِاَنَّ الصِّفَةَ اِمَّا بِاللَّامِ اَوْ مُجَرَّدَةٌ عَنْهَا وَمَعْمُوْلُ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا اِمَّا مُضَافٌ اَوْ بِاللَّامِ اَوْ مُجَرَّدٌ عَنْهُمَا فَهٰذِهٖ سِتَّةٌ وَمَعْمُوْلُ كُلٍّ مِنْهَا اِمَّا مَرْفُوْعٌ اَوْ مَنْصُوْبٌ اَوْ مَجْرُوْرٌ فَذٰلِكَ ثَمَانِيَةَ عَشَرَ وَ تَفْصِيْلُهَا نَحْوُ جَاءَ نِيْ زَيْدُنِ الْحَسَنُ وَجْهُهٗ ثَلٰثَةٌ اَوْ جُهٍ وَكَذٰلِكَ الْحَسَنُ الْوَجْهُ وَالْحَسَنُ وَجْهٌ وَ حَسَنٌ وَجْهُهٗ وَحَسَنُ الْوَجْهِ وَحَسَنُ وَجْهٍ وَهِيَ عَلٰى خَمْسَةِ اَقْسَامٍ مِنْهَا مُمْتَنِعٌ اَلْحَسَنُ وَجْهٍ وَالْحَسَنُ وَجْهِهٖ وَمُخْتَلَفٌ فِيْهِ حَسَنُ وَجْهِهٖ وَالْبَوَاقِيْ اَحْسَنُ اِنْ كَانَ فِيْهِ ضَمِيْرٌ وَاحِدٌ وَحَسَنٌ اِنْ كَانَ فِيْهِ ضَمِيْرَانِ وَقَبِيْحٌ اِنْ لَمْ يَكُنْ فِيْهِ ضَمِيْرٌ

قولہ ومسائلها: -اور صفت مُشبّہ کے مسائل کی اٹھارہ اقسام ہیں جو ممتنع، مختلف فیہ، قبیح، حسن اور احسن ہیں یعنی اس کے مسائل ان پانچ صورتوں کیطرف منقسم ہوتے ہیں۔ شاعر نے ان اٹھارہ اقسام کو اجمالاً ایک شعر میں جمع کر دیا ہے۔

حسن دو باشد واحسن نہ وقبیح چہار ۔۔۔ دو ممتنع بود و مختلف یکے بشمار

تفصیل (۱) جب صیغہ، صفت معرفہ بلام ہو اور اس کا مضاف الیہ لام اور اضافت سے مجرد ہو جیسے اَلْحَسَنُ وجہ، یہ صورت ممتنع ہے۔ وجہ امتناع یہ ہے کہ یہ معرفہ کی اضافت ہے نکرہ کی طرف جو ممتنع ہے۔ (۲) جب صیغہ صفت معرفہ بلام ہو اور اس کا معمول ضمیر کیطرف مضاف ہو۔ جیسے اَلْحَسَنُ وَجْهِهٖ یہ بھی ممتنع ہے۔ وجہ امتناع عدم افادہ تخفیف ہے۔

قولہ مُختلف فیہ: -جس صورت میں اختلاف ہے یعنی بعض کے نزدیک جائز ہے اور بعض کے نزدیک ناجائز۔ وہ یہ ہے کہ صیغہ صفت مجرد عن اللام ہو اور اس کا معمول مجرور ہو اور موصوف کی طرف راجع ضمیر کی طرف مضاف ہو جیسے حَسَنُ وَجْهِهٖ ۔ وجہ عدم جواز یہ ہے کہ یہ اضافت مستلزم ہے اِضَافَةُ الشَّيْئِ اِلٰى نَفْسِهٖ کو جو ممتنع ہے کیونکہ وَجْهِهٖ اور حَسَن دونوں کا مصداق ایک ہے اور وجہ جواز یہ ہے کہ حَسَنُ عام اور وَجْهِهٖ خاص ہے اور اضافت عام کی خاص کی طرف جائز ہے۔ قولہ والبواقی: -یعنی مذکورہ صورتوں کے علاوہ باقی پندرہ کی تین اقسام ہیں۔ (۱) اَحْسَنُ۔ (۲) حَسَنٌ۔ (۳) قبیح۔ احسن، وہ صورتیں ہیں جن میں صرف ایک ضمیر ہے کیونکہ موصوف کیساتھ ربط بذریعہ ایک ضمیر کافی ہے لِاَنَّ خَيْرَ الْكَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ۔ حسن، وہ صورتیں ہیں جن میں دو ضمیریں ہیں کیونکہ ایک ضمیر زائد علی الحاجت ہے اس لئے حسن ہیں۔ قبیح، وہ صورتیں ہیں جن میں کوئی ضمیر نہیں کہ موصوف کے ساتھ ربط نہ ہونا قبیح ہے۔

Marfat.com

وَالضَّابِطَۃُ اَنَّکَ مَتٰی رَفَعْتَ بِھَا مَعْمُوْلَھَا فَلَا ضَمِیْرَ فِی الصِّفَۃِ وَمَتٰی نَصَبْتَ اَوْ جَرَرْتَ فَفِیْھَا ضَمِیْرُ الْمَوْصُوْفِ نَحْوُ زَیْدٌ حَسَنُ وَجْھِہٖ **فصل** اِسْمُ التَّفْضِیْلِ اِسْمٌ مُشْتَقٌّ مِنْ فِعْلٍ لِیَدُلَّ عَلَی الْمَوْصُوْفِ بِزِیَادَۃٍ عَلٰی غَیْرِہٖ وَصِیْغَتُہٗ اَفْعَلُ فَلَا یُبْنٰی اِلَّا مِنَ الثُّلَاثِیِّ الْمُجَرَّدِ الَّذِیْ لَیْسَ بِلَوْنٍ وَلَا عَیْبٍ نَحْوُ زَیْدٌ اَفْضَلُ النَّاسِ فَاِنْ کَانَ زَائِدًا عَلَی الثُّلَاثِیِّ اَوْ کَانَ لَوْنًا اَوْ عَیْبًا یَجِبُ اَنْ یُبْنٰی اَفْعَلُ مِنْ ثُلَاثِیٍّ مُجَرَّدٍ لِیَدُلَّ عَلٰی مُبَالَغَۃٍ وَشِدَّۃٍ وَکَثْرَۃٍ ثُمَّ یُذْکَرُ بَعْدَہٗ مَصْدَرُ ذٰلِکَ الْفِعْلِ مَنْصُوْبًا عَلَی التَّمْیِیْزِ کَمَا تَقُوْلُ ھُوَ اَشَدُّ اِسْتِخْرَاجًا وَاَقْوٰی حُمْرَۃً وَاَقْبَحُ عَرَجًا

قولہ وَالضَّابِطَۃُ: - مصنف علیہ الرحمۃ صیغہ صفت میں ضمیر ہونے یا نہ ہونے کا ایک ضابطہ بیان کرتے ہیں کہ جب تم صیغہ صفت کے ساتھ اُس کے معمول کو رفع دو تو اُس وقت صیغہ صفت میں کوئی ضمیر نہیں ہوگی کیونکہ ایک عامل کے دو فاعل نہیں ہوتے اور اگر صیغہ صفت کے ساتھ نصب یا جر دو تو صیغہ صفت میں ضمیر فاعل ہوگی جو موصوف کو لوٹے گی۔

﴿اسم التفضیل﴾ قولہ: - اسمِ تفضیل، وہ اسم ہے جو فعل سے مشتق ہوتا کہ اُس ذات پر دلالت کرے جو معنیٰ مصدری کے ساتھ زیادہ متصف ہو بہ نسبت اپنے غیر کے اور اُس کا صیغہ مذکر کیلئے بروزن اَفْعَلُ آتا ہے اور مؤنث کیلئے بروزن فُعْلٰی۔ جیسے اَضْرَبُ اور ضُرْبٰی اور خَیْرٌ وَشَرٌّ جو اصل میں اَخْیَرُ اور اَشْیَرُ تھے یہ دونوں فی الحال اگرچہ اَفْعَلُ (اسم تفضیل) کے وزن پر نہیں ہیں لیکن باعتبار اصل کے اَفْعَلُ کے وزن پر ہیں۔ فائدہ: - کلام عرب میں لفظ خَیْرٌ کا استعمال تین طرح آیا ہے۔ (۱) بحیثیت اسم تفضیل جو اصل میں اَخْیَرُ تھا۔ (۲) مصدر از باب خَارَ یَخِیْرُ۔ (۳) صیغہ صفت مُشَبَّہ (خَیِّرٌ) کا مخفف۔ قولہ فَلَا یُبْنٰی: - اور اسم تفضیل اِس وزن پر صرف ثلاثی مجرد سے آتا ہے کیونکہ غیر ثلاثی مجرد سے یہ وزن بنانے کیلئے کچھ حرف کم کرنے پڑینگے جس سے لفظ اور معنیٰ میں خلل واقع ہوگا اور ثلاثی مجرد لون وعیب سے بھی اسم تفضیل اس وزن پر نہیں آتا اس لئے کہ اس وزن پر ثلاثی مجرد لون وعیب سے صفت مُشَبَّہ آتی ہے۔ سوال: - جَھْلٌ، عیب ہے اور ثلاثی مجرد ہے پھر اس سے اسم تفضیل اَجْھَلُ کیوں آیا ہے؟ جواب: - جس عیب سے اسم تفضیل، اَفْعَلُ کے وزن پر نہیں آتا وہ عیبِ ظاہری ہے اور جَہل، عیب باطنی ہے۔ قولہ فَاِنْ کَانَ: - یعنی اگر ابواب غیر ثلاثی مجرد یا ثلاثی مجرد بمعنیٰ لون یا عیب سے اسم تفضیل کے معنیٰ ادا کرنے ہوں تو ضروری ہے کہ پہلے لفظ شدت یا کثرت سے صیغہ اَفْعَلُ بنائیں تاکہ شدت وکثرت پر دلالت کرے پھر اُس فعل کا مصدرِ منصوب ذکر کریں جس سے اسم تفضیل بروزن اَفْعَلُ ممتنع ہے اور اُس مصدر کو بنا بر تمیز منصوب کردیں جیسے ھُوَ اَشَدُّ اِسْتِخْرَاجًا، یہ ثلاثی مزید فیہ سے اسم تفضیل بنانے کی مثال ہے اور اَقْوٰی حُمْرَۃً، ثلاثی مجرد لون کی اور اَقْبَحُ عَرَجًا، ثلاثی مجرد عیب کی۔

Marfat.com

وَقِيَاسُهُ اَنْ يَّكُوْنَ لِلْفَاعِلِ كَمَامَرَّ وَ قَدْ جَآءَ لِلْمَفْعُوْلِ قَلِيْلًا نَحْوُ اَعْذَرُ وَاَشْغَلُ وَاَشْهَرُ وَ اِسْتِعْمَالُهُ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَوْجُهٍ اِمَّا مُضَافٌ كَزَيْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ اَوْ مُعَرَّفٌ بِاللَّامِ نَحْوُ زَيْدُنِ الْاَفْضَلُ اَوْ بِمِنْ نَحْوُ زَيْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو وَ يَجُوْزُ فِى الْاَوَّلِ الْاِفْرَادُ وَ مُطَابَقَةُ اِسْمِ التَّفْضِيْلِ لِلْمَوْصُوْفِ نَحْوُ زَيْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ وَالزَّيْدَانِ اَفْضَلُ الْقَوْمِ وَ اَفْضَلَا الْقَوْمِ وَالزَّيْدُوْنَ اَفْضَلُ الْقَوْمِ وَ اَفْضَلُوا الْقَوْمِ وَفِى الثَّانِىْ يَجِبُ الْمُطَابَقَةُ نَحْوُ زَيْدُنِ الْاَفْضَلُ وَالزَّيْدَانِ الْاَفْضَلَانِ وَالزَّيْدُوْنَ الْاَفْضَلُوْنَ وَ فِى الثَّالِثِ يَجِبُ كَوْنُهُ مُفْرَدًا مُذَكَّرًا اَبَدًا نَحْوُ زَيْدٌ وَهِنْدٌ وَالزَّيْدَانِ وَالْهِنْدَانِ وَالزَّيْدُوْنَ وَالْهِنْدَاتُ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو وَعَلَى الْاَوْجُهِ الثَّلٰثَةِ يُضْمَرُ فِيْهِ الْفَاعِلُ وَ هُوَ يَعْمَلُ فِىْ ذٰلِكَ الْمُضْمَرِ

قولہ وَقِيَاسُهُ:- اور اسم تفضیل کا قیاسی استعمال یہ ہے کہ وہ تفضیلِ فاعل کیلئے ہو اس لئے کہ زیادتِ فعل میں فاعل ہی کا اثر ہوتا ہے اور کبھی تفضیل مفعول کیلئے بھی آتا ہے جیسے اَشْهَرُ، بمعنٰی مشہورتر۔ قولہ وَاسْتِعْمَالُهُ:- یعنی کلام عرب میں اسم تفضیل کا استعمال تین طرح آیا ہے۔ (۱) مضاف ہو کر جیسے زَيْدٌ اَفْضَلُ الْقَوْمِ، اِس قسم میں اسمِ تفضیل کو صیغہ مفرد لانا جائز ہے خواہ اُس کا موصوف تثنیہ ہو یا جمع اور موصوف کے مطابق لانا بھی جائز ہے جیسا کہ متن کی مثالوں سے واضح ہے۔ (۲) معرفہ بلام عہد جیسے زَيْدُنِ الْاَفْضَلُ، اس قسم میں اسم تفضیل کی موصوف کے ساتھ مطابقت ضروری ہے۔ (۳) مِنْ کے ساتھ جیسے زَيْدٌ اَفْضَلُ مِنْ عَمْرٍو، اِس قسم میں اسمِ تفضیل کا ہمیشہ مفرد مذکر ہونا واجب ہے خواہ اُسکا موصوف تثنیہ ہو یا جمع مؤنث۔ فائدہ:- اسم تفضیل کے استعمال کے طرقِ ثلثہ میں سے اُس کا مِنْ کے ساتھ استعمال اصل ہے اور چونکہ اِس صورت میں اتصالِ مِنْ کی وجہ سے اسم تفضیل کا آخر وسط ہو جاتا ہے اِس لئے صیغہ، مفرد ہی رہے گا کہ وسطِ کلمہ صیغہ تثنیہ یا جمع کی علامت لاحق کرنے کی جگہ نہیں ہے اور اسمِ تفضیل مضاف کو مفرد لانا جائز ہے کہ اُس کو مُفَضَّل علیہ کے مذکور ہونے میں اسمِ تفضیل مستعمل بمن کے ساتھ مشابہت ہے اور یہ اسمِ تفضیل مستعمل بمن کے مخالف بھی ہے کہ مضاف ہے لہٰذا موصوف کے ساتھ مطابقت بھی جائز ہے اور اسمِ تفضیل مستعمل بلام میں موصوف کے ساتھ مطابقت ضروری ہے اِس لئے کہ اِس قسم میں مستعمل بمن کے ساتھ مشابہت موجود نہیں ہے۔ قولہ وَعَلَى الْاَوْجُهِ:- اور اسم تفضیل کے استعمال کے تینوں طریقوں پر اسمِ تفضیل میں ضمیر فاعل مستتر ہوتی ہے جس میں وہ عمل کرتا ہے اور اسم مظہر میں عمل نہیں کرتا بجز مَارَاَيْتُ رَجُلًا اَحْسَنَ فِىْ عَيْنِهِ الْكُحْلُ مِنْهُ فِىْ عَيْنِ زَيْدٍ کے، کہ اس میں اسمِ تفضیل (اَحْسَنَ) اسمِ ظاہر (اَلْكُحْلُ) میں عمل کر رہا ہے۔

Marfat.com

وَلَا یَعۡمَلُ فِی الۡمُظۡهَرِ اَصۡلًا اِلَّا فِیۡ مِثۡلِ قَوۡلِهِمۡ مَارَأَیۡتُ رَجُلًا اَحۡسَنَ فِیۡ عَیۡنِهِ الۡکُحۡلُ مِنۡهُ فِیۡ عَیۡنِ زَیۡدٍ فَاِنَّ الۡکُحۡلَ فَاعِلٌ لِاَحۡسَنَ وَ هٰهُنَا بَحۡثُ الۡقِسۡمُ الثَّانِیۡ فِی الۡفِعۡلِ وَقَدۡ سَبَقَ تَعۡرِیۡفُهٗ وَ اَقۡسَامُهٗ ثَلٰثَةٌ

قولہ اصلاً:- لفظ اَصلًا، مضارع منفی کے بعد بمعنی اَبدًا آتا ہے جیسے لَایَعْمَلُ فِی الْمُظْهَرِ اَصْلًا میں اور ماضی منفی کے بعد بمعنی قَطُّ آتا ہے جیسے مَاضَرَبْتُهٗ اَصْلًا ای قَطُّ اور بہر تقدیر مفعول فیہ بنتا ہے۔ سوال:- زَیْدٌ اَکْثَرُ مِنْکَ مَالًا میں اسم تفضیل (اَکْثَرُ) نے مَالًا کو نصب دیا ہے لہٰذا یہ قول باطل ٹھہرا کہ اسم تفضیل مظہر میں عمل نہیں کرتا؟ جواب:- یہاں پر عمل سے صرف عمل رفع مراد ہے یعنی اسم تفضیل اسم مظہر کو رفع نہیں کرتا۔ سوال:- مذکورہ مثال مَارَأَیْتُ الخ میں اسم تفضیل نے اسم ظاہر کو رفع کیوں دیا ہے؟ جواب:- اس لئے کہ اس مثال میں اسم تفضیل کے اسم مظہر کو رفع دینے کی تینوں شرطیں پائی جاتی ہیں جو درج ذیل ہیں۔ شرط اوّل، یہ شرط دو باتوں کا مجموعہ ہے۔(۱) اسم تفضیل باعتبار لفظ کے ایک چیز کا وصف ہو (خواہ صفت ہو یا حال یا خبر) اور معنی کے اعتبار سے دوسری چیز کا وصف ہو جیسے گذشتہ مثال میں لفظ اَحْسَنَ، اسم تفضیل ہے جو لفظ کے اعتبار سے رَجُلًا کا وصف (صفت) ہے اور معنی کے اعتبار سے اَلْکُحْلُ، کا وصف ہے کیونکہ اَلْکُحْلُ، فاعل ہے جس کی طرف اسم تفضیل مسند ہے۔(۲) وہ دوسری چیز پہلی چیز کا متعلق (بکسر لام) ہو جیسے رَجُلًا، اَلْکُحْلُ کا متعلق ہے، اسی وجہ سے رَجُلًا کو موصوف اور اَحْسَنَ، کو صفت بحال مُتَعَلَّقِهٖ کہا جاتا ہے۔ شرط دوم، دوسری شرط یہ ہے کہ وہ دوسری چیز پہلی چیز میں بھی پائی جاتی ہو اور اُس کے غیر میں بھی اور پہلی چیز میں پائے جانے کے لحاظ سے مُفَضَّل ہو اور اُس کے غیر میں پائے جانے کے لحاظ سے مُفَضَّل علیہ ہو جیسا کہ مثال مذکور میں کُحل (سرمہ) رَجُل کی آنکھ میں پایا جاتا ہے جو مفضل ہے اور زید کی آنکھ میں بھی پایا جاتا ہے اور یہ سرمہ مُفَضَّل علیہ ہے۔ شرط ثالث، تیسری شرط یہ ہے کہ اسم تفضیل منفی ہو اور مثال مذکور میں تفضیل کی نفی ہی مقصود ہے اور ترجمہ یہ ہے کہ "میں نے نہیں دیکھا کوئی ایسا مرد جسکی آنکھ میں سرمہ زیادہ خوبصورت ہو زید کی آنکھ کے سرمہ سے" یعنی زید کی آنکھ کا سرمہ ہر ایک کی آنکھ کے سرمہ سے زیادہ خوبصورت ہے۔ سوال:- اسم ظاہر کو رفع کرنے کیلئے اسم تفضیل کا منفی ہونا کیوں شرط ہے؟ جواب:- اس لئے کہ منفی ہونے کی صورت میں اسم تفضیل سے زیادت کے معنی زائل ہو جاتے ہیں اور وہ بمعنی فعل ہو جاتا ہے جیسا کہ مثال مذکور میں اَحْسَنَ، بمعنی حَسُنَ ہو گیا ہے پس وہ فعل کی مثل عمل کرنے لگتا ہے۔ ❁ **القسم الثانی فی الفعل** ❁ معنی اور زمانہ کے اعتبار سے فعل کی تین قسمیں ہیں ماضی، مضارع اور امر۔ اس لئے کہ فعل کا آخر عامل لفظی کے بغیر مفتوح ہو گا یا مرفوع یا موقوف پہلا فعل ماضی ہے دوسرا مضارع اور تیسرا امر۔

Marfat.com

مَاضٍ وَ مُضَارِعٌ وَ اَمْرٌ اَلْاَوَّلُ الْمَاضِیْ وَ هُوَ فِعْلٌ دَلَّ عَلٰی زَمَانٍ قَبْلَ زَمَانِکَ وَ هُوَ مَبْنِیٌّ عَلَی الْفَتْحِ اِنْ لَّمْ یَکُنْ مَعَهٗ ضَمِیْرٌ مَرْفُوْعٌ مُتَحَرِّکٌ وَ لَا وَاوٌ کَضَرَبَ وَ مَعَ الضَّمِیْرِ الْمَرْفُوْعِ الْمُتَحَرِّکِ عَلَی السُّکُوْنِ کَضَرَبْتُ وَ عَلَی الضَّمِّ مَعَ الْوَاوِ کَضَرَبُوْا

قولہ اَلْاَوَّلُ الْمَاضِیْ :- ماضی کو باعتبار اصل ہونے کے مقدم کیا کیونکہ مضارع ماضی سے بلاواسطہ اور امر بالواسطہ بنتا ہے نیز ماضی میں پایا جانے والا زمانہ مضارع و امر میں پائے جانے والے زمانے سے پہلے ہے اس لئے ماضی کو مقدم کیا۔ فعلِ ماضی وہ فعل ہے جو اُس زمانہ پر دلالت کرے جو تیرے زمانہ سے پہلے ہے۔ سوال :- فعلِ ماضی کی تعریف جامع نہیں ہے اس لئے کہ یہ اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ پر صادق نہیں ہے کیونکہ فعلِ ماضی ہونے کے باوجود اس میں زمانہ استقبال ہے اور یہ تعریف مانع بھی نہیں ہے اس لئے کہ لَمْ تَضْرِبْ پر صادق ہے کیونکہ اوّل مثال میں ضَرَبْتَ سے زمانہ ماضی مفہوم نہیں ہوتا ہے اور ثانی مثال میں لَمْ تَضْرِبْ ماضی نہیں ہے مگر اسکی دلالت گذشتہ زمانہ پر ہے؟ جواب :- فعلِ ماضی کی تعریف میں دلالت سے وہ دلالت مراد ہے جو اصلِ وضع کے اعتبار سے ہو۔ لہٰذا فعلِ ماضی کی تعریف جامع بھی ہے اور مانع بھی کیونکہ اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ کی زمانہ استقبال پر دلالت، وضعی نہیں بلکہ حرفِ شرط کی وجہ سے عارضی ہے اور لَمْ تَضْرِبْ کی زمانہ گذشتہ پر دلالت بحسبِ وضع نہیں بلکہ حرفِ لَمْ کی وجہ سے ہے کیونکہ لَمْ مضارع کو ماضی منفی کے معنٰی میں کر دیتا ہے۔ قولہ وَهُوَ مَبْنِیٌّ :- اور ماضی فتح پر مبنی ہوتی ہے اگر اُس کے آخر میں ضمیر مرفوع متحرک نہ ہو اور واؤ بھی نہ ہو جیسے ضَرَبَ۔ سوال :- دَعَا اور رَمٰی دونوں فعلِ ماضی ہیں اور ضمیر مذکور اور واؤ سے بھی مجرد ہیں لیکن فتح پر مبنی نہیں ہیں اس کی کیا وجہ ہے؟ جواب :- فتح پر مبنی ہونا عام ہے کہ لفظاً ہو جیسے ضَرَبَ یا تقدیراً ہو یعنی اصل کے اعتبار سے جیسے دَعَا اور رَمٰی کہ یہ دونوں تقدیراً مبنی بر فتح ہیں اس لئے کہ دَعَا اصل میں دَعَوَ اور رَمٰی اصل میں رَمَیَ تھا۔ قولہ وَمَعَ الضَّمِیْرِ :- اور ماضی ضمیر مرفوع متحرک کیساتھ مبنی عَلَی السُّکُوْنِ ہوتی ہے جیسے ضَرَبْتَ تاکہ بمنزلہ کلمہ واحدہ میں متواتر اور پے در پے چار حرکتیں لازم نہ آئیں جو بوجہِ ثقل جائز نہیں اور سکون بنا میں اصل ہے۔ قولہ وَعَلَی الضَّمِّ :- اور ماضی مبنی عَلَی الضَّمِّ ہوتی ہے اگر اُس کے آخر میں واؤ ہو جیسے ضَرَبُوْا۔ فائدہ :- جب تین شرطیں پائی جائیں تو واؤ کے بعد خطِ قیاسی میں الف لکھا جاتا ہے۔ (۱) واؤ ضمیر جمع ہو۔ (۲) وہ کلمہ فعل ہو۔ (۳) واؤ طرف میں واقع ہو جیسے ضَرَبُوْا کہ اس میں تینوں شرطیں موجود ہیں لیکن مصحفِ عثمانی میں طرف میں واقع ہونے والے ہر واؤ کے بعد الف لکھا جاتا ہے جو بعض کوفیین کا مختار ہے۔ سوال :- ماضی کا آخر مبنی بر فتح کیوں ہوتا ہے؟ جواب :- ماضی کا آخر مبنی تو اس لئے ہوتا ہے کہ فعل میں اصل بنا ہے اور فتح پر مبنی اس لئے کہ فتح خفیف حرکت ہے لیکن اتصالِ ضمیر کے وقت توالی اربع حرکات سے بچنے کیلئے ماضی کا آخر مبنی عَلَی السُّکُوْنِ ہوتا ہے اور واؤ ضمیر کے ساتھ واؤ کی رعایت میں کہ واؤ ماقبل کا ضمہ چاہتا ہے اس لئے ماضی کا آخر مبنی بر ضم ہوتا ہے۔

Marfat.com

وَ الثَّانِیُ الْمُضَارِعُ وَ هُوَ فِعْلٌ یَشْبَهُ الْاِسْمَ بِاِحْدٰی حُرُوْفِ اَتَیْنَ فِیْ اَوَّلِهٖ لَفْظًا فِیْ اِتِّفَاقِ الْحَرَكَاتِ وَ السَّكَنَاتِ نَحْوُ یَضْرِبُ وَ یَسْتَخْرِجُ كَضَارِبٍ وَ مُسْتَخْرِجٍ وَ فِیْ دُخُوْلِ لَامِ التَّاكِیْدِ فِیْ اَوَّلِهِمَا تَقُوْلُ اِنَّ زَیْدًا لَیَقُوْمُ كَمَا تَقُوْلُ اِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ وَ فِیْ تَسَاوِیْهِمَا فِیْ عَدَدِ الْحُرُوْفِ وَ مَعْنًی فِیْ اَنَّهٗ مُشْتَرَكٌ بَیْنَ الْحَالِ وَ الْاِسْتِقْبَالِ كَاِسْمِ الْفَاعِلِ وَ لِذٰلِكَ سَمَّوْهُ مُضَارِعًا وَ السِّیْنُ وَ سَوْفَ تُخَصِّصُهٗ بِالْاِسْتِقْبَالِ نَحْوُ سَیَضْرِبُ وَ سَوْفَ یَضْرِبُ وَ اللَّامُ الْمَفْتُوْحَةُ بِالْحَالِ نَحْوُ لَیَضْرِبُ

قولہ وَالثَّانِیُ:- فعل کی قسمِ ثانی فعلِ مضارع ہے مصنف نے ماخذِ امر ہونے کی وجہ سے مضارع کو امر پر مقدم کیا ہے۔ فائدہ:- مضارع لغت میں بمعنی مشابہ ہے اور اصطلاح میں مضارع وہ فعل ہے جو حروفِ اَتَین میں سے کسی ایک حرف کے ماضی کے اوّل میں آنے کی وجہ سے اسم کے مشابہ ہو جائے چونکہ اس تعریف سے وجہِ تسمیہ بھی معلوم ہوتی ہے اس لئے مشہور تعریف سے عدول کیا ہے اور یہ تعریف اختیار کی ہے۔ قولہ لَفْظًا:- یہ بنا بر تمیز منصوب ہے اور اسی طرح مَعْنًی بھی اس پر معطوف ہو کر منصوب ہے اَیْ مِنْ حَیْثُ اللَّفْظِ وَالْمَعْنٰی یعنی مضارع کو اسم کے ساتھ باعتبار لفظ کے مشابہت ہے ایک تو حرکات وسکنات میں یعنی اسمِ فاعل میں جتنے حرف متحرک اور ساکن ہوتے ہیں مضارع میں بھی اتنے متحرک اور ساکن ہوتے ہیں جیسے ضَارِبٌ اور یَضْرِبُ ۔ دوم، دخولِ لام تاکید میں یعنی دونوں کے اوّل میں لام تاکید آتا ہے جیسے اِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ اور اِنَّ زَیْدًا لَیَقُوْمُ۔ سوم، تعدادِ حروف میں کہ دونوں کے حروف کی تعداد برابر ہوتی ہے جیسے ضَارِبٌ میں چار حرف ہیں تو یَضْرِبُ میں بھی چار حرف ہیں اور مشابہت معنویہ یہ ہے کہ مضارع، اسمِ فاعل کی مثل زمانہ حال اور استقبال میں مشترک ہے اور اسی مشابہت مذکورہ کی وجہ سے فعل کی اس قسم کو مضارع کہتے ہیں۔ فائدہ:- نکرہ کی صفت واقع ہونے میں بھی مضارع اسم فاعل کے مشابہ ہے جس کو برائے اختصار ذکر نہیں کیا۔ قولہ وَالسِّیْنُ:- یعنی سین اور سوف مضارع پر داخل ہو کر اُس کو استقبال کے ساتھ خاص کر دیتے ہیں جیسے سَیَضْرِبُ، وہ عنقریب مارے گا۔ اور لام مفتوحہ زمانہ حال کے ساتھ جیسے لَیَضْرِبُ، وہ مارتا ہے۔ سوال:- لام اگر حال کیلئے ہے تو اُسکو سوف کے ساتھ نہیں آنا چاہئے حالانکہ قرآنِ کریم میں یہ دونوں ایک ساتھ آئے ہیں، ارشادِ باری تعالیٰ ہے وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی۔؟ جواب:- لام دو معنی کا افادہ کرتا ہے۔ اوّل تاکید کا، دوم زمانہ حال کے ساتھ تخصیص کا اور ارشادِ مذکور میں لام صرف تاکید کیلئے ہے زمانہ حال کے ساتھ تخصیص کا افادہ نہیں کرتا لہٰذا سین اور لام کا اجتماع درست ہے۔

Marfat.com

وَحُرُوْفُ الْمُضَارِعَةِ مَضْمُوْمَةٌ فِي الرُّبَاعِيِّ نَحْوُ يُدَحْرِجُ وَيُخْرِجُ لِاَنَّ اَصْلَهٗ يُاَخْرِجُ وَمَفْتُوْحَةٌ فِيْ مَاعَدَاهُ كَيَضْرِبُ وَيَسْتَخْرِجُ وَإِنَّمَا اَعْرَبُوْهُ مَعَ اَنَّ اَصْلَ الْفِعْلِ الْبِنَاءُ لِمُضَارَعَتِهٖ اَيْ لِمُشَابَهَتِهِ الْاِسْمَ فِيْ مَاعَرَفْتَ وَاَصْلُ الْاِسْمِ الْاِعْرَابُ وَذٰلِكَ اِذَا لَمْ يَتَّصِلْ بِهٖ نُوْنُ تَاكِيْدٍ وَلَا نُوْنُ جَمْعِ الْمُؤَنَّثِ وَاِعْرَابُهٗ ثَلٰثَةُ اَنْوَاعٍ رَفْعٌ وَنَصْبٌ وَجَزْمٌ نَحْوُ هُوَ يَضْرِبُ وَلَنْ يَّضْرِبَ وَلَمْ يَضْرِبْ **فَصْلٌ** فِيْ اَصْنَافِ اِعْرَابِ الْفِعْلِ وَهِيَ اَرْبَعَةٌ اَلْاَوَّلُ اَنْ يَّكُوْنَ الرَّفْعُ بِالضَّمَّةِ وَالنَّصْبُ بِالْفَتْحَةِ وَالْجَزْمُ بِالسُّكُوْنِ وَيُخْتَصُّ بِالْمُفْرَدِ الصَّحِيْحِ غَيْرِ الْمُخَاطَبَةِ تَقُوْلُ هُوَ يَضْرِبُ وَلَنْ يَّضْرِبَ وَلَمْ يَضْرِبْ

قولہ وحُرُوْف :- اور حروف مضارع جن کو علامت مضارع اور حروف اَتَیْنَ بھی کہتے ہیں چار ہیں۔ یہ حروف ماضی چار حرفی کے مضارع معلوم میں مضموم ہوتے ہیں جیسے یُدَحْرِجُ جسکی ماضی دَحْرَجَ ہے اور یُخْرِجُ جو اصل میں یُأَخْرِجُ تھا اور ماضی چار حرفی کے غیر میں مفتوح ہوتے ہیں جیسے یَضْرِبُ، یَسْتَخْرِجُ، اوّل کی ماضی ضَرَبَ سہ حرفی ہے اور ثانی کی ماضی اِسْتَخْرَجَ چھ حرفی ہے۔ قولہ وَاِنَّمَا اَعْرَبُوْا :- یعنی مضارع فعل ہے اور فعل میں اصل اگر چہ بنا ہے لیکن نحات نے مضارع کو اسم کے ساتھ مشابہت مذکورہ کی وجہ سے معرب کر دیا ہے اور اسم میں اصل اعراب ہے۔ واضح رہے کہ مضارع معرب اُسوقت ہوگا جبکہ اُس کے ساتھ نونِ تاکید اور نونِ جمع مؤنث غائب وحاضر لاحق نہ ہو اور نو نہائے مذکورہ کے ساتھ مضارع مبنی ہوگا اس لئے کہ اتصالِ نون سے مضارع کا آخر وسط ہو جاتا ہے جو محلِ اعراب نہیں اور نون کلمہ کا آخر نہیں ہے اس لئے اُس پر بھی اعراب نہیں آ سکتا۔ فائدہ :- فعل میں اصل بنا ہے اِس لئے کہ معانی ثلٰثہ یعنی معنیٰ فاعلیت، مفعولیت اور اضافت فعل میں نہیں پائے جاتے وہی معانی مقتضیٔ اعراب ہیں لہٰذا فعل مبنی ہوتا ہے۔ قولہ وَاِعْرَابُهٗ :- فعلِ مضارع کے اعراب تین ہیں۔ (۱) رفع (۲) نصب۔ (۳) جزم۔ جیسے هُوَ يَضْرِبُ یہ حالت رفع کی مثال ہے اور لَنْ يَّضْرِبَ یہ حالت نصب کی مثال ہے اور لَمْ يَضْرِبْ یہ حالتِ جزم کی مثال ہے۔ قولہ فِيْ اَصْنَافِ :- اَصْنَاف، صِنْفٌ کی جمع ہے بمعنی قسم یعنی یہ فصل فعلِ مضارع کے اعراب کے اقسام کے بیان میں ہے اور وہ چار ہیں۔ (۱) رفع ضمہ کے ساتھ، نصب فتحہ کے ساتھ اور جزم سکون کے ساتھ۔ یہ اعراب اُس مضارع کا ہے جو مفرد ہو اور ضمیر بارز سے خالی ہو اور صیغہ واحد مؤنث مخاطب بھی نہ ہو جیسے هُوَ يَنْصُرُ، هِيَ تَسْمَعُ، اَنْتَ تَفْتَحُ، انا اَضْرِبُ اور نَحْنُ نَعْلَمُ۔

Marfat.com

وَالثَّانِیُ اَنْ یَّکُوْنَ الرَّفْعُ بِثُبُوْتِ النُّوْنِ وَ النَّصْبُ وَالْجَزْمُ بِحَذْفِهَا وَ یُخْتَصُّ بِالتَّثْنِیَةِ وَ جَمْعِ الْمُذَکَّرِ وَالْمُفْرَدَةِ الْمُخَاطَبَةِ صَحِیْحًا کَانَ اَوْ غَیْرَهٗ تَقُوْلُ هُمَا یَفْعَلَانِ وَ هُمْ یَفْعَلُوْنَ وَاَنْتِ تَفْعَلِیْنَ وَ لَنْ یَّفْعَلَا وَ لَنْ یَّفْعَلُوْا وَ لَنْ تَفْعَلِیْ وَ لَمْ تَفْعَلَا وَ لَمْ تَفْعَلُوْا وَ لَمْ تَفْعَلِیْ وَ الثَّالِثُ اَنْ یَّکُوْنَ الرَّفْعُ بِتَقْدِیْرِ الضَّمَّةِ وَ النَّصْبُ بِالْفَتْحَةِ لَفْظًا وَالْجَزْمُ بِحَذْفِ اللَّامِ وَ یُخْتَصُّ بِالنَّاقِصِ الْیَائِیِّ وَالْوَاوِیِّ غَیْرَ تَثْنِیَةٍ وَجَمْعٍ وَمُخَاطَبَةٍ تَقُوْلُ هُوَ یَرْمِیْ وَ یَغْزُوْ وَلَنْ یَّرْمِیَ وَ یَغْزُوَ وَ لَمْ یَرْمِ وَ یَغْزُ وَالرَّابِعُ اَنْ یَّکُوْنَ الرَّفْعُ بِتَقْدِیْرِ الضَّمَّةِ وَالنَّصْبُ بِتَقْدِیْرِ الْفَتْحَةِ وَالْجَزْمُ بِحَذْفِ اللَّامِ وَیُخْتَصُّ بِالنَّاقِصِ الْاَلِفِیِّ غَیْرَ تَثْنِیَةٍ وَ جَمْعٍ وَ مُخَاطَبَةٍ نَحْوُ هُوَ یَسْعٰی وَلَنْ یَّسْعٰی وَلَمْ یَسْعَ **فَصْلٌ** اَلْمَرْفُوْعُ عَامِلُهٗ مَعْنَوِیٌّ وَ هُوَ تَجَرُّدُهٗ عَنِ النَّاصِبِ وَالْجَازِمِ نَحْوُ هُوَ یَضْرِبُ وَ یَغْزُوْ وَیَرْمِیْ وَ یَسْعٰی

(۲) رفع نونِ اعرابی کے ساتھ اور نصب و جزم حذف نون کے ساتھ۔ اعراب کی یہ قسم صیغہ تثنیہ، جمع اور واحد مؤنث مخاطب کے ساتھ مختص ہے خواہ صحیح ہوں یا غیر صحیح۔ جیسے هُمَا یَفْعَلَانِ وغیرہ۔ (۳) رفع ضمہ تقدیری، نصب فتحہ لفظی اور جزم حذف لام کے ساتھ، یہ ناقص واوی اور یائی کے ساتھ مختص ہے جو تثنیہ، جمع اور صیغہ مخاطبہ نہ ہو۔ (۴) رفع تقدیری ضمہ کے ساتھ، نصب تقدیری فتحہ کے ساتھ اور جزم حذفِ لام کے ساتھ اور یہ قسم ناقصِ الفی کے ساتھ مختص ہے درانحالیکہ وہ صیغہ تثنیہ، جمع اور واحد مؤنث مخاطب نہ ہو جیسے هُوَ یَسْعٰی الخ۔ <u>قولہ</u> اَلْمَرْفُوْعُ:۔ مضارع مرفوع کا عامل معنوی ہے اور وہ عامل معنوی مضارع کا ناصب اور جازم سے خالی ہونا ہے جیسے هُوَ یَضْرِبُ۔ وَالْعَامِلُ الْمَعْنَوِیُّ مَا یُعْرَفُ بِالْقَلْبِ وَلَیْسَ لِلِّسَانِ فِیْهِ حَظٌّ۔ یعنی عامل معنوی وہ ہے جو دل سے جانا جائے اور زبان اُس کا تلفظ نہ کرے۔ <u>فائدہ</u>:۔ مضارع کا عامل معنوی کی وجہ سے مرفوع ہونا یہ نُحاتِ کوفہ کا مذہب ہے اور نُحاتِ بصرہ کے نزدیک مضارع کا اسم کی جگہ واقع ہونا مضارع رافع ہے جیسے زَیْدٌ یَضْرِبُ کا مضارع زَیْدٌ ضَارِبٌ کے اسم کی جگہ واقع ہے اور کسائی کے نزدیک علاماتِ مضارع (اَتَیْنَ) رافع ہیں کیونکہ مضارع کے اصل یعنی ماضی میں رفع نہیں ہے۔ بلکہ علامتِ مضارع کے اضافہ کے بعد رفع آیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ خود علامتِ مضارع اُس کی رافع ہے۔ <u>سوال</u>:۔ مصنف نے نُحاتِ کوفہ کا مذہب کیوں اختیار کیا؟ <u>جواب</u>:۔ اس لئے کہ نُحاتِ بصرہ پر یہ اعتراض ہوتا ہے کہ جہاں اسم نہیں آسکتا اگر وہاں مضارع آجائے تو اُس کا رافع کیا ہوگا مثلاً اَلَّذِیْ یَضْرِبُ میں فعل مضارع صلہ واقع ہو رہا ہے اِس جگہ اسمِ فاعل نہیں آسکتا کہ اسمِ فاعل صلہ نہیں ہوتا بلکہ صلہ جملہ ہوتا ہے۔

Marfat.com

فَصْلٌ اَلْمَنْصُوْبُ عَامِلُهٗ خَمْسَةُ اَحْرُفٍ اَنْ وَ لَنْ وَ كَيْ

فائدہ:- عاملِ لفظی اُس کو کہتے ہیں کہ جس کا زبان سے تلفظ ہو سکے یا اُس پر دلالت کرنے والے کا تلفظ ہو سکے (جیسے اَنْ ناصبہ، کا بعض صورتوں میں تلفظ ہوتا ہے اور بعض صورتوں میں تلفظ نہیں ہوسکتا) مثلاً جب حتّٰی کے بعد مقدر ہو اِس صورت میں حتّٰی جو اُس (اَنْ مقدرہ) پر دلالت کرتا ہے اُس کا تلفظ ہوتا ہے لہٰذا یہ اَنْ مقدرہ بھی عاملِ لفظی ہوا اور جو اِس طرح نہ ہو یعنی نہ خود متلفظ ہو نہ اُس پر دلالت کرنے والا وہ عاملِ معنوی ہوتا ہے جیسے فعلِ مضارع کا ناصب اور جازم سے خالی ہونا۔ چونکہ اس کا تلفظ نہیں ہوسکتا اس لئے یہ عاملِ معنوی ہے۔ قولہ اَلْمَنْصُوْبُ:- مضارع منصوب کے عامل پانچ حرف ہیں۔ (۱) اَنْ، یہ مضارع کے نواصب میں اصل ہے اور باقی حروفِ ناصبہ اس پر محمول ہو کر نصب کرتے ہیں۔

فائدہ:- کلمہ اَنْ دو قسم پر ہے۔ (۱) اسم۔ (۲) حرف۔ اَنْ، اسمیہ ضمیر متکلم ہوتا ہے جیسے اَنْ فَعَلْتُ اور تلفظ میں اَنْ، کے نون کو فتح دینا اور کتابت میں الف کا اضافہ کرنا کثیر الاستعمال ہے یعنی اَنَا، کہنا تاکہ اَنْ حرفیہ سے التباس نہ ہو۔ اور اَنْ ضمیر مخاطب بھی ہوتا ہے چنانچہ جمہور کے نزدیک اَنْتَ، اَنْتُمَا الخ میں ضمیر اَنْ ہے اور تاء حرفِ خطاب ہے۔ اور اَنْ حرفیہ کی چار قسمیں ہیں۔ (۱) زائدہ جیسے لَمَّآ اَنْ جَآءَتْ رُسُلُنَا، میں اَنْ زائدہ ہے۔ (۲) اَنْ، مُخَفَّفَهْ مِنَ الْمُثَقَّلَةِ جیسے عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ۔ (۳) حرفِ تفسیر، جب ایسے فعل کے بعد واقع ہو جو معنیٰ قول کو متضمن ہے جیسے وَنَادَيْنَاهُ اَنْ يَّآ اِبْرَاهِيْمُ۔ (۴) اَنْ مصدریہ۔

فائدہ:- اَنْ ناصبہ، اَنْ مُخَفَّفَهْ مِنَ الْمُثَقَّلَةِ کی مشابہت لفظی و معنوی کی وجہ سے عمل کرتا ہے۔ مشابہت لفظی تو واضح ہے اور مشابہت معنوی اس طرح ہے کہ یہ دونوں اپنے مدخول کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہو جاتے ہیں۔ (۲) لَنْ، یہ مضارع کو نصب کرنے کے ساتھ ساتھ اُس کو نفی مؤکد مستقبل کے معنیٰ میں کر دیتا ہے اور سیبویہ کے نزدیک یہ مستقل حرف ہے اور فراء کے نزدیک اس کا نون الف سے بدلا ہوا ہے یعنی اصل میں لَا، تھا۔ فائدہ:- فراء کا مذکورہ بالا قول بدو وجہ ضعیف ہے۔ اوّل، اس لئے کہ لَا (مطلق) نفی کے لئے ہے اور لَنْ نفی تاکید کیلئے تو لَنْ میں زیادتی فی المعنیٰ کہاں سے آ گئی۔ جب کہ کوئی حرف بڑھانے سے تو معنیٰ میں زیادتی ہوتی ہے لیکن ایک حرف کو دوسرے حرف کے ساتھ تبدیل کرنے سے معنیٰ میں زیادتی نہیں آتی۔ دوم، اس لئے کہ اَلف کو نون کر دینا متعارف نہیں بلکہ نون کو اَلف کرنا متعارف ہے جیسا کہ ارشادِ باری ہے لَنَسْفَعًا جو اصل میں لَنَسْفَعَنْ تھا۔ (۳) كَيْ، یہ سببیت کیلئے ہے یعنی اِس کا ماقبل مابعد کیلئے سبب ہوتا ہے جیسے اَسْلَمْتُ كَيْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ، میں اسلام لایا تاکہ جنت میں داخل ہوں۔ فائدہ:- کلمہ كَيْ میں تین مذہب ہیں۔ (۱) اخفش کے نزدیک یہ ہمیشہ حرف جر ہوتا ہے اور اس کا مابعد بتقدیر اَنْ منصوب ہوتا ہے اور کبھی اَنْ، مذکور بھی ہوتا ہے جیسے جِئْتُ كَيْ اَنْ تُكْرِمَنِيْ۔ (۲) نحاتِ کوفہ کے نزدیک كَيْ بمعنیٰ اَنْ ناصبہ خود فعل کا ناصب ہے۔ (۳) نحاتِ بصرہ کے نزدیک كَيْ حرفِ جر اور حرفِ ناصب ہونے میں مشترک ہے پس جِئْتُ كَيْ اَنْ تُكْرِمَنِيْ میں حرفِ جر ہے اور قولِ باری تعالیٰ لِكَيْلَا تَأْسَوْا میں حرفِ ناصب ہے اور اَسْلَمْتُ كَيْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ میں حرفِ جر بھی ہوسکتا ہے اور حرفِ ناصب بمعنیٰ لامِ تعلیلہ بھی۔

Marfat.com

وَ اِذَنْ وَاَنِ الْمُقَدَّرَۃُ نَحْوُ اُرِیْدُ اَنْ تُحْسِنَ اِلَیَّ وَاَنَا لَنْ اَضْرِبَکَ وَاَسْلَمْتُ کَیْ اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ وَ اِذَنْ یَغْفِرَ اللّٰہُ لَکَ وَ تُقَدَّرُ اَنْ فِیْ سَبْعَۃِ مَوَاضِعَ بَعْدَ حَتّٰی نَحْوُ اَسْلَمْتُ حَتّٰی اَدْخُلَ الْجَنَّۃَ وَلَامِ کَیْ نَحْوُ قَامَ زَیْدٌ لِیَذْھَبَ وَلَامِ الْجَحْدِ نَحْوُ مَاکَانَ اللّٰہُ لِیُعَذِّبَھُمْ وَ الْفَاءِ الْوَاقِعَۃِ فِیْ جَوَابِ الْاَمْرِ وَ النَّھْیِ وَ الْاِسْتِفْھَامِ وَ النَّفْیِ وَ التَّمَنِّیْ وَ الْعَرْضِ نَحْوُ اَسْلِمْ فَتَسْلَمَ وَ لَا تَعْصِ فَتُعَذَّبَ وَھَلْ تَعَلَّمُ فَتَنْجُوَ وَ مَاتَزُوْرُنَا فَنُکْرِمَکَ وَلَیْتَ لِیْ مَالًا فَاُنْفِقَہٗ وَ اَلَا تَنْزِلُ بِنَا فَتُصِیْبَ خَیْرًا وَ بَعْدَ الْوَاوِ الْوَاقِعَۃِ فِیْ جَوَابِ ھٰذِہِ الْمَوَاضِعِ کَذٰلِکَ نَحْوُ اَسْلِمْ وَ تَسْلَمَ اِلٰی اٰخِرِہٖ

(۴) اِذَنْ، جمہور کے نزدیک یہ حرف بسیط ہے اور خلیل کے نزدیک اِذْ اور اَنْ سے مرکب ہے، ہمزہ کی حرکت ماقبل کو دینے کے بعد ہمزہ کے ساقط ہوجانے سے اِذَنْ بنا۔ فائدہ:- اِذَنْ، کا رسم الخط نون کے ساتھ مبرد کے نزدیک ہے اور جمہور کے نزدیک الف کے ساتھ (اذًا) لکھا جائے گا یعنی وقف کیوجہ سے نون، الف ہو جائے گا۔ (۵) اَنْ مقدرہ، اور یہ اَنْ سات جگہ مقدر ہوتا جن کی تفصیل متن میں موجود ہے۔ سوال:- کلمہ حتّٰی، لامِ کَیْ اور لام جحد کے بعد اَنْ کیوں مقدر مانا جاتا ہے؟ جواب:- اس لئے کہ یہ تینوں حروفِ جارہ ہیں جو اسم پر داخل ہوتے ہیں لہٰذا ان کے بعد اَنْ مقدر مانا گیا تاکہ اَنْ بمع فعل مصدر کی تاویل میں ہوجائے اور حروفِ جارہ کا مدخول بن سکے۔ فائدہ:- کلمہ اَنْ مضارع کو مصدر کی تاویل میں کردیتا ہے یا اَنْ بمع مضارع بتاویلِ مصدر ہوتا ہے۔ صحیح یہ ہے کہ اَنْ اور مضارع کا مجموعہ بمعنی مصدر ہوجاتا ہے جیسا کہ نحو میر میں ہے ''اَنْ بافعل بمعنی مصدر باشد'' کیونکہ اگر صرف مضارع بمعنی مصدر ہوجائے تو اَنْ کا دخول مصدر پر ہوجائے گا حالانکہ وہ فعل پر داخل ہوتا ہے اور یہ بھی لازم آئے گا کہ اس اَنْ پر حرفِ جر کا دخول درست نہ ہو کہ حرفِ جر اسم پر داخل ہوتا ہے اور یہ اسم نہیں ہے۔ لیکن اگر اَنْ اور فعل کا مجموعہ بمعنی مصدر ہوجائے تو کوئی خرابی لازم نہیں آئے گی (البشیر)۔ قولہ وَالْفَاءِ:- یعنی امر وغیرہ کے جواب میں واقع فاء کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے اور اُس واؤ کے بعد بھی جو مذکورہ چھ چیزوں میں سے کسی کے جواب میں واقع ہو، وجہ تقدیر اَنْ یہ ہے کہ فاء اور واؤ دونوں حرف ہیں جنکا ماقبل جملہ انشائیہ ہے اور مابعد جملہ خبریہ اور جملہ خبریہ کا عطف انشائیہ پر جائز نہیں لہٰذا کلمہ اَنْ مقدر مانا تاکہ مضارع بمع اَنْ بتاویلِ مصدر ہوجائے اور اس مصدر کا عطف اُس مصدر پر ہوجائے جو جملہ انشائیہ سے مفہوم ہوتا ہے اور یہ عطف ازقبیلِ عطفُ الْمُفردِ علَی الْمُفرد بن جائے۔

Marfat.com

وَبَعْدَ اَوْ بِمَعْنٰى اِلٰى اَنْ اَوْ اِلَّا اَنْ نَحْوُ لَاَحْبِسَنَّكَ اَوْ تُعْطِيَنِىْ حَقِّىْ وَوَاوِ الْعَطْفِ اِذَا كَانَ الْمَعْطُوْفُ عَلَيْهِ اِسْمًا صَرِيْحًا نَحْوُ اَعْجَبَنِىْ قِيَامُكَ وَتَخْرُجَ وَيَجُوْزُ اِظْهَارُ اَنْ مَعَ لَامِ كَىْ نَحْوُ اَسْلَمْتُ لِاَنْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ وَمَعَ وَاوِ الْعَطْفِ نَحْوُ اَعْجَبَنِىْ قِيَامُكَ وَاَنْ تَخْرُجَ وَيَجِبُ اِظْهَارُ اَنْ فِىْ لَامِ كَىْ اِذَا اتَّصَلَتْ بِلَا النَّافِيَةِ نَحْوُ لِئَلَّا يَعْلَمَ وَاعْلَمْ اَنَّ اَنِ الْوَاقِعَةَ بَعْدَ الْعِلْمِ لَيْسَتْ هِىَ النَّاصِبَةَ لِلْفِعْلِ الْمُضَارِعِ وَاِنَّمَا هِىَ الْمُخَفَّفَةُ مِنَ الْمُثَقَّلَةِ نَحْوُ عَلِمْتُ اَنْ سَيَقُوْمُ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَرْضٰى وَاَنِ الْوَاقِعَةُ بَعْدَ الظَّنِّ جَازَ فِيْهِ الْوَجْهَانِ

قولہ وَبَعْدَ اَوْ:- اور اَنْ مقدر ہوتا ہے لفظِ اَوْ کے بعد جو بمعنی اِلٰی یا اِلَّا ہو۔ وجہ تقدیر یہ ہے کہ اِلٰی کا مابعد مجرور اور اِلَّا کا مابعد مستثنیٰ ہوتا ہے اور مجرور یا مستثنیٰ اسم ہوتا ہے۔ فائدہ:- مصنف کے قول اَوْ بمعنی اِلٰی اَنْ سے مراد یہ نہیں کہ کلمہ اَوْ، اِلٰی اَنْ یا اِلَّا اَنْ کے مجموعہ کے معنی میں ہوتا ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ اَوْ بمعنی اِلٰی ہوتا ہے جس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے یا بمعنی اِلَّا ہوتا ہے جس کے بعد اَنْ مقدر ہوتا ہے۔ قولہ وَوَاوِ الْعَطْفِ:- واوِ عطف کے بعد جب کہ معطوف علیہ اسم صریح ہو لفظ اَنْ مقدر ہوتا ہے وجہ تقدیر صحت عطف ہے یعنی فعل کا عطف اسم پر اور جملہ کا عطف مفرد پر صحیح نہیں لیکن لفظ اَنْ مقدر ماننے سے عطف صحیح ہو جائے گا کیونکہ یہ جملہ اَنْ کے ساتھ بتاویلِ مفرد ہو جائے گا۔ فائدہ:- مصنف علیہ الرحمۃ اگر بعد حرفِ العطف فرماتے تو یہ بہتر تھا اس لئے کہ واؤ کے علاوہ دیگر حروفِ عطف کے بعد بھی اَنْ مقدر ہوتا ہے جس کی وجہ سے فعلِ مضارع منصوب ہو جاتا ہے۔ قولہ وَيَجُوْزُ:- اور لامِ کَیْ کے ساتھ اَنْ کا اظہار بھی جائز ہے اس لئے کہ یہ لام اسم صریح پر داخل ہوتا ہے جیسے جِئْتُكَ لِلْاِكْرَامِ لہٰذا لامِ کَیْ، اَنْ مَعَ الْفِعْل پر بھی داخل ہوگا کیونکہ فعل بمع اَنْ اسم کی تقدیر میں ہوتا ہے۔ فائدہ:- لامِ کَیْ کے ملحق مثلاً لامِ زائدہ اور حروفِ عطف جو مضارع کا اسمِ صریح پر عطف کرتے ہیں ان کے ساتھ بھی اَنْ کا اظہار جائز ہے کیونکہ یہ بھی اسم صریح پر داخل ہوتے ہیں۔ قولہ وَيَجِبُ:- لامِ کَیْ جب لا نافیہ سے متصل ہو تو اس میں اظہارِ اَنْ واجب ہے جیسے لِئَلَّا يَعْلَمَ کیونکہ بصورتِ عدمِ اظہار دو لاموں کا اجتماع لازم آئیگا جو زبان پر ثقیل ہوگا۔ قولہ اِعْلَمْ:- مصنف علیہ الرحمۃ اَنْ ناصبہ کے بیان کے بعد ایک ایسے اَنْ کا بیان کرتے ہیں جو فعلِ مضارع کو نصب نہیں کرتا کیونکہ وہ اَنْ ناصبہ نہیں ہوتا بلکہ اَنَّ کا مخفف ہوتا ہے جیسے عَلِمْتُ اَنْ سَيَقُوْمُ (بضمِ میم) یہ وہ اَنْ ہے جو علمِ مفیدِ یقین کے بعد ہو واقع ہو اور جو اَنْ، ظَنَّ کے بعد واقع ہو اُس میں دو وجہیں جائز ہیں۔

Marfat.com

النَّصَبُ بِهَا وَاَنْ تَجْعَلَهَا كَالْوَاقِعَةِ بَعْدَ الْعِلْمِ نَحْوُ ظَنَنْتُ اَنْ سَيَقُوْمُ **فصل** اَلْمَجْزُوْمُ عَامِلُهُ لَمْ وَلَمَّا وَلَامُ الْاَمْرِ وَلَا فِى النَّهْيِ وَكَلِمُ الْمُجَازَاتِ وَهِيَ اِنْ وَمَهْمَا وَاِذْمَا وَحَيْثُمَا وَاَيْنَ وَمَتٰى وَمَا وَمَنْ وَاَىٌّ وَاَنّٰى وَاِنِ الْمُقَدَّرَةُ نَحْوُ لَمْ يَضْرِبْ وَلَمَّا يَضْرِبْ وَلِيَضْرِبْ وَلَاتَضْرِبْ وَاِنْ تَضْرِبْ اَضْرِبْ اِهٖ وَاعْلَمْ اَنَّ لَمْ تَقْلِبُ الْمُضَارِعَ مَاضِيًا مَنْفِيًّا وَلَمَّا كَذٰلِكَ اِلَّا اَنَّ فِيْهَا تَوَقُّعًا بَعْدَهٗ وَدَوَامًا قَبْلَهٗ نَحْوُ قَامَ الْاَمِيْرُ لَمَّا يَرْكَبْ وَاَيْضًا يَجُوْزُ حَذْفُ الْفِعْلِ بَعْدَ لَمَّا خَاصَّةً تَقُوْلُ نَدِمَ زَيْدٌ وَلَمَّا اَىْ وَلَمَّا يَنْفَعْهُ النَّدَمُ وَلَاتَقُوْلُ نَدِمَ زَيْدٌ وَلَمْ

اوّل، یہ کہ اُس سے فعل کو نصب دیں اس بنا پر کہ اَنْ ناصبہ ہے۔ دوم، یہ کہ اُس کو علم کے بعد واقع ہونے والے اَنْ کی طرح اَنْ مُخَفَّفَہ مِنَ الثَّقِیْلَۃ قرار دیا جائے جیسے ظَنَنْتُ اَنْ سَیَقُوْمُ (میم کے فتح اور ضمہ کے ساتھ) فائدہ:- علم کے بعد جب اَنْ مخففہ آئے تو اَنْ اور فعل کے درمیان فاصلہ ضروری ہے تا کہ اول امر سے یہ معلوم ہو جائے کہ یہ اَنْ مخففہ ہے ناصبہ نہیں اس لئے کہ اَنْ ناصبہ اور فعل مضارع میں فصل نہیں کیا جاتا کہ وہ عامل ضعیف ہے اور جن کلمات کے ساتھ فصل کیا جاتا ہے وہ یہ ہیں (۱) سین جیسے عَلِمَ اَنْ سَیَکُوْنُ۔ (۲) سوف جیسے عَلِمْتُ اَنْ سَوْفَ یَقُوْمُ۔ (۳) قد جیسے لِیَعْلَمَ اَنْ قَدْ اَبْلَغُوْا۔ (۴) حرف نفی جیسے عَلِمْتُ اَنْ لَایَقُوْمُ۔ قولہ، اَلْمَجْزُوْمُ:- فعل مضارع کے جازم دو قسم پر ہیں۔ اوّل حروفِ جازمہ جو پانچ ہیں۔ لَمْ وغیرہ۔ دوم، کَلِمُ الْمُجَازَاتِ یعنی کلمات شرط وجزا اور یہ اِنْ وغیرہ ہیں۔ قسم اوّل، ایک فعل کو جزم کرتی ہے اور قسم دوم کے اکثر، دو فعلوں کو۔ قولہ لَمْ تَقْلِبُ:- حرف لَمْ اور لَمَّا یہ دونوں مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتے ہیں اور ان میں چند وجوہ سے فرق ہے۔ (۱) لَمْ میں استغراق نہیں ہوتا لیکن لَمَّا میں استغراق ہوتا ہے یعنی نفی کے معنی، وقتِ انتفاء سے لیکر وقت تکلم تک تمام ازمنہ ماضیہ کو شامل ہوتے ہیں چنانچہ لَمَّا یَضْرِبْ کے معنی ہیں اب تک نہیں مارا۔ (۲) لَمَّا کا استعمال اکثر اُس فعل میں ہوتا ہے جس کے واقع ہونے کی توقع ہو۔ بخلاف لَمْ کے۔ (۳) لَمَّا کے بعد واقع فعل کو بوقتِ قیام قرینہ حذف کرنا جائز ہے بخلاف لَمْ کے جیسے نَدِمَ زَیْدٌ وَلَمَّا اَیْ وَلَمَّا یَنْفَعْهُ النَّدَمُ۔ زید پشیمان ہوا لیکن ابھی تک اُس کو شرمندگی نے فائدہ نہیں دیا۔ (۴) لَمَّا پر ادواتِ شرط داخل نہیں ہو سکتے پس اِنْ لَمَّا یَضْرِبْ، نہیں کہہ سکتے لیکن لَمْ پر داخل ہو سکتے ہیں جیسے اِنْ لَمْ تَفْعَلُوْا۔ (۵) لَمَّا کبھی اسم بھی ہوتا ہے یعنی ظرف بمعنی اِذْ ہوتا ہے جس کو جواب لازم ہے اور اُس وقت اُس کا مدخول فعل ماضی ہوتا ہے اور جواب بھی فعلِ ماضی ہوتا ہے جیسے فَلَمَّا نَجَّاکُمْ اِلَی الْبَرِّ اَعْرَضْتُمْ یا جواب جملہ اسمیہ ہوتا ہے جو اِذا مفاجاتیہ سے مقرون ہوتا ہے جیسے فَلَمَّا کُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقِتَالُ اِذَا فَرِیْقٌ مِّنْهُمْ۔

Marfat.com

وَاَمَّا كَلِمُ الْمُجَازَاتِ حَرْفًا كَانَتْ اَوْ اِسْمًا فَهِيَ تَدْخُلُ عَلَى الْجُمْلَتَيْنِ لِتَدُلَّ عَلٰى اَنَّ الْاُوْلٰى سَبَبٌ لِلثَّانِيَةِ وَتُسَمَّى الْاُوْلٰى شَرْطًا وَالثَّانِيَةُ جَزَاءً ثُمَّ اِنْ كَانَ الشَّرْطُ وَالْجَزَاءُ مُضَارِعَيْنِ يَجِبُ الْجَزْمُ فِيْهِمَا لَفْظًا نَحْوُ اِنْ تُكْرِمْنِيْ اُكْرِمْكَ وَاِنْ كَانَا مَاضِيَيْنِ لَمْ تَعْمَلْ فِيْهِمَا لَفْظًا نَحْوُ اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ وَاِنْ كَانَ الْجَزَاءُ وَحْدَهٗ مَاضِيًا يَجِبُ الْجَزْمُ فِي الشَّرْطِ نَحْوُ اِنْ تَضْرِبْنِيْ ضَرَبْتُكَ وَاِنْ كَانَ الشَّرْطُ وَحْدَهٗ مَاضِيًا جَازَ فِي الْجَزَاءِ الْوَجْهَانِ نَحْوُ اِنْ جِئْتَنِيْ اُكْرِمْكَ **واعلم** اَنَّهٗ اِذَا كَانَ الْجَزَاءُ مَاضِيًا بِغَيْرِ قَدْ لَمْ يَجُزِ الْفَاءُ فِيْهِ نَحْوُ اِنْ اَكْرَمْتَنِيْ اَكْرَمْتُكَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى وَمَنْ دَخَلَهٗ كَانَ اٰمِنًا

قولہ وَاَمَّا كَلِمُ الْمُجَازَاةِ :- بہر حال شرط اور جزا کے کلمات خواہ اسم ہوں یا حرف وہ دو فعلیہ جملوں پر داخل ہوتے ہیں تا کہ اس بات پر دلالت کریں کہ پہلا جملہ دوسرے کیلئے سبب ہے اور پہلے جملہ کو شرط اور دوسرے کو جزا کہتے ہیں کیونکہ پہلا جملہ دوسرے کے تحقق کیلئے شرط ہے اور دوسرا پہلے پر مرتب ہے۔ قولہ ثُمَّ اِنْ كَانَ :- مصنف علیہ الرحمۃ شرط اور جزا کے مجزوم ہونے کی صورتیں بیان کرتے ہیں۔ (۱) اگر شرط اور جزا دونوں مضارع ہوں تو دونوں میں لفظاً جزم واجب ہے اس لئے کہ مضارع میں جزم قبول کرنے کی صلاحیت ہے کہ وہ معرب ہے اور حرف جازم بھی موجود ہے جیسے اِنْ تُكْرِمْنِيْ اُكْرِمْكَ۔ (۲) اگر شرط اور جزا دونوں فعلِ ماضی ہوں تو کلماتِ شرط و جزا اُن میں لفظاً عمل نہیں کریں گے بلکہ دونوں میں جزم محلی ہوگا اس لئے کہ ماضی مبنی ہے جیسے اِنْ ضَرَبْتَ ضَرَبْتُ۔ (۳) اگر صرف جزا ماضی ہو اور شرط مضارع ہو تو شرط میں جزم واجب ہوگا جیسے اِنْ تَضْرِبْنِيْ ضَرَبْتُكَ۔ (۴) اگر صرف شرط ماضی ہو اور جزا مضارع تو جزا میں دو وجہیں جائز ہیں ایک جزم اور دوسرے رفع۔ جزم تو اس لئے کہ مضارع قابل جزم ہے اور رفع اس لئے کہ جب شرط میں ماضی ہونے کی وجہ سے جزم لفظی باطل ٹھہرا تو اُس کی موافقت میں مضارع میں بھی جزم نہیں آئے گا جیسے اِنْ جِئْتَنِيْ اُكْرِمْكَ۔ قولہ وَاعْلَمْ :- شرط و جزاء میں انجزام و عدم انجزام کو بیان کرنے کے بعد اب جزاء پر فاء کے دخول و عدم دخول کے مواضع بیان کرتے ہیں جو درج ذیل ہیں۔ (۱) جب جزا لفظاً یا معنًی ماضی ہو بغیر حرف قَدْ کے تو جزاء پر فاء لانا جائز نہیں اس لئے کہ حرف شرط نے ماضی میں اثر کیا کہ اُس کو مستقبل کے معنی میں کر دیا لہٰذا دوسرے رابطہ یعنی فاء کی ضرورت نہیں جیسے اِنْ اَكْرَمْتَنِيْ اَكْرَمْتُكَ۔

Marfat.com

وَاِنْ كَانَ مُضَارِعًا مُثْبَتًا اَوْ مَنْفِيًّا بِلَا جَازَ فِيْهِ الْوَجْهَانِ نَحْوُ اِنْ تَضْرِبْنِيْ اَضْرِبْكَ اَوْ فَاَضْرِبُكَ وَاِنْ تَشْتِمْنِيْ لَا اَضْرِبْكَ اَوْ فَلَا اَضْرِبُكَ وَاِنْ لَمْ يَكُنِ الْجَزَاءُ اَحَدَ الْقِسْمَيْنِ الْمَذْكُوْرَيْنِ فَيَجِبُ الْفَاءُ فِيْهِ وَذٰلِكَ فِيْ اَرْبَعِ صُوَرٍ الْاُوْلٰى اَنْ يَّكُوْنَ الْجَزَاءُ مَاضِيًا مَعَ قَدْ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ وَالثَّانِيَةُ اَنْ يَّكُوْنَ مُضَارِعًا مَنْفِيًّا بِغَيْرِ لَا كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَالثَّالِثَةُ اَنْ يَّكُوْنَ جُمْلَةً اِسْمِيَّةً كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى مَنْ جَاءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا وَالرَّابِعَةُ اَنْ يَّكُوْنَ جُمْلَةً اِنْشَائِيَّةً اِمَّا اَمْرًا كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ وَاِمَّا نَهْيًا كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَاِنْ عَلِمْتُمُوْهُنَّ مُؤْمِنٰتٍ فَلَا تَرْجِعُوْهُنَّ اِلَى الْكُفَّارِ وَقَدْ يَقَعُ اِذَا مَعَ الْجُمْلَةِ الْاِسْمِيَّةِ مَوْضِعَ الْفَاءِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ

(۲) اگر جزاء مضارع مثبت ہو یا منفی بلا، تو جزاء میں دو وجہ جائز ہیں اِتیانِ فاء اور ترکِ فاء۔ فاء کا لانا تو اس لئے جائز ہے کہ حرفِ شرط نے جزاء میں پورا اثر نہیں کیا کیونکہ مضارع میں زمانہ مستقبل پہلے سے موجود تھا لہٰذا برائے ربط فاء کا لانا جائز ہے اور حرفِ شرط نے اثر کیا بھی ہے اگرچہ وہ ضعیف ہے یعنی مضارع کو استقبال کے ساتھ خاص کر دیا ہے لہٰذا دوسرے رابطہ کی ضرورت نہیں پس ترکِ فاء بھی جائز ہے۔ (۳) اگر جزاء مذکورہ دو قسموں میں سے کوئی نہ تو اُس میں فاء کا لانا واجب ہے۔ قولہ وذٰلک:- یعنی جزاء کا مذکورہ دو قسموں میں سے کوئی قسم نہ ہونا اُس کی چار صورتیں ہیں (۱) جزاء ماضی ہو قَدْ کے ساتھ جیسے ارشادِ باری اِنْ يَّسْرِقْ فَقَدْ سَرَقَ اَخٌ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ۔ (۲) جزاء مضارع منفی ہو بغیر لا کے جیسے وَمَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ۔ (۳) جزاء جملہ اسمیہ ہو جیسے مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ فَلَهٗ عَشْرُ اَمْثَالِهَا۔ (۴) جزاء جملہ انشائیہ ہو خواہ امر ہو یا نہی جیسے اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ۔ فائدہ:- جزاء میں فاء کے لانے یا نہ لانے کا ضابطہ یہ ہے کہ اگر حرفِ جازم شرط و جزاء میں مؤثر ہے یعنی جزم دے رہا ہے یا نفی مستقبل کے معنی میں کر رہا ہے تو دخولِ فاء جائز نہیں اور اگر مؤثر نہیں ہے تو دخولِ فاء واجب ہے اور اگر حرف کی تاثیر و عدمِ تاثیر دونوں محتمل ہیں تو فاء کا لانا اور ترک دونوں جائز ہیں۔

قولہ وقد یقع اذا:- اور کبھی جزاء پر فاء کی جگہ اِذا مفاجاتیہ آتا ہے جبکہ جزاء جملہ اسمیہ ہو جیسے وَاِنْ تُصِبْهُمْ سَيِّئَةٌ بِمَا قَدَّمَتْ اَيْدِيْهِمْ اِذَا هُمْ يَقْنَطُوْنَ۔ اس لئے کہ اِذا میں فاء کی مثل تعقیب کے معنی پائے جاتے ہیں۔

Marfat.com

وَاِنَّمَا تُقَدَّرُ اِنْ بَعْدَ الْاَفْعَالِ الْخَمْسَةِ الَّتِیْ هِیَ الْاَمْرُ نَحْوُ تَعَلَّمْ تَنْجُ وَالنَّهْیُ نَحْوُ لَاتَكْذِبْ یَكُنْ خَیْرًا لَّكَ وَالْاِسْتِفْهَامُ نَحْوُ هَلْ تَزُوْرُنَا نُكْرِمْكَ وَالتَّمَنِّیْ نَحْوُ لَیْتَكَ عِنْدِیْ اَخْدِمْكَ وَالْعَرْضُ نَحْوُ اَلَاتَنْزِلُ بِنَاتُصِبْ خَیْرًا وَبَعْدَ النَّفْیِ فِیْ بَعْضِ الْمَوَاضِعِ نَحْوُلَا تَفْعَلْ شَرًّا یَكُنْ خَیْرًا لَّكَ وَذٰلِكَ اِذْ اَقْصِدُ اَنَّ الْاَوَّلَ سَبَبٌ لِلثَّانِیْ كَمَا رَأَیْتَ فِی الْاَمْثِلَةِ فَاِنَّ مَعْنٰی قَوْلِنَا تَعَلَّمْ تَنْجُ هُوَاِنْ تَتَعَلَّمْ تَنْجُ وَكَذٰلِكَ الْبَوَاقِیْ فَلِذٰلِكَ امْتَنَعَ قَوْلُكَ لَاتَكْفُرْتَدْخُلِ النَّارَ لِاِمْتِنَاعِ السَّبَبِیَّةِ اِذْلَایَصِحُّ اَنْ یُّقَالَ اِنْ لَّاتَكْفُرْ تَدْخُلِ النَّارَ **وَالثَّالِثُ الْاَمْرُ** وَهُوَ صِیْغَةٌ یُّطْلَبُ بِهَا الْفِعْلُ مِنَ الْفَاعِلِ الْمُخَاطَبِ بِاَنْ تَحْذِفَ مِنَ الْمُضَارِعِ حَرْفَ الْمُضَارَعَةِ ثُمَّ تَنْظُرَ فَاِنْ كَانَ مَابَعْدَ حَرْفِ الْمُضَارَعَةِ سَاكِنًا زِدْتَّ هَمْزَةَ الْوَصْلِ مَضْمُوْمَةً اِنِ انْضَمَّ ثَالِثُهٗ نَحْوُ اُنْصُرْ وَمَكْسُوْرَةً اِنِ انْفَتَحَ اَوِ انْكَسَرَ كَاِعْلَمْ وَاِضْرِبْ وَاِسْتَخْرِجْ

قولہ وَاِنَّمَا تُقَدَّرُ:- یعنی اِنْ شرطیہ بمع شرط پانچ چیزوں کے بعد مقدر ہوتا ہے جبکہ یہ ارادہ کیا جائے کہ مضمونِ اوّل سبب ہے مضمون ثانی کیلئے۔ اوّل، امر جیسے تَعَلَّمْ تَنْجُ ای تَعَلَّمْ اِنْ تَتَعَلَّمْ تَنْجُ۔ دوم، نہی جیسے لَاتَكْذِبْ یَكُنْ خَیْرًالَّكَ ای لَاتَكْذِبْ اِنْ لَاتَكْذِبْ یَكُنْ خَیْرًالَّكَ۔ سوم، استفہام جیسے هَلْ تَزُوْرُنَانُكْرِمْكَ ای هَلْ تَزُوْرُنَااِنْ تَزُرْنَا نُكْرِمْكَ۔ چہارم، تمنی لَیْتَكَ عِنْدِیْ اَخْدِمْكَ ای لَیْتَكَ عِنْدِیْ اِنْ تَكُنْ عِنْدِیْ اَخْدِمْكَ۔ پنجم، عرض جیسے اَلاتَنْزِلُ بِنَاتُصِبْ خَیْرًا ای اَلاتَنْزِلُ بِنَااِنْ تَنْزِلْ بِنَاتُصِبْ خَیْرًا۔ قولہ وَبَعْدَ النَّفْیِ:- یہ عبارت کاتب کی غلطی ہے۔ قولہ اَلْاَمْرُ:- فعل کی قسم ثالث امر ہے اصطلاحِ نحات میں امر ایسا صیغہ ہے جس کے ذریعے فاعلِ مخاطب سے فعل طلب کیا جائے اور وہ مضارع سے بنتا ہے جس کی تفصیل اس طرح ہے۔ (الف) علامت مضارع حذف کرنے کے بعد دیکھو اگر بعد والا حرف ساکن ہے تو علامتِ مضارع کی جگہ ہمزہ لاؤ تا کہ ابتدا ساکن سے نہ ہو اور ہمزہ اس لئے لایا جاتا ہے کہ یہ حروفِ زوائد سے ثقیل حرف ہے اور ہمزہ کی حرکت عین کلمہ کی حرکت کے موافق ضمہ ہو گا یا کسرہ جیسے تَضْرِبُ سے اِضْرِبْ، تَفْتَحُ سے اِفْتَحْ اور تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ۔ سوال:- اگر عینِ مضارع مفتوح ہو تو امر میں ہمزہ وصل مفتوح کیوں نہیں آتا؟ جواب:- اس لئے کہ اگر عین کلمہ کی موافقت میں ہمزہ مفتوحہ آئے تو صیغہ امر کا صیغہ واحد متکلم مضارع سے اِلتباس ہو گا۔

Marfat.com

وَاِنْ كَانَ مُتَحَرِّكًا فَلَا حَاجَةَ اِلَى الْهَمْزَةِ نَحْوُ عِدْوَحَاسِبْ وَالْاَمْرُ مِنْ بَابِ الْاِفْعَالِ مِنَ الْقِسْمِ الثَّانِيْ وَ هُوَ مَبْنِيٌّ عَلٰى عَلَامَةِ الْجَزْمِ كَاِضْرِبْ وَ اُغْزُ وَارْمِ وَ اِسْعَ وَ اِضْرِبَا وَ اِضْرِبُوْا وَ اِضْرِبِيْ **فَصْلٌ** فِعْلُ مَالَمْ يُسَمَّ فَاعِلُهٗ هُوَ فِعْلٌ حُذِفَ فَاعِلُهٗ وَ اُقِيْمَ الْمَفْعُوْلُ مَقَامَهٗ وَ يَخْتَصُّ بِالْمُتَعَدِّيْ وَ عَلَامَتُهٗ فِي الْمَاضِيْ اَنْ يَّكُوْنَ اَوَّلُهٗ مَضْمُوْمًا فَقَطْ وَ مَاقَبْلَ اٰخِرِهٖ مَكْسُوْرًا فِي الْاَبْوَابِ الَّتِيْ لَيْسَتْ فِيْ اَوَائِلِهَا هَمْزَةُ وَصْلٍ وَ لَاتَاءٌ زَائِدَةٌ نَحْوُ ضُرِبَ وَ دُحْرِجَ وَ اُكْرِمَ وَ اَنْ يَّكُوْنَ اَوَّلُهٗ وَ ثَانِيْهِ مَضْمُوْمًا وَمَاقَبْلَ اٰخِرِهٖ كَذٰلِكَ فِيْمَا فِيْ اَوَّلِهٖ تَاءٌ زَائِدَةٌ نَحْوُ تُفُضِّلَ وَتُضُوْرِبَ

(ب) اگر علامت مضارع کا بعد متحرک رہ جائے تو آخر میں وقف کردو جیسے تَعِدُ سے عِدْ۔ قولہ وَالْاَمْرُ:-اور بابِ افعال کا امر قسم ثانی سے ہے اس لئے کہ اَکْرِمْ، تُکْرِمُ سے بنا ہے جو اصل میں تُأَکْرِمُ تھا یہ ہمزہ وصلی نہیں ہے۔ (ج) اگر مضارع کے آخر میں حرف علت ہے تو وہ امر میں گر جائے گا اور ذوات النُّون صیغوں سے نون بھی گر جائے گا جیسے اِرْمِ، اِرْمِیَا۔ قولہ وَهُوَ مَبْنِيٌّ:-اور امر علامت جزم پر مبنی ہوتا ہے یہ نحات بصرہ کا مذہب ہے وجہ بنا یہ ہے کہ فعل میں اصل بنا ہے لیکن فعلِ مضارع علامتِ مضارع کی زیادت کے بعد اسم کے مشابہ ہو گیا ہے لہٰذا مضارع معرب بن گیا اور جب یہ مشابہت حرفِ مضارع کے حذف سے ختم ہوگئی تو امر مبنی ہو گیا۔اور اخفش کے نزدیک امر مبنی نہیں بلکہ مجزوم بلام طلب ہے اور اُس کے نزدیک قُمْ کا اصل لِتَقُمْ اور اُقْعُدْ کا لِتَقْعُدْ ہے لام برائے تخفیف اور علامتِ مضارع لام کے اتباع میں حذف ہوگئی تو لِتَقُمْ سے قُمْ رہ گیا۔ ﴿**فعل ما لم يسم فاعله**﴾ فعل مالم یُسَمّ فاعِلُہٗ (فعل مجہول) وہ فعل ہے جس کا فاعل کلام سے حذف کر کے اُس کی جگہ مفعول رکھ دیا گیا ہو اور یہ حذف و اتیان، فعل متعدی کے ساتھ مختص ہے یعنی فعل مجہول، فعلِ متعدی سے بنایا جاتا ہے کیونکہ مفعول بہ اُسی کا آتا ہے۔ قولہ وَعَلَامَتُهٗ:-اور ماضی میں فعلِ مجہول کی علامت یہ ہے کہ اُس کا پہلا حرف اصل میں مضموم اور آخر سے پہلا مکسور ہوتا ہے یہ علامت اُن ابواب میں ہے جو ہمزہ وصل اور تاء زائدہ سے خالی ہوتے ہیں جیسے ضُرِبَ، دُحْرِجَ وغیرہ۔ اور جن ابواب کے اوّل میں تاء ہے اُن میں پہلا اور دوسرا حرف مضموم اور آخر سے پہلا مکسور ہوتا ہے جیسے تُفُضِّلَ وغیرہ۔

Marfat.com

وَ اَنْ یَّكُوْنَ اَوَّلُهٗ وَ ثَالِثُهٗ مَضْمُوْمًا وَ مَاقَبْلَ اٰخِرِهٖ كَذٰلِكَ فِیْ مَا فِیْ اَوَّلِهٖ هَمْزَةُ وَصْلٍ نَحْوُ اُسْتُخْرِجَ وَاُقْتُدِرَ وَالْهَمْزَةُ تَتْبَعُ الْمَضْمُوْمَ اِنْ لَّمْ تُدْرَجْ وَ فِی الْمُضَارِعِ اَنْ یَّكُوْنَ حَرْفُ الْمُضَارَعَةِ مَضْمُوْمًا وَ مَاقَبْلَ اٰخِرِهٖ مَفْتُوْحًا نَحْوُ یُضْرَبُ وَ یُسْتَخْرَجُ اِلَّا فِیْ بَابِ الْمُفَاعَلَةِ وَ الْاِفْعَالِ وَ التَّفْعِیْلِ وَ الْفَعْلَلَةِ وَ مُلْحَقَاتِهَا الثَّمَانِیَةِ فَاِنَّ الْعَلَامَةَ فِیْهَا فَتْحُ مَاقَبْلَ الْاٰخِرِ نَحْوُ یُحَاسَبُ وَ یُدَحْرَجُ وَ فِی الْاَجْوَفِ مَاضِیْهِ قِیْلَ وَ بِیْعَ وَ بِالْاِشْمَامِ قِیْلَ وَ بِیْعَ وَ بِالْوَاوِ قُوْلَ وَ بُوْعَ وَ كَذٰلِكَ بَابُ اُخْتِیْرَ وَانْقِیْدَ دُوْنَ اُسْتُخِیْرَ وَاُقِیْمَ لِفَقْدِ فُعِلَ فِیْهِمَا وَ فِیْ مُضَارِعِهٖ تُقْلَبُ الْعَیْنُ اَلِفًا نَحْوُ یُقَالُ وَ یُبَاعُ كَمَا عَرَفْتَ فِی التَّصْرِیْفِ مُسْتَقْصًی

اور جن ابواب میں ہمزۂ وصل ہے اُن میں پہلا اور تیسرا حرف مضموم اور آخر سے پہلا مکسور ہوتا ہے جیسے اُقْتُدِرَ وغیرہ اور ہمزۂ وصل ماضی میں اپنے بعد والے حرف کی حرکت ضمہ کے تابع ہو کر مضموم ہوتا ہے جب کہ ہمزہ ساقط نہ ہو جائے جیسے اُقْتُدِرَ میں تاء کے تابع ہو کر مضموم ہو گیا ہے چونکہ قاف ساکن کَالْمَیِّتْ ہے لہٰذا اُقْتُدِرَ میں ہمزہ کا مابعد تاء ہے۔ قولہ وَفِی الْمُضَارِعِ:- اور فعلِ مجہول کی علامت مضارع میں یہ ہے کہ حرفِ مضارع مضموم اور آخر کا پہلا حرف مفتوح ہوتا ہے اور اُس کا ضمہ ماضی کی موافقت میں ہوتا ہے کیونکہ ماضی مضارع کیلئے اصل ہے اور ماقبل آخر کا فتحہ خفیف ہونے کی وجہ سے جیسے یُضْرَبُ وغیرہ اور یہ علامت تمام ابواب میں پائی جاتی ہے ماسوی بابِ مُفَاعَلَہ، اِفْعَالٌ، تَفْعِیْلٌ، فَعْلَلَ اور فَعْلَلَ کے ساتوں ملحقات کے، کہ اُن میں مضارعِ مجہول کی علامت صرف ماقبل آخر کا فتحہ ہے اِس لئے کہ اِن ابواب کے مضارع معلوم میں بھی علامتِ مضارع مضموم ہوتی ہے۔ قولہ فِی الْاَجْوَفِ:- یعنی اجوف کی ماضی مجہول میں تین وجہ پڑھنا جائز ہے۔(۱) واؤ کو یاء سے بدل کر جیسے قِیْلَ اور بِیْعَ۔(۲) اشمام کے ساتھ جیسے قِیْلَ اور بِیْعَ۔(۳) واؤ کے ساتھ قُوْلَ اور بُوْعَ اور اسی طرح بابِ اُنْقِیْدَ اور اُخْتِیْرَ تین طرح پڑھا گیا ہے۔ فائدہ:- اشمام سے مراد یہ ہے کہ فاء کلمہ کے کسرہ کو تھوڑا سا ضمہ کی طرف مائل کر کے اور اُس کے بعد واقع یاء کو تھوڑا سا واؤ کی طرف مائل کر کے پڑھنا۔ قولہ دُوْنَ اُسْتُخِیْرَ:- یعنی بابِ استفعال اور بابِ افعال معتل العین کی ماضی مجہول میں صرف پہلی وجہ پڑھی جائے گی یعنی ضمہ اور اشمام کے ساتھ اُن کو نہیں پڑھا جائے گا اس لئے کہ ضمہ اور اشمام کا سبب یاء کے ماقبل کا ضمہ ہے یعنی وزنِ فُعِلَ اور ان میں حرفِ علت کا ماقبل اصل کے اعتبار سے ساکن ہے لہٰذا ان میں وزنِ فُعِلَ حقیقی اور صوری نہ ہونے کی وجہ سے صرف ایک وجہ پڑھی جائے گی۔ قولہ وَفِیْ مُضَارِعِهٖ:- اور بابِ معتل العین کے مضارع مجہول میں عین کلمہ الف سے بدل جاتا ہے جیسے یُقَالُ وغیرہ۔

Marfat.com

فصل اَلْفِعْلُ اِمَّا مُتَعَدٍّ وَ هُوَ مَا يَتَوَقَّفُ فَهْمُ مَعْنَاهُ عَلٰى مُتَعَلَّقٍ غَيْرِ الْفَاعِلِ كَضَرَبَ وَاِمَّا لَازِمٌ وَهُوَ مَابِخِلَافِهِ كَقَعَدَ وَقَامَ وَالْمُتَعَدِّیْ قَدْ يَكُوْنُ اِلٰى مَفْعُوْلٍ وَاحِدٍ كَضَرَبَ زَيْدٌ عَمْرًا وَ اِلٰى مَفْعُوْلَيْنِ كَاَعْطٰى زَيْدٌ عَمْرًا دِرْهَمًا وَ يَجُوْزُ فِيْهِ الْاَقْتِصَارُ عَلٰى اَحَدِ مَفْعُوْلَيْهِ كَاَعْطَيْتُ زَيْدًا اَوْاَعْطَيْتُ دِرْهَمًا بِخِلَافِ بَابِ عَلِمْتُ وَاِلٰى ثَلٰثَةِ مَفَاعِيْلَ نَحْوُاَعْلَمَ اللّٰهُ زَيْدًا عَمْرًا فَاضِلًا وَمِنْهُ اَرٰى وَاَنْبَأَ وَنَبَّأَ وَاَخْبَرَ وَ خَبَّرَ وَحَدَّثَ وَ هٰذِهِ السَّبْعَةُ مَفْعُوْلُهَا الْاَوَّلُ مَعَ الْاَخِيْرَيْنِ كَمَفْعُوْلَیْ اَعْطَيْتُ فِیْ جَوَازِ الْاِقْتِصَارِ عَلٰى اَحَدِهِمَا تَقُوْلُ اَعْلَمَ اللّٰهُ زَيْدًا وَالثَّانِیْ مَعَ الثَّالِثِ كَمَفْعُوْلَیْ عَلِمْتُ فِیْ عَدَمِ جَوَازِ الْاَقْتِصَارِ عَلٰى اَحَدِهِمَا فَلَاتَقُوْلُ اَعْلَمْتُ زَيْدًا خَيْرَ النَّاسِ بَلْ تَقُوْلُ اَعْلَمْتُ زَيْدًا عَمْرًا خَيْرَ النَّاسِ

◦ **اَلْفِعْلُ اِمَّا مُتَعَدٍّ** ◦ فعل کی دو قسمیں ہیں۔(۱) متعدی۔(۲) لازم۔(۱) متعدی، وہ فعل ہے کہ جس کے معنیٰ کا سمجھنا فاعل کے علاوہ کسی متعلق پر موقوف ہو جیسے ضَرَبَ کہ اس کا سمجھنا جس طرح کہ فاعل پر موقوف ہے، فاعل کے غیر یعنی مفعول بہ پر بھی موقوف ہے۔(۲) لازم، وہ فعل ہے جس کا سمجھنا فاعل کے علاوہ کسی متعلق پر موقوف نہ ہو جیسے قَعَدَ وغیرہ قولہ وَالْمُتَعَدِّیْ :- یعنی متعدی کی تین قسمیں ہیں۔اوّل، ایک مفعول کی طرف متعدی جیسے ضَرَبَ۔ دوم، دو مفعولوں کی طرف متعدی جیسے اَعْطٰی۔ سوم، تین مفعولوں کی طرف متعدی جیسے اَعْلَمَ وغیرہ۔ فائدہ:- متعدی بدو مفعول کی دو قسمیں ہیں۔اوّل، وہ جو دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو اور اس کا دوسرا مفعول مصداق میں مفعولِ اوّل کا غیر ہو جیسے اَعْطٰی زَیْدٌ عَمْرًا دِرْهَمًا۔ اس قسم میں کسی ایک مفعول کو حذف کر کے دوسرے پر اقتصار جائز ہے۔ دوم، وہ جو دو مفعولوں کی طرف متعدی ہو اور اس کے ایک مفعول پر اقتصار جائز نہ ہو، یہ وہ ہے کہ جس کا دوسرا مفعول مصداق میں پہلے کا غیر نہیں ہے جیسے عَلِمْتُ زَیْدًا فَاضِلًا۔ اس قسم میں کسی ایک مفعول کو حذف کرنا جائز نہیں البتہ دونوں مفعولوں کو حذف کرنا جائز ہے۔ قولہ وَمِنْهُ :- اور متعدی بسہ مفعول سے اَرٰی وغیرہ ہیں اور ان ساتوں فعلوں کا پہلا مفعول بعد کے دونوں مفعولوں کے ساتھ باب اَعْطَیْتُ کے دو مفعولوں کی مثل ہے یعنی ان کے پہلے مفعول کو بعد کے دو کے بغیر ذکر کر سکتے ہیں جیسے اَعْلَمَ اللّٰهُ زَیْدًا اور ان کا دوسرا مفعول تیسرے کے ساتھ عَلِمْتُ کے دو مفعولوں کی طرح ہے یعنی کسی ایک کو حذف کر کے دوسرے پر اقتصار جائز نہیں ہے لہٰذا اَعْلَمْتُ زَیْدًا خَیْرَ النَّاسِ نہیں کہا جائے گا بلکہ اَعْلَمْتُ زَیْدًا عَمْرًا خَیْرَ النَّاسِ کہا جائے گا۔

Marfat.com

فصل اَفْعَالُ الْقُلُوْبِ عَلِمْتُ وَظَنَنْتُ وَحَسِبْتُ وَخِلْتُ وَرَأَيْتُ وَوَجَدْتُ وَزَعَمْتُ وَهِيَ اَفْعَالٌ تَدْخُلُ عَلَى الْمُبْتَدَأِ وَالْخَبَرِ فَتَنْصِبُهُمَا عَلَى الْمَفْعُوْلِيَّةِ نَحْوُ عَلِمْتُ زَيْدًا عَالِمًا **وَاعْلَمْ** اَنَّ لِهٰذِهِ الْاَفْعَالِ خَوَاصَّ مِنْهَا اَنْ لَّا تُقْتَصَرَ عَلٰى اَحَدِ مَفْعُوْلَيْهَا بِخِلَافِ بَابِ اَعْطَيْتُ فَلَا تَقُوْلُ عَلِمْتُ زَيْدًا وَمِنْهَا جَوَازُ الْاِلْغَاءِ اِذَا تَوَسَّطَتْ نَحْوُ زَيْدٌ ظَنَنْتُ قَائِمٌ اَوْ تَأَخَّرَتْ نَحْوُ زَيْدٌ قَائِمٌ ظَنَنْتُ وَمِنْهَا اَنَّهَا تُعَلَّقُ اِذَا وَقَعَتْ قَبْلَ الْاِسْتِفْهَامِ نَحْوُ عَلِمْتُ اَزَيْدٌ عِنْدَكَ اَمْ عَمْرٌو وَقَبْلَ النَّفْيِ نَحْوُ عَلِمْتُ مَا زَيْدٌ فِي الدَّارِ وَقَبْلَ لَامِ الْاِبْتِدَاءِ نَحْوُ عَلِمْتُ لَزَيْدٌ مُنْطَلِقٌ وَمِنْهَا اَنَّهَا يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ فَاعِلُهَا وَمَفْعُوْلُهَا ضَمِيْرَيْنِ لِشَيْءٍ وَّاحِدٍ نَحْوُ عَلِمْتُنِيْ مُنْطَلِقًا وَظَنَنْتُكَ فَاضِلًا

قولہ اَفْعَالُ الْقُلُوْبِ:- افعالِ قلوب سات ہیں جن میں عَلِمْتُ، رَأَيْتُ اور وَجَدْتُ یقین کے لئے آتے ہیں اور ظَنَنْتُ، خِلْتُ اور حَسِبْتُ، ظن کیلئے آتے ہیں اور زَعَمْتُ، ظن و یقین میں مشترک ہے اور سات میں یہ انحصار استقرائی ہے عقلی نہیں۔ فائدہ:- مذکورہ بالا سات افعال میں شک اور یقین کے معنی پائے جاتے ہیں جن کا تعلق قلب سے ہے اس لئے ان کو افعالِ قلوب کہتے ہیں۔ قولہ وَهِيَ اَفْعَالٌ:- یعنی افعالِ قلوب وہ افعال ہیں جو مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر ان کو بنا بر مفعولیت نصب دیتے ہیں جیسے عَلِمْتُ زَيْدًا عَالِمًا یہ (زَيْدًا وَّ عَالِمًا) دونوں مفعول اصل میں مبتدا اور خبر تھے ای زَيْدٌ عَالِمٌ۔ قولہ خَوَاصُّ:- خَوَاصُّ، خَاصَّةٌ کی جمع ہے اور کسی چیز کا خاصہ وہ ہے جو اُس کے ساتھ خاص ہو اور اُس کے غیر میں نہ پایا جائے اور افعالِ قلوب کے خواص یہ ہیں۔ (۱) ان کے دو مفعولوں میں سے کسی ایک پر اقتصار نہیں کیا جاتا یعنی جب ایک ذکر کیا جائیگا تو دوسرا بھی ذکر کیا جائے گا اس لئے کہ اصل میں یہ مبتدا اور خبر ہوتے ہیں اور مبتدا و خبر میں سے ہر ایک کیلئے دوسرے کا ہونا ضروری ہے لہٰذا عَلِمْتُ زَيْدًا نہیں کہے گا۔ (۲) جب یہ افعال مبتدا اور خبر کے درمیان واقع ہوں تو ان کے عمل کو لفظاً اور معنًی باطل کرنا لازم ہے جیسے زَيْدٌ ظَنَنْتُ قَائِمٌ یا جب یہ افعال مبتدا اور خبر سے مؤخر ہو جائیں جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ ظَنَنْتُ۔ (۳) جب یہ حرفِ استفہام سے پہلے واقع ہوں یا نفی سے پہلے واقع ہوں یا لام ابتداء سے قبل تو ان کا عمل لفظاً باطل ہوتا ہے اس لئے کہ مذکورہ تینوں کلمات صدارتِ کلام کو چاہتے ہیں پس اگر افعالِ قلوب کو عمل دیا جائے تو ان کلمات کی صدارت باطل ہو جائیگی ہے۔ (۴) ان افعال میں یہ جائز ہے کہ ان کا فاعل اور مفعول اوّل دونوں ضمیریں ہوں جن سے مراد شئی واحد ہو اور مفعولِ ثانی اسمِ ظاہر ہو جیسے عَلِمْتُنِيْ مُنْطَلِقًا (میں نے خود کو جانے والا یقین کیا)

Marfat.com

وَاعْلَمْ اَنَّهُ قَدْ يَكُوْنُ ظَنَنْتُ بِمَعْنٰى اِتَّهَمْتُ وَعَلِمْتُ بِمَعْنٰى عَرَفْتُ وَرَأَيْتُ بِمَعْنٰى اَبْصَرْتُ وَوَجَدْتُ بِمَعْنٰى اَصَبْتُ الضَّالَّةَ فَتَنْصِبُ مَفْعُوْلًا وَّاحِدًا فَقَطْ فَلَا تَكُوْنُ حِيْنَئِذٍ مِنْ اَفْعَالِ الْقُلُوْبِ **فصل** اَلْاَفْعَالُ النَّاقِصَةُ هِيَ اَفْعَالٌ وُضِعَتْ لِتَقْرِيْرِ الْفَاعِلِ عَلٰى صِفَةٍ غَيْرِ صِفَةِ مَصْدَرِهَا وَهِيَ كَانَ وَصَارَ وَظَلَّ وَبَاتَ اِلٰى اٰخِرِهَا تَدْخُلُ عَلَى الْجُمْلَةِ الْاِسْمِيَّةِ لِاِفَادَةِ نِسْبَتِهَا حُكْمَ مَعْنَاهَا فَتَرْفَعُ الْاَوَّلَ وَتَنْصِبُ الثَّانِيَ فَتَقُوْلُ كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا

فائدہ:- افعالِ قلوب کے علاوہ دیگر افعال میں یہ جائز نہیں کہ اُن کے فاعل کی اور مفعول کی ضمیر شئی واحد کی طرف لوٹیں، کیونکہ اس صورت میں شخص واحد فاعل اور مفعول بن جائے گا جو جائز نہیں۔ اور افعالِ قلوب میں یہ اس لئے جائز ہے کہ ان کا پہلا مفعول درحقیقت مفعولِ ثانی کے لئے محض تمہید ہوتا ہے اور اصل میں مفعول دوسرا ہی مفعول ہے۔ سوال:- فَقَدْتُنِیْ (میں نے خود کو گم پایا) میں ضمیرِ فاعل اور ضمیرِ مفعول سے شخصِ واحد یعنی متکلم مراد ہے جب کہ یہ افعالِ قلوب سے نہیں تو یہ کیسے جائز ہو گیا؟ جواب:- یہ افعالِ قلوب پر محمول ہے وجہِ حمل یہ ہے کہ یہ وَجَدْتُنِیْ کی نقیض ہے لہٰذا اس پر محمول کیا گیا از قبیل حَمْلُ النَّقِیْضِ عَلَی النَّقِیْضِ۔ قولہ قَدْ یَکُوْنُ:- یعنی افعالِ قلوب میں سے بعض افعال کے دوسرے معنی بھی ہیں جن کی وجہ سے وہ صرف مفعولِ واحد کی طرف متعدی ہوتے ہیں اور اُس وقت وہ افعالِ قلوب سے نہیں ہوتے جیسے ظَنَنْتُ بمعنی اِتَّهَمْتُ وغیرہ۔ ۞**اَلْاَفْعَالُ النَّاقِصَةُ**۞ افعالِ ناقصہ وہ افعال ہیں جو فاعل کو کسی ایسی صفت پر ثابت کرنے کیلئے وضع کئے گئے ہوں جو اُن کی صفتِ مصدر کے علاوہ ہو (اور وہ صفت اُن کی خبر کی صفت ہوتی ہے) جیسے کَانَ زَیْدٌ قَائِمًا (زید کھڑا ہونے والا تھا) اس مثال میں فعلِ ناقص (کَانَ) نے اپنے فاعل (زَیْدٌ) کیلئے صفتِ قیام کو ثابت کیا ہے جو کَانَ کی خبر کی صفت ہے اور یہ صفتِ قیام کَانَ کے مصدر کی صفت یعنی کَیْنُوْنَةٌ کے علاوہ ہے۔ وجہِ تسمیہ:- افعالِ ناقصہ کی وجہِ تسمیہ یہ ہے کہ یہ تنہا فاعل کیساتھ کلام تام نہیں ہوتے بلکہ کلام بننے میں خبر کے محتاج ہوتے ہیں اس لئے ان کو ناقصہ کہتے ہیں یا اس لئے کہ اِن میں باقی افعال کی نسبت نقصان پایا جاتا ہے اور وہ اس طرح کہ یہ افعال صرف زمانہ پر دلالت کرتے ہیں جبکہ باقی افعال زمانہ کے علاوہ حدث پر بھی دلالت کرتے ہیں۔ قولہ تَدْخُلُ:- یعنی افعالِ ناقصہ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں تاکہ اِن افعال کی خبر کی طرف نسبت، خبر کو اِن کا معنی اور اثر دے مثلاً صَارَ کا معنی انتقال ہے اور اُس پر جو اثر مرتب ہوتا ہے وہ یہ ہے کہ کوئی شئی منتقل الیہ ہو پس جب وہ زَیْدٌ غَنِیٌّ پر داخل ہوا تو خبر (غَنِیٌّ) کو منتقل الیہ ہونا دیدیا معنی ہوئے اِنْتَقَلَ زَیْدٌ مِنَ الْفَقْرِ اِلَی الْغِنَاءِ ۱۲۔

Marfat.com

وَكَانَ عَلٰى ثَلٰثَةِ اَقْسَامٍ نَاقِصَةٌ وَهِيَ تَدُلُّ عَلٰى ثُبُوْتِ خَبَرِهَا لِفَاعِلِهَا فِي الْمَاضِيْ اِمَّا دَائِمًا نَحْوُ كَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا اَوْ مُنْقَطِعًا نَحْوُ كَانَ زَيْدٌ شَابًّا وَتَامَّةٌ بِمَعْنٰى ثَبَتَ وَحَصَلَ نَحْوُ كَانَ الْقِتَالُ اَيْ حَصَلَ الْقِتَالُ وَزَائِدَةٌ لَايَتَغَيَّرُ بِاِسْقَاطِهَا مَعْنَى الْجُمْلَةِ كَقَوْلِ الشَّاعِرِ

جِيَادُ ابْنِىْ اَبِىْ بَكْرٍ تَسَامٰى	**شعر**	عَلٰى كَانَ الْمُسَوَّمَةِ الْعِرَابِ

اَيْ عَلَى الْمُسَوَّمَةِ وَصَارَ لِلْاِنْتِقَالِ نَحْوُ صَارَ زَيْدٌ غَنِيًّا وَاَصْبَحَ وَاَمْسٰى وَاَضْحٰى تَدُلُّ عَلَى اقْتِرَانِ مَضْمُوْنِ الْجُمْلَةِ بِتِلْكَ الْاَوْقَاتِ نَحْوُ اَصْبَحَ زَيْدٌ ذَاكِرًا اَيْ كَانَ ذَاكِرًا فِيْ وَقْتِ الصُّبْحِ وَبِمَعْنٰى صَارَ نَحْوُ اَصْبَحَ زَيْدٌ غَنِيًّا وَتَامَّةٌ بِمَعْنٰى دَخَلَ فِي الصَّبَاحِ وَالضُّحٰى وَالْمَسَا

قولہ علی ثلثۃ :- یعنی کان تین قسم پر ہے (۱) ناقصہ، یہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ خبر اس کے فاعل (اسم) کیلئے زمانہ ماضی میں یا بطریق دوام ثابت ہے جیسے کَانَ اللّٰہُ عَلِیْمًا حَکِیْمًا (اللہ حکیم و علیم ہے) اور یا بطریق انقطاع ثابت ہے جیسے کَانَ زَیْدٌ شَابًّا، زید جوان تھا۔ (۲) تامہ، جو بمعنی ثبت اور حصل ہوتا ہے جیسے کَانَ الْقِتَالُ یعنی قتال ہوا۔ (۳) زائدہ، یہ وہ ہے جس کے حذف کرنے سے جملہ کے معنی متغیر نہ ہوں۔ فائدہ :- زائدہ، صرف کان ہوتا ہے جبکہ ناقصہ اور تامہ کَانَ بھی ہوتا ہے اور اس کے باقی مشتقات بھی۔ قولہ کقول :- مصنف علیہ الرحمۃ نے کَانَ زائدہ کی مثال میں شعر ذکر کیا جس کے معنی ہیں میرے بیٹے ابوبکر کے گھوڑے ان عربی گھوڑوں پر فوقیت رکھتے ہیں جن پر عمدہ ہونے کے نشانات لگائے گئے ہیں۔ مصنف نے اپنے قول اَیْ عَلَی الْمُسَوَّمَۃِ میں لفظ کَانَ کے زائدہ ہونے کو بیان کیا ہے۔ فائدہ :- جِیَادُ جمع جَیِّدٌ ہے بمعنی تیز رفتار گھوڑے۔ تسامی اصل میں تتسامی تھا بمعنی بلند ہیں مُسَوَّمَۃ بفتح واو، وہ گھوڑے جن پر علامت و نشانی لگائی گئی ہو عِراب بکسر اول جمع عَرَبِیٌّ بمعنی عربی۔ سوال :- مصنف نے افعالِ ناقصہ میں کَانَ تامہ اور زائدہ کا ذکر کیا ہے حالانکہ یہ دونوں فعلِ ناقص نہیں ہیں ایسا کیوں کیا؟ جواب :- چونکہ ان کو کَانَ ناقصہ کے ساتھ لفظی مشابہت ہے اس لئے اِن کو افعالِ ناقصہ میں ذکر کیا ہے ورنہ یہ دونوں ناقصہ نہیں۔ قولہ وصار :- اور صَارَ شئی کے ایک حال سے دوسرے حال کی طرف انتقال کیلئے ہوتا ہے جیسے صَارَ زَیْدٌ غَنِیًّا، زید غنی ہو گیا یا ایک حقیقت سے دوسری حقیقت کی طرف انتقال کے لئے جیسے صَارَ الطِّیْنُ حَجَرًا، مٹی پتھر بن گئی۔ قولہ واصبح :- یعنی یہ تینوں افعال اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ بعد کے جملہ کا مضمون ان کے اوقات یعنی صبح، شام اور چاشت کے ساتھ مقارن ہے اور کبھی یہ تینوں بمعنی صَارَ ہوتے ہیں اور کبھی تامہ۔

Marfat.com

وَظَلَّ وَبَاتَ يَدُلَّانِ عَلَى اقْتِرَانِ مَضْمُوْنِ الْجُمْلَةِ بِوَقْتَيْهِمَا نَحْوُ ظَلَّ زَيْدٌ كَاتِبًا وَبِمَعْنَى صَارَ وَمَازَالَ وَمَافَتِئَ وَمَا بَرِحَ وَمَاانْفَكَّ تَدُلُّ عَلَى اسْتِمْرَارِ ثُبُوْتِ خَبَرِهَا لِفَاعِلِهَا مُذْقَبِلَهُ نَحْوُ مَازَالَ زَيْدٌ اَمِيْرًا وَيَلْزَمُهَا حَرْفُ النَّفْيِ وَمَادَامَ يَدُلُّ عَلَى تَوْقِيْتِ اَمْرٍ بِمُدَّةِ ثُبُوْتِ خَبَرِهَا لِفَاعِلِهَا نَحْوُ اَقُوْمُ مَادَامَ الْاَمِيْرُ جَالِسًا وَلَيْسَ يَدُلُّ عَلَى نَفْيِ مَعْنَى الْجُمْلَةِ حَالًا وَقِيْلَ مُطْلَقًا وَقَدْ عَرَفْتَ بَقِيَّةَ اَحْكَامِهَا فِي الْقِسْمِ الْاَوَّلِ فَلَانُعِيْدُهَا **فَصْلٌ** اَفْعَالُ الْمُقَارَبَةِ هِيَ اَفْعَالٌ وُضِعَتْ لِلدَّلَالَةِ عَلَى دُنُوِّ الْخَبَرِ لِفَاعِلِهَا وَهِيَ ثَلٰثَةُ اَقْسَامٍ

قولہ ظلّ وبات :- یعنی ظلّ اور بات بھی مضمون جملہ کو اپنے اپنے اوقات یعنی روز و شب کے ساتھ مقارن ہونے پر دلالت کرتے ہیں اور بمعنی صار بھی۔ قولہ مازال :- یعنی یہ چاروں افعال اس بات پر دلالت کرتے ہیں کہ ان کی خبر ان کے فاعل کیلئے بطور استمرار ثابت ہے جب سے فاعل نے خبر کو قبول کیا ہے اور ان کو حرف نفی لازم ہے۔ فائدہ :- مازال وغیرہ چاروں افعال کو نفی لازم ہے یعنی ماضی ہوں تو ما یا لا (نافیہ) لازم ہے اور مضارع ہوں تو اِنْ یا لَمْ یا لَنْ، اس لئے کہ ان کے معنی میں نفی پائی جاتی ہے اور جب نفی پر نفی آجائے تو وہ اثبات اور مفید استمرار ہو جاتی ہے۔ قولہ ولیس :- لیس زمانہ حال میں مضمون جملہ کی نفی کرتا ہے اور بعض کے نزدیک مطلقاً مضمون جملہ کی نفی کرتا ہے یہ اصل میں لَيِسَ بروزن سمع تھا بنظر تخفیف عین کلمہ کو ساکن کر دیا تو لَيْسَ ہوا۔ سوال :- لیس کی یاء کو بقاعدہ باع الف کیوں نہیں کیا؟ جواب :- یعنی الف نہ کرنا اس کے فعل غیر متصرف ہونے پر دلالت کرنے کیلئے ہے۔ فائدہ :- لیس کے فعل ہونے پر دلیل یہ ہے کہ اس کے آخر میں تائے تانیث ساکنہ آتی ہے جیسے لَيْسَتْ اور ضمائر بارزہ متصلہ بھی آتی ہیں جیسے لَسْتُ اور کوفیہ کے نزدیک لیس حرف ہے اس لئے کہ اس میں تصریف نہیں ہے۔ ◦ **افعال المقاربة** ◦ افعال مقاربہ، وہ افعال ہیں جو خبر کے حصول کو اپنے فاعل سے قریب کرنے کیلئے وضع کئے گئے ہیں اور اسی لئے اُن کو افعال مقاربہ کہتے ہیں۔ فائدہ :- بعض حضرات کے نزدیک مرفوع پر تمام نہ ہونے کی وجہ سے یہ افعال بھی از قسم افعال ناقصہ ہیں اور صرف احکام مخصوصہ کی وجہ سے ان کو الگ ذکر کیا گیا ہے۔ لیکن یہ درست نہیں کیونکہ محض مرفوع پر تمام نہ ہونے کی وجہ سے اگر یہ افعال ناقصہ ہیں تو پھر افعال متعدی بھی ناقصہ کہلائیں گے جو صحیح نہیں۔ قولہ وھی الخ :- یعنی افعال مقاربہ کی تین قسمیں ہیں۔

Marfat.com

اَلْاَوَّلُ لِلرَّجَآءِ وَهُوَ عَسٰى وَهُوَ فِعْلٌ جَامِدٌ لَايُسْتَعْمَلُ مِنْهُ غَيْرُ الْمَاضِىْ وَهُوَ فِى الْعَمَلِ مِثْلُ كَادَ اِلَّااَنَّ خَبَرَهٗ فِعْلٌ مُضَارِعٌ مَعَ اَنْ نَحْوُ عَسٰى زَيْدٌ اَنْ يَّقُوْمَ وَيَجُوْزُ تَقْدِيْمُ الْخَبَرِ عَلٰى اسْمِهٖ نَحْوُ عَسٰى اَنْ يَّقُوْمَ زَيْدٌ وَقَدْ يُحْذَفُ اَنْ نَحْوُ عَسٰى زَيْدٌ يَقُوْمُ وَالثَّانِىْ لِلْحُصُوْلِ وَهُوَ كَادَ وَخَبَرُهٗ مُضَارِعٌ دُوْنَ اَنْ نَحْوُ كَادَ زَيْدٌ يَّقُوْمُ وَقَدْ تَدْخُلُ اَنْ نَحْوُ كَادَ زَيْدٌ اَنْ يَّقُوْمَ

قسم اول ،رجاء کیلئے ہے یعنی اس بات پر دلالت کرنے کیلئے کہ متکلم کو اُمید ہے کہ فاعل کیلئے حصولِ خبر قریب ہے اور اس معنی کیلئے فعلِ عسٰی موضوع ہے مگر کلام الٰہی میں یہ وجوب کیلئے آتا ہے کیونکہ رجاء اور طمع ،اللہ تعالیٰ کے حق میں محال ہے۔ قولہ وھو فعل:- اور عسٰی فعل ہے کیونکہ فعل کی علامات قبول کرتا ہے اور غیر متصرف ہے کیونکہ ماضی معلوم کے علاوہ اس سے کوئی صیغہ نہیں آتا اور ماضی معلوم کے بھی تمام صیغے نہیں آتے اور یہ عمل میں کاد کی طرح ہے یعنی فعلِ عسٰی ، کاد کی طرح اسم کو رفع دیتا ہے اور کاد کی طرح اس کی خبر فعل مضارع ہوتی ہے جیسے عسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّقُوْمَ ، میں زَیْدٌ ،عسٰی کا اسم ہے اور اَنْ یَّقُوْمَ ،محلا منصوب اسکی خبر ہے لیکن کوفیین کے نزدیک اَنْ یَّقُوْمَ ، زَیْدٌ سے بدل الاشتمال ہے، قولہ الّا انّ:- یعنی صرف اتنا فرق ہے کہ عسٰی کی خبر فعلِ مضارع مع اَنْ ہوتی ہے جیسے عسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّقُوْمَ اور کاد کی خبر فعلِ مضارع بغیر اَنْ کے جیسے کادَ زَیْدٌ یَخْرُجُ ۔ سوال:- عسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّقُوْمَ میں عسٰی کی خبر موؤل بالمصدر ہے جس کا ذات پر حمل درست نہیں ہے؟ لہٰذا عسٰی زَیْدٌ اَنْ یَّقُوْمَ بولنا صحیح نہیں؟ جواب:- اِس مثال میں مضاف مقدر ہے یا جانب اسم میں ای عسٰی شانُ زَیْدٍ اَلْقِیَامُ یا جانبِ خبر میں ای عسٰی زَیْدٌ صَاحِبَ الْخُرُوْجِ ۔ قولہ ویجوز:- اور عسٰی کی خبر کی تقدیم اُس کے اسم پر جائز ہے کیونکہ یہ فعل ہونے کی وجہ سے قوت رکھتا ہے۔ جیسے عسٰی اَنْ یَّقُوْمَ زَیْدٌ یعنی زید کا قیام قریب ہے۔ فائدہ:- مشہور یہ ہے کہ تقدیم خبر کی صورت میں عسٰی فعلِ تام ہوتا ہے یعنی خبر کا محتاج نہیں ہوتا لیکن ابن مالک نے کہا کہ عسٰی ہمیشہ فعلِ ناقص ہوتا ہے اور عسٰی اَنْ یَّقُوْمَ زَیْدٌ میں کلمہ اَنْ مع الصلہ قائم مقام اسم وخبر ہے جیسے ارشاد باری تعالیٰ اَحَسِبَ النَّاسُ اَنْ یُّتْرَکُوْا، میں اَنْ اپنے صلہ کے ساتھ ملکر قائم مقام دو مفعول کے ہے لہٰذا عسٰی فعلِ ناقص ہے تام نہیں۔ قسم دوم ،حصول کیلئے یعنی خبر کا فاعل کیلئے حصول باعتبار جزم متکلم کے قریب ہے اور اس کے لئے کاد ہے اور اُس کی خبر فعلِ مضارع ہوتی ہے بغیر اَنْ کے اور کبھی اَنْ کے ساتھ عسٰی کی مشابہت کی وجہ سے۔ جیسے کادَ زَیْدٌ یَّقُوْمُ، زید یقینا کھڑے ہونے کے قریب ہے۔

Marfat.com

وَالثَّالِثُ لِلْاَخْذِ وَالشُّرُوْعِ فِی الْفِعْلِ وَهُوَ طَفِقَ وَجَعَلَ وَكَرُبَ وَاَخَذَ وَاِسْتِعْمَالُهَا مِثْلُ كَادَ نَحْوُ طَفِقَ زَيْدٌ يَكْتُبُ وَاَوْشَكَ وَاسْتِعْمَالُهَا مِثْلُ عَسٰى وَكَادَ فصل فِعْلَا التَّعَجُّبِ مَاوُضِعَ لِاِنْشَاءِ التَّعَجُّبِ وَلَهٗ صِيْغَتَانِ مَااَفْعَلَهٗ نَحْوُ مَااَحْسَنَ زَيْدًا اَیْ اَیُّ شَيْئٍ اَحْسَنَ زَيْدًا وَفِیْ اَحْسَنَ ضَمِيْرٌ وَهُوَ فَاعِلُهٗ وَاَفْعِلْ بِهٖ نَحْوُ اَحْسِنْ بِزَيْدٍ

سوم، تحصیل فعل کیلئے یعنی متکلم کو یہ جزم ہو کہ فاعل نے خبر کی تحصیل شروع کر دی ہے اُس کیلئے طفق اور جعل وغیرہ ہیں جنکا استعمال کاد کی مثل ہے جیسے طفق زَیْدٌ یکْتُبُ، زید نے یقینا لکھنا شروع کر دیا ہے۔ فائدہ:- اوشک ایشا کا سے ہے بمعنی اسرع اور اسی سے ہے یُوْشِکُ اَنْ یَکُوْنَ کَذَا، جس کو اکثر لوگ یُوْشَکُ شین کے فتح کے ساتھ پڑھتے ہیں صحیح لغت بکسر السّین ہے۔ فائدہ:- جب اوشک کا اسم فعل مضارع مقرون بان ہو تو وہ خبر سے مستغنی ہوتا ہے جیسے اوشک ان یَقُوْمَ زَیْدٌ۔ قولہ فعلا التَّعَجُّب:- فعلا اصل میں فِعْلَانِ تھا۔ نون تثنیہ اضافت کی وجہ سے ساقط ہو گیا تو فعلا ہوا اور تعجب کے دو فعل ہیں۔ تعجب کی تعریف:- تعجب، اُس کیفیت کو کہتے ہیں جو نفس میں ایسے امر کے علم سے پیدا ہو جس کا سبب مخفی ہے۔ قولہ ماوُضِعَ:- فعل تعجب، وہ فعل ہے جو انشاء و ایجاد تعجب کے لئے وضع کیا گیا ہو جس کے دو صیغے ہیں۔ فائدہ:- صیغہ تثنیہ اگرچہ افراد پر دلالت کرتا ہے لیکن ماوُضِعَ الخ سے افراد تعجب کی تعریف نہیں کی گئی بلکہ تثنیہ کے ضمن میں جو جنس پائی جاتی ہے یہ تعریف اسی کی ہے۔ قولہ مَآ اَفْعَلَهٗ:- تعجب کا پہلا صیغہ مَآ اَفْعَلَهٗ ہے جیسے مَآ اَحْسَنَ زَیْدًا کیسا اچھا ہے زید۔ اس صیغہ کی ترکیب میں تین قول ہیں۔ اوّل، ما استفہامیہ بمعنی اَیُّ شَیْئٍ مبتدا ہے اور اَحْسَنَ زَیْدًا، محلاً مرفوع اس کی خبر ہے اور اَحْسَنَ کا فاعل ضمیر مستتر ہے اور زَیْدًا مفعول بہ ہے مصنف نے اَیُّ شَیْئٍ اَحْسَنَ زَیْدًا سے اسی ترکیب کی طرف اشارہ کیا ہے۔ دوم، یہ ما موصولہ بمعنی اَلَّذِیْ ہے اور اَحْسَنَ، اس کا صلہ ہے اور موصول اپنے صلہ سے مل کر محلاً مرفوع مبتدا ہے اور شَیْئٌ مقدر اس کی خبر ہے تقدیر عبارت ہے اَلَّذِیْ اَحْسَنَ زَیْدًا شَیْئٌ اَیْ شَیْئٌ عَظِیْمٌ۔ سوم، ما بمعنی شَیْئٌ نکرہ مخصصہ مبتدا ہے اور بعد والا جملہ اس کی خبر ہے۔ قولہ وَاَفْعِلْ بِهٖ:- دوسرا صیغہ فعل تعجب کا اَفْعِلْ بِهٖ ہے جیسے اَحْسِنْ بِزَیْدٍ، اَحْسِنْ صیغہ امر بمعنی ماضی ہے کیونکہ تعجب اس چیز پر ہوتا ہے جو زمانہ ماضی میں ثابت و مستمر ہو اور اَحْسِنْ کا فاعل ضمیر مجرور ہے اور بِهٖ کی باء زائدہ ہے اور اَحْسِنْ کا ہمزہ صیرورت کا ہے لہذا اَحْسِنْ بِزَیْدٍ کی تقدیر اَحْسَنَ زَیْدٌ ہے بمعنی صَارَ زَیْدٌ ذَا حُسْنٍ یعنی زید حسین ہو گیا۔ فائدہ:- صیغہ واحد امر حاضر میں اَنْتَ ضمیر فاعل مستتر ہوتی ہے لیکن چونکہ اَحْسِنْ بِهٖ میں صیغہ امر بمعنی ماضی ہے اس لئے اس کا فاعل ضمیر مجرور ہے اور باء زائدہ ہے جو فاعل پر داخل ہے۔ سوال:- مَآ اَفْعَلَهٗ یا اَفْعِلْ بِهٖ، مجموعہ فعل نہیں لہذا ان کو فعل تعجب کہنا درست نہیں؟ جواب:- ماتن کی مراد یہ ہے کہ مَآ اَفْعَلَهٗ اور اَفْعِلْ بِهٖ کے ضمن میں جو فعل ہے وہ فعل تعجب ہے۔

Marfat.com

وَلَا يُبْنَيَانِ اِلَّا مِمَّا يُبْنٰى مِنْهُ اَفْعَلُ التَّفْضِيْلِ وَيُتَوَصَّلُ فِى الْمُمْتَنِعِ بِمِثْلِ مَا اَشَدَّ اسْتِخْرَاجًا فِى الْاَوَّلِ وَاَشْدِدْ بِاسْتِخْرَاجِهٖ فِى الثَّانِىْ كَمَا عَرَفْتَ فِىْ اِسْمِ التَّفْضِيْلِ وَلَا يَجُوْزُ التَّصَرُّفُ فِيْهِمَا بِتَقْدِيْمٍ وَلَا تَاخِيْرٍ وَلَا فَصْلٍ وَالْمَازِنِىُّ اَجَازَ الْفَصْلَ بِالظَّرْفِ نَحْوُ مَا اَحْسَنَ الْيَوْمَ زَيْدًا

قولہ ولا یبنیان :- اور تعجب کے صیغے صرف اُس فعل سے بنائے جاتے ہیں جس فعل سے اسمِ تفضیل بنایا جاتا ہے یعنی یہ صیغے صرف اُس ثلاثی مجرد سے بنائے جاتے ہیں جو لون وعیب کے معنٰی سے خالی ہو اس لئے کہ فعلِ تعجب تاکید اور مبالغہ میں اسم تفضیل کے مشابہ ہے اور اسم تفضیل صرف ثلاثی مجرد سے آتا ہے جو لون وعیب کے معنٰی سے خالی ہو۔ قولہ ویُتوصَّلُ :- یعنی ثلاثی مجرد بمعنی لون وعیب یا غیر ثلاثی مجرد سے تعجب کے معنٰی ادا کرنے کیلئے مَا اَشَدَّ اِسْتِخْرَاجًا یا اَشْدِدْ بِاسْتِخْرَاجِهٖ وغیرہ کہہ کر یہ معنٰی ادا کئے جائیں گے، یعنی پہلے صیغہ میں مَا اَشَدَّ یا مَا اَقْویٰ وغیرہ کے بعد اُس فعل کا مصدر منصوب ذکر کیا جائے گا جس سے تعجب کے معنٰی لینا مطلوب ہوں جیسے مَا اَشَدَّ اِسْتِخْرَاجًا (کیا شدید ہے نکلنا) اور دوسرے صیغہ میں اَشْدِدْ وغیرہ کے بعد اس فعل کا مصدر بمع باء جارہ لایا جائے گا جیسے اَشْدِدْ بِاسْتِخْرَاجِهٖ، اُس کا نکلنا کیسا شدید ہے۔ فائدہ :- جس طرح اسم تفضیل معنٰی فاعلیت میں زیادتی بیان کرنے کیلئے کثیر ہے اور مفعولیت کی زیادتی بیان کرنے کیلئے قلیل ہے اسی طرح فعل تعجب فاعل کیلئے کثیر اور مفعول کیلئے قلیل ہے لہٰذا مَا اَشْهٰى طَعَامًا (طعام کس قدر مرغوب ہے) قلیل وشاذ ہے۔ قولہ ولا یجوز :- اور تعجب کے صیغوں میں مفعول یا جار مجرور کی تقدیم اور فعل کی تاخیر کا تصرف جائز نہیں لہٰذا مَا زیدًا احسن یا بزید احسن کہنا جائز نہیں۔ اسی طرح صیغہ تعجب اور اُس کے معمول کے درمیان فصل بھی جائز نہیں، مثلاً مَا احسن فی الدّار زیدًا یا احسن الیوم بزید کہنا جائز نہیں لیکن مازنی کے نزدیک فصل بالظروف جائز ہے کیونکہ ظروف میں بڑی وسعت ہے لہٰذا ان کے نزدیک مَا اَحسن الیوم زیدًا کہنا جائز ہے۔ فائدہ :- صیغہ تعجب اور اُس کے معمول کے درمیان فصل بالظرف مازنی کے نزدیک بھی اُس وقت جائز ہے جب ظرف صیغہ تعجب سے متعلق ہو لہٰذا لَقِیْتُهٗ مَا احسن امس زیدًا میں مازنی کے نزدیک بھی فصل بالظرف جائز نہیں کیونکہ اس مثال میں ظرف (اَمسِ) اَحسَنَ سے متعلق نہیں بلکہ لَقِیْتُ سے متعلق ہے۔ سوال :- تعجب کے صیغے فعل ہیں یا اسم؟ جواب :- اکثر نحات کے نزدیک یہ فعل ہیں اس لئے کہ یہ مبنی بر فتح ہیں اور ان کے ساتھ نون وقایہ متصل ہوتا ہے جو کہ فعل کی علامت ہے جیسے مَا اَکْرَمَنِیْ، نیز صیغہ تعجب کی اُس کے منصوب کی طرف اضافت جائز نہیں ہے اور بعض نحات ان کی اسمیت کے قائل ہیں اس لئے کہ ان میں تصریف نہیں اور ان کے ساتھ ضمائر وغیرہ کا اتصال بھی نہیں ہوتا اور مَا اَصلح کی تصغیر مَا اُصَیْلِحَ آئی ہے۔

Marfat.com

فصل اَفْعَالُ الْمَدْحِ وَالذَّمِّ مَاوُضِعَ لِاِنْشَاءِ مَدْحٍ اَوْ ذَمٍّ اَمَّا الْمَدْحُ فَلَهٗ فِعْلَانِ نِعْمَ وَفَاعِلُهٗ اِسْمٌ مُعَرَّفٌ بِاللَّامِ نَحْوُ نِعْمَ الرَّجُلُ زَيْدٌ اَوْ مُضَافٌ اِلَى الْمُعَرَّفِ بِاللَّامِ نَحْوُ نِعْمَ غُلَامُ الرَّجُلِ زَيْدٌ وَقَدْ يَكُوْنُ فَاعِلُهٗ مُضْمَرًا وَيَجِبُ تَمْيِيْزُهٗ بِنَكِرَةٍ مَنْصُوْبَةٍ نَحْوُ نِعْمَ رَجُلًا زَيْدٌ اَوْ بِمَا نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى فَنِعِمَّا هِيَ اَيْ نِعْمَ شَيْئًا هِيَ وَزَيْدٌ يُسَمَّى الْمَخْصُوْصَ بِالْمَدْحِ وَحَبَّذَا نَحْوُ حَبَّذَا زَيْدٌ حَبَّ فِعْلُ الْمَدْحِ وَفَاعِلُهٗ ذَا وَالْمَخْصُوْصُ بِالْمَدْحِ زَيْدٌ وَيَجُوْزَانِ يَّقَعَ قَبْلَ مَخْصُوْصٍ اَوْ بَعْدَهٗ تَمْيِيْزٌ نَحْوُ حَبَّذَا رَجُلًا زَيْدٌ وَحَبَّذَا زَيْدٌ رَجُلًا اَوْ حَالٌ نَحْوُ حَبَّذَا رَاكِبًا زَيْدٌ وَحَبَّذَا زَيْدٌ رَاكِبًا وَاَمَّا الذَّمُّ فَلَهٗ فِعْلَانِ اَيْضًا بِئْسَ نَحْوُ بِئْسَ الرَّجُلُ عَمْرٌو وَبِئْسَ غُلَامُ الرَّجُلِ عَمْرٌو وَبِئْسَ رَجُلًا عَمْرٌو و

افعال المدح والذم ۔ افعال مدح وذم وہ ہیں جو انشاء مدح وذم کیلئے وضع کئے گئے ہوں اور مدح کیلئے دو فعل ہیں۔ اول، نعم اور اس کے فاعل کی تین صورتیں ہیں۔ (۱) فاعل معرفہ بلام ہوگا جیسے نِعْمَ الرَّجُلُ زَیْدٌ، زید اچھا مرد ہے۔ (۲) فاعل معرفہ بلام کی طرف مضاف ہوگا جیسے نعم غُلَامُ الرَّجُلِ زَیْدٌ، مرد کا اچھا غلام ہے زید۔ اس میں غُلَامُ، نعم کا فاعل ہے جو رجل کی طرف مضاف ہے۔ (۳) فاعل ضمیر مستتر ہوگی جیسے نعم رجُلًا زیدٌ، زید اچھا ہے از روئے مرد ہونے کے۔ فائدہ:- نعم، اصل میں نعِم بفتح فاء وکسر عین تھا فاء کو عین کی موافقت میں کسرہ دیا پھر عین کو برائے تخفیف ساکن کردیا نحات بصرہ کے نزدیک یہ فعل ہے بدلیل اتصال تائے تانیث جیسے نعمتْ، اور باقی نحات کے نزدیک یہ اسم ہے اس لئے کہ اس پر حرف ندا داخل ہوتا ہے جیسے یا نعم المولٰی۔ قولہ ویجب:- یعنی جب نعم کا فاعل مستتر ہو تو اس کی تمیز لانا واجب ہے۔ نکرہ منصوبہ کے ساتھ جیسے نعم رجُلًا زیدٌ، یا لفظ ما کے ساتھ جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے فنعمّا ھی، یہ ما نکرہ بمعنی شئی بنا بر تمیز محلا منصوب ہے اور اسی بات کی طرف مصنف نے ای نعم شیئا ھی سے اشارہ کیا ہے اور گذشتہ تمام مثالوں میں لفظ زیدٌ مخصوص بالمدح ہے۔ دوم، حبّذا جیسے حبّذا زیدٌ، حبّ فعل مدح اور ذا اس کا فاعل ہے اور زیدٌ مخصوص بالمدح ہے۔ اور اس کے مخصوص بالمدح سے پہلے یا اس کے بعد تمیز لانا جائز ہے، جیسے حبذا رجُلًا زیدٌ، یہ مخصوص بالمدح سے پہلے تمیز آنے کی مثال ہے اور حبذا زیدٌ رجُلًا، یہ مخصوص کے بعد تمیز لانے کی مثال ہے اور حال لانا بھی جائز ہے جیسے حبذا راکبًا زیدٌ وحبذا زیدٌ راکبًا۔ قولہ اما الذم:- فعل ذم بھی دو ہیں۔ اول، بئس جیسے بئس الرّجُلُ زیدٌ، زید برا مرد ہے۔ یہ فاعل معرف باللام کی مثال ہے اور بئس غلامُ الرّجُل، اس فاعل کی مثال ہے جو معرف باللام کی طرف مضاف ہے۔

Marfat.com

وَسَاءَ نَحْوُ سَآءَ الرَّجُلُ زَيْدٌ وَسَآءَ غُلَامُ الرَّجُلِ زَيْدٌ وَسَآءَ رَجُلًا زَيْدٌ وَسَآءَ مِثْلُ بِئْسَ فِي سَائِرِ الْاَقْسَامِ **اَلْقِسْمُ الثَّالِث فِى الْحُرُوْفِ** وَقَدْ مَضٰى تَعْرِيْفُهُ وَاَقْسَامُهُ سَبْعَةَ عَشَرَ حُرُوْفُ الْجَرِّ وَالْحُرُوْفُ الْمُشَبَّهَةُ بِالْفِعْلِ وَحُرُوْفُ الْعَطْفِ وَحُرُوْفُ التَّنْبِيْهِ وَحُرُوْفُ النِّدَاءِ وَحُرُوْفُ الْاِيْجَابِ وَحُرُوْفُ الزِّيَادَةِ وَحَرْفَا التَّفْسِيْرِ وَحُرُوْفُ الْمَصْدَرِ وَحُرُوْفُ التَّحْضِيْضِ وَحُرُوْفُ التَّوَقُّعِ وَحَرْفَا الْاِسْتِفْهَامِ وَحُرُوْفُ الشَّرْطِ وَحَرْفُ الرَّدْعِ وَتَاءُ التَّانِيْثِ السَّاكِنَةُ وَالتَّنْوِيْنُ وَنُوْنُ التَّاكِيْدِ **فَصْلٌ** حُرُوْفُ الْجَرِّ حُرُوْف

دوم، سآء جیسے سَآءَ الرَّجُلُ زَيْدٌ، زید برا مرد ہے اور یہ دونوں فعل استعمال میں نِعْمَ کی طرح ہیں۔

◦ **اَلْقِسْمُ الثَّالِث فِى الْحُرُوْف** ◦ حروف کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل، حروفِ مبانی یہ کسی خاص معنی پر دلالت نہیں کرتے بلکہ ان سے کلمات مرکب کئے جاتے ہیں اور ان کو حروفِ تہجی بھی کہتے ہیں جیسے ا، ب، ت، ث، ج وغیرہ کہ ان حروف سے زَیْد، ضرب، مِنْ بنتے ہیں۔ دوم:- حروفِ معانی ان کی پھر دو قسمیں ہیں۔(۱) عاملہ (۲) غیر عاملہ۔ اوّل کی چند قسمیں ہیں حروف جر وغیرہ۔ قولہ حُرُوْفُ الْجَرِّ:- حروف جارہ کو مقدم کرنے کی وجہ یہ ہے کہ یہ کثیر ہیں اور عمل میں کسی کی فرع نہیں ہیں۔ وجہ تسمیہ:- جر کے معنی ہیں کھینچنا، چونکہ یہ حروفِ معانی افعال کو اپنے مدخول کی طرف کھینچتے ہیں اس لئے ان کو حروف جر کہتے ہیں یا اس لئے کہ یہ اسم کو جر دیتے ہیں اور ان کو حروفِ اضافت بھی کہتے ہیں اس لئے کہ کبھی بوقتِ اضافت معنویہ مقدر ہوتے ہیں۔ فائدہ:- حروف جارہ کی چھ قسمیں ہیں۔ اوّل، جو اسمِ ظاہر و اسمِ ضمیر دونوں کو جر دیتے ہیں۔ یہ سات حروف ہیں مِنْ، اِلٰی، عَنْ، عَلٰی، بَآءْ، لَامْ، فِیْ۔ دوم، جو صرف اسم ظاہر کو جر دیتے ہیں اور کسی مخصوص اسم ظاہر کے ساتھ مختص نہیں یہ تین حرف ہیں کاف، حتّٰی، واو۔ سوم:- جو مخصوص اسم ظاہر کو جر کرتے ہیں یہ تآء ہے جو اسم جلالت اَللّٰه (جلّ جلالُهٗ) کو جر دیتی ہے جیسے تَاللّٰهِ اور اخفش کے نزدیک لفظِ رَبّ کو (بھی) جبکہ وہ لفظِ کعبہ یا یاء کی طرف مضاف ہو جیسے تربّ الکعبۃ اور تربّی لافعلنّ۔ چہارم:- جو اسمِ ظاہر کی نوعِ خاص اور فردِ خاص کو جر کرتا ہے یہ کلمہ کَیْ ہے جو دو چیزوں کو جر کرتا ہے (۱) مَا استفہامیہ کو جو فردِ خاص ہے مثلاً آپ کو کوئی کہے جِئْتُکَ اَمْسِ، میں تمہارے پاس کل آیا۔ تو آپ اس سے آنے کی علت پوچھتے ہوئے کہیں کَیْمَہْ، جو اصل میں کَیْ مَاتھا، مَا استفہامیہ کا الف وجوباً حذف کرکے ہائے سکتہ بڑھائی تو کَیْمَہْ ہوا۔

وُضِعَتْ لِاِفْضَاءِ الْفِعْلِ وَ شِبْهِهٖ اَوْ مَعْنَى الْفِعْلِ اِلٰى مَاتَلِيْهِ نَحْوُ مَرَرْتُ بِزَيْدٍ وَاَنَامَارٌّ بِزَيْدٍ وَ هٰذَا فِى الدَّارِ اَبُوْكَ اَىْ اُشِيْرُ اِلَيْهِ فِيْهَا وَ هِىَ تِسْعَةَ عَشَرَ حَرْفًا مِنْ.وَهِىَ لِابْتِدَاءِ الْغَايَةِ وَ عَلَامَتُهٗ اَنْ يَّصِحَّ فِىْ مُقَابَلَتِهِ الْاِنْتِهَاءُ كَمَا تَقُوْلُ سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوْفَةِ

فائدہ:- حروف جارہ غیر مشہورہ چار ہیں کَیْ، لات، لعلَ، بنی عقیل کی لغت میں اور لوْلا، جب اُس کے ساتھ ضمیر مجرور متصل ہو جیسے لوْلاکَ، ما ۃ عامل عبدالرسول میں ہے۔

چار حرفِ جر بود دیگر کہ نبود مشتہر — کیْ بود در کیمۂ از بہر غرض زاں چار ہا

(۲) اَنْ پوشیدہ کو بمع اُس کے صلہ کے اور یہ نوع خاص ہے جیسے جِئْتُک کَیْ تُکْرِمَنِیْ میں اَنْ مقدرہ مع الفعل (صلہ) کیْ تعلیلیہ کا (مدخول) مجرور ہے۔ پنجم:- جو اسم ظاہر کی نوعِ خاص کو جر دیتے ہیں یہ دو حروف ہیں مُذْ اور مُنْذُ، جن کا مجرور اسم زمان معین ہوتا ہے پھر وہ زمان یا ماضی ہوتا ہے یا حال جیسے مَا رَأَيْتُهٗ مُذْيَوْمِ الْجُمُعَةِ یا مُذْ يَوْمِنَا۔ ششم:- جو اسم ظاہر اور اسم ضمیر کی نوعِ خاص کو جر دیتے ہیں وہ کلمہ رُبَّ ہے جو اسم ظاہر نکرہ موصوفہ کو جر دیتا ہے اور ضمیر مفرد مذکر کو جس کی تمیز نکرہ منصوبہ کے ساتھ واجب ہوتی ہے۔ قولہ لِافْضَاءِ:- یعنی حروف جر، وہ ہیں جو فعل یا شبہ فعل یا معنی فعل کو اپنے مدخول تک پہنچانے کیلئے وضع کئے گئے ہوں۔ مصنف کی عبارت میں لفظ اِفْضَاءِ ہے جس کے معنی وصول ہیں اور یہ لازمی معنی ہیں بہتر یہ تھا کہ لِلافضاءِ بفعلٍ کہتے تا کہ باء کیساتھ متعدی ہو کر بمعنی ایصال ہوتا جیسا کہ کافیہ میں ہے۔ قولہ مَرَرْتُ بِزَيْدٍ:- یہ افضاء فعل کی مثال ہے اور انامارٌّ بزیدٍ، افضاء شبہ فعل کی مثال ہے اور ھٰذا فی الدّار ابوکَ، معنی فعل کی مثال ہے اس لئے کہ ھٰذا میں ذا اسم اشارہ بمعنی اُشِیْرُ ہے ای اُشِیْرُ اِلٰی ابیکَ فِی الدّار۔ فائدہ:- شبہ فعل وہ ہے جو فعل کے مادہ سے ہو اور فعل جیسا عمل کرے جیسے مصدر، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ اور معنی فعل وہ لفظ ہے جس سے معنی فعل مستنبط ہوتے ہوں اور وہ فعل کے مادہ سے نہ ہو جیسے اسم اشارہ، حرف تنبیہ اور جار مجرور وغیرہ۔ فائدہ:- مجرور اسم صریح ہوتا ہے یا اسم تاویل یا وہ حرف اور فعل جس سے مراد اُس کی ذات ولفظ ہو یا جملہ جو بتاویلِ ھذاالقول ہو۔ قولہ مِنْ:- کلمہ مِنْ کلام عرب میں حرف کے علاوہ فعل اور اسم بھی آیا ہے یہ مان یمینُ سے صیغہ امر ہے اور بطور اسم بھی آیا ہے چنانچہ علامہ طیبی کہتے ہیں کہ ارشاد باری تعالیٰ فاخرج بہ من الثمرات رزقًالکم، میں کلمہ مِنْ اگر مفعول مانا جائے تو یہ اسم ہوگا۔ چونکہ مِنْ ابتداء کے لئے آتا ہے اسلئے مصنف نے اس کو مقدم کیا اور فرمایا کہ مِنْ کی چار اقسام ہیں۔ (۱) ابتداء غایت، یعنی کلمہ مِنْ اس چیز کی ابتداء بیان کرتا ہے جس کی نہایت ہو اور اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے مقابلہ میں اِلٰی کالانا صحیح ہو جو انتہاء غایت کیلئے آتا ہے جیسے سِرْتُ مِنَ الْبَصْرَةِ اِلَى الْكُوْفَةِ۔

Marfat.com

وَلِلتَّبْيِينِ وَ عَلامَتُهُ اَنْ يَّصِحَّ وَضْعُ لَفْظِ الَّذِىْ مَكَانَهُ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ وَلِلتَّبْعِيْضِ وَ عَلامَتُهُ اَنْ يَّصِحَّ وَضْعُ لَفْظِ بَعْضٍ مَكَانَهُ نَحْوُ اَخَذْتُ مِنَ الدَّرَاهِمِ وَزَائِدَةً وَعَلامَتُهُ اَنْ لَّا يَخْتَلَّ الْمَعْنٰى بِاِسْقَاطِهَا نَحْوُ مَا جَاءَنِىْ مِنْ اَحَدٍ وَلَا تُزَادُ مِنْ فِى الْكَلَامِ الْمُوْجَبِ خِلَافًا لِلْكُوْفِيِّيْنَ

فائدہ:- جو لفظ الی کے معنی کا افادہ کرے اگر مِنْ کے مقابلہ میں اُس کا لانا صحیح ہو تو وہ مِنْ بھی ابتداءِ غایت کیلئے ہوگا جیسے تعوّذ (اعوذ باللہ) میں باء معنی الی ہے لہٰذا تعوّذ کا مِنْ ابتدائیہ ہے اور اَعُوْذُ بِاللّٰہِ بمعنی اَلْتَجِیُ اِلَی اللّٰہِ ہے۔ اس صورت میں مقابلہ عام ہوگا خواہ وہ اول میں ہو یا آخر میں۔ سوال:- ابتداء کی اضافت غایت کی طرف صحیح نہیں ہے اس لئے کہ غایت کے معنی انتہاء ہیں اور ابتداء وانتہاء ایک دوسرے کی نقیض ہیں اور ایک نقیض کی دوسری کی طرف اضافت صحیح نہیں ہے؟ جواب:- یہاں پر غایت سے مجاز امسافت مراد ہے یعنی جز بول کر کل مراد ہے۔ (۲) برائے تبیین یعنی گذشتہ امر مبہم کی مراد کو ظاہر وواضح کرنے کیلئے آتا ہے اُس کی علامت یہ ہے کہ اُس کی جگہ اَلَّذِیْ (اسم موصول) کا رکھنا صحیح ہو جیسے فَاجْتَنِبُوا الرِّجْسَ مِنَ الْاَوْثَانِ میں کلمہ مِنْ کی جگہ اَلَّذِیْ رکھنا صحیح ہے۔ فائدہ:- اگر امر مبہم معرفہ ہو جیسے الرجس معرفہ ہے تو مِنْ ظرف مستقر ہو کر حال واقع ہوگا اور امر مبہم نکرہ ہو تو مِنْ اُسکی صفت واقع ہوگا جیسے ارشاد باری تعالیٰ یلبسون ثیابا خضرا مّنْ سُنْدُسٍ، میں مِنْ سُنْدُسٍ، صفت بن رہا ہے۔ سوال:- گذشتہ مثال میں کلمہ مِنْ کی جگہ الذی اسم موصول رکھنا صحیح نہیں ہے اس لئے کہ اَلْاَوْثَان، موصول کا صلہ نہیں بن سکتا کہ مفرد ہے اور صلہ جملہ ہوتا ہے؟ جواب:- مِنْ بیانیہ کی جگہ اَلَّذِیْ موصول رکھنے سے مراد یہ ہے کہ موصول بمع صلہ مِنْ کی جگہ رکھنا صحیح ہو اس لئے علامہ جامی نے مِنَ الرِّجْسِ کی تفسیر اَلَّذِیْ ھُوَ الْاَوْثَانُ کے ساتھ کی ہے جو موصول بمع صلہ ہے۔ (۳) برائے تبعیض یعنی کلمہ مِنْ اس بات پر دلالت کرنے کیلئے آتا ہے کہ کوئی چیز مِنْ کے مدخول کا بعض ہے اور وہ چیز کبھی مذکور ہوتی ہے جیسے اخذتُ شیئامّنَ الدّراھم اور کبھی غیر مذکور جیسے اخذتُ مِنَ الدَّرَاھِمِ اَیْ بَعْضَ الدَّرَاھِمِ اور مِنْ تبعیضیہ کی علامت یہ ہے کہ اس کی جگہ لفظ بعض کا رکھنا صحیح ہو جیسے گذشتہ مثال اور مِنْ تبعیضیہ کا مدخول عموماً صیغہ جمع مکسر ہوا کرتا ہے۔ فائدہ:- کلمہ مِنْ مبنی علی السُّکُوْن ہے لیکن اس کے بعد اگر الف لام آجائے تو الف کی حرکت سے مفتوح ہو جاتا ہے جیسے من البیت اور اگر الف لام کے علاوہ دوسرا ساکن آجائے تو مکسور ہو جاتا ہے جیسے مِنِ ابْنِکَ۔ کیونکہ قاعدہ ہے السّاکن اذاحرّک حُرّک بالکسر۔ (۴) مِنْ زائدہ اس کی علامت یہ ہے کہ اس کے حذف کرنے سے معنی میں فرق نہ آئے جیسے ماجاءنی من احد، میں مِنْ زائدہ ہے۔ فائدہ:- جمہور کے نزدیک زیادتِ مِنْ کی تین شرطیں ہیں۔ (۱) کلام غیر موجب ہو۔ (۲) مِنْ کا مدخول نکرہ ہو۔ (۳) مِنْ کا مدخول فاعل ہو یا مفعول یا مبتدا۔

Marfat.com

وَاَمَّا قَوْلُهُمْ قَدْ كَانَ مِنْ مَطَرٍ وَشِبْهُهُ فَمُتَاَوَّلٌ وَاِلٰى وَ هِىَ لِاِنْتِهَاءِ الْغَايَةِ كَمَا مَرَّ وَ بِمَعْنٰى مَعَ قَلِيْلًا كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى فَاغْسِلُوْ وُجُوْهَكُمْ وَاَيْدِيَكُمْ اِلَى الْمَرَافِقِ وَحَتّٰى وَ هِىَ مِثْلُ اِلٰى نَحْوُ نِمْتُ الْبَارِحَةَ حَتَّى الصَّبَاحِ وَ بِمَعْنٰى مَعَ كَثِيْرًا نَحْوُ قَدِمَ الْحَاجُّ حَتَّى الْمُشَاةُ وَلَا تَدْخُلُ اِلَّا عَلَى الظَّاهِرِ فَلَا يُقَالُ حَتَّاهُ

قولہ واما قولهم:- یہ مصنف کے قول ولا تزاد الخ پر وارد ہونے والے اعتراض کا جواب ہے اعتراض یہ ہے کہ مصنف نے کہا کہ نحات بصرہ کے نزدیک کلام موجب میں مِنْ زائدہ نہیں ہوتا حالانکہ قَدْ كَانَ مِنْ مَطَرٍ کلام موجب ہے اور اس میں مِنْ زائدہ ہے۔ جواب: یہ ہے کہ یہ کلام متاول ہے بایں طور کہ یہ مِنْ یا تو تبعیضیہ ہے اور یا مِنْ بیانیہ ہے ای قد کان بعض مطر او قد کان شيئٌ مِنْ مَطَرٍ۔ فائدہ:- کتاب میں مذکور معانی کے علاوہ دیگر چند معانی کیلئے بھی مِن مستعمل ہے۔ (۱) برائے تعلیل جیسے ارشاد ہے مِمَّا خطيئتهم اُغرقوا۔ (۲) بمعنی بدل جیسے ارشاد ہے ارضيتم بالحياة الدنيا من الاخرة۔ (۳) بمعنی فِي جیسے ارشاد ہے اِذا نُودِيَ لِلصَّلٰوةِ مِنْ يَوْمِ الْجُمُعَةِ۔ (۴) بمعنی با جیسے ارشاد ہے ينظرون من طرف ای بطرف۔ (۵) بمعنی علی جیسے ارشاد ہے ونصرناه من القوم ای علی القوم۔ (۶) بمعنی قسم جیسے النار في الشتاء خيرٌ من الله ورسوله۔ قولہ والی:- اور کلمہ الی انتہاء غایت کیلئے آتا ہے۔ جیسے سرت من البصرة الى الكوفة اور الی بمعنی مع بھی آتا ہے لیکن کم جیسے الی المرافق میں الی بمعنی مع ہے ای مع المرافق۔ قولہ وحتی:- کلمہ حتی تین قسم پر ہے۔ (۱) حتی ابتدائیہ جس کا مابعد کلام مستانف ہوتا ہے۔ (۲) حتی عاطفہ جو انتہائے غایت کیلئے آتا ہے۔ (۳) حتی جارہ، یہ چار معنی کیلئے آتا ہے اول بمعنی اِلَّا۔ دوم، بمعنی کی، ان دونوں صورتوں میں کلمہ حتی فعل پر داخل ہوتا ہے اور لفظوں میں اُس کا اثر ظاہر نہیں ہوتا اس لئے مصنف نے ان دونوں کا ذکر نہیں کیا۔ سوم، بمعنی انتہائے غایت جیسے نِمْتُ الْبَارِحَةَ حَتَّى الصَّبَاحِ (میں گذشتہ رات صبح تک سویا) چہارم، بمعنی مع جو کلام عرب میں کثیر ہے جیسے قَدِمَ الْحَاجُّ حَتَّى الْمُشَاةُ (حاجی بمع پیادہ پا حاجی آگئے) قولہ ولا تدخل:- کلمہ حتی اور الی دونوں انتہاء غایت کیلئے ہیں لیکن دو اعتبار سے ان میں فرق ہے۔ (۱) حتی بمعنی مع کثیر ہے اور الی بمعنی مع قلیل ہے۔ (۲) جس کو مصنف نے اپنے قول ولا تدخل الخ سے بیان کیا ہے یعنی حتی جارہ صرف اسم ظاہر پر داخل ہوتا ہے ضمیر پر داخل نہیں ہوتا لیکن الی اسم ظاہر و اسم ضمیر دونوں پر داخل ہوتا ہے پس حَتَّاهُ نہیں کہا جاتا اور اِلَيْهِ کہا جاتا ہے۔ فائدہ:- حتی عاطفہ ضمیر پر داخل ہوتا ہے جیسے ضَرَبْتُ الْقَوْمَ حَتّٰى اِيَّاكَ۔

Marfat.com

خِلَافًا لِلْمُبَرِّدِ وَقَوْلُ الشَّاعِرِ

فَلَاوَاللّٰهِ لَايَبْقٰى اُنَاسٌ	شعر	فَتًى حَتَّا كَ يَاابْنَ اَبِىْ زِيَادٍ

شَاذٌّ وَفِىْ وَهِىَ لِلظَّرْفِيَّةِ نَحْوُ زَيْدٌ فِى الدَّارِ وَالْمَاءُ فِى الْكُوْزِ وَبِمَعْنٰى عَلٰى قَلِيْلًا نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَلَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِىْ جُذُوْعِ النَّخْلِ وَالْبَاءُ وَهِىَ لِلْاِلْصَاقِ نَحْوُ مَرَرْتُ بِزَيْدٍ اَىْ اِلْتَصَقَ مُرُوْرِىْ بِمَوْضِعٍ يَقْرُبُ مِنْهُ زَيْدٌ وَلِلْاِسْتِعَانَةِ نَحْوُ كَتَبْتُ بِالْقَلَمِ وَقَدْ يَكُوْنُ لِلتَّعْلِيْلِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى اِنَّكُمْ ظَلَمْتُمْ اَنْفُسَكُمْ بِاتِّخَاذِكُمُ الْعِجْلَ

قولہ خلافا للمبرّد :- مبرد حتی جارہ کا ضمیر پر داخل ہونا جائز کہتے ہیں جنہوں نے اس شعر سے استدلال کیا ہے فلاو اللہ الخ ،مصنف کہتے ہیں کہ شعر میں کلمہ حتی کا ضمیر پر داخل ہونا شاذ ہے۔ (ترجمہ شعر) اللہ کی قسم زمین پر کوئی انسان اور حیوان باقی نہیں رہے گا حتی کہ تو اے عبداللہ بن زیاد۔ قولہ وفی :- کلمہ فِیْ ظرفیت کیلئے ہے یعنی اپنے مابعد کو ماقبل کیلئے ظرف بنانے کیلئے اور بمعنی علی بھی آتا ہے مگر قلیل۔ فائدہ :- اس کے علاوہ کلمہ فِیْ درج ذیل معانی کیلئے بھی آتا ہے۔ (۱) مصاحبت کیلئے جیسے اُدْخُلُوْا فِیْ اُمَمٍ اَیْ مَعَ اُمَمٍ۔ (۲) تعلیل کیلئے جیسے اِنَّ امْرَأَةً دَخَلَتْ فِی النَّارِ فِیْ هِرَّةٍ اَیْ لِاَجَلِ هِرَّةٍ۔ (۳) الی کے معنی میں جیسے فَرَدُّوْا اَیْدِیَهُمْ فِیْ اَفْوَاهِهِمْ اَیْ اِلٰی اَفْوَاهِهِمْ۔ فائدہ :- یک حرفی حروف جارہ کو محلی بلام لکھا جاتا ہے جیسے اَلْبَاءُ اور دو یا زائد حروف پر مشتمل کو بغیر لام کے جیسے مِنْ، اِلٰی۔ قولہ اَلْبَاءُ :- کلمہ باء الصاق کیلئے ہے یعنی معنی فعل کو اپنے مدخول کے ساتھ ملانے کیلئے ہے جیسے مَرَرْتُ بِزَیْدٍ (میں زید کے پاس سے گزرا) یہ الصاق مجازی کی مثال ہے کیونکہ گزرنا حقیقۃً اُس جگہ کے ساتھ مُلصق و متصل ہے جو زید کے قریب ہے لہٰذا بواسطہ اُس مکان کے متکلم کے گزرنے کا زید کیساتھ اتصال ہوا اور مصنف نے اَیْ اِلْتَصَقَ مُرُوْرِیْ سے اِسی الصاقِ مجازی کی طرف اشارہ کیا ہے۔ فائدہ :- مَرَرْتُ بِزَیْدٍ، الصاقِ حقیقی کی مثال بھی ہوسکتی ہے بایں طور کہ بوقت گزرنے کے متکلم کا بدن زید سے مس کر گیا ہو اور متکلم اسی کی خبر دے رہا ہو۔ قولہ لِلْاِسْتِعَانَةِ :- باء استعانت کیلئے ہے یعنی یہ بتلانے کیلئے کہ باء کا مدخول فعل کا آلہ ہے، اس کو بائے آلہ اور بائے وصلۃ الفعل بھی کہتے ہیں جیسے کَتَبْتُ بِالْقَلَمِ۔ قولہ وَقَدْ یَکُوْنُ :- یعنی باء کبھی تعلیل کیلئے بھی ہوتی ہے تعلیل کے معنی ہیں کسی چیز کی علت بیان کرنا، اور یہ متکلم کا فعل ہے یعنی متکلم علت بیان کرتا ہے لہٰذا بائے تعلیل کے معنی یہ ہوئے کہ متکلم کا یہ بیان کرنا کہ مدخولِ باء کسی چیز کی علت ہے اور اس کو بائے سببیہ بھی کہتے ہیں۔

Marfat.com

وَلِلْمُصَاحَبَةِ كَخَرَجَ زَيْدٌ بِعَشِيْرَتِهِ وَلِلْمُقَابَلَةِ كَبِعْتُ هٰذَا بِذَاكَ وَلِلتَّعْدِيَةِ كَذَهَبْتُ بِزَيْدٍ وَلِلظَّرْفِيَّةِ كَجَلَسْتُ بِالْمَسْجِدِ وَزَائِدَةٌ قِيَاسًا فِي خَبَرِ النَّفْيِ نَحْوُ مَا زَيْدٌ بِقَائِمٍ وَفِي الْاِسْتِفْهَامِ نَحْوُ هَلْ زَيْدٌ بِقَائِمٍ

قولہ وللمصاحبة: - اور باء مصاحبت کیلئے ہے یعنی اس بات کا افادہ کرتی ہے کہ اس کا مدخول تعلق فعل میں کسی اور کے ساتھ شریک ہے جیسے خرج زید بعشیرته (زید اپنے کنبے کے ہمراہ نکلا) فائدہ: - بائے مصاحبت کی دو علامتیں ہیں۔ (۱) اگر باء کی جگہ لفظ مع لایا جائے تو معنی کا حسن باقی رہے مثلاً اشتریت الفرس مع سرجه (۲) اگر باء کے مدخول سے صیغہ صفت اخذ کر کے اس کو حال بنائیں تو باء اور اس کے مدخول سے استغناء ہو جائے مثلاً اشتریت الفرس بسرجه میں باء کے مدخول (سرج) سے مُسرَّجًا اخذ کر کے اشتریت الفرس مُسرَّجًا کہیں۔ سوال: - کیا بائے الصاق اور بائے مصاحبت میں کوئی فرق ہے یا دونوں ایک شئی ہیں؟ جواب: - ان میں دو اعتبار سے فرق ہے۔ اول، یہ کہ باء مصاحبت ظرف مستقر ہو کر حال واقع ہوتی ہے اور بائے الصاق مبتدا کی خبر واقع ہوتی ہے۔ دوم، یہ کہ بائے مصاحبت کا مجرور فعل مذکور کے معمول کے توابع یعنی صفات و احوال سے ہوتا ہے اور بائے الصاق میں یہ بات نہیں ہوتی۔ قولہ وللمقابلة: - اور باء مقابلہ کیلئے ہے یعنی اس امر کا افادہ کرتی ہے کہ باء کا مجرور کسی دوسری شئی کے مقابلہ میں ہے اسی وجہ سے یہ باء کسی چیز کے عوض اور ثمن پر داخل ہوتی ہے جیسے بعت هذا بذاك (میں نے اسکو اُس کے بدلے بیچا) قولہ وللتعدية: - اور باء تعدیہ کیلئے ہے یعنی لازم کو متعدی بنانے کیلئے اور متعدی بیک مفعول کو متعدی بدو مفعول بنانے کیلئے۔ باء کیساتھ تعدیہ کا طریقہ یہ ہے کہ فاعل پر باء داخل کریں تو فاعل، مفعول بہ غیر صریح بن جائے جیسے ذهب زید سے ذهبت بزید۔ قولہ للظرفية: - اور باء ظرفیت کیلئے ہے اور علامت ظرفیت یہ ہے کہ باء کی جگہ کلمہ فی کا لانا درست ہو جیسے جلست بالمسجد ای فی المسجد۔ قولہ زائدة: - یہ مصنف کے قول للالصاق پر معطوف ہے اور مبتدا (ھی) کی خبر ہے یعنی باء زائدہ ہوتی ہے جس کے حذف کرنے سے معنی میں کوئی تغیر نہیں آتا۔ قولہ قیاسا: - مصنف کے قول قیاسا اور سماعا کے نصب میں تین احتمال ہیں۔ (۱) مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب ہیں ای قسناها قیاسا وسمعناها سماعا۔ (۲) فعل ناقص محذوف کی خبر کی بناء پر ای وتلك الزيادة تكون قیاسا وسماعا۔ کہ اس صورت میں دونوں تکون کی خبر ہیں بمعنی قیاسیة وسماعیة (۳) منصوب بنزع الخافض یعنی حرف جار حذف کرنے کی وجہ سے منصوب ای عرفنا زيادة الباء بالقياس وبالسماع۔

Marfat.com

وَسَمَاعًا فِی الْمَرْفُوْعِ نَحْوُ بِحَسْبِکَ زَیْدٌ اَیْ حَسْبُکَ زَیْدٌ وَکَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیْدًا اَیْ کَفَی اللّٰہُ وَفِی الْمَنْصُوْبِ نَحْوُ اَلْقٰی بِیَدِہٖ اَیْ اَلْقٰی یَدَہٗ وَاللَّامُ وَھِیَ لِلْاِخْتِصَاصِ نَحْوُ اَلْجُلُّ لِلْفَرَسِ وَالْمَالُ لِزَیْدٍ وَلِلتَّعْلِیْلِ کَضَرَبْتُہٗ لِلتَّادِیْبِ وَزَائِدَۃٌ کَقَوْلِہٖ تَعَالٰی رَدِفَ لَکُمْ اَیْ رَدِفَکُمْ وَبِمَعْنٰی عَنْ اِذَا اُسْتُعْمِلَ مَعَ الْقَوْلِ کَقَوْلِہٖ تَعَالٰی قَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ کَانَ خَیْرًا مَّا سَبَقُوْنَآ اِلَیْہِ وَفِیْہِ نَظَرٌ

فائدہ:- زیادت با، کے مواضع قیاسی یہ ہیں نفی بما اور نفی بلیس کی خبر میں اور کلمہ ھَلْ کے بعد واقع مبتدا کی خبر میں جیسے مَازَیْدٌ بِقَائِمٍ، لَیْسَ زَیْدٌ بِقَائِمٍ اور ھَلْ زَیْدٌ بِقَائِمٍ اور مواضع سماعی یہ ہیں۔ (۱) کَفٰی بمعنی اکتفٰی کے فاعل پر جیسے کَفٰی بِاللّٰہِ شَھِیْدًا اَیْ کَفَی اللّٰہُ۔ (۲) مبتدا پر جیسے بِحَسْبِکَ زَیْدٌ اَیْ حَسْبُکَ زَیْدٌ۔ (۳) خبر پر جیسے حَسْبُکَ بِزَیْدٍ اَیْ حَسْبُکَ زَیْدٌ۔ (۴) مفعول بہ پر جیسے اَلْقٰی بِیَدِہٖ اَیْ اَلْقٰی یَدَہٗ (اس نے اپنا ہاتھ ڈالا)۔ قولہ وَاللَّامُ:- اور لام اختصاص کیلئے ہے یعنی اپنے مدخول کیساتھ کسی چیز کے تعلق وارتباط کیلئے خواہ وہ تعلق بصورت ملک ہو جیسے اَلْمَالُ لِزَیْدٍ یا بطریق استحقاق جیسے اَلْجُلُّ لِلْفَرَسِ۔ فائدہ:- لام جارہ جب اسم ظاہر پر داخل ہو تو معمول کی موافقت میں مجرور ہوتا ہے تاکہ لامِ ابتداء سے التباس نہ ہو سوائے لام مستغاث کے کہ وہ مجرور نہیں ہوتا تاکہ مستغاث کا مستغاث لہٗ سے التباس نہ ہو اور خبر پر داخل ہونے والا لام جارہ مفتوح ہوتا ہے کیونکہ لامِ ابتداء سے التباس کا خوف نہیں کہ وہ خبر پر داخل نہیں ہوتا اور یک حرفی کلمہ میں اصل فتح ہے۔ قولہ وَلِلتَّعْلِیْلِ:- اور لام تعلیل کیلئے ہے یعنی یہ بیان کرنے کیلئے کہ اس کا مدخول کسی چیز (فعل) کی علت ہے۔ جیسے ضَرَبْتُہٗ لِلتَّادِیْبِ (میں نے ادب سکھانے کیلئے اسکی پٹائی کی ہے)۔ قولہ وَزَائِدَۃٌ:- اَیْ وَھِیَ زَائِدَۃٌ، یعنی لام زائدہ ہے جیسے رَدِفَ لَکُمْ اَیْ رَدِفَکُمْ (وہ تمہارے پیچھے ہوا) اس میں لام زائدہ ہے اس لئے کہ رَدِفَ متعدی بنفسہٖ ہے۔ مصنف کا قول زَائِدَۃٌ مبتدا محذوف کی خبر ہے جو ھِیَ ہے۔

Marfat.com

وَ بِمَعْنَى الْوَاوِ فِي الْقَسَمِ لِلتَّعَجُّبِ كَقَوْلِ الْهُذَلِيِّ

لِلّٰهِ يَبْقٰى عَلَى الْاَيَّامِ ذُوْحَيَدٍ	شعر	بِمُشْمَخِرٍّ بِهِ الظَّيَّانُ وَالْاٰسُ

وَ رُبَّ وَهِيَ لِلتَّقْلِيْلِ كَمَا اَنَّ كَمِ الْخَبَرِيَّةَ لِلتَّكْثِيْرِ وَ تَسْتَحِقُّ صَدْرَ الْكَلَامِ وَلَا تَدْخُلُ اِلَّا عَلٰى نَكِرَةٍ مَوْصُوْفَةٍ نَحْوُ رُبَّ رَجُلٍ كَرِيْمٍ لَقِيْتُهُ اَوْ مُضْمَرٍ مُبْهَمٍ مُفْرَدٍ مُذَكَّرٍ اَبَدًا مُمَيَّزٍ بِنَكِرَةٍ مَنْصُوْبَةٍ نَحْوُ رُبَّهُ رَجُلًا وَ رُبَّهُ رَجُلَيْنِ وَ رُبَّهُ رِجَالًا وَ رُبَّهُ اِمْرَأَةً كَذٰلِكَ وَ عِنْدَ الْكُوْفِيِّيْنَ يَجِبُ الْمُطَابَقَةُ نَحْوُ رُبَّهُمَا رَجُلَيْنِ وَ رُبَّهُمْ رِجَالًا وَ رُبَّهَا اِمْرَأَةً

قولہ بمعنی عَنْ:- اور لام بمعنی عَنْ ہوتا ہے جبکہ قول یا اُس کے مشتقات کیساتھ استعمال کیا جائے اور بمعنی واؤ قسم (مُقْسَمٌ بِہٖ جسکی قسم کھائی جائے) ہوتا ہے اور اُس کا جوابِ قسم، امورِ عظام سے ہوتا ہے جن سے تعجب کیا جاتا ہے جیسے ھُذَلی کا قول ہے لِلّٰہِ ...... الخ۔ فائدہ:- شاعر کا قول لِلّٰہِ، اُقْسِمُ فعلِ مقدر کے متعلق ہے اور یَبْقٰی سے پہلے لا مقدر ہے ای لَایَبْقٰی اور حَیَدٍ بمعنی گرہ جو پہاڑی بکرے کے سینگ پر ہوتی ہے اور ذُوْحَیَدٍ بمعنی گرہ والا یہ لَایَبْقٰی کا فاعل ہے اور بِمُشْمَخِرٍّ لَایَبْقٰی کے متعلق ہے اور باء بمعنی فِیْ ہے۔ ظَیَّانُ، بمعنی خوشبودار گھاس اور اٰسُ بمعنی ریحان ہے یہ بِہٖ کے ساتھ جملہ اسمیہ ہو کر مُشْمَخِرٍّ بمعنی بلند پہاڑ کی صفت ہے۔ شعر کے معنی اس طرح ہیں "اللہ تعالیٰ کی قسم نہیں باقی رہے گا زمانہ کے گزرنے کیوجہ سے کوئی گرہ والا بلند پہاڑ میں جسمیں خوشبودار گھاس ہے اور ریحان ہے" قولہ وَرُبَّ:- اور رُبَّ تقلیل کیلئے ہے یعنی اپنے مدخول کی قلت بیان کرنے کیلئے آتا ہے مصنف کی عبارت میں مضاف مقدر ہے ای لِاِنْشَاءِ التَّقْلِیْلِ یعنی رُبَّ انشاءِ تقلیل کیلئے ہے جیسا کہ کم خبریہ انشاءِ تکثیر کیلئے ہوتا ہے۔ فائدہ:- رُبَّ تقلیل کیلئے موضوع ہے لیکن زیادہ تر اُس کا استعمال تکثیر کیلئے ہوتا ہے جیسے لفظِ قَدْ مضارع میں برائے تقلیل ہے لیکن مقامِ مدح میں برائے تکثیر و تحقیق آتا ہے جیسے قَدْ یَعْلَمُ الَّذِیْنَ یَتَسَلَّلُوْنَ۔ قولہ وَتَسْتَحِقُّ:- یعنی کلمہ رُبَّ صدرِ کلام میں آتا ہے کیونکہ یہ انشاءِ تقلیل کیلئے ہے جسکو صدرِ کلام لازم ہے اور اس کا مدخول دو طرح آتا ہے۔ (۱) نکرہ موصوفہ اِس لئے کہ تقلیل نکرہ سے حاصل ہوتی ہے اور شئی موصوف بصفت، غیر موصوف سے اَقل ہوتی ہے۔ (۲) ضمیرِ مبہم، یعنی وہ ضمیر جس سے کوئی معین مراد نہ ہو اور یہ ضمیر ہمیشہ مفرد مذکر ہوتی ہے اور اس کی تمیز نکرہ منصوبہ ہوتی ہے۔ فائدہ:- رُبَّ کے بعد ضمیرِ مفرد مذکر اس لئے آتی ہے کہ ابہام زیادہ اِسی میں ہوتا ہے اور یہ نحاتِ بصرہ کا مذہب ہے لیکن نحاتِ کوفہ کے نزدیک ضمیر اور تمیز میں مطابقت واجب ہے۔ فریقین کا موقف متن کی مثالوں سے واضح ہے۔

Marfat.com

وَقَدْ تَلْحَقُهَا مَا الْكَافَّةُ فَتَدْخُلُ عَلَى الْجُمْلَتَيْنِ نَحْوُ رُبَّمَا قَامَ زَيْدٌ وَ رُبَّمَا زَيْدٌ قَائِمٌ وَ لَا بُدَّ لَهَا مِنْ فِعْلٍ مَاضٍ لِاَنَّ رُبَّ لِلتَّقْلِيلِ الْمُحَقَّقِ وَهُوَ لَا يَتَحَقَّقُ اِلَّا بِهٖ وَيُحْذَفُ ذٰلِكَ الْفِعْلُ غَالِبًا كَقَوْلِكَ رُبَّ رَجُلٍ اَكْرَمَنِيْ فِيْ جَوَابِ مَنْ قَالَ هَلْ لَقِيْتَ مَنْ اَكْرَمَكَ اَيْ رُبَّ رَجُلٍ اَكْرَمَنِيْ لَقِيْتُهٗ فَاَكْرَمَنِيْ صِفَةُ الرَّجُلِ وَلَقِيْتُهٗ فِعْلُهَا وَهُوَ مَحْذُوْفٌ وَوَاوُ رُبَّ وَهِيَ الْوَاوُ الَّتِيْ تُبْتَدَأُ بِهَا فِيْ اَوَّلِ الْكَلَامِ كَقَوْلِ الشَّاعِرِ

وَ بَلْدَةٍ لَيْسَ بِهَا اَنِيْسٌ	شعر	اِلَّا الْيَعَافِيْرُ وَ اِلَّا الْعِيْسُ

وَوَاوُ الْقَسَمِ وَهِيَ تَخْتَصُّ بِالظَّاهِرِ نَحْوُ وَاللّٰهِ وَ الرَّحْمٰنِ لَاَضْرِبَنَّ فَلَا يُقَالُ وَكَ

قولہ وَقَدْ تَلْحَقُهَا:- یعنی کبھی رُبَّ کے ساتھ مَا کَافَّۃ لاحق ہوتا ہے جو رُبَّ کو عمل کرنے سے روک دیتا ہے اور یہ ما کلمہ رُبَّ کے ساتھ ملا کر لکھا جاتا ہے جیسے رُبَّمَا اور مَا کے لاحق ہونے کے بعد جملہ اسمیہ اور جملہ فعلیہ دونوں پر داخل ہوتا ہے۔ قولہ وَلَا بُدَّ لَهَا:- یعنی رُبَّ کے متعلق کا فعلِ ماضی ہونا ضروری ہے اس لئے کہ رُبَّ تقلیلِ محقق کیلئے موضوع ہے اور وہ تقلیلِ محقق صرف ماضی میں متصور ہے اور یہ فعل، قرینہ پائے جانے کی وجہ سے اکثر استعمالات میں محذوف ہوتا ہے جیسے آپ هَلْ لَقِيْتَ مَنْ اَكْرَمَكَ کے جواب میں کہیں رُبَّ رَجُلٍ اَكْرَمَنِيْ، اَيْ رُبَّ رَجُلٍ اَكْرَمَنِيْ لَقِيْتُهٗ۔ پس اس جواب میں رَجُلٍ موصوف ہے اور اَكْرَمَنِيْ اُس کی صفت ہے اور رُبَّ کا فعل محذوف ہے جو لَقِيْتُهٗ ہے اور حذف پر قرینہ سوال ہے۔ فائدہ:- رُبَّ کا تعلق فعل کے ساتھ لفظی تعلق نہیں ہوتا جیسا کہ بَاء، مِنْ وغیرہ کا فعل سے لفظی تعلق ہوتا ہے بلکہ اس تعلق سے مراد معنوی تعلق ہے اور جس فعل سے رُبَّ کا معنوی تعلق ہوتا ہے وہ جوابِ رُبَّ کہلاتا ہے۔ قولہ وَوَاوُ رُبَّ:- اور واؤ بمعنی رُبَّ یہ واؤ بھی رُبَّ کی مثل شروع کلام میں آتا ہے اور اسم ظاہر نکرہ موصوفہ پر داخل ہوتا ہے اور اس کا متعلق بھی فعلِ ماضی ہوتا ہے جیسے شاعر کا قول وَبَلْدَةٍ اَيْ رُبَّ بَلْدَةٍ۔ فائدہ:- شعر میں واؤ بمعنی رُبَّ ہے اَنِيْسٌ بمعنی دوست یعنی جس کا اُنس حاصل کیا جائے۔ يَعَافِيْرُ جمع يَعْفُوْرٌ بمعنی مٹیالے رنگ کا ہرن۔ عِيْسٌ بکسر عین جمع اَعْيَس، بمعنی شتر جس کے بال سفید و سرخ ہوں۔ ترجمہ، میں بہت سے شہر پھرا ہوں اُن میں سوائے ہرن اور شترِ سفید و سرخ مُو کے کوئی مونس و مددگار نہیں۔ سوال:- واؤ رُبَّ کا جارہ ہونا کس کا مذہب ہے؟
جواب:- یہ نحاتِ کوفہ کا مذہب ہے اور سیبویہ کے نزدیک اِس واؤ کے بعد رُبَّ مقدر ہوتا ہے جو جر دیتا ہے۔ قولہ وَوَاوُ الْقَسَمِ:- یہ واؤ اسم ظاہر کے ساتھ مختص ہے اسمِ ضمیر پر داخل نہیں ہوتی اس لئے وَاللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ کہہ سکتے ہیں لیکن اِس کو ضمیر پر داخل کر کے وَكَ لَاَفْعَلَنَّ نہیں کہہ سکتے وجہ یہ ہے کہ حروفِ قسم میں باء اصل ہے جو اسم ظاہر اور ضمیر دونوں پر داخل ہوتی ہے تو واؤ جو باء کی فرع ہے اُسکو اسمِ ظاہر کے ساتھ مختص کیا تا کہ اُس کا درجہ اصل سے کم رہے۔

Marfat.com

وَ تَاءُ الْقَسَمِ وَ هِيَ تَخْتَصُّ بِاللّٰهِ وَحْدَهٗ فَلَا يُقَالُ تَالرَّحْمٰنِ وَ قَوْلُهُمْ تَرَبِّ الْكَعْبَةِ شَاذٌّ وَ بَاءُ الْقَسَمِ وَ هِيَ تَدْخُلُ عَلَى الظَّاهِرِ وَ الْمُضْمَرِ نَحْوُ بِاللّٰهِ وَ بِالرَّحْمٰنِ وَبِكَ وَلَابُدَّ لِلْقَسَمِ مِنَ الْجَوَابِ وَ هِيَ جُمْلَةٌ تُسَمَّى الْمُقْسَمَ عَلَيْهَا فَاِنْ كَانَتْ مُوْجِبَةً يَجِبُ دُخُوْلُ اللَّامِ فِي الْاِسْمِيَّةِ وَالْفِعْلِيَّةِ نَحْوُ وَاللّٰهِ لَزَيْدٌ قَائِمٌ وَ وَاللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا و اِنَّ فِي الْاِسْمِيَّةِ نَحْوُ وَاللّٰهِ اِنَّ زَيْدًا لَقَائِمٌ وَاِنْ كَانَتْ مَنْفِيَّةً وَجَبَ دُخُوْلُ مَا وَلَا نَحْوُ وَاللّٰهِ مَا زَيْدٌ بِقَائِمٍ وَ وَاللّٰهِ لَايَقُوْمُ زَيْدٌ **وَاعْلَمْ** اَنَّهٗ قَدْ يُحْذَفُ حَرْفُ النَّفْيِ لِزَوَالِ اللَّبْسِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى تَاللّٰهِ تَفْتَؤُ تَذْكُرُ يُوْسُفَ اَيْ لَا تَفْتَؤُ وَيُحْذَفُ جَوَابُ الْقَسَمِ اِنْ تَقَدَّمَ مَا يَدُلُّ عَلَيْهِ نَحْوُ زَيْدٌ قَائِمٌ وَاللّٰهِ اَوْ تَوَسَّطَ الْقَسَمُ نَحْوُ زَيْدٌ وَاللّٰهِ قَائِمٌ

قولہ وَتَاءُ الْقَسَمِ:- اور حروفِ جارہ میں سے تاءِ قسم ہے جو اسمِ جلالت (اللہ) کے ساتھ مختص ہے یعنی اسمِ جلالت کے علاوہ کسی اسمِ ظاہر یا ضمیر کیساتھ مستعمل نہیں ہوتی اور عرب کا قول تَرَبِّ الْكَعْبَةِ شاذ ہے۔ قولہ وَبَاءُ الْقَسَمِ:- حروفِ جارہ میں باءِ قسم ہے جو باب قسم میں اصل ہونے کیوجہ سے اسمِ ظاہر اور اسمِ ضمیر دونوں پر داخل ہوتی ہے کیونکہ اصل کا عام ہونا ضروری ہے اور اسمِ ظاہر بھی عام ہے کہ خواہ اسمِ جلالت ہو جیسے بِاللّٰهِ یا کوئی اور اسم جیسے بِالرَّحْمٰنِ۔ قولہ وَلَابُدَّ:- یعنی قسم کیلئے جوابِ قسم ضروری ہے خواہ قسم ملفوظ ہو یا مقدر اور جواب قسم سے مراد وہ جملہ ہے جس کی تقویت و تاکید کیلئے قسم کو لایا گیا ہے اور اُس جملہ کو مُقْسَمٌ عَلَيْهَا کہتے ہیں یعنی جس پر قسم کھائی گئی۔ قولہ فَاِنْ كَانَتْ:- یہاں سے جوابِ قسم کی تفصیل بیان کرتے ہیں کہ اگر وہ جملہ مثبتہ ہے خواہ اسمیہ ہے یا فعلیہ تو اُس جملہ پر لام تاکید کا داخل ہونا ضروری ہے اور جملہ اسمیہ میں اِنَّ مکسورہ کا لانا بھی ضروری ہے۔ قولہ وَاِنْ كَانَتْ:- یعنی اگر جوابِ قسم جملہ مَنْفِيَّة ہے خواہ اسمیہ یا فعلیہ تو حرفِ نفی (ما اور لا) کا جواب پر لانا ضروری ہے۔ فائدہ:- قسم اور جوابِ قسم دونوں مستقل جملے ہیں اور ایک دوسرے سے مستغنی ہیں لہٰذا اُن میں ربط اور تعلق پیدا کرنے کیلئے حروفِ اربعہ مذکورہ میں سے کسی ایک کا ہونا ضروری ہے۔ قولہ وَاعْلَمْ:- یعنی منفی کا مثبت سے التباس نہ ہوتا ہو تو جوابِ قسم سے حرفِ نفی کو حذف کر دیا جاتا ہے اور کبھی جوابِ قسم بھی حذف کر دیا جاتا ہے اگر قسم سے پہلے وہ چیز ہو جو جواب پر دلالت کرتی ہے یا قسم اُس جملہ کے درمیان واقع ہو جو جواب پر دلالت کرتا ہے کیونکہ دال علی الجواب موجود ہے اور وجہ حذف اختصار ہے۔

Marfat.com

وَعَنْ لِلْمُجَاوَزَةِ نَحْوُ رَمَيْتُ السَّهْمَ عَنِ الْقَوْسِ إِلَى الصَّيْدِ وَعَلَى لِلْاِسْتِعْلَاءِ نَحْوُ زَيْدٌ عَلَى السَّطْحِ وَقَدْ يَكُوْنُ عَنْ وَعَلَى إِسْمَيْنِ إِذَا دَخَلَ عَلَيْهِمَا مِنْ، كَمَا تَقُوْلُ جَلَسْتُ مِنْ عَنْ يَمِيْنِهِ وَنَزَلْتُ مِنْ عَلَى الْفَرَسِ وَالْكَافُ لِلتَّشْبِيْهِ نَحْوُ زَيْدٌ كَعَمْرٍو وَزَائِدَةٌ كَقَوْلِهِ تَعَالَى لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ وَقَدْ تَكُوْنُ إِسْمًا كَقَوْلِ الشَّاعِرِ ع يَضْحَكْنَ عَنْ كَالْبَرَدِ الْمُنْهَمِّ

قولہ وعن:- کلام عرب میں کلمہ عَنْ (جارہ) متعدد معانی کیلئے آتا ہے جن میں سے ایک معنی مشہور ہے اور وہ مجاوزت ہے یعنی اپنے مجرور سے کسی چیز کو دور کر دینا جیسے رَمَيْتُ السَّهْمَ عَنِ الْقَوْسِ میں نے تیر کمان سے بجانب شکار پھینک دیا۔ قولہ وعلی:- کلمہ عَلٰی بھی متعدد معانی میں مستعمل ہے جن میں سے ایک معنی مصنف نے بیان کیا ہے باقی بوجہ قلت ترک کر دیئے ہیں اور وہ معنی استعلاء ہے یعنی بلندی طلب کرنا جیسے زَيْدٌ عَلَى السَّطْحِ زید چھت پر ہے۔ قولہ قد یکون:- اور کبھی عَنْ اور عَلٰی اسم ہوتے ہیں اور عَنْ اسمیہ بمعنی جانب ہوتا ہے جب اُس پر مِنْ جارہ آجائے جیسے جِئْتُ مِنْ عَنْ يَمِيْنِكَ (میں تیری دائیں جانب سے آیا) یا اُس پر عَلٰی آجائے جیسے عَلٰی عَنْ يَمِيْنِيْ (میری دائیں جانب پر) اور جب عَلٰی پر مِنْ آجائے تو وہ اسم ہوتا ہے جیسے نَزَلْتُ مِنْ عَلَى الْفَرَسِ (میں گھوڑے کے اوپر سے اُترا) قولہ والکاف:- اور کاف جارہ تشبیہ کیلئے ہے جیسے زَيْدٌ كَعَمْرٍو (زید عمرو کی طرح ہے) اس میں زید مشبَّہ اور عمرو مشبَّہ بہ ہے اور کاف حرف تشبیہ ہے اور وجہِ شبہ بہادری وغیرہ ہے۔ قولہ وزائدۃ:- اور کاف کبھی زائدہ ہوتا ہے جیسے لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ میں کاف زائدہ ہے ورنہ اللہ تعالیٰ کے مثل کی نفی نہیں ہوگی بلکہ مثل کے مثل کی نفی ہوگی اور مثل کا اثبات ہوگا جو منافی توحید ہے۔ سوال:- آیت میں زیادت کا حکم کاف پر لگایا ہے مثل پر کیوں نہیں لگایا گیا حالانکہ لفظ مثل بھی زائد ہوتا ہے جیسے ارشادِ باری تعالیٰ فَاِنْ آمَنُوْا بِمِثْلِ مَا آمَنْتُمْ بِهٖ میں لفظِ مثل زائد ہے۔ جواب:- جب دو آلہ تشبیہ جمع ہو جائیں اور اُن میں سے ایک حرف ہو تو زیادت کا حکم حرف پر لگاتے ہیں نظر برآں حرف (کاف) پر یہ حکم لگایا گیا۔ قولہ وقد تکون:- یعنی کاف کبھی اسم ہوتا ہے اور بمعنی مثل ہو کر مابعد کی طرف مضاف ہوتا ہے اور کافِ اسمی کی علامت یہ ہے کہ اُس پر حرفِ جر داخل ہو جاتا ہے جیسے شاعر کا قول ہے يَضْحَكْنَ عَنْ كَالْبَرَدِ الْمُنْهَمِّ، یعنی وہ عورتیں اُن دانتوں سے ہنستی ہیں جو لطافت میں پگھلے ہوئے اولے کی مثل ہیں۔

Marfat.com

مُذْ وَ مُنْذُ لِلزَّمَانِ إِمَّا لِلْإِبْتِدَاءِ فِي الْمَاضِيْ كَمَا تَقُوْلُ فِيْ شَعْبَانَ مَا رَأَيْتُهُ مُذْ رَجَبَ أَوْ لِلظَّرْفِيَّةِ فِي الْحَاضِرِ نَحْوُ مَا رَأَيْتُهُ مُذْ شَهْرِنَا وَمُنْذُ يَوْمِنَا أَيْ فِيْ شَهْرِنَا وَفِيْ يَوْمِنَا وَخَلَا وَعَدَا وَحَاشَا لِلْإِسْتِثْنَاءِ نَحْوُ جَاءَنِي الْقَوْمُ خَلَا زَيْدٍ وَحَاشَا عَمْرٍو، وَعَدَا بَكْرٍ **فَصْلٌ اَلْحُرُوْفُ الْمُشَبَّهَةُ بِالْفِعْلِ** سِتَّةٌ إِنَّ وَأَنَّ وَكَأَنَّ وَلٰكِنَّ وَلَيْتَ وَلَعَلَّ هٰذِهِ الْحُرُوْفُ تَدْخُلُ عَلَى الْجُمْلَةِ الْإِسْمِيَّةِ تَنْصِبُ الْإِسْمَ وَتَرْفَعُ الْخَبَرَ كَمَا عَرَفْتَ نَحْوُ إِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ

قولہ مُذْ و مُنْذُ :- یہ دونوں حرف، زمان کیلئے آتے ہیں اور اس بات کا افادہ کرتے ہیں کہ فعلِ مثبت یا منفی کی ابتداء اس زمانہ ماضی سے ہے جس پر یہ داخل ہیں جیسے آپ ماہ شعبان میں کہیں مَا رَأَيْتُهُ مُذْ رَجَب (میں نے اُس کو ماہ رجب سے نہیں دیکھا) یعنی میرے اُس کو نہ دیکھنے کی ابتداء ماہِ رجب ہے۔ فائدہ:-کلمہ مُذْ اور مُنْذُ میں اصل کون ہے اس کے بارے اختلاف ہے بعض کے نزدیک مُذْ اصل ہے جس میں نون بڑھا کر مُنْذُ بنا دیا گیا اور ذال کو میم کے اتباع میں ضمہ دیا گیا ہے اور بعض کے نزدیک مُنْذُ اصل ہے نون کو حذف کر کے ذال کو ساکن کر دیا گیا ہے۔ ان دونوں کے تین حال ہیں۔ (۱) ان کا مابعد یا ان کی وجہ سے مجرور ہوگا کیونکہ یہ حرفِ جر ہیں یا مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہوگا اُس وقت یہ دونوں اسم مضاف ہوں گے۔ (۲) یہ دونوں اسم بمعنی مدت مبتدا اور مابعد بنا بر خبر مرفوع ہوگا یا اپنے بعد والے مبتدا کی خبر ہوں گے۔ (۳) یہ جملہ کی طرف مضاف ہوں گے اور مبتدا ہوں گے اور جملہ بتقدیر زمان خبر ہوگا۔ قولہ اَوْ لِلظَّرْفِيَّة :-یعنی یا یہ دونوں زمانہ حال میں ظرفیت کیلئے ہوں گے اور بمعنی فِيْ ہوں گے جیسے مَا رَأَيْتُهُ مُذْ شَهْرِنَا اَيْ فِيْ شَهْرِنَا، میں نے اُس کو اس مہینہ میں نہیں دیکھا۔ قولہ خَلَا وَعَدَا :-یعنی ان کلمات میں سے ہر ایک استثناء کیلئے ہے یعنی اپنے مابعد کو ماقبل کے حکم سے خارج کرنے کے لئے ہے۔ فائدہ:-خَلَا اور عَدَا جب جر دیں تو بمعنی اِلَّا ہوتے ہیں اور کسی سے متعلق نہیں ہوتے اس لئے کہ باقی حروفِ جارہ اپنے متعلق کے معنی کو مجرور تک پہنچاتے ہیں اور یہ اپنے متعلق کے معنی کو مجرور سے زائل کر دیتے ہیں جیسے جَاءَنِي الْقَوْمُ خَلَا زَيْدٍ، میرے پاس قوم زید کے سوا آئی۔ **اَلْحُرُوْفُ الْمُشَبَّهَةُ بِالْفِعْلِ** فعل کے ساتھ لفظی اور معنوی مشابہت رکھنے والے حروف چھ ہیں انکی فعل کے ساتھ مشابہت لفظی اس بات میں ہے کہ یہ فعل کی مثل ثلاثی و رباعی ہوتے ہیں اور انکا آخر فعلِ ماضی کیطرح مبنی بر فتح ہوتا ہے اور مشابہت معنوی بایں طور ہے کہ اِنَّ اور اَنَّ معنی تحقیق پر دلالت کرنے میں فعل حَقَّقْتُ کے مشابہ ہیں۔ اور یہ حروف جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر اسم کو نصب دیتے ہیں اور خبر کو رفع جیسے اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ۔

Marfat.com

وَ قَدْ يَلْحَقُهَا مَا الكَافَّةُ فَتَكُفُّهَا عَنِ الْعَمَلِ وَ حِيْنَئِذٍ تَدْخُلُ عَلَى الْاَ فْعَالِ تَقُوْلُ اِنَّمَا قَامَ زَيْدٌ وَاعْلَمْ اَنَّ اِنَّ الْمَكْسُوْرَةَ الْهَمْزَةِ لَاتُغَيِّرُ مَعْنَى الْجُمْلَةِ بَلْ تُؤَكِّدُ هَا وَ اَنَّ الْمَفْتُوْحَةَ الْهَمْزَةِ مَعَ مَا بَعْدَ هَا مِنَ الْاِسْمِ وَ الْخَبَرِ فِی حُكْمِ الْمُفْرَدِ وَلِذٰلِکَ يَجِبُ الْكَسْرُ اِذَا كَانَ فِی ابْتِدَاءِ الْكَلَامِ نَحْوُ اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ وَ بَعْدَ الْقَوْلِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ

فائدہ:۔ حروف مشبہ بفعل کا منصوب بچند وجوہ مرفوع پر مقدم ہوتا ہے۔ (۱) تاکہ اوّل امر سے فعلِ متعدی میں (جو ان کی اصل ہے) اور ان میں فرق ہو جائے۔ (۲) چونکہ ان کا عمل فرعی ہے اس لئے منصوب کو مقدم کیا کہ مرفوع کی تقدیم عملِ اصلی ہے۔ قولہ وَقَدْ:۔ یعنی کبھی ان حروف کے ساتھ مَا كَافَّۃ لاحق ہو کر ان کو عمل سے روک دیتا ہے پس یہ حروف، افعال پر بھی داخل ہوتے ہیں جیسے اِنَّمَا قَامَ زَيْدٌ۔ فائدہ:۔ چونکہ مَا كَافَّۃ داخل ہونے سے ان حروف کی فعل کے ساتھ مشابہت جاتی رہی کہ ان کا آخر ابنی بر فتح نہیں رہا نیز ان حروف اور ان کے معمولات کے درمیان مَا كَافَّۃ حائل ہونے کے بعد فاصلہ بھی ہو گیا اس لئے یہ مَا ان کو عمل سے روک دیتا ہے۔ قولہ وَاعْلَمْ:۔ یہاں مصنف اِنَّ (مَكْسُوْرَةُ الْهَمْزَہ) اور اَنَّ (مَفْتُوْحَةُ الْهَمْزَہ) کے مابین فرق بیان کرتے ہیں وہ یہ کہ اِنَّ مکسورہ اپنے مدخول جملہ کے معنی نہیں بدلتا بلکہ جملہ کے معنی کو مؤکد کر دیتا ہے اور اَنَّ مفتوحہ اپنے مابعد جملہ کے ساتھ مفرد کی تاویل میں ہو جاتا ہے۔ محقق عبدالرسول کہتے ہیں۔

اِنَّ، اَنَّ از بہرِ تحقیق اند فرقست ایں قدر   میکند مفتوحہ در تاویلِ مفرد جملہ را

اور اسی فرق کے پیشِ نظر ہر ایک کیلئے مخصوص مقامات ہیں جہاں دوسرا نہیں آ سکتا شاعر نے ہر ایک کے مقامِ استعمال کو ان اشعار میں جمع کر دیا گیا ہے۔

انّ را مکسور خواں در ابتدا و بعدِ قول   بعد موصول وقسم مفتوح خواں دہ ہفت جا

بعد حرف جر و لولا بعد لو بعد از مضاف   نیز چوں واقع شود مفعول و فاعل مبتدا

قولہ یَجِبُ الْكَسْرُ:۔ ان مواضع میں کسرہ واجب ہے۔ (۱) ابتدائے کلام میں، اس سے مراد یہ ہے کہ اِنَّ کے بعد کلام مستانف ہو یعنی مِنْ حَيْثُ الْاِعْرَاب، اُس کا ماقبل سے تعلق نہ ہو خواہ متکلم کے کلام کے شروع میں ہو جیسے اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ یا وسط میں جیسے يٰبُنَیَّ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰى لَكُمُ الدِّيْنَ۔ (۲) جب قَوْل یا اُس کے مشتقات میں سے کسی کے بعد واقع ہو یعنی مقولہ بن رہا ہو کہ مقولہ جملہ ہوتا ہے جیسے يَقُوْلُ اِنَّهَا بَقَرَةٌ۔

Marfat.com

وَ بَعْدَ الْمَوْصُوْلِ نَحْوُ مَا رَأَيْتُ الَّذِیْ اَنَّهٗ فِی الْمَسَاجِدِ وَاِذَا كَانَ فِیْ خَبَرِهَا اللَّامُ نَحْوُ اِنَّ زَيْدًا لَقَائِمٌ وَ يَجِبُ الْفَتْحُ حَيْثُ يَقَعُ فَاعِلًا نَحْوُ بَلَغَنِیْ اَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ وَ حَيْثُ يَقَعُ مَفْعُوْلًا نَحْوُ كَرِهْتُ اَنَّكَ قَائِمٌ وَحَيْثُ يَقَعُ مُبْتَدَأً نَحْوُ عِنْدِیْ اَنَّكَ قَائِمٌ وَحَيْثُ يَقَعُ مُضَافًا اِلَيْهِ نَحْوُ عَجِبْتُ مِنْ طُوْلِ اَنَّ بَكْرًا قَائِمٌ وَحَيْثُ يَقَعُ مَجْرُوْرًا نَحْوُ عَجِبْتُ مِنْ اَنَّ بَكْرًا قَائِمٌ وَبَعْدَ لَوْ نَحْوُ لَوْ اَنَّكَ عِنْدَنَا لَاَكْرَمْتُكَ وَبَعْدَ لَوْلَا نَحْوُ لَوْلَا اَنَّهٗ حَاضِرٌ لَغَابَ زَيْدٌ وَ يَجُوْزُ الْعَطْفُ عَلٰی اسْمِ اِنَّ الْمَكْسُوْرَةِ بِالرَّفْعِ وَ النَّصْبِ بِاعْتِبَارِ الْمَحَلِّ وَاللَّفْظِ مِثْلُ اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ وَعَمْرٌو وَعَمْرًا

فائدہ:- جو قول بمعنی حکایت ہو اُس کے بعد اِنَّ بکسر ہمزہ آتا ہے اس لئے کہ قول بمعنی حکایت کا معمول جملہ مَحکیہ ہوتا ہے لیکن جو قول بمعنی ظن یا علم یا اعتقاد وغیرہ ہو اُس کے بعد اَنَّ مفتوح آتا ہے مثلاً آپ کہیں يَقُوْلُ الشِّيْعَةُ اَنَّ عَلِيًّا خَلِيْفَةٌ بِلَافَصْلٍ اَیْ تَعْتَقِدُ، چونکہ یہاں قول بمعنی اعتقاد ہے اس لئے یہاں اَنَّ بالفتح پڑھا جائیگا۔ (۳) موصول کے بعد اس لئے کہ صلہ جملہ ہوتا ہے۔ (۴) جب اُس کی خبر پر لام ہو اس لئے کہ لام جملہ کے معنی کی تاکید کرتا ہے۔ قولہ ویجب:- اور اَنَّ کے ہمزہ پر درج ذیل مقامات میں فتح واجب ہے۔ (۱) جب اَنَّ اپنے اسم اور خبر سے ملکر فاعل واقع ہو۔ (۲) جب مفعول واقع ہو۔ (۳) خبر واقع ہو۔ (۴) جب مضاف الیہ واقع ہو۔ (۵) جب مجرور واقع ہو۔ (۶) جب لَوْ کے بعد واقع ہو۔ (۷) جب لَوْلَا کے بعد واقع ہو۔

سوال:- زَيْدٌ اِنَّ اَبَاهُ قَائِمٌ میں اَنَّ مفتوحہ ہونا چاہیئے کہ اصل خبر میں افراد ہے؟۔ جواب:- اَنَّ مفتوحہ ہر دو معمول کے ساتھ مصدر کی تاویل میں ہوتا ہے اور مصدر کا حمل ذات پر درست نہیں چونکہ مثال مذکور میں اَنَّ مفتوحہ پڑھیں تو معنی ہوں گے زَيْدٌ قِيَامُ اَبِيْهِ اور یہ صحیح نہیں اس لئے کہ یہاں اِنَّ مکسورہ پڑھا جائے گا تا کہ مصدر کا حمل ذات پر نہ ہو۔ قولہ ویجوز العطف:- یہ عبارت مصنف کے قول يَجِبُ الْكَسْرُ پر معطوف ہے اَیْ وَلِذَالِكَ يَجُوْزُ الْعَطْفُ یعنی اسی وجہ سے کہ اِنَّ مَكْسُوْرَةُ الْهَمْزَةِ جملہ کے معنی تبدیل نہیں کرتا اُس کے اسم پر رفع کے ساتھ عطف جائز ہے محل کی رعایت کرتے ہوئے کہ وہ اصل میں مرفوع ہے اور نصب کے ساتھ عطف کرنا بھی لفظ کی رعایت کرتے ہوئے جائز ہے اس لئے کہ اسم اَنَّ لفظاً منصوب ہے۔

Marfat.com

واعلم اَنَّ اِنَّ الْمَكْسُوْرَةَ يَجُوْزُ دُخُوْلُ اللَّامِ عَلٰى خَبَرِهَا وَقَدْ تُخَفَّفُ فَيَلْزَمُهَا اللَّامُ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاِنْ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ وَحِيْنَئِذٍ يَجُوْزُ اِلْغَاؤُهَا كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ وَيَجُوْزُ دُخُوْلُهَا عَلَى الْاَفْعَالِ عَلَى الْمُبْتَدَأِ وَالْخَبَرِ نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهٖ لَمِنَ الْغٰفِلِيْنَ وَاِنْ نَّظُنُّكَ لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ وَكَذٰلِكَ اَنَّ الْمَفْتُوْحَةُ قَدْ تُخَفَّفُ فَحِيْنَئِذٍ يَجِبُ اِعْمَالُهَا فِيْ ضَمِيْرِ شَاْنٍ مُقَدَّرٍ فَتَدْخُلُ عَلَى الْجُمْلَةِ اِسْمِيَّةً كَانَتْ نَحْوُ بَلَغَنِيْ اَنْ زَيْدٌ قَائِمٌ اَوْ فِعْلِيَّةً نَحْوُ بَلَغَنِيْ اَنْ قَدْ قَامَ زَيْدٌ وَيَجِبُ دُخُوْلُ السِّيْنِ اَوْ سَوْفَ اَوْ قَدْ اَوْ حَرْفُ النَّفْيِ عَلَى الْفِعْلِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَّرْضٰى وَالضَّمِيْرُ الْمُسْتَتِرُ اِسْمُ اَنْ وَالْجُمْلَةُ خَبَرُهَا

قولہ واعلم:- یعنی اِنَّ مَكْسُوْرَةُ الْهَمْزَة کی خبر پر لامِ ابتداء کا دخول جائز ہے اِس لئے کہ یہ لام بھی تاکید کا افادہ کرتا ہے لیکن یہ اِنَّ مخففہ کر دیا جائے تو خبر پر دخولِ لام لازم کر دیا جاتا ہے تا کہ اِنْ مخففہ اور اِنْ نافیہ میں لام کی وجہ سے فرق ہو جائے اور بوقتِ تخفیف اُس کے عمل کو باطل کرنا بھی جائز ہے کہ فعل کے ساتھ مشابہت جاتی رہی ہے اور اُس وقت اِنْ مخففہ کا اُن افعال پر داخل ہونا بھی جائز ہے، جو مبتدا اور خبر دونوں پر داخل ہوتے ہیں جیسے افعالِ ناقصہ وغیرہ۔
قولہ وکذالک اَنَّ:- یعنی اِنَّ مَكْسُوْرَةُ الْهَمْزَةِ کی طرح اَنَّ مَفْتُوْحَةُ الْهَمْزَةِ بھی کبھی مخفف کر دیا جاتا ہے اور اُس وقت اُس کا ضمیرِ شان مقدر میں عمل کرنا ضروری ہے جو اَنَّ کا اسم بنے گی اور ضمیر شان کی تفسیر کرنے والا جملہ اُس کی خبر بنے گا پھر یہ جملہ اسمیہ وفعلیہ دونوں پر داخل ہوگا۔ فائدہ:- اَنَّ مفتوحہ کو بہ نسبت اِنَّ مکسورہ فعل کے ساتھ مناسبت زیادہ ہے اور مکسورہ کا بعد از تخفیف اسمِ ظاہر میں عمل کرنا جائز ہے لہٰذا اَنَّ مفتوحہ کے لئے ضمیر شان میں عمل کرنا ضروری قرار دیا گیا تا کہ اُس پر اِنَّ مکسورہ کی ترجیح لازم نہ آئے۔ قولہ وَ یَجِبُ:- اور جب اَنَّ مَفْتُوْحَةُ الْهَمْزَة تخفیف کے بعد فعلِ متصرف پر آئے تو سین وغیرہ کا فعل پر داخل ہونا ضروری ہے تا کہ اَنْ مخففہ اور اَنْ مصدریہ میں فرق ہو جائے کیونکہ یہ حروف اَنْ مصدریہ کے ساتھ نہیں آتے اور اس لئے بھی اِن حروف میں سے کسی کا آنا ضروری ہے کہ اُس حرف کے لانے سے حذفِ نون کی کمی پوری ہو جائے گی کیونکہ یہ حروف فعل کے ساتھ مختص ہیں۔

Marfat.com

وَكَانَّ لِلتَّشْبِيْهِ نَحْوُ كَانَّ زَيْدًا الْاَسَدُ وَهُوَ مُرَكَّبٌ مِنْ كَافِ التَّشْبِيْهِ وَاِنَّ الْمَكْسُوْرَةِ وَ اِنَّمَا فُتِحَتْ لِتَقَدُّمِ الْكَافِ عَلَيْهَا تَقْدِيْرُهُ اِنَّ زَيْدًا كَالْاَسَدِ وَقَدْ تُخَفَّفُ فَتُلْغٰى نَحْوُ كَانْ زَيْدٌ اَسَدٌ وَلٰكِنَّ لِلْاِسْتِدْرَاكِ وَيَتَوَسَّطُ بَيْنَ كَلَامَيْنِ مُتَغَائِرَيْنِ فِي الْمَعْنٰى نَحْوُ مَا جَاءَ نِي الْقَوْمُ لٰكِنَّ عَمْرًا جَاءَ وَ غَابَ زَيْدٌ لٰكِنَّ بَكْرًا حَاضِرٌ وَ يَجُوْزُ مَعَهَا الْوَاوُ نَحْوُ قَامَ زَيْدٌ وَلٰكِنَّ عَمْرًا قَاعِدٌ وَقَدْ تُخَفَّفُ فَتُلْغٰى نَحْوُ مَشٰى زَيْدٌ لٰكِنْ بَكْرٌ عِنْدَ نَا

قولہ وکَانَّ :- اور کَانَّ، انشاء تشبیہ کیلئے ہے یعنی ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ کسی وصف میں شریک کرنے کیلئے جیسے کَانَّ زَیْدًا الاسدُ (گویا زید شیر ہے) اور کبھی ظن وشک کیلئے بھی آتا ہے جیسے کَانِّیْ اَمْشِیْ اور کَانَّکَ قاعِدٌ۔ قولہ وھُوَ مُرَکَّبٌ :- لفظ کَانَّ کے متعلق نحات کا اختلاف ہے جمہور کے نزدیک یہ حرفِ بسیط ہے مرکب نہیں ہے اور خلیل کے نزدیک اِنَّ مکسورہ اور کاف تشبیہ سے مرکب ہے گزشتہ مثال اصل میں اِنَّ زَیْدًا کَالْاَسَدِ تھی۔ کاف کو شروع میں لاکر اُس کی رعایت میں اِنَّ مکسورہ کے ہمزہ کو فتح دیا تو کَانَّ زَیْدًا الاسدُ ہوگیا۔ قولہ وَقَدْ تُخَفَّفُ :- اور کبھی کَانَّ میں تخفیف کرلی جاتی ہے پس اصح مذہب کی بنا پر عمل نہیں کرتا کیونکہ آخر کا فتح زائل ہونے کے سبب اُس کی فعل کے ساتھ مشابہت ختم ہوگئی اور اس وقت وہ جملہ فعلیہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے کَاَنْ لَمْ تَغْنَ بِالْاَمْسِ۔ قولہ وَلٰکِنَّ :- نحاتِ کوفہ کے نزدیک یہ لائے نفی، کاف زائدہ اور اِنَّ مکسورہ سے مرکب ہے اصل میں لاکَـــاِنَّ تھا ہمزہ کی حرکت کاف کو دے کر ہمزہ کو حذف کردیا۔ اور نحات بصرہ کے نزدیک یہ حرفِ بسیط ہے یہ حرفِ استدراک ہے۔ لغت میں استدراک کے معنی ہیں کسی چیز کیساتھ مافات کی تلافی کرنا۔ اصطلاح میں کلام سابق سے پیدا شدہ وہم کو دفع کرنا استدراک ہے۔ قولہ وَیتوسّطُ :- یعنی لٰکِنَّ ایسے دو کلاموں کے درمیان آتا ہے جو نفی اور اثبات میں معنی متغایر ہوں جیسے غَابَ زَیْدٌ لٰکِنَّ بَکْرًا حاضِرٌ اور لٰکِنَّ کے ساتھ خواہ مشددہ ہو یا مخففہ واؤ کا ہونا بھی جائز ہے۔ فائدہ :- اصل میں بصورتِ تخفیف لٰکِنْ، مع واؤ لایا جاتا ہے یعنی وَلٰکِنْ تاکہ لٰکِنْ عاطفہ سے ملتبس نہ ہو پھر اُس کی موافقت میں لٰکِنَّ مشددہ کے ساتھ بھی واؤ لایا جاتا ہے جیسے وَلٰکِنَّ اللّٰہَ سَلَّمَ۔ قولہ وقَدْ تُخَفَّفُ :- اور لٰکِنَّ میں کبھی تخفیف کرلی جاتی ہے پس وہ عمل سے لغو کردیا جاتا ہے یعنی اُس وقت وہ عمل نہیں کرتا اس لئے کہ تخفیف کے بعد فعل کی مشابہت جاتی رہی اور یہ لٰکِنْ عاطفہ کے مشابہ ہوگیا جو عمل نہیں کرتا جیسے مَشٰی زَیْدٌ لٰکِنْ بَکْرٌ عِنْدَنَا، زید چلا گیا لیکن بکر ہمارے پاس ہے یعنی وہ نہیں گیا۔

Marfat.com

وَلَيْتَ لِلتَّمَنِّيْ نَحْوُ لَيْتَ هِنْدًا عِنْدَ نَا وَاَجَازَ الْفَرَّاءُ لَيْتَ زَيْدًا قَائِمًا بِمَعْنٰى اَتَمَنّٰى وَلَعَلَّ لِلتَّرَجِّيْ كَقَوْلِ الشَّاعِرِ

اُحِبُّ الصَّالِحِيْنَ وَلَسْتُ مِنْهُمْ	شعر	لَعَلَّ اللّٰهَ يَرْزُقُنِيْ صَلَاحًا

وَشَذَّ الْجَرُّ بِهَا نَحْوُ لَعَلَّ زَيْدٍ قَائِمٌ وَفِيْ لَعَلَّ لُغَاتٌ عَلَّ وَعَنَّ وَاَنَّ وَلَاَنَّ وَلَعَنَّ وَعِنْدَ الْمُبَرِّدِ اَصْلُهُ عَلَّ زِيْدَ فِيْهِ اللَّامُ وَالْبَوَاقِيْ فُرُوْعٌ

قولہ ولیت :- اور لیت انشاء تمنّی یعنی کسی چیز کو بر سبیلِ محبت طلب کرنے کیلئے ہے۔ جیسے لَيْتَ هِنْدًا عِندنا کاش ہند ہمارے پاس ہوتی۔ اور فراء نے لَيْتَ کے بعد واقع دونوں جزؤوں کا نصب جائز رکھا ہے جیسے لَيْتَ زَيْدًا قَائِمًا۔ اس لئے کہ لَيْتَ معنیٰ اَتَمَنّٰى ہے۔ لہٰذا دونوں جزؤوں کا بنا بر مفعول نصب جائز ہے۔

فائدہ :- مصنف نے فراء کا استدلال عقلی ذکر کیا ہے کہ لَيْتَ بمعنی اَتَمَنّٰى ہے لہٰذا افعالِ قلوب کی طرح ہر دو جز کو نصب دیگا لیکن یہ استدلال ضعیف ہے اس لئے کہ لَيْتَ حرف ہے اور افعالِ قلوب صریح افعال ہیں جن پر لَيْتَ کو قیاس کرنا صحیح نہیں ہے۔ قولہ ولعلّ :- اور لَعَلَّ، انشاء ترجی کیلئے ہے ترجی ایسے امرِ محبوب یا مکروہ کی امید کرنا جس کے حصول پر وثوق نہ ہو جیسے شاعر کا قول اُحِبُّ ...... الخ، میں نیک لوگوں سے محبت کرتا ہوں حالانکہ خود ان میں سے نہیں ہوں شاید کہ اللہ تعالیٰ نیک بننے کی توفیق عطا فرمائے۔ قولہ و شَذَّ الْجَرُّ :- یعنی لَعَلَّ کو حروفِ جارہ میں شمار کر کے اُس کے ساتھ جر دینا شاذ ہے۔ یعنی لَعَلَّ زَيْدٍ قَائِمٌ، زید کے جر کے ساتھ پڑھنا خلاف قیاس ہے اور شاعر کے قول لعل ابی المغوآء سے استدلال درست نہیں اس لئے کہ ہوسکتا ہے شاعر کے قول میں اَبِی الْمَغْوَاءِ، لعلّ کی وجہ سے مجرور نہ ہو بلکہ اُسیر اعرابِ حکائی ہو کہ وہ اَبِی الْمَغْوَاءِ کے نام سے مشہور ہو۔ قولہ عِندَ الْمُبَرِّدِ :- یعنی لَعَلَّ میں چند لغات ہیں بعض کتبِ نحو میں کل تیرہ لغتیں ذکر کی گئیں ہیں جن میں افصح اور اشہر لغت، جمہور کے نزدیک لَعَلَّ ہے اور مبرد کے نزدیک عَلَّ اصل ہے اس کے اوّل میں لام بڑھایا تو لَعَلَّ ہوا اور باقی لغات اِس کی فرع ہیں۔ فائدہ :- تمنی اور ترجی میں یہ فرق ہے کہ تمنّی تو ہر شے کی ہوسکتی ہے خواہ وہ ممکن ہو یا محال اور ترجی اُس چیز کی ہوتی جس چیز کا ہونا ممکن ہو پس لَيْتَ الشَّبَابَ يَعُوْدُ کہہ سکتے ہیں اور لَعَلَّ الشَّبَابَ نہیں کہہ سکتے اِس لئے کہ جوانی کا لوٹنا ممکن نہیں اور حضرتِ زلیخا کی جوانی کا لوٹنا از قبیلِ خوارق تھا جو امتناعِ عادی کے منافی نہیں۔

Marfat.com

فصل حُرُوفُ الْعَطْفِ عَشَرَةٌ اَلْوَاوُ وَ الْفَاءُ وَ ثُمَّ وَ حَتّٰی وَ اَوْ وَ اِمَّا وَ اَمْ وَ لَا وَ بَلْ وَ لٰكِنْ فَالْاَرْبَعَةُ الْاُوَلُ لِلْجَمْعِ فَالْوَاوُ لِلْجَمْعِ مُطْلَقًا نَحْوُ جَاءَنِیْ زَيْدٌ وَ عَمْرٌو سَوَاءٌ كَانَ زَيْدٌ مُقَدَّمًا فِی الْمَجِیْئِ اَوْ عَمْرٌو وَ الْفَاءُ لِلتَّرْتِيْبِ بِلَا مُهْلَةٍ نَحْوُ قَامَ زَيْدٌ فَعَمْرٌو اِذَا كَانَ زَيْدٌ مُتَقَدِّمًا وَ عَمْرٌو مُتَأَخِّرًا بِلَا مُهْلَةٍ وَ ثُمَّ لِلتَّرْتِيْبِ بِمُهْلَةٍ نَحْوُ دَخَلَ زَيْدٌ ثُمَّ عَمْرٌو اِذَا كَانَ زَيْدٌ مُتَقَدِّمًا وَ بَيْنَهُمَا مُهْلَةٌ وَ حَتّٰی كَثُمَّ فِی التَّرْتِيْبِ وَ الْمُهْلَةِ اِلَّا اَنَّ مُهْلَتَهَا اَقَلُّ مِنْ مُهْلَةِ ثُمَّ وَ يُشْتَرَطُ اَنْ يَّكُوْنَ مَعْطُوْفُهَا دَاخِلًا فِی الْمَعْطُوْفِ عَلَيْهِ

قولہ حُرُوفُ الْعَطْفِ:- حروفِ عطف دس ہیں جنکو شاعر نے اس قطعہ میں یکجا کر دیا ہے۔

گر حروفِ عطف خواہی بے خلل — یاد گیر ایں بیت و مینخواں در محل
واوُ، فاء، ثُمَّ، حتّٰی، نیز اَوْ — بااَمْ و اِمَّا، وَلٰکِنْ، لاوَبَلْ

دوسرے شاعر نے ان حروف کو اس طرح بیان کیا ہے۔

دہ حروفِ عاطفہ مشہور اند یعنی واو فاء — ثُمَّ، حَتّٰی، اَوْ، اِمَّا، اَمْ، وَبَلْ، لٰکِنْ وَلا

اور یہ حروف ثبوت حکم کے اعتبار سے تین قسم پر ہیں۔ (۱) جن سے تابع اور متبوع دونوں کیلئے حکم ثابت ہوتا ہے اور وہ چار ہیں واو، فاء، ثُمَّ، حتّٰی۔ (۲) جن سے تابع اور متبوع میں سے ایک غیر معین میں حکم ثابت ہوتا ہے اور وہ تین حروف ہیں اَوْ، اِمَّا، اَمْ۔ (۳) جن سے ایک معین کیلئے حکم ثابت ہوتا ہے وہ بھی تین ہیں۔ لا، بَلْ، لٰکِنْ۔ قولہ اَلْوَاوُ:- قسمِ اول سے واو مطلق جمع کیلئے ہے یعنی اس میں معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان ترتیب اور معیت ملحوظ نہیں ہوتی جیسے جَاءَنِیْ زَيْدٌ وَعَمْرٌو میرے پاس زید اور عمرو آیا۔ اس مثال میں مطلقاً زید اور عمرو کے آنے کا بیان ہے خواہ ایک ساتھ ہوں یا آگے پیچھے۔ قولہ اَلْفَاءُ:- اور فا ترتیب بغیر مہلت کے لئے ہے جیسے قَامَ زَيْدٌ فَعَمْرٌو زید کھڑا ہوا پھر عمرو، یہ اس وقت کہا جاتا ہے جب زید پہلے کھڑا ہوا اور پھر بلا تاخیر عمرو کھڑا ہوا۔ قولہ ثُمَّ:- ثُمَّ ترتیب مع مہلت کیلئے ہے جیسے دَخَلَ زَيْدٌ ثُمَّ عَمْرٌو، یعنی زید پہلے داخل ہوا پھر کچھ دیر بعد عمرو داخل ہوا۔ قولہ حَتّٰی:- حَتّٰی، ثُمَّ کی مثل ترتیب مع مہلت کیلئے ہے لیکن حَتّٰی میں ثُمَّ کی نسبت مہلت کم ہوتی ہے نیز حَتّٰی میں یہ شرط ہے کہ اس کا معطوف معطوف علیہ میں داخل ہو یعنی معطوف علیہ کا جزو قوی یا جزوِ ضعیف ہوتا کہ یہ جزو، قوت وضعف کی وجہ سے کل سے ممتاز ہو جائے گویا کہ یہ کل جزو کا غیر ہے تاکہ یہ جزو غایت بن سکے۔

Marfat.com

وَهِيَ تُفِيْدُ قُوَّةً فِي الْمَعْطُوْفِ نَحْوُ مَاتَ النَّاسُ حَتَّى الْاَنْبِيَاءُ اَوْ ضُعْفًا نَحْوُ قَدِمَ الْحَاجُّ حَتَّى الْمُشَاةُ وَ اَوْ وَ اِمَّا وَ اَمْ ثَلٰثَتُهَا لِثُبُوْتِ الْحُكْمِ لِاَحَدِ الْاَمْرَيْنِ مُبْهَمًا لَا بِعَيْنِهٖ نَحْوُ مَرَرْتُ بِرَجُلٍ اَوْ اِمْرَاَةٍ وَ اِمَّا اِنَّمَا تَكُوْنُ حَرْفَ الْعَطْفِ اِذَا تَقَدَّمَتْهَا اِمَّا اُخْرٰى نَحْوُ اَلْعَدَدُ اِمَّا زَوْجٌ وَ اِمَّا فَرْدٌ وَ يَجُوْزُ اَنْ يَتَقَدَّمَ اِمَّا عَلٰى اَوْ نَحْوُ زَيْدٌ اِمَّا كَاتِبٌ اَوْ اُمِّيٌّ

قولہ وھی تفید :- اور یہ کلمہ حتّی اپنے معطوف میں قوت کا افادہ کرتا ہے یا ضعف کا یعنی قوت وضعف پر دلالت کرتا ہے۔ اوّل کی مثال مَاتَ النَّاسُ حَتَّى الْاَنْبِيَاءِ، کیونکہ انبیاءِ کرام اجزاءِ ناس میں سے جزِ قوی ہیں اور دوسرے کی مثال قَدِمَ الْحَاجُّ حَتَّى الْمُشَاةُ یعنی حاجی سوار آ گئے یہاں تک کہ پیادہ پا حاجی آ گئے۔ اِس مثال میں پیادہ پا حاجی اجزاء حجاج میں سے جز ضعیف ہیں۔ فائدہ:- کلمہ ثُمَّ اور حتّی ترتیب مع المُہلت میں شریک ہیں تاہم اِن کے مابین تین وجوہ سے فرق ہے۔ (۱) حتّی کا معطوف اپنے معطوف علیہ کا جزِ قوی یا ضعیف ہوتا ہے اور ثُمَّ میں یہ شرط نہیں۔ (۲) حتّی میں مہلت باعتبار ذہن کے ہوتی ہے اور ثُمَّ میں باعتبار خارج کے مثلاً مَاتَ النَّاسُ حَتَّى الْاَنْبِيَاءِ میں باعتبار ذہن کے مناسب یہ ہے کہ موت کا تعلق اوّلاً غیر انبیاء سے ہو اور پھر انبیاء سے کیونکہ انبیاء کی شرافت کی وجہ سے ان سے موت مستبعد ہے لیکن باعتبار خارج کے انبیاء کی موت باقی لوگوں کے درمیان ہے لہٰذا مَاتَ النَّاسُ ثُمَّ الْاَنْبِيَاءُ کہنا صحیح نہیں کہ خلاف واقع ہے۔ (۳) حتّی کے اندر مہلت بنسبت ثُمَّ کے کم ہوتی ہے۔ قولہ اَوْ وَ اِمَّا وَ اَمْ :- یہ تینوں حروف دو امروں میں سے کسی ایک امرِ مبہم کیلئے (یعنی جو عند المتکلم معین نہیں ہے) حکم ثابت کرنے کیلئے آتے ہیں جیسے مَرَرْتُ بِرَجُلٍ اَوْ اِمْرَاَةٍ (میں مرد یا عورت کے پاس سے گذرا) قولہ وَاِمَّا اِنَّمَا تَكُوْنُ :- یعنی اِمَّا حرف عطف اُس وقت ہو گا جب اُس سے قبل دوسرا اِمَّا ہو، تاکہ اوّلِ امر سے یہ بات معلوم ہو جائے کہ حکم احد الامرین کیلئے ہے جیسے اَلْعَدَدُ اِمَّا زَوْجٌ وَاِمَّا فَرْدٌ۔ عدد یا زوج (برابر تقسیم ہونے والا) ہے یا فرد یعنی برابر تقسیم نہ ہونے والا۔ قولہ یجوز :- اور اَوْ عاطفہ سے پہلے اِمَّا کا لانا جائز ہے جیسے زَيْدٌ اِمَّا كَاتِبٌ اَوْ اُمِّيٌّ اور ترکِ اِمَّا بھی جائز ہے جیسے زَيْدٌ اِمَّا كَاتِبٌ اَوْ اُمِّيٌّ۔ فائدہ:- اِمَّا عاطفہ اور اِمَّا شرطیہ کی پہچان کے دو طریقے ہیں۔ (۱) اگر اُس سے پہلے دوسرا اِمَّا یا بعد میں اَوْ ہو تو اِمَّا عاطفہ ہو گا۔ ورنہ اِمَّا شرطیہ جیسے شرح مأۃ میں ہے اِمَّا حَقِيْقَةً وَ اِمَّا مَجَازًا، اِس مثال میں پہلا اِمَّا تردیدیہ اور دوسرا عاطفہ ہے اور واؤ زائدہ ہے۔ (۲) اگر بعد میں فاء ہو تو اِمَّا شرطیہ ہو گا ورنہ اِمَّا عاطفہ جیسے وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ۔ فائدہ:- ابو علی کے نزدیک اِمَّا (بکسرِ ہمزہ) عطف کیلئے نہیں ہے اِس لئے کہ یہ معطوف علیہ پر مقدم ہوتا ہے اور اس پر واؤ بھی داخل ہوتا ہے جیسے اِمَّا حَقِيْقَةً وَاِمَّا مَجَازًا میں پہلا اِمَّا معطوف علیہ پر مقدم ہے اور دوسرے پر واؤ داخل ہے لیکن جمہور کے نزدیک یہ حرفِ عطف ہے اِس لئے کہ یہ اَوْ کی مثل شک کیلئے ہے۔

Marfat.com

وَ اَمْ عَلٰی قِسْمَیْنِ مُتَّصِلَةٌ وَ هِیَ مَا یُسْئَالُ بِهَا عَنْ تَعْیِیْنِ اَحَدِ الْاَمْرَیْنِ وَ السَّائِلُ بِهَا یَعْلَمُ ثُبُوْتَ اَحَدِ هِمَا مُبْهَمًا بِخَلَافِ اَوْ، وَ اِمَّا. فَاِنَّ السَّائِلَ بِهِمَا لَا یَعْلَمُ ثُبُوْتَ اَحَدِ هِمَا اَصْلًا وَ تُسْتَعْمَلُ بِثَلٰثَةِ شَرَائِطَ اَلْاَوَّلُ اَنْ یَقع قَبْلَهَا هَمْزَةٌ نَحْوُ اَزَیْدٌ عِنْدَکَ اَمْ عَمْرٌو وَ الثَّانِیْ اَنْ یَّلِیَهَا لَفْظٌ مِثْلُ مَایَلِی الْهَمْزَة اَعْنِیْ اِنْ کَانَ بَعْدَ الْهَمْزَةِ اِسْمٌ فَکَذٰلِکَ بَعْدَ اَمْ کَمَا مَرَّ وَ اِنْ کَانَ بَعْدَ الْهَمْزَةِ فِعْلٌ فَکَذٰلِکَ بَعْدَ هَا نَحْوُ اَقَامَ زَیْدٌ اَمْ قَعَدَ فَلَا یُقَالُ اَرَأَیْتَ زَیْدًا اَمْ عَمْرًا وَ الثَّالِثُ اَنْ یَکُوْنَ اَحَدُ الْاَمْرَیْنِ الْمُسْتَوِیَیْنِ مُحَقَّقًا وَ اِنَّمَا یَکُوْنُ الْاِسْتِفْهَامُ عَنِ التَّعْیِیْنِ

قولہ وَ اَمْ:- کلمہ اَمْ اور اِمَّا اور اَوْ کے درمیان مذکورہ بالا اشتراک کے باوجود کئی اعتبار سے فرق ہے جسکو مصنف تقسیم اَمْ کے ضمن میں بیان کرتے ہیں یعنی کلمہ اَمْ دو قسم پر ہے ایک متصلہ جس کے ساتھ سوال کرنے والا دو امروں میں سے کسی ایک امر کی تعیین کا سوال کرے اور سائل یہ جانتا ہو کہ ان دو امروں میں سے کوئی ایک (جو سائل کے نزدیک غیر معین ہے) ثابت ہے، لیکن کلمہ اَوْ یا اِمَّا کے ساتھ سوال کرنے والا احد الامرین کے ثبوت کو اصلاً نہیں جانتا، نہ مبہم طور پر نہ معین طور پر۔ قولہ تُسْتَعْمَلُ:- اور اَمْ متصلہ کا استعمال تین شرطوں کے ساتھ ہوتا ہے۔ (۱) اَمْ سے قبل ہمزۂ استفہام ہو جیسے اَزَیْدٌ عِنْدَکَ اَمْ عَمْرٌو، کیا تیرے پاس زید ہے یا عمرو؟ بخلاف اَوْ اور اِمَّا کے کہ ان سے پہلے ہمزہ ہونا ضروری نہیں۔ فائدہ:- ہمزہ استفہام کبھی ملفوظ ہوتا ہے کبھی مقدر اور اَمْ سے پہلے صرف ہمزہ آتا ہے هَلْ اس لئے نہیں آتا کہ ہمزہ میں استفہام زیادہ ہوتا ہے بنسبت هَلْ کے۔ (۲) اَمْ کے بعد جو لفظ واقع ہو وہ اُس لفظ کی مانند ہو جو ہمزۂ استفہام کے بعد واقع ہے مثلاً ہمزہ کے بعد اسم واقع ہے تو اَمْ کے بعد بھی اسم واقع ہو جیسے اَزَیْدٌ عِنْدَکَ اَمْ عَمْرٌو اور اگر ہمزہ کے بعد فعل ہے تو اَمْ کے بعد بھی فعل ہو جیسے اَقَامَ زَیْدٌ اَمْ قَعَدَ کیا زید کھڑا ہے یا بیٹھا ہے اور یہ نہیں کہہ سکتے اَرَأَیْتَ زَیْدًا اَمْ عَمْرًا کہ ہمزہ کے بعد فعل ہے اور اَمْ کے بعد اسم اور یہ مصنف اور ابن حاجب کا مذہب ہے۔ لیکن سیبویہ کے نزدیک اَرَأَیْتَ زَیْدًا اَمْ عَمْرًا جائز ہے۔ غالباً اُس نے معنی کا لحاظ کرتے ہوئے اس ترکیب کو جائز و مستحسن قرار دیا ہے اس لئے کہ معنی ہیں اَرَأَیْتَ زَیْدًا اَمْ رَأَیْتَ عَمْرًا۔ (۳) امرین یعنی معطوف علیہ و معطوف میں سے کوئی ایک عند المتکلم محقق اور ثابت ہو اور متکلم کا سوال صرف تعیین کے بارے ہو۔

Marfat.com

فَلِذٰلِکَ یَجِبُ اَنْ یَکُوْنَ جَوَابُ اَمْ بِالتَّعْیِیْنِ دُوْنَ نَعَمْ اَوْ لَا فَاِذَا قِیْلَ اَزَیْدٌ عِنْدَکَ اَمْ عَمْرٌو فَجَوَابُہٗ بِتَعْیِیْنِ اَحَدِھِمَا اَمَّا اِذَا سُئِلَ بِاَوْ وَ اِمَّا فَجَوَابُہٗ نَعَمْ اَوْ لَا وَ مُنْقَطِعَۃٌ وَ ھِیَ مَا تَکُوْنُ بِمَعْنٰی بَلْ مَعَ الْھَمْزَۃِ کَمَا رَأَیْتَ شَبْحًا مِنْ بَعِیْدٍ قُلْتَ اِنَّھَا لَاِبِلٌ عَلٰی سَبِیْلِ الْقَطْعِ ثُمَّ حَصَلَ لَکَ شَکٌّ اَنَّھَا شَاۃٌ فَقُلْتَ اَمْ ھِیَ شَاۃٌ تَقْصِدُ الْاِعْرَاضَ عَنِ الْاِخْبَارِ الْاَوَّلِ وَالْاِسْتِیْنَافَ بِسُؤَالٍ اٰخَرَ مَعْنَاہُ بَلْ اَھِیَ شَاۃٌ

قولہ فَلِذٰلِکَ :- پس اسی وجہ سے کہ اَمْ کے ساتھ سوال سے متکلم کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ مخاطب احد الامرین کی تعیین کردے یہ واجب ہے کہ اَمْ کے ساتھ سوال کا جواب تعیین کے ساتھ دیا جائے نہ نَعَمْ اور لَا سے کہ یہ دونوں لفظ تعیین کا افادہ نہیں کرتے پس جب کہا جائے اَزَیْدٌ عِنْدَکَ اَمْ عَمْرٌو تو اس کا جواب زَیْدٌ یا عَمْرٌو سے دیا جائے گا یعنی کسی ایک کو متعین کیا جائے گا۔ لیکن جب اِمَّا یا اَوْ کے ساتھ سوال ہو تو جواب میں نَعَمْ یا لَا کہہ سکتے ہیں۔ سوال :- اَمْ متصلہ کے جواب میں کبھی امرین کی نفی بھی کی جاتی ہے جیسے اَزَیْدٌ عِنْدَکَ اَمْ بَکْرٌ، کے جواب میں لَا زَیْدٌ عِنْدِیْ وَلَا بَکْرٌ بولا جاتا ہے لہٰذا مصنف کا یہ قول صحیح نہیں ہے کہ یَجِبُ اَنْ یَکُوْنَ جَوَابُ اَمْ بِالتَّعْیِیْنِ دُوْنَ نَعَمْ وَ لَا ؟ جواب :- مصنف نے تعیین میں حصر نہیں کیا یعنی یہ نہیں کہا کہ یہ صرف تعیین کا فائدہ دیتا ہے بلکہ مراد یہ ہے کہ تعیین کا فائدہ دیتا ہے اور دونوں کی نفی بھی کرتا ہے۔ قولہ وَمُنْقَطِعَۃٌ :- اور اَمْ منقطعہ ھَلْ اور ہمزہ استفہام کے معنی میں ہوتا ہے یعنی اِضْرَابٌ عَنِ الْاَوَّلِ اور شک ثانی میں مثلاً آپ نے دور سے ایک صورت کو دیکھ کر کہا اِنَّھَا لَاِبِلٌ بلاشبہ وہ اونٹ ہے پھر جب اُس صورت کے قریب ہوئے تو آپ کو شک ہوا کہ وہ اونٹ نہیں بلکہ بکری ہے تو آپ نے کہا اَمْ ھِیَ شَاۃٌ کیا وہ بکری ہے؟ پس آپ نے پہلی خبر (اِنَّھَا لَاِبِلٌ) سے اعراض کیا اور دوسرا سوال کیا کہ اَمْ ھِیَ شَاۃٌ جس کے معنی ہیں بَلْ اَھِیَ شَاۃٌ بلکہ کیا وہ بکری ہے؟۔ فائدہ :- اَمْ منقطعہ کے مذکورہ معنی یعنی اوّل سے اضراب اور دوسرے میں شک، اکثری ہیں اور کبھی صرف اضراب کیلئے آتا ہے اور اُس کے دو مقام ہیں۔ (۱) جب اَمْ کا مابعد یقینی ہو جیسے ارشادِ باری تعالیٰ ہے اَمْ اَنَا خَیْرٌ مِّنْ ھٰذَا الَّذِیْ ھُوَ مَھِیْنٌ اس لئے کہ یہاں استفہام کے معنی درست نہیں۔ (۲) اَمْ کا مابعد حرفِ استفہام پر مشتمل ہو جیسے ارشادِ باری تعالیٰ ہے اَمْ ھَلْ تَسْتَوِی الظُّلُمٰتُ وَالنُّوْرُ۔

Marfat.com

واعلم انَّ ام المُنقطِعَة لا تُستَعمَلُ الّا فِی الخَبَرِ کَما مرَّ و فِی الاِستِفهامِ نَحوُ اَعِندَکَ زَیدٌ اَم عَمرٌو. سَألتَ اَوّلاً عَن حُصُولِ زَیدٍ ثُمّ اَضرَبتَ عَنِ السُّوالِ الاَوّلِ وَ اَخَذتَ فِی السُّوالِ عَن حُصُولِ عَمرٍو. وَ لا. وَ بَل وَ لٰکِن جَمِیعُها لِثُبُوتِ الحُکمِ لِاَحَدِ الاَمرَینِ مُعَیَّناً اَمّا لا. فَلِنَفیِ مَاوَجَبَ لِلاَوّلِ عَنِ الثّانِی نَحوُ جاءَنِی زَیدٌ لا عَمرٌو و بَل. لِلاِضرابِ عَنِ الاَوّلِ وَ الاِثباتِ لِلثّانِی نَحوُ جاءَنِی زَیدٌ بَل عَمرٌو. و مَعناهُ بَل جاءَنِی عَمرٌو و ماجاءَ بَکرٌ بَل خالِدٌ مَعناهُ بَل ماجاءَ خالِدٌ

قولہ واعلم:- یعنی اَم منقطعہ خبر میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے آپ نے دور سے کسی شئے کی صورت دیکھ کر کہا اِنَّها لَاِبلٌ اَم هِیَ شاۃٌ، یا استفہام میں جیسے اَعِندَکَ زَیدٌ اَم عَمرٌو، آپ نے پہلے زید کے بارے سوال کیا کہ وہ تمہارے پاس ہے؟ پھر پہلے سوال سے اعراض کرتے ہوئے عمرو کے بارے سوال کیا کہ وہ آپ کے پاس ہے؟ قولہ ولا وبل ولکن:- یعنی یہ تینوں حروف احد الامرین کیلئے حکم ثابت کرتے ہیں جو متکلم کے نزدیک معین ہوتا ہے اور ان میں مابہ الامتیاز یہ ہے کہ کلمہ لا اُس حکم کی معطوف سے نفی کرتا ہے جو معطوف علیہ کیلئے ثابت ہے مثلاً جاءَ زَیدٌ لا عَمرٌو میں کلمہ لا نے زید کیلئے آنا ثابت کیا ہے اور عمرو سے آنے کی نفی کی ہے۔ فائدہ:- کلمہ لا کی خصوصیات۔ (۱) لا کے ساتھ عطف صرف کلام موجب میں کیا جاتا ہے لہٰذا ماجاءَ زَیدٌ لا عَمرٌو کہنا صحیح نہیں۔ (۲) کلمہ لا کے ساتھ عامل کا اظہار مستحسن نہیں لہٰذا جاءَ زَیدٌ لا جاءَ عَمرٌو کہنا درست نہیں۔ (۳) لا کے ذریعہ اسم پر عطف کیا جاتا ہے اور اُس کے ساتھ فعل مضارع پر عطف نادر اور قلیل ہے۔ (۴) کلمہ لا جب لفظ غیر کے بعد واقع ہو تو عاطفہ نہیں ہوتا بلکہ غیر سے مستفاد نفی کی تاکید کرتا ہے جیسے وَلا الضّآلّین میں لا نفی کی تاکید کیلئے ہے۔ کلمہ بل، اضراب کیلئے ہے یعنی اوّل سے حکم کو پھیر کر ثانی کیلئے ثابت کرنے کیلئے جیسے جاءَ زَیدٌ بَل عَمرٌو، جس کے معنی ہیں بَل جاءَ عَمرٌو اور جیسے ماجاءَ بَکرٌ بَل خالِدٌ۔ اس کے معنی ہیں بَل ماجاءَ خالِدٌ۔ فائدہ:- کلمہ بل جب نفی کے بعد آئے تو جمہور کے نزدیک یہ معطوف کیلئے اُس حکم کو ثابت کرتا ہے جو معطوف علیہ سے منفی ہے لہٰذا اُن کے نزدیک ماجاءَ بَکرٌ بَل خالِدٌ کے معنی ہیں بَل جاءَ خالِدٌ یعنی بکر نہیں آیا بلکہ خالد آیا ہے اور مبرد کے نزدیک اس کے معنی ہیں بَل ماجاءَ خالِدٌ (بلکہ خالد نہیں آیا) یعنی کلمہ بل نے حکم منفی کو معطوف علیہ سے معطوف کیطرف پھیر دیا ہے۔

Marfat.com

وَلٰكِنْ لِلْاِسْتِدْرَاكِ وَيَلْزَمُهَا النَّفْيُ قَبْلَهَا نَحْوُ مَاجَآءَنِيْ زَيْدٌ لٰكِنْ عَمْرٌو جَآءَ اَوْ بَعْدَهَا نَحْوُ قَامَ بَكْرٌ لٰكِنْ خَالِدٌ لَمْ يَقُمْ **فَصْلٌ** حُرُوْفُ التَّنْبِيْهِ ثَلٰثَةٌ اَلَا وَاَمَا وَهَا وُضِعَتْ لِتَنْبِيْهِ الْمُخَاطَبِ لِئَلَّا يَفُوْتَهُ شَيْءٌ مِّنَ الْكَلَامِ فَاَلَا وَاَمَا لَايَدْخُلَانِ اِلَّا عَلَى الْجُمْلَةِ اِسْمِيَّةً كَانَتْ نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى اَلَا اِنَّهُمْ هُمُ الْمُفْسِدُوْنَ وَقَوْلِ الشَّاعِرِ

اَمَاوَالَّذِيْ اَبْكٰى وَاَضْحَكَ وَالَّذِيْ	**شعر**	اَمَاتَ وَاَحْيٰى وَالَّذِيْ اَمْرُهُ الْاَمْرُ

اَوْ فِعْلِيَّةً نَحْوُ اَمَا لَا تَفْعَلْ وَاَلَا لَاتَضْرِبْ وَالثَّالِثُ هَا تَدْخُلُ عَلَى الْجُمْلَةِ الْاِسْمِيَّةِ نَحْوُ هَا زَيْدٌ قَائِمٌ وَالْمُفْرَدِ نَحْوُ هٰذَا وَهٰؤُلَآءِ **فَصْلٌ** حُرُوْفُ النِّدَآءِ خَمْسَةٌ يَا وَاَيَا وَهَيَا وَاَيْ وَالْهَمْزَةُ الْمَفْتُوْحَةُ فَاَيْ وَالْهَمْزَةُ لِلْقَرِيْبِ وَاَيَا وَهَيَا لِلْبَعِيْدِ وَيَا لَهُمَا وَلِلْمُتَوَسِّطِ وَقَدْ مَرَّ اَحْكَامُ الْمُنَادٰى

قولہ ولکنْ:- اور لکنْ استدراک کیلئے ہے اور اس کو نفی لازم ہے اور وہ نفی کبھی تو لکِنْ سے پہلے ہوتی ہے اور کبھی بعد میں جیسا کہ متن کی مثالوں سے واضح ہے۔ فائدہ:- اگر لٰکِنْ کے ذریعہ مفرد کا عطف مفرد پر کیا جائے تو اُسوقت لٰکِنْ سے پہلے نفی کا ہونا ضروری ہے اور اُس وقت یہ لاَ کی نقیض ہوتا ہے یعنی اُس حکم کو ثابت کرتا ہے جو ماقبل سے منفی ہے جیسے ماجآءَ زیدٌ لکِنْ عمرٌو جآءَ اور اگر لکِنْ کے ذریعے جملہ کا عطف جملہ پر کیا جائے تو اُس وقت لکِنْ سے پہلے یا بعد نفی کا ہونا ضروری ہے۔ قولہ حُرُوْفُ التَّنْبِیْہِ:- تنبیہ کے معنی ہیں بیدار کرنا اور حروفِ تنبیہ تین ہیں۔ اَلَا (ہمزہ کے فتح اور لام کی تخفیف کے ساتھ) اَمَا (ہمزہ کے فتح اور تخفیفِ میم کیساتھ) اور ھَا یہ تینوں مخاطب کو تنبیہ کرنے کیلئے وضع کئے گئے ہیں تاکہ متکلم کے کلام سے کوئی چیز بوجہِ غفلت رہ نہ جائے۔ فائدہ:- حروفِ تنبیہ کیلئے صدارتِ کلام ہے سوائے اُس ھَآء کے جو اسمِ اشارہ کے شروع میں ہوتی ہے اور جب اُس ھَآء اور اسمِ اشارہ کے درمیان فاصلہ کر دیا جائے تو یہ بھی صدرِ کلام میں آتی ہے جیسے ھَااَنْتُمْ اُولَآءِ جو اصل میں اَنْتُمْ ھٰؤُلَآءِ تھا۔ قولہ فَاَلَا:- پس اَلَا اور اَمَا یہ دونوں صرف جملہ پر داخل ہوتے ہیں خواہ وہ جملہ اسمیہ ہو یا فعلیہ اس لئے کہ انکی وضع مضمون جملہ کی تاکید کیلئے ہے اور ھَآء جملہ اسمیہ اور مفرد پر داخل ہوتی ہے۔ ترجمہ شعر:- آگاہ رہو! قسم ہے اُس کی جو رُلاتا اور ہنساتا ہے اور جو موت وحیات دیتا ہے اور جس کا اَمر اَمر ہے۔

Marfat.com

فصل حُرُوفُ الْاِیْجَابِ سِتَّةٌ نَعَمْ، وَ بَلٰی، وَ اَجَلْ، وَ جَیْرِ، وَ اِنَّ، وَ اِیْ، اَمَّا نَعَمْ فَلِتَقْرِیْرِ كَلَامٍ سَابِقٍ مُثْبَتًا كَانَ اَوْ مَنْفِیًّا نَحْوُ اَجَاءَ زَیْدٌ قُلْتَ نَعَمْ وَ اَمَا جَاءَ زَیْدٌ قُلْتَ نَعَمْ وَ بَلٰی تَخْتَصُّ بِاِیْجَابِ مَا نُفِیَ اسْتِفْهَامًا كَقَوْلِهٖ تَعَالٰی اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰی اَوْ خَبَرًا كَمَا یُقَالُ لَمْ یَقُمْ زَیْدٌ قُلْتَ بَلٰی اَیْ قَدْ قَامَ وَ اِیْ لِلْاِثْبَاتِ بَعْدَ الْاِسْتِفْهَامِ وَ یَلْزَمُهَا الْقَسَمُ كَمَا اِذَا قِیْلَ هَلْ كَانَ كَذَا قُلْتَ اِیْ وَاللّٰهِ وَ اَجَلْ وَ جَیْرِ وَاِنَّ لِتَصْدِیْقِ الْخَبَرِ كَمَا اِذَا قِیْلَ جَاءَ زَیْدٌ قُلْتَ اَجَلْ، اَوْ جَیْرِ، اَوْ اِنَّ، اَیْ اُصَدِّقُكَ فِیْ هٰذَا الْخَبَرِ **فصل** حُرُوْفُ الزِّیَادَةِ سَبْعَةٌ اِنْ، وَ اَنْ، وَ مَا، وَ لَا، وَ مِنْ، وَ الْبَاءُ، وَ اللَّامُ، فَاِنْ تُزَادُ مَعَ مَا النَّافِیَةِ نَحْوُ مَا اِنْ زَیْدٌ قَائِمٌ وَ مَعَ مَا الْمَصْدَرِیَّةِ نَحْوُ اِنْتَظِرْ مَا اِنْ یَجْلِسُ الْاَمِیْرُ وَمَعَ لَمَّا نَحْوُ لَمَّا اِنْ جَلَسْتَ جَلَسْتُ وَاَنْ تُزَادُ مَعَ لَمَّا كَقَوْلِهٖ تَعَالٰی فَلَمَّا اَنْ جَاءَ الْبَشِیْرُ وَ بَیْنَ لَوْ، وَ الْقَسَمِ الْمُتَقَدِّمِ عَلَیْهَا نَحْوُ وَاللّٰهِ اَنْ لَوْ قُمْتَ قُمْتُ

قولہ حُرُوْفُ الْاِیْجَابِ :- ایجاب کے معنی ہیں جواب دینا چونکہ یہ حروف کسی نہ کسی بات کا جواب واقع ہوتے ہیں اس لئے ان کو حروفِ ایجاب کہتے ہیں اور ان کو حروفِ تصدیق بھی کہتے ہیں اور یہ کل چھ حروف ہیں۔ (۱) نعم، یہ کلام سابق کے مضمون کو ثابت کرنے کیلئے آتا ہے خواہ کلامِ سابق مثبت ہو یا منفی۔ (۲) بلٰی، یہ مختص ہے اُس کام کے اثبات کیلئے جو پہلے منفی ہو خواہ وہ نفی استفہام ہو یعنی حرفِ استفہام سے متصل ہو جیسے اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ میں، خواہ وہ نفی خبر ہو جیسے لَمْ یَقُمْ زَیْدٌ کے جواب میں بلٰی۔ (۳) اِیْ، یہ استفہام کے بعد اثبات کیلئے آتا ہے اور اس کو قسم لازم ہے۔ (۴) اَجَلْ، جَیْرِ اور اِنَّ، یہ تینوں خبر کی تصدیق کیلئے آتے ہیں۔ قولہ حُرُوْفُ الزِّیَادَةِ :- ان حروف کو حروفِ زیادہ بایں معنی کہتے ہیں کہ ان کو حذف کر دیا جائے تو کلام کا معنی مختل نہیں ہوتا۔ یہ سات حروف ہیں۔ اِنْ، یہ تین جگہ زائد ہوتا ہے۔ اوّل مانافیہ کے ساتھ جیسے مَا اِنْ زَیْدٌ قَائِمٌ۔ دوم مامصدریہ کیساتھ جیسے اِنْتَظِرْ مَا اِنْ یَجْلِسُ الْاَمِیْرُ یعنی امیر کے بیٹھنے تک انتظار کر۔ سوم لَمَّا حینیہ کے ساتھ لیکن زیادہ مشہور یہ ہے کہ لَمَّا حینیہ کے بعد اَنْ بفتح الہمزہ زائدہ ہوتا ہے۔ قولہ وَاَنْ :- اور کلمہ اَنْ یہ دو جگہ زائدہ ہوتا ہے۔ اوّل لَمَّا حینیہ کے بعد۔ دوم جب اس سے پہلے قسم ہو اور بعد میں کلمہ لَوْ ہو۔

Marfat.com

وَمَا تُزَادُ مَعَ اِذَا وَمَتٰى وَاَيٍّ وَاَنّٰى وَاَيْنَ وَاِنْ شَرْطِيَّاتٍ كَمَا تَقُوْلُ اِذَا مَاصُمْتَ صُمْتُ وَكَذَا الْبَوَاقِيْ وَبَعْدَ حُرُوْفِ الْجَرِّ نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَعَمَّا قَلِيْلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نَادِمِيْنَ وَمِمَّا خَطِيْئٰتِهِمْ اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا وَ زَيْدٌ صَدِيْقِيْ كَمَا اَنَّ عَمْرًا اَخِيْ وَلَا تُزَادُ مَعَ الْوَاوِ بَعْدَ النَّفْيِ نَحْوُ مَاجَاءَنِيْ زَيْدٌ وَلَا عَمْرٌو وَبَعْدَ اَنِ الْمَصْدَرِيَّةِ نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى مَامَنَعَكَ اَنْ لَّا تَسْجُدَ وَقَبْلَ الْقَسَمِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى لَا اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ بِمَعْنٰى اُقْسِمُ وَاَمَّا مِنْ وَالْبَاءُ وَاللَّامُ فَقَدْ مَرَّ ذِكْرُهَا فِيْ حُرُوْفِ الْجَرِّ فَلَا نُعِيْدُهَا **فصل** حَرْفَا التَّفْسِيْرِ اَيْ وَاَنْ فَاَيْ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَاسْئَلِ الْقَرْيَةَ اَيْ اَهْلَ الْقَرْيَةِ كَاَنَّكَ تُفَسِّرُهٗ اَهْلَ الْقَرْيَةِ وَاَنْ اِنَّمَا يُفَسَّرُ بِهَا فِعْلٌ بِمَعْنَى الْقَوْلِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يَّااِبْرَاهِيْمُ فَلَا يُقَالُ قُلْتُ لَهٗ اَنِ اكْتُبْ اِذْ هُوَ لَفْظُ الْقَوْلِ لَا مَعْنَاهُ **فصل** حُرُوْفُ الْمَصْدَرِ ثَلٰثَةٌ مَا وَ اَنْ وَ اَنَّ

قولہ ماتزاد:- اور ما یہ ان لفظوں کے ساتھ زائد ہوتا ہے اِذا، مَتٰی، اَیٌّ، اَنّٰی، اَیْن جبکہ یہ کلمات برائے شرط ہوں اور کچھ حروف جر کے بعد بھی سماعاً زائدہ ہوتا ہے جیسے عَمَّا قَلِيْلًا مِّمَّا خَطِيْئٰتِهِمْ اور مضاف کے ساتھ جیسے مِثْلَ مَا اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ۔ قولہ ولا:- اور کلمہ لا درج ذیل مواضع میں زائدہ ہوتا ہے۔ (۱) اُس واوِ عاطفہ کے بعد جو نفی کے بعد واقع ہو خواہ نفی لفظاً ہو جیسے مَاجَآءَنِیْ زَيْدٌ وَّلَا عَمْرٌو یا معنًی جیسے وَلَا الضَّآلِّيْنَ کیونکہ اس جگہ غیر بمعنی لا نافیہ ہے۔(۲) اَن مصدریہ کے بعد جیسے مَامَنَعَكَ اَنْ لَّا تَسْجُدَ۔ (۳) فعلِ قسم سے پہلے جیسے لَا اُقْسِمُ بمعنی اُقْسِمُ۔ اور بقیہ حروفِ زائدہ کا بیان حروف جارہ میں گذر چکا ہے۔ قولہ حَرْفَا التَّفْسِيْرِ:-تفسیر کے دو حرف اَیْ اور اَنْ، کلمہ اَنْ کے ساتھ اُس فعل کے مفعول کی تفسیر کی جاتی ہے جو بمعنی قول ہو، نہ کہ قولِ صریح کے مفعول کی جیسے نَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰاِبْرَاهِيْمُ میں اَنْ نے نَادَيْنٰهُ کے مفعول بلفظٍ مقدر کی تفسیر کی ہے۔ سوال:- ارشادِ باری تعالیٰ مَاقُلْتُ لَهُمْ ...... الخ میں کلمہ اَن برائے تفسیر ہے جبکہ مصنف فرماتے ہیں کہ یہ صریح قول کی تفسیر نہیں کرتا۔ جواب:- ارشاد مذکور میں اَن قول کی تفسیر نہیں بلکہ لفظ امر کی تفسیر ہے۔ قولہ حُرُوْفُ الْمَصْدَرِ:-حروفِ مصدر یعنی جو اپنے مابعد کے ساتھ مل کر بمعنی مصدر ہو جاتے ہیں وہ تین ہیں مَا، اَنْ اور اَنَّ۔

Marfat.com

فَالْاُوْلَیَانِ لِلْجُمْلَةِ الْفِعْلِیَّةِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى وَضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ اَیْ بِرُحْبِهَا وَقَوْلِ الشَّاعِرِ

يَسُرُّ الْمَرْءَ مَاذَهَبَ اللَّيَالِیْ	شعر	وَكَانَ ذَهَابُهُنَّ لَهٗ ذَهَابًا

وَاَنْ نَحْوُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى فَمَا كَانَ جَوَابَ قَوْمِهٖٓ اِلَّا اَنْ قَالُوْا اَیْ قَوْلَهُمْ وَاَنَّ لِلْجُمْلَةِ الْاِسْمِيَّةِ نَحْوُ عَلِمْتُ اَنَّكَ قَائِمٌ اَیْ قِيَامَكَ **فصل** حُرُوْفُ التَّحْضِيْضِ اَرْبَعَةٌ هَلَّا وَاَلَّا وَلَوْلَا وَلَوْمَا لَهَا صَدْرُ الْكَلَامِ وَمَعْنَاهَا حَضٌّ عَلَى الْفِعْلِ اِنْ دَخَلَتْ عَلَى الْمُضَارِعِ نَحْوُ هَلَّا تَاْكُلُ وَلَوْمٌ اِنْ دَخَلَتْ عَلَى الْمَاضِیْ نَحْوُ هَلَّا ضَرَبْتَ زَيْدًا وَحِيْنَئِذٍ لَا تَكُوْنُ تَحْضِيْضًا اِلَّا بِاعْتِبَارِ مَافَاتَ وَلَا تَدْخُلُ اِلَّا عَلَى الْفِعْلِ كَمَا مَرَّ وَاِنْ وَقَعَ بَعْدَهَا اِسْمٌ فَبِاِضْمَارِ فِعْلٍ كَمَا تَقُوْلُ لِمَنْ ضَرَبَ قَوْمًا هَلَّا زَيْدًا اَیْ هَلَّا ضَرَبْتَ زَيْدًا وَجَمِيْعُهَا مُرَكَّبَةٌ جُزْؤُهَا الثَّانِیْ حَرْفُ النَّفْیِ وَالْاَوَّلُ حَرْفُ الشَّرْطِ اَوِ الْاِسْتِفْهَامِ اَوْ حَرْفُ الْمَصْدَرِ

مَا اور اَن یہ دونوں جملہ فعلیہ پر داخل ہو کر بمعنٰی مصدر ہو جاتے ہیں اور اَنَّ جملہ اسمیہ پر داخل ہو کر اُس کو حکم مصدر میں کر دیتا ہے جو کہ مضمونِ جملہ ہوتا ہے۔ قولہ حُرُوْفُ التَّحْضِيْضِ :- تحضیض باب تفعیل کا مصدر ہے بمعنٰی اُبھارنا یعنی وہ حروف جو فعل کی تحریض و ترغیب پر دلالت کرتے ہیں چار ہیں اور یہ کلام کے شروع میں آتے ہیں۔ قولہ مَعْنَاهَا :- یہ حروف فعلِ مضارع پر داخل ہوں تو معنٰی تحضیض اور ترغیب علی الفعل ہوتا ہے جیسے هَلَّا تَاْكُلُ تو کیوں نہیں کھاتا؟ اگر ماضی پر داخل ہوں تو تحضیض کے علاوہ ترکِ فعل پر ملامت کیلئے بھی ہوتے ہیں جیسے هَلَّا ضَرَبْتَ زَيْدًا تو نے زید کو کیوں نہیں مارا؟ اور اُس وقت تحضیض باعتبار مافات کے ہوگی یعنی تجھے مارنا تھا۔ قولہ وَلَا تَدْخُلُ :- اور یہ حروف صرف فعل پر داخل ہوتے ہیں اس لئے کہ تحضیض کا تعلق فعل کے ساتھ ہوتا ہے یعنی فعل پر اُبھارا جاتا ہے اور اگر کہیں حرفِ تحضیض اسم پر آ جائے تو وہاں فعل مقدر ہوگا جیسے هَلَّا زَيْدًا اَیْ هَلَّا ضَرَبْتَ زَيْدًا۔ قولہ وَجَمِيْعُهَا :- اور حروفِ تحضیض تمام کے تمام مرکب ہوتے ہیں جن کا جزوِ ثانی حرفِ نفی ہوتا ہے اور پہلا جز بعض میں حرفِ شرط ہوتا ہے جیسے لَوْلَا اور لَوْمَا۔ اور بعض میں حرفِ استفہام جیسے هَلَّا اور بعض میں حرفِ مصدر جیسے اَلَّا۔

Marfat.com

وَلِلَوْلَا مَعْنًى اٰخَرُ هُوَ اِمْتِنَاعُ الْجُمْلَةِ الثَّانِيَةِ لِوُجُوْدِ الْجُمْلَةِ الْاُوْلٰى نَحْوُ لَوْلَا عَلِيٌّ لَهَلَكَ عُمَرُ وَحِيْنَئِذٍ تَحْتَاجُ اِلٰى جُمْلَتَيْنِ اُوْلٰهُمَا اِسْمِيَّةٌ اَبَدًا **فصل** حَرْفُ التَّوَقُّعِ قَدْ وَهِيَ فِي الْمَاضِيْ لِتَقْرِيْبِ الْمَاضِيْ اِلَى الْحَالِ نَحْوُ قَدْ رَكِبَ الْاَمِيْرُ اَيْ قُبَيْلَ هٰذَا وَلِاَجْلِ ذٰلِكَ سُمِّيَتْ حَرْفَ التَّقْرِيْبِ اَيْضًا وَلِهٰذَا تَلْزَمُ الْمَاضِيَ لِيَصْلَحَ اَنْ يَقَعَ حَالًا وَقَدْ تَجِيْءُ لِلتَّاكِيْدِ اِذَا كَانَ جَوَابًا لِمَنْ يَسْأَلُ هَلْ قَامَ زَيْدٌ تَقُوْلُ قَدْ قَامَ زَيْدٌ وَفِي الْمُضَارِعِ لِلتَّقْلِيْلِ نَحْوُ اِنَّ الْكَذُوْبَ قَدْ يَصْدُقُ وَاِنَّ الْجَوَّادَ قَدْ يَبْخَلُ وَقَدْ تَجِيْءُ لِلتَّحْقِيْقِ كَقَوْلِهٖ تَعَالٰى قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الْمُعَوِّقِيْنَ وَيَجُوْزُ الْفَصْلُ بَيْنَهَا وَ بَيْنَ الْفِعْلِ بِالْقَسَمِ نَحْوُ قَدْ وَاللّٰهِ اَحْسَنْتَ وَقَدْ يُحْذَفُ الْفِعْلُ بَعْدَ قَدْ عِنْدَ الْقَرِيْنَةِ كَقَوْلِ الشَّاعِرِ

اَفِدَ التَّرَحُّلُ غَيْرَ اَنَّ رِكَابَنَا	**شعر**	لَمَّا تَزُلْ بِرِحَالِنَا وَكَاَنْ قَدِنْ

اَيْ وَكَاَنْ قَدْ زَالَتْ

قولہ وَلِلَوْلَا:- اور کلمہ لَوْلَا کے تحضیض کے علاوہ دوسرے معنی بھی ہیں اور وہ معنی جملہ اُولیٰ کے پائے جانے کی صورت میں جملہ ثانیہ کا منتفی ہونا ہے اور اُس وقت کلمہ لَوْلَا دو جملوں کا محتاج ہوتا ہے جن میں پہلا جملہ ہمیشہ اسمیہ ہوتا ہے جیسے لَوْلَا عَلِيٌّ لَهَلَكَ عُمَرُ۔ قولہ حَرْفُ التَّوَقُّعِ:- تَوَقُّعُ کے معنی ہیں کسی چیز کے حصول کا انتظار، حرفِ توقع قَدْ ہے جو ماضی پر داخل ہو کر اُس کو حال کے قریب کر دیتا ہے اِسی لئے اُس کو حرفِ تقریب بھی کہتے ہیں جیسے قَدْ رَكِبَ الْاَمِيْرُ بیشک امیر ابھی سوار ہو گیا۔ یہ اُس شخص سے کہا جائے گا جس کو اِس خبر سے پہلے امیر کے سوار ہونے کا انتظار ہو یعنی جس چیز کا تمہیں انتظار تھا وہ ابھی واقع ہو گئی ہے۔ اس مثال میں کلمہ قَدْ، توقع کے ساتھ ساتھ تقریب اور تحقیق کا بھی افادہ کر رہا ہے۔ قولہ وَلِهٰذَا تَلْزَمُ:- اور اسی وجہ سے کہ قَدْ ماضی کو قریب بحال کرتا ہے یہ ماضی کو لازم ہے تاکہ ماضی میں حال واقع ہونے کی صلاحیت ہو جائے اور کبھی یہ کلمہ تقریب کے معنی سے خالی ہو کر محض تاکید کیلئے آتا ہے اور کبھی تحقیق کیلئے۔ خلاصہ یہ کہ قَدْ ماضی میں تقریب کا فائدہ دیتا ہے اور مضارع میں تقلیل وتکثیر کا اور معنی تحقیق کا فائدہ دونوں میں دیتا ہے۔ قولہ وَيَجُوْزُ:- یعنی قَدْ اور فعل کے درمیان قسم کے ساتھ فصل جائز ہے اور کبھی قیامِ قرینہ کے وقت قَدْ کے بعد فعل کو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے شعر میں ہے وَكَاَنْ قَدِنْ، با تنوینِ ترنم جو اصل میں وَكَاَنْ قَدْ زَالَتْ تھا۔ ترجمہ:- کوچ کا وقت قریب آ گیا مگر ہمارے اونٹ جن پر ہم نے سفر کرنا ہے روانہ نہیں ہوئے ہمارے کجاووں کے ساتھ گویا شان یہ ہے کہ وہ سواریاں عنقریب زائل ہو جائیں گی۔

Marfat.com

فصل حرف الاستفهام الهمزة وهل لهما صدر الكلام وتدخلان على الجملة اسمية كانت نحو ازيد قائم او فعلية نحو هل قام زيد و دخولهما على الفعلية اكثر اذ الاستفهام بالفعل اولى وقد تدخل الهمزة في مواضع لا يجوز دخول هل فيها نحو ازيدا ضربت واتضرب زيدا و هو اخوك و ازيد عندك ام عمرو واومن كان وافمن كان واثم اذا ما وقع ولا تستعمل هل في هذه المواضع وههنا بحث **فصل** حروف الشرط ان ولو واما لها صدر الكلام ويدخل كل واحد منها على الجملتين اسميتين كانتا اوفعليتين او مختلفتين

قولہ حرف الاستفھام :- استفہام کے دو حرف ہیں ہمزہ اور ھَلْ ،جن کے احکام یہ ہیں ۔ (۱) ان دونوں کو صدارتِ کلام لازم ہے تا کہ اوّلِ امر سے یہ معلوم ہو جائے کہ یہ کلام نوعِ استفہام ہے ۔ (۲) یہ جملہ پر داخل ہوتے ہیں خواہ وہ جملہ فعلیہ ہو یا جملہ اسمیہ مگر جملہ فعلیہ پر ان کا داخل ہونا کثیر ہے اس لئے کہ اسم کی نسبت فعل سے استفہام اَولیٰ ہے ۔ جملہ اسمیہ جیسے اَزَیْدٌ قَائِمٌ اور فعلیہ جیسے ھَلْ قَامَ زَیْدٌ۔ (۳) ہمزہ کبھی ایسے مواضع میں بھی آتا ہے جہاں ھَلْ نہیں آ سکتا ہے اور وہ چار مواضع ہیں ۔ اوّل ،فعل کے ہوتے ہوئے ہمزہ اسم پر داخل ہو جاتا ہے جیسے اَزَیْدًا ضَرَبْتَ ،لیکن ھَلْ داخل نہیں ہوتا لہٰذا ھَلْ زَیْدًا ضَرَبْتَ نہیں کہہ سکتے اس لئے کہ لفظ ھَلْ اصل میں بمعنی قَدْ ہے اور فعل کے ساتھ مختص ہے لہٰذا جب فعل موجود ہوگا تو ھَلْ فعل کی طرف رغبت کرے گا اور اُسی کے ساتھ متصل ہوگا۔ دوم ،استفہامِ انکاری میں ہمزہ کا استعمال جائز ہے کہ اُس کی وضع استفہامِ انکاری کیلئے ہے اور ھَلْ کا استعمال جائز نہیں کیونکہ اُس کی وضع استفہام انکاری کیلئے نہیں ہے۔ سوم ، ہمزہ اَمْ متصلہ کے ساتھ آتا ہے جیسے اَزَیْدٌ عِنْدَکَ اَمْ عَمْرٌو اور ھَلْ نہیں آتا۔ چہارم ،ہمزہ حروفِ عاطفہ پر داخل ہوتا ہے جیسے اَوَمَنْ کَانَ مَیْتًا لیکن ھَلْ داخل نہیں ہوتا۔ قولہ حروف الشرط :- حروفِ شرط تین ہیں اِنْ ، لَوْ ، اَمَّا یہ ہمیشہ صدرِ کلام میں آتے ہیں اور دو جملوں پر داخل ہوتے ہیں خواہ دونوں اسمیہ ہوں یا فعلیہ یا ان میں سے ایک جملہ اسمیہ ہو اور دوسرا فعلیہ ، پہلے جملہ کو شرط کہتے ہیں اور دوسرے کو جزا۔ سوال :- تعمیم مذکور سے ثابت ہوتا ہے کہ حرفِ اِنْ اور لَوْ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتے ہیں جو مصنف کے اپنے قول ویلزمھما الفعل کے منافی ہے لہٰذا مصنف کے کلام میں تعارض ہے؟ جواب :- کبھی بظاہر حروفِ شرط اسم پر داخل ہوتے ہیں جیسے وَاِنْ اَحَدٌ مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ میں اِنْ بظاہر اسم پر داخل ہے اگرچہ یہاں فعل محذوف ہے تو اِس ظاہر کا اعتبار کرتے ہوئے تعمیم کر دی ورنہ کلمہ اِنْ اور لَوْ کو حسبِ تصریحِ مصنف فعل کو لازم ہے۔

Marfat.com

فَاِنْ لِلْاِسْتِقْبَالِ وَ اِنْ دَخَلَتْ عَلَی الْمَاضِیْ نَحْوُ اِنْ زُرْتَنِیْ اَکْرَمْتُکَ وَلَوْ لِلْمَاضِیْ وَ اِنْ دَخَلَتْ عَلَی الْمُضَارِعِ نَحْوُ لَوْ تَزُوْرُنِیْ اَکْرَمْتُکَ وَ یَلْزَمُهُمَا الْفِعْلُ لَفْظًا کَمَا مَرَّ اَوْ تَقْدِیْرًا نَحْوُ اِنْ اَنْتَ زَائِرِیْ فَاَنَا اُکْرِمُکَ **واعلم** اَنَّ اِنْ لَا تُسْتَعْمَلُ اِلَّا فِی الْاُمُوْرِ الْمَشْکُوْکَةِ فَلَا یُقَالُ اٰتِیْکَ اِنْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ بَلْ یُقَالُ اٰتِیْکَ اِذَا طَلَعَتِ الشَّمْسُ

قولہ فان :- یعنی کلمہ ان استقبال کیلئے ہے خواہ اسکا مدخول فعلِ ماضی ہو۔ اور کلمہ لَوْ ماضی کیلئے ہے اگرچہ مضارع پر داخل ہو اور ان دونوں کو فعل لازم ہے یعنی ہمیشہ فعل پر داخل ہوتے ہیں خواہ وہ فعل لفظاً ہو یا تقدیراً۔ قولہ واعلم :- یعنی اِنْ شرطیہ ہمیشہ امور مشکوکہ کیلئے آتا ہے لہٰذا اٰتِیْکَ اِنْ طَلَعَتِ الشَّمْسُ (میں تیرے پاس آؤں گا اگر سورج طلوع ہوگا) کہنا درست نہیں کیونکہ سورج کا طلوع ہونا امرِ مشکوک نہیں بلکہ امرِ یقینی ہے چنانچہ اُسوقت اٰتِیْکَ اذاطلعت الشَّمْسُ (میں تیرے پاس آؤں گا جب سورج طلوع ہوگا) کہا جائے گا۔ لطیفہ :- اِنْ شرطیہ شک کیلئے ہے اور اپنے مدخول (فعل) کو جزم کرتا ہے اور کلمہ اذا جزم و یقین کیلئے ہے لیکن اپنے مدخول (فعل) کو جزم نہیں کرتا۔ علامہ زمخشری نے کہا۔

سَلِّمْ علٰی شَیْخِ النُّحاۃ و قُلْ لَهٗ	عِنْدِیْ سُوَالٌ مَنْ یَّحِلُّهٗ یُعَظَّمُ
نحویوں کے شیخ کو سلام کے بعد کہو کہ	میرا ایک سوال ہے جو حل کرے گا تعظیم کیا جائے گا
انا اِنْ شککتُ وجدتُمُوْنِیْ جازمًا	وَاِذَا جَزَمْتُ فَاِنَّنِیْ لَمْ اَجْزِمُ
وہ یہ ہے کہ اگر میں شک کروں کہ تم مجھے جازم پاتے ہو	اور جب میں جزم کروں تو میں نے جزم نہیں دیا؟

جواب

قُلْ فِی الْجوابِ بِاَنَّ اِنْ فِیْ شَرْطِهَا	جَزَمَتْ وَ مَعْنَاهَا التَّرَدُّدُ فَاعْلَمْ
اسے جواب دو کہ اِنْ شرطیہ جزم دیتا ہے	حالانکہ وہ شک اور تردد کیلئے آتا ہے
وَاِذَا لِجَزْمِ الْحُکْمِ اِنْ شَرْطِیَّةً	وَ لٰکِنْ لَفْظُهَا لَمْ یَجْزِمْ
اذا شرطیہ جزم اور یقین کا افادہ کرتا ہے	لیکن اُسکا لفظ جزم نہیں دیتا

Marfat.com

وَلَوْ تَدُلُّ عَلٰی نَفْیِ الْجُمْلَةِ الثَّانِيَةِ بِسَبَبِ نَفْیِ الْجُمْلَةِ الْاُوْلٰی كَقَوْلِهٖ تَعَالٰی لَوْ كَانَ فِيْهِمَا اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا وَاِذَا وَقَعَ الْقَسَمُ فِیْ اَوَّلِ الْكَلَامِ وَتَقَدَّمَ عَلَی الشَّرْطِ يَجِبُ اَنْ يَّكُوْنَ الْفِعْلُ الَّذِیْ تَدْخُلُ عَلَيْهِ حَرْفُ الشَّرْطِ مَاضِيًا لَفْظًا نَحْوُ وَاللّٰهِ اِنْ اَتَيْتَنِیْ لَاَكْرَمْتُكَ اَوْ مَعْنًی نَحْوُ وَاللّٰهِ اِنْ لَّمْ تَاْتِنِیْ لَاَهْجُرْتُكَ وَحِيْنَئِذٍ تَكُوْنُ الْجُمْلَةُ الثَّانِيَةُ فِی اللَّفْظِ جَوَابًا لِلْقَسَمِ لَا جَزَاءً لِلشَّرْطِ فَلِذٰلِكَ وَجَبَ فِيْهَا مَا وَجَبَ فِیْ جَوَابِ الْقَسَمِ مِنَ اللَّامِ وَنَحْوِهَا كَمَا رَأَيْتَ فِی الْمِثَالَيْنِ اَمَّا اِنْ وَقَعَ الْقَسَمُ فِیْ وَسْطِ الْكَلَامِ جَازَ اَنْ يُّعْتَبَرَ الْقَسَمُ بِاَنْ يَّكُوْنَ الْجَوَابُ لَهٗ نَحْوُ اِنْ اَتَيْتَنِیْ وَاللّٰهِ لَاٰتِيَنَّكَ وَجَازَ اَنْ يُّلْغٰی نَحْوُ اِنْ تَاْتِنِیْ وَاللّٰهِ اٰتِكَ وَاَمَّا لِلتَّفْصِيْلِ مَا ذُكِرَ مُجْمَلًا نَحْوُ اَلنَّاسُ سَعِيْدٌ وَّشَقِیٌّ اَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِی الْجَنَّةِ وَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِی النَّارِ

قولہ ولو تدل :- اور کلمہ لو اس امر پر دلالت کرتا ہے کہ جملہ ثانیہ منتفی ہے بسبب منتفی ہونے جملہ اُولیٰ کے جیسے لَوْ کَانَ فِیْھِمَا ...... الی اخرہ۔ قولہ واذا :- یعنی جب قسم ابتداء کلام میں شرط سے پہلے واقع ہو تو فعلِ شرط کو ماضی لانا واجب ہے خواہ وہ لفظاً ماضی ہو جیسے وَاللّٰہِ اِنْ اَتَیْتَنِیْ اَکْرَمْتُکَ، اللہ کی قسم اگر تو میرے پاس آئے گا تو میں تیری عزت کروں گا۔ یا معنیً ماضی ہو جیسے وَاللّٰہِ اِنْ لَّمْ تَاْتِنِیْ لَاَھْجُرْتُکَ، اللہ کی قسم اگر تو میرے پاس نہیں آئے گا تو میں تجھے بے ہودہ باتیں کہوں گا۔ اور اس وقت جملہ ثانیہ باعتبار لفظ کے صرف جوابِ قسم ہوگا، شرط کی جزا نہیں ہوگا اور جملہ ثانیہ میں اُس چیز کا لانا واجب ہوگا جس کا جواب قسم میں لانا واجب ہوتا ہے مثلاً لام وغیرہ۔ فائدہ :- مذکورہ صورت میں جملہ ثانیہ صرف جواب قسم ہوگا اس لئے کہ اگر باعتبار لفظ کے جزا ہو تو مجزوم ہوگا اور جواب قسم ہو تو غیر مجزوم اور یہ اجتماعِ متنافیین ہے، البتہ معنی کے اعتبار سے وہ جملہ جزا بھی ہوگا اور جواب بھی۔ قال ابن مالک۔

واحذف لدی اجتماع شرط وقسم ۔۔۔ جواب ما اخرت فهو ملتزم

قولہ واما ان وقع :- یعنی اگر قسم وسط کلام میں واقع ہو تو جائز ہے کہ قسم کا اعتبار کیا جائے بایں طور کہ جواب، جواب قسم ہو جیسے اِنْ اَتَیْتَنِیْ وَاللّٰہِ لَاٰتِیَنَّکَ اور یہ بھی جائز ہے کہ قسم کو لغو قرار دیکر جواب کو جزا قرار دیں اور اُس پر جزا کے احکام جاری کریں جیسے اِنْ اَتَیْتَنِیْ وَاللّٰہِ اٰتِکَ۔ قولہ واما :- یعنی کلمہ اَمَّا اُس چیز کی تفصیل کیلئے ہے جس کو سابق میں مجملاً بیان کیا گیا ہے۔ جیسے اَلنَّاسُ سَعِیْدٌ وَّشَقِیٌّ، یہ کلام باعتبار حکم کے مجمل ہے پس فَاَمَّا الَّذِیْنَ سُعِدُوْا ...... الخ سے اس کی توضیح و تفصیل کردی گئی ہے کہ سعید کا حکم دخولِ جنت ہے اور شقی کا دخولِ نار ہے۔

Marfat.com

وَيَجِبُ فِيْ جَوَابِهَا الْفَاءُ وَ اَنْ يَّكُوْنَ الْاَوَّلُ سَبَبًا لِلثَّانِيْ وَاَنْ يُّحْذَفَ فِعْلُهَا مَعَ اَنَّ الشَّرْطَ لَا بُدَّ لَهٗ مِنْ فِعْلٍ وَذٰلِكَ لِيَكُوْنَ تَنْبِيْهًا عَلٰى اَنَّ الْمَقْصُوْدَ بِهَا حُكْمُ الْاِسْمِ الْوَاقِعِ بَعْدَهَا نَحْوُ اَمَّا زَيْدٌ فَمُنْطَلِقٌ تَقْدِيْرُهٗ مَهْمَا يَكُنْ مِّنْ شَيْءٍ فَزَيْدٌ مُّنْطَلِقٌ فَحُذِفَ الْفِعْلُ وَالْجَارُّ وَالْمَجْرُوْرُ وَاُقِيْمَ اَمَّا مَقَامَ مَهْمَا حَتّٰى بَقِيَ اَمَّا فَزَيْدٌ مُّنْطَلِقٌ وَلَمَّا لَمْ يُنَاسِبْ دُخُوْلُ حَرْفِ الشَّرْطِ عَلٰى فَآءِ الْجَزَآءِ نَقَلُوا الْفَآءَ اِلَى الْجُزْءِ الثَّانِيْ وَوَضَعُوا الْجُزْءَ الْاَوَّلَ بَيْنَ اَمَّا وَالْفَاءِ عِوَضًا عَنِ الْفِعْلِ الْمَحْذُوْفِ

فائدہ:- کلمہ اَمَّا چند چیزوں کو الگ الگ بیان کرنے کیلئے بھی آتا ہے۔ جیسے فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ وَاَمَّا الَّذِيْنَ كَفَرُوْا...... الخ، اِس ارشاد میں مجمل کی تفصیل نہیں بلکہ مومن وکافر میں سے ہر ایک کے حال کو علیحدہ علیحدہ بیان کیا گیا ہے۔ اور کلمہ اَمَّا استیناف کیلئے بھی آتا ہے یعنی نئے کلام کے ابتدائی حصہ میں آتا ہے جیسے وہ اَمَّا جو کتابوں اور خطبوں کے اوّل میں ذکر کیا جاتا ہے۔ قولہ وَيَجِبُ:- یعنی کلمہ اَمَّا کے جواب میں فاء کا آنا اور اوّل یعنی مدخولِ اَمَّا کا ثانی یعنی مدخولِ فاء کیلئے سبب ہونا واجب ہے تاکہ یہ دونوں چیزیں اَمَّا کے حرفِ شرط ہونے پر دلالت کریں اور اَمَّا کے مدخول فعل کا حذف بھی واجب ہے باوجودیکہ شرط کیلئے فعل جس پر وہ داخل ہو ضروری ہے اور یہ حذف اس لئے ضروری ہے تاکہ فعل کے حذف سے مخاطب کو اس بات پر تنبیہ ہو جائے کہ اَمَّا سے جو تفصیل ہوئی ہے اُس سے مقصود وہ اسم ہے جو اَمَّا کے بعد واقع ہے یعنی اسم کی تفصیل بتانا مقصود ہے نہ کہ فعل کی جیسے اَمَّا زَيْدٌ فَمُنْطَلِقٌ۔ قولہ تَقْدِيْرُهٗ الخ:- یعنی اَمَّا زَيْدٌ فَمُنْطَلِقٌ کی تقدیر ہے مَهْمَا يَكُنْ مِّنْ شَيْءٍ فَزَيْدٌ مُّنْطَلِقٌ، فعلِ شرط اور جار مجرور یعنی يَكُنْ مِّنْ شَيْءٍ کو حذف کر کے لفظ اَمَّا کو مَهْمَا کے قائم مقام کر دیا گیا تو اَمَّا فَزَيْدٌ مُّنْطَلِقٌ ہو گیا۔ چونکہ حرفِ شرط کا فاء جزائیہ پر داخل ہونا مناسب نہ تھا لہٰذا نحات نے فاء کو جزء ثانی کی طرف منتقل کر دیا اور جزء اوّل کو اَمَّا اور فاء کے درمیان فعل محذوف کے عوض رکھ دیا تاکہ حرفِ شرط اور فاء کے درمیان اتصال نہ ہو پس اَمَّا زَيْدٌ فَمُنْطَلِقٌ ہوا۔ سوال:- کلمہ اَمَّا اور فاء کے درمیان کس کس چیز سے فاصلہ کیا جاتا ہے؟ جواب:- کلمہ اَمَّا اور فاء کے درمیان چند چیزوں سے فصل کیا جاتا ہے۔ (۱) مبتدأ کے ساتھ جیسے اَمَّا زَيْدٌ فَمُنْطَلِقٌ۔ (۲) خبر کے ساتھ جیسے اَمَّا فِي الدَّارِ فَزَيْدٌ۔ (۳) جملہ شرطیہ کے ساتھ جیسے فَاَمَّا اِنْ كَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ فَرَوْحٌ وَّرَيْحَانٌ۔ (۴) اُس اسم کے ساتھ جو جوابِ شرط کی وجہ سے منصوب ہے جیسے فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ۔ (۵) ظرف کے ساتھ جیسے اَمَّا بَعْدُ فَهٰذَا مُخْتَصَرٌ۔ (۶) جار مجرور کے ساتھ جیسے وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ۔ فائدہ:- کلمہ اَمَّا چار اُمور کا افادہ کرتا ہے۔ (۱) شرط کا، اسی وجہ سے اُس کے بعد فاء لازم ہے۔ (۲) تاکید کا جیسے کہ اِنَّ مفید تاکید ہے۔ (۳) یہ فصلِ خطاب ہے، ابن اثیر نے کہا کہ علماءِ بیان اَمَّا بَعْدُ کے فصلِ خطاب ہونے پر متفق ہیں، یعنی متکلم حمد وثناء اور اپنے مقصود کے درمیان اَمَّا بَعْدُ سے فصل کرتا ہے۔ (۴) تفصیل مجمل کے لئے غالباً۔

Marfat.com

ثُمَّ ذٰلِکَ الْجُزْءُ الْاَوَّلُ اِنْ کَانَ صَالِحًا لِلْاِبْتِدَاءِ فَهُوَ مُبْتَدَأٌ کَمَا مَرَّ وَاِلَّا فَعَامِلُهٗ مَا یَکُوْنُ بَعْدَ الْفَاءِ کَاَمَّا یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَزَیْدٌ مُنْطَلِقٌ فَمُنْطَلِقٌ عَامِلٌ فِیْ یَوْمِ الْجُمُعَةِ عَلَی الظَّرْفِیَّةِ **فصل** حَرْفُ الرَّدْعِ کَلَّا وُضِعَتْ لِزَجْرِ الْمُتَکَلِّمِ وَرَدْعِهٖ عَمَّا یَتَکَلَّمُ بِهٖ کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی وَاَمَّا اِذَا مَا ابْتَلٰهُ فَقَدَرَ عَلَیْهِ رِزْقَهٗ فَیَقُوْلُ رَبِّیْ اَهَانَنِ کَلَّا اَیْ لَا یَتَکَلَّمُ بِهٰذَا فَاِنَّهٗ لَیْسَ کَذٰلِکَ هٰذَا بَعْدَ الْخَبَرِ وَقَدْ تَجِیْءُ بَعْدَ الْاَمْرِ اَیْضًا کَمَا اِذَا قِیْلَ لَکَ اِضْرِبْ زَیْدًا فَقُلْتَ کَلَّا اَیْ لَا اَفْعَلُ هٰذَا قَطُّ وَقَدْ تَجِیْءُ بِمَعْنٰی حَقًّا کَقَوْلِهٖ تَعَالٰی کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ وَحِیْنَئِذٍ تَکُوْنُ اِسْمًا یُبْنٰی لِکَوْنِهٖ مُشَابِهًا لِکَلَّا حَرْفًا وَقِیْلَ تَکُوْنُ حَرْفًا اَیْضًا بِمَعْنٰی اِنَّ لِتَحْقِیْقِ الْجُمْلَةِ نَحْوُ کَلَّا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰی بِمَعْنٰی اِنَّ

قولہ ثُمَّ ذٰلِکَ الْجُزْءُ:- پھر وہ جز جو اَمَّا کے بعد واقع ہو اگر مبتداء ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے تو وہ مبتدأ ہوگا اور مابعد اُسکی خبر ہوگی جیسے اَمَّا فَزَیْدٌ مُنْطَلِقٌ میں زَیْدٌ مبتدا ہے، اور اگر وہ جزء مبتدأ ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا اس لئے کہ ظرف ہے تو جزء اول میں عامل فاء کا مابعد ہوگا جیسے اَمَّا یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَزَیْدٌ مُنْطَلِقٌ، اس میں یَوْمَ الْجُمُعَةِ، مُنْطَلِقٌ کا معمول ہے اور بنا بر ظرفیت منصوب ہے۔ قولہ حَرْفُ الرَّدْعِ کَلَّا:- رَدْعٌ کے معنی ہیں جھڑکنا اور روکنا، حرف ردع کَلَّا ہے یعنی وہ حرف جو متکلم کو کلام کرنے سے روکنے کیلئے وضع کیا گیا ہے وہ کَلَّا ہے۔ جمہور کے نزدیک یہ حرف بسیط ہے لیکن ابنِ یعیش کے نزدیک یہ کافِ تشبیہ اور لاءِ نافیہ سے مرکب ہے۔ قولہ وَهٰذَا:- یعنی کَلَّا کا زجر متکلم کیلئے ہونا اُس وقت ہے جب یہ خبر کے بعد واقع ہو جیسے ارشادِ باری تعالٰی ہے فَیَقُوْلُ رَبِّیْ اَهَانَنِ کَلَّا، پس وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے میری اہانت کی وہ ہرگز ایسا نہ کہے۔ اور کبھی امر کے بعد بھی آتا ہے اور اُس وقت نفیِ اجابت کیلئے ہوتا ہے مثلاً آپ سے کوئی کہے اِضْرِبْ زَیْدًا پس آپ جواب میں کہیں کَلَّا، اَیْ لَا اَفْعَلُ هٰذَا قَطُّ یعنی یہ کام ہرگز نہیں کروں گا۔ قولہ وَقَدْ تَجِیْءُ:- اور کَلَّا کبھی بمعنی حَقًّا بھی آتا ہے یعنی مضمونِ جملہ کی تحقیق کیلئے آتا ہے جیسے کَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ بے شک عنقریب تم جان لو گے اور اُس وقت کَلَّا اسم ہوتا ہے اور کَلَّا حرفی کے ساتھ لفظی و معنوی مشابہت کی وجہ سے مبنی ہوتا ہے اور بعض کے نزدیک کَلَّا بمعنی حَقًّا حرف بھی ہوتا ہے اور اِنَّ کی طرح تحقیقِ جملہ کیلئے آتا ہے۔ جیسے کَلَّا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَیَطْغٰی (تحقیق انسان البتہ سرکشی کرتا ہے)

Marfat.com

فصل تاءُ التَّانِیْثِ السَّاکِنَۃُ تَلْحَقُ الْمَاضِیَ لِتَدُلَّ عَلٰی تَانِیْثِ مَا اُسْنِدَ اِلَیْہِ الْفِعْلُ نَحْوُ ضَرَبَتْ ھِنْدٌ وَقَدْ عَرَفْتَ مَوَاضِعَ وُجُوْبِ اِلْحَاقِھَا وَاِذَا لَقِیَھَا سَاکِنٌ بَعْدَھَا وَجَبَ تَحْرِیْکُھَا بِالْکَسْرِ لِاَنَّ السَّاکِنَ اِذَا حُرِّکَ حُرِّکَ بِالْکَسْرِ نَحْوُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ وَحَرْکَتُھَا لَا تُوْجِبُ رَدَّ مَا حُذِفَ لِاَجْلِ سُکُوْنِھَا فَلَا یُقَالُ رَمَاتِ الْمَرْأَۃُ لِاَنَّ حَرْکَتَھَا عَارِضِیَّۃٌ وَاقِعَۃٌ لِرَفْعِ الْتِقَاءِ السَّاکِنَیْنِ فَقَوْلُھُمْ اَلْمَرْأَتَانِ رَمَاتَا ضَعِیْفٌ وَاَمَّا اِلْحَاقُ عَلَامَۃِ التَّثْنِیَۃِ وَجَمْعِ الْمُذَکَّرِ وَجَمْعِ الْمُؤَنَّثِ فَضَعِیْفٌ فَلَا یُقَالُ قَامَا الزَّیْدَانِ وَ قَامُوْا الزَّیْدُوْنَ وَقُمْنَ النِّسَاءُ وَبِتَقْدِیْرِ الْاِلْحَاقِ لَا تَکُوْنُ الضَّمَائِرَ لِئَلَّا یَلْزَمَ الْاِضْمَارُ قَبْلَ الذِّکْرِ بَلْ عَلَامَاتٌ دَالَّۃٌ عَلٰی اَحْوَالِ الْفَاعِلِ کَتَاءِ التَّانِیْثِ

قولہ تاءُ التَّانِیْثِ السَّاکِنَۃُ:- تائے تانیث ساکنہ فعلِ ماضی کے آخر میں آتی ہے تاکہ فاعل یا نائب فاعل کے مؤنث ہونے پر دلالت کرے۔ جیسے ضَرَبَتْ ھِنْدٌ۔ اور جب اس تاء کے بعد کوئی حرفِ ساکن آجائے تو اس کو حرکت کسرہ دینا واجب ہے کیونکہ ساکن کو حرکت کسرہ دی جاتی ہے جیسے قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ اور حرکت دینے کی وجہ التقاءِ ساکنین سے تحرز ہے۔ قولہ حرکتُھا:- یہ ایک سوالِ مقدر کا جواب ہے جس کی تقریر یہ ہے کہ تاءِ ساکنہ کے ساتھ التقاءِ ساکنین کی وجہ سے جو حرف حذف ہوگیا تھا جیسے رَمَتْ میں الف تو تاء کے متحرک ہونے کے بعد اُس حرف کو واپس آجانا چاہئے کیونکہ علت حذف زائل ہوگئی ہے جو اجتماعِ ساکنین ہے، لہٰذا رَمَاتِ الْمَرْأَۃُ کہنا چاہئے یعنی رَمَتْ کے محذوفہ الف کو لوٹ آنا چاہئے۔ مصنف جواب دیتے ہیں کہ تاء کے ساکن ہونے کی وجہ سے جو حرف حذف ہوگیا تھا (مثلاً رمتْ کا الف) وہ تاء کے متحرک ہونے پر نہیں لوٹے گا اس لئے کہ تاء کی حرکت عارضی ہے جو التقاءِ ساکنین کو دور کرنے کیلئے لائی گئی ہے لہٰذا الف کو لوٹاتے ہوئے رَماتِ الْمَرْأۃُ نہیں کہیں گے۔ سوال:- عرب کے قول اَلْمَرْأَتَانِ رَمَاتَا، میں الف کو کیوں لوٹایا گیا ہے؟ جواب:- یہ قولِ ضعیف ہے کیونکہ مذکورہ قاعدہ کے خلاف ہے۔ قولہ اَمَّا الْحَاق:- یعنی جب فاعل اسم ظاہر ہو تو فعل کے آخر میں علامتِ تثنیہ وجمع لاحق کرکے قَامَا الزَّیْدَانِ یا قَامُوْا الزَّیْدُوْنَ یا قُمْنَ النِّسَآءُ کہنا ضعیف ہے کیونکہ اس میں تکرارِ فاعل ہے جو جائز نہیں اور بر تقدیرِ الحاقِ علامت، صیغہ تثنیہ میں الف اور صیغہ جمع مذکر میں واؤ اور جمع مؤنث میں نون، ضمیرِ فاعل نہیں ہوں گے۔ تاکہ اضمار قبل الذکر لازم نہ آئے بلکہ یہ تائے تانیث کی طرح علامات ہونگی جو فاعل کے تثنیہ وجمع یا مؤنث ہونے پر دلالت کریں گی۔

Marfat.com

فَصْلٌ اَلتَّنْوِیْنُ نُوْنٌ سَاکِنَۃٌ تَتْبَعُ حَرَکَۃَ اٰخِرِ الْکَلِمَۃِ لَا لِتَاکِیْدِ الْفِعْلِ وَھِیَ خَمْسَۃُ اَقْسَامٍ اَلْاَوَّلُ لِلتَّمَکُّنِ وَھُوَ مَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ الْاِسْمَ مُتَمَکِّنٌ فِیْ مُقْتَضَی الْاِسْمِیَّۃِ اَیْ اَنَّہٗ مُنْصَرِفٌ نَحْوُ زَیْدٌ وَ رَجُلٌ وَالثَّانِیْ لِلتَّنْکِیْرِ وَھُوَ مَا یَدُلُّ عَلٰی اَنَّ الْاِسْمَ نَکِرَۃٌ نَحْوُ صَہٍ اَیْ اُسْکُتْ سُکُوْتًا مَّا فِیْ وَقْتٍ مَّا وَاَمَّا صَہْ بِالسُّکُوْنِ فَمَعْنَاہُ اُسْکُتِ السُّکُوْتَ الْاٰنَ وَالثَّالِثُ لِلْعِوَضِ وَھُوَ مَا یَکُوْنُ عِوَضًا عَنِ الْمُضَافِ اِلَیْہِ نَحْوُ حِیْنَئِذٍ وَسَاعَتَئِذٍ وَیَوْمَئِذٍ اَیْ حِیْنَ اِذْ کَانَ کَذَا

قولہ التنوین:- علامہ میر بھی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ تنوین کے لغت عرب میں کوئی معنی نہیں اس لفظ کو انہوں نے استعمال ہی نہیں کیا یہ لفظ اہل عربیت کا ایجاد کردہ ہے انہوں نے نون سے تنوین بنایا جس کے حاصل معنی اُن کے نزدیک یہ ہیں کہ کسی کلمہ پر نون داخل کرنا۔ پھر اس معنی سے نونِ مخصوص یعنی نونِ اصطلاحی کی جانب نقل کیا۔ تنوین، اس نون کو کہتے ہیں جو آخر کلمہ کی حرکت کے تابع ہو اور تاکید فعل کا افادہ نہ کرے۔ یہ تلفظ میں نون ساکن ہوتا ہے لیکن کتابت میں دو زبر، دو زیر اور دو پیش کی شکل میں لکھا جاتا ہے اس لئے دو زبر، دو زیر اور دو پیش کو تنوین کہہ دیتے ہیں۔ فوائد قیود:- مصنف کے قول نُوْنٌ سَاکِنَۃٌ، سے نون متحرک خارج ہو گیا اور تَتْبَعُ ...... الخ سے مَنْ اور لَدُنْ کا نون خارج ہو گیا اس لئے کہ یہ نون خود کلمہ کے منتہی اور آخر ہیں منتہائے کلمہ کے تابع نہیں اور لَالِتَاکِیْدِ سے نونِ خفیفہ خارج ہو گیا کہ وہ تاکید فعل کیلئے آتا ہے۔ سوال:- تنوین کی تعریف سے زَیْدُ الْفَاضِلُ کا نون تنوین خارج ہو گیا اس لئے کہ وہ ساکن نہیں حالانکہ وہ نونِ تنوین ہے؟ جواب:- ساکن سے مراد ساکن الوضع ہے اور زَیْدُ الْفَاضِلُ کا نون باعتبار وضع کے ساکن ہے اور عارض یعنی التقائے ساکنین کی وجہ سے متحرک ہو گیا ہے۔ اقسام تنوین:- تنوین کی پانچ قسمیں ہیں جن پر یہ شعر مشتمل ہے۔

ز تنوین تنکیر باشد غرض ترنم، تمکن، تقابل، عوض

تمکن، تنوینِ تمکن وہ ہے جو اسم کے مقتضائے اسمیت میں راسخ ہونے پر دلالت کرے یعنی اسم کے منصرف ہونے پر، اسی لئے اس کو تنوینِ صرف بھی کہتے ہیں جیسے زَیْدٌ اور رَجُلٌ کی تنوین۔ تنکیر، تنوینِ تنکیر وہ ہے جو اسم کے نکرہ ہونے پر دلالت کرے جیسے صَہٍ، جس کے معنی ہیں اُسْکُتْ سُکُوْتًا مَّا فِیْ وَقْتٍ مَّا، کسی وقت تو خاموش رہا کر! اور لفظ صَہْ جو تنوین کے بغیر ہے اس کے معنی ہیں اُسْکُتِ السُّکُوْتَ الْاٰنَ تو اب چپ رہ! عوض، تنوینِ عوض وہ ہے جو مضاف الیہ کے عوض اور بدلہ میں ہو جیسے حِیْنَئِذٍ اَیْ حِیْنَ اِذْ کَانَ کَذَا۔ اِذْ کے مضاف الیہ یعنی جملہ کَانَ کَذَا کو حذف کر کے اُس کے عوض اِذْ پر تنوین لے آئے۔

Marfat.com

وَ الرَّابِعُ لِلْمُقَابَلَةِ وَ هُوَ التَّنْوِيْنُ الَّذِيْ فِيْ جَمْعِ الْمُؤَنَّثِ السَّالِمِ نَحْوُ مُسْلِمَاتٍ وَ هٰذِهِ الْاَرْبَعَةُ تَخْتَصُّ بِالْاِسْمِ وَ الْخَامِسُ لِلتَّرَنُّمِ وَ هُوَ الَّذِيْ يَلْحَقُ اٰخِرَ الْاَبْيَاتِ وَالْمَصَارِيْعِ كَقَوْلِ الشَّاعِرِ

اَقِلِّي اللَّوْمَ عَاذِلَ وَالْعِتَابَنْ	شعر	وَقُوْلِيْ اِنْ اَصَبْتُ لَقَدْ اَصَابَنْ

وَ كَقَوْلِهٖ ع يَا اَبَتَا عَلَّكَ اَوْ عَسَاكُنْ: وَقَدْ يُحْذَفُ مِنَ الْعَلَمِ اِذَا كَانَ مَوْصُوْفًا بِابْنٍ اَوْ اِبْنَةٍ مُضَافًا اِلٰى عَلَمٍ اٰخَرَ نَحْوُ جَاءَنِيْ زَيْدُ بْنُ عَمْرٍو وَهِنْدُ ابْنَةُ بَكْرٍ

فصل نُوْنُ التَّاكِيْدِ وَ هِيَ وُضِعَتْ لِتَاكِيْدِ الْاَمْرِ وَالْمُضَارِعِ اِذَا كَانَ فِيْهِ طَلَبٌ بِاِزَاءِ قَدْ لِتَاكِيْدِ الْمَاضِيْ وَهِيَ عَلٰى ضَرْبَيْنِ خَفِيْفَةٌ اَيْ سَاكِنَةٌ اَبَدًا نَحْوُ اِضْرِبَنْ

مقابلہ ،تنوینِ مقابلہ وہ تنوین ہے جو جمع مؤنث سالم میں جمع مذکر سالم کے نون کے مقابلے میں آئے۔ جیسے مُسْلِمَاتٌ ،پس الف اور تاء اس میں علامتِ جمع ہیں جیسے واؤ مُسْلِمُوْنَ میں علامتِ جمع ہے اور تنوین مُسْلِمُوْنَ کے نون کے مقابلہ میں ہے اور تنوین کی یہ اقسام اربعہ اسم کے ساتھ مختص ہیں۔ ترنم ،تنوینِ ترنم وہ ہے جو اَبیات اور مصاریع کے آخر میں تحسینِ آواز کیلئے لائی جاتی ہے یہ تنوین اسم ،فعل اور حرف تینوں اقسامِ کلمہ پر آتی ہے۔ جیسے اَقِلِّي اللَّوْمَ ...... الخ، یعنی اے ملامت کرنے والی (محبوبہ!) ملامت اور عتاب کم کر، اگر میں صواب کو پہنچوں تو کہہ دے کہ صواب کو پہنچا۔ اس شعر میں اَلْعِتَابُ اسم ہے اور اَصَابَ فعل ہے جنکے آخر میں تنوینِ ترنم ہے اور دوسری مثال میں عَسٰی فعل پر تنوین ہے یعنی اے میرے والد شاید کہ تو رزق پائے اور اُمید ہے کہ تو رزق پالے گا۔ قولہ وَقَدْ يُحْذَفُ :-یعنی تنوین ایسے علم سے حذف کردی جاتی ہے جو علم کہ لفظِ اِبْنٌ یا اِبْنَةٌ کا موصوف ہو اور اِبْنٌ یا اِبْنَةٌ دوسرے اسم کی طرف مضاف ہو۔ جیسے جَآءَنِيْ زَيْدُ ابْنُ عَمْرٍو ، وجہِ حذف محض تخفیف ہے۔ فائدہ:-تنوینِ ترنم کلمہ نہیں ہے کہ کلمہ معنیٰ کیلئے موضوع ہوتا ہے اور ترنم اِس تنوین کا معنیٰ نہیں لہٰذا اس تنوین کو اقسامِ حروف میں شمار کرنا مسامحہ ہے یعنی باقی اقسام کے ساتھ تنوینِ ترنم کو بھی کلمہ کی ایک قسم یعنی حرف کی اقسام میں شمار کردیا گیا ہے ورنہ معنیٰ کیلئے موضوع نہ ہونے کی وجہ سے یہ کلمہ نہیں ہے۔ قولہ نُوْنُ التَّاكِيْدِ:- نونِ تاکید وہ نون ہے جو امر اور مضارع کی تاکید کیلئے موضوع ہو بشرطیکہ مضارع میں طلب کے معنیٰ پائے جاتے ہوں، کیوں کہ اِس نون سے اُس چیز کی تاکید کی جاتی ہے جسمیں طلب کے معنیٰ ہوں اور یہ نون مضارع میں لفظِ قَدْ کے مقابلہ میں آتا ہے جو ماضی کی تاکید کے لئے آتا ہے اور نونِ تاکید کی دو قسمیں ہیں۔ اوّل ،نون خفیفہ۔ مصنف نے نون خفیفہ کو مقدم کیا یا تو اِس لئے کہ اِس میں ثقیلہ کی نسبت تاکید کم ہوتی ہے لہٰذا یہ ادنیٰ سے اعلیٰ کی طرف ترقی ہے یا اِس لئے کہ خفیفہ میں خفت ہے جو مقتضیٔ تقدیم ہے یا اِس لئے کہ ثقیلہ کا جز اور بعض ہے یہ نون ہمیشہ ساکن ہوتا ہے۔

Marfat.com

وَثَقِيلَةٌ اَىْ مُشَدَّدَةٌ مَفْتُوحَةٌ اَبَدًا اِنْ لَمْ يَكُنْ قَبْلَهَا اَلِفٌ نَحْوُ اِضْرِبَنَّ وَ مَكْسُورَةٌ اِنْ كَانَ قَبْلَهَا اَلِفٌ نَحْوُ اِضْرِبَانِّ وَ اِضْرِبْنَانِّ وَتَدْخُلُ فِى الْاَمْرِ وَالنَّهْىِ وَالْاِسْتِفْهَامِ وَالتَّمَنِّى وَالْعَرْضِ جَوَازًا لِاَنَّ فِىْ كُلٍّ مِنْهَا طَلَبًا نَحْوُ اِضْرِبَنَّ وَلَاتَضْرِبَنَّ وَهَلْ تَضْرِبَنَّ وَلَيْتَكَ تَضْرِبَنَّ وَاَلَا تَنْزِلَنَّ بِنَافَتُصِيْبَ خَيْرًا وَقَدْ تَدْخُلُ فِى الْقَسَمِ وُجُوْبًا لِوُقُوْعِهٖ عَلٰى مَايَكُوْنُ مَطْلُوْبًا لِلْمُتَكَلِّمِ غَالِبًا فَاَرَادُوْا اَنْ لَّايَكُوْنَ اٰخِرُ الْقَسَمِ خَالِيًا عَنْ مَعْنَى التَّاكِيْدِ كَمَا لَا يَخْلُوْا اَوَّلُهٗ مِنْهُ نَحْوُ وَاللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا **وَاعْلَمْ** اَنَّهٗ يَجِبُ ضَمُّ مَا قَبْلَهَا فِىْ جَمْعِ الْمُذَكَّرِ نَحْوُ اِضْرِبُنَّ لِيَدُلَّ عَلَى الْوَاوِ الْمَحْذُوْفَةِ وَكَسْرُ مَاقَبْلَهَا فِى الْمُخَاطَبَةِ نَحْوُ اِضْرِبِنَّ لِيَدُلَّ عَلَى الْيَاءِ الْمَحْذُوْفَةِ

دوم، ثقیلہ (مشدّد) احوالِ ثقیلہ:- (۱) یہ نون ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اگر اس سے پہلے الف نہ ہو جیسے اِضْرِبَنَّ، اس لئے کہ فتح حرکت خفیفہ ہے۔ (۲) الف کے بعد مکسور ہوتا ہے بمشابہت نونِ تثنیہ جیسے اِضْرِبَانِّ۔ قولہ وَتَدْخُلُ:- نونِ تاکید امر، نہی، استفہام، تمنی اور عرض پر جوازاً داخل ہوتا ہے اس لئے کہ ان میں طلب کے معنی پائے جاتے ہیں اور کبھی نفی میں بھی بمشابہتِ نہی، نونِ تاکید آتا ہے مگر یہ قلیل ہے اس لئے مصنف نے اس کو ذکر نہیں کیا۔ قولہ وَقَدْ تَدْخُلُ فِى الْقَسَمِ:- اور کبھی نونِ تاکید جوابِ قسم پر (جب کہ جوابِ قسم مثبت ہو) وجوباً داخل ہوتا ہے کیونکہ قسم اکثر اُس چیز پر واقع ہوتی ہے جس کا وجود متکلم کا مطلوب ومقصود ہوتا ہے لہٰذا نحات نے یہ چاہا کہ قسم کا آخر (جواب) تاکید سے خالی نہ ہو۔ جیسا کہ اُسکا اول تاکید سے خالی نہیں ہے جیسے وَاللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا۔ قولہ وَاعْلَمْ اَنَّهٗ:- اِس عبارت میں مصنف نے نون کے ماقبل کے احوال بیان کئے ہیں جو یہ ہیں۔ (۱) صیغہ جمع مذکر میں نون کے ماقبل کو ضمہ واجب ہے تاکہ واؤ محذوفہ پر دلالت کرے۔

سوال:- جب حذفِ فاعل ناجائز ہے تو اِضْرِبُنَّ میں واؤ کا حذف کیسے جائز ہوگا حالانکہ واؤ ضمیر فاعل ہے؟

جواب:- چونکہ ماقبل کا ضمہ دال علی الفاعل موجود ہے اس لئے یہ حذف جائز ہے۔ (۲) واحد مؤنث حاضر میں نون کے ماقبل کو کسرہ واجب ہے تاکہ یہ کسرہ یاء محذوفہ پر دلالت کرے جیسے اِضْرِبِنَّ۔

Marfat.com

وَفَتْحُ مَا قَبْلَهَا فِىْ مَا عَدَاهُمَا اَمَّا فِى الْمُفْرَدِ فَلِاَنَّهُ لَوْ ضُمَّ لَا لْتَبَسَ بِجَمْعِ الْمُذَكَّرِ وَلَوْ كُسِرَ لَا لْتَبَسَ بِالْمُخَاطَبَةِ وَاَمَّا فِى الْمُثَنّٰى وَجَمْعِ الْمُؤَنَّثِ فَلِاَنَّ مَاقَبْلَهَا اَلِفٌ نَحْوُ اِضْرِبَانِّ وَاِضْرِبْنَانِّ وَزِيْدَتْ اَلِفٌ قَبْلَ النُّوْنِ فِىْ جَمْعِ الْمُؤَنَّثِ لِكَرَاهَةِ اِجْتِمَاعِ ثَلٰثِ نُوْنَاتٍ نُوْنُ الضَّمِيْرِ وَنُوْنَا التَّاكِيْدِ وَنُوْنُ الْخَفِيْفَةِ لَا تَدْخُلُ فِى التَّثْنِيَةِ اَصْلاً وَلَا فِىْ جَمْعِ الْمُؤَنَّثِ لِاَنَّهُ لَوْ حُرِّكَتِ النُّوْنُ لَمْ تَبْقَ خَفِيْفَةً فَلَمْ تَكُنْ عَلَى الْاَصْلِ وَاِنْ اَبْقَيْتَهَا سَاكِنَةً يَلْزَمُ اِلْتِقَاءُ السَّاكِنَيْنِ عَلٰى غَيْرِ حَدِّهٖ وَهُوَ غَيْرُ حَسَنٍ

تَمَّتْ بِالْخَيْرِ

(۳) مذکورہ دو صیغوں کے علاوہ باقی صیغوں میں نون کے ماقبل کو فتح واجب ہے صیغہ مفرد میں تو اس لئے فتح واجب ہے کہ بصورت ضمہ جمع مذکر سے اور بصورت کسرہ واحد مؤنث سے التباس ہوگا اور تثنیہ اور جمع مؤنث میں اس لئے فتح واجب ہے کہ ان میں نون سے پہلے الف ہوتا ہے اور الف کا ماقبل مفتوح ہوتا ہے۔ قولہ زِیْدَتْ :-اور صیغہ جمع مؤنث میں نون سے پہلے الف بڑھا دیا جاتا ہے تا کہ تین نون کا اجتماع (جو کہ مکروہ ہے) نہ ہو، ایک نونِ ضمیر اور دو نون تاکید کے۔ سوال :-تین نونوں کے اجتماع سے بچنے کیلئے الف کیوں بڑھایا گیا ہے؟ جواب :-اِس لئے کہ الف، حروف زوائد میں سے خفیف حرف ہے۔ قولہ وَنُوْنُ الْخَفِيْفَةِ :-اور نونِ خفیفہ تثنیہ کے صیغوں میں بالکل نہیں آتا اور نہ جمع مؤنث میں، اس لئے کہ ان صیغوں میں نون کو اگر حرکت دی جائے تو وہ نونِ خفیفہ نہیں رہے گا کیونکہ نون خفیفہ ساکن الوضع ہے اور اگر نون کو حرکت نہ دی جائے تو التقائے ساکنین علی غیر حدہ لازم آئے گا کیونکہ الف ساکن الوضع ہے وہ بھی قابل حرکت نہیں اور یہ غیر مستحسن ہے۔

اَللّٰهُمَّ تَقَبَّلْ مِنِّىْ كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ اَحِبَّاءِكَ وَاجْعَلْهُ وَسِيْلَةً لِمَغْفِرَةِ ذُنُوْبِىْ وَارْحَمْ عَلَىَّ وَعَلٰى وَالِدَىَّ وَعَلٰى جَمِيْعِ الْمُؤْمِنِيْنَ آمِيْن، وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى حَبِيْبِهٖ وَآلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْن۔

Marfat.com

حل تراکیب مشکلہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لا تقنطن وکن باللہ محتسبا　　فبینما انت ذا یاس اتی الفرجا

اس شعر میں دو جگہ اشکال ہے۔

(۱) لفظ ذا کے نصب میں کیونکہ بظاہر یہ معلوم ہوتا ہے کہ انت کی خبر کی بنا پر مرفوع ہے۔ (۲) الفرجا کے نصب میں حالانکہ یہ فعل اتیٰ کا فاعل ہے۔

حل - (۱) ذا کا نصب کان مقدر کی خبر ہونے کی وجہ سے ہے۔ تقدیر عبارت اس طرح ہے فبینما کنت ذا یاس، فعل ناقص کو حذف کر کے ضمیر متصل کو منفصل سے بدلا تو فبینما انت ذا یاس، ہوا۔ (۲) الفرجا، محتسبا، کا مفعول ہے اس لئے یہ منصوب ہے اور اتی کا فاعل ضمیر مستتر ہے جس کا مرجع الفرجا ہے۔ **ترجمہ** - مایوس نہ ہو اور اللہ سے کشادگی کی امید رکھ پس اسی اثناء میں کہ تو مایوس تھا تیرے پاس کشادگی آ گئی۔

☆☆☆☆☆

ساترک مھرتی رجل فقیر　　وارکب فی الحوادث مھرتان

اس شعر میں دو جگہ اشکال ہے۔

(۱) رجل کے رفع میں کیونکہ بظاہر یہ مضاف الیہ ہے۔ (۲) مھرتان کے رفع میں کیونکہ بظاہر یہ ارکب (فعل) کا مفعول ہے۔

حل - (۱) رجل، مھرتین کا مضاف الیہ ہے اور مجرور بکسرہ تقدیری ہے اس لئے کہ رجل میں اعراب حکائی ہے جس نے کسرہ کو ظاہر ہونے سے روک دیا ہے۔ (۲) مھرتان صیغہ تثنیہ نہیں بلکہ مھر، بمعنی گھوڑا اور تان بمعنی تاجر سے مرکب ہے اور تان، مھر کا مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہے اور یہ مرکب مفعول بہ ہے۔ **ترجمہ** - میں مرد درویش کے دونوں گھوڑے چھوڑ دوں گا اور تاجر کے گھوڑے پر سوار ہو جاؤں گا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

قُلْ قَالَ زَيْدٍ رُبَّ عَمْرٌو قَائِمًا ۔۔۔ وَاَنَّ بَكْرٌ يَوْمَ عِيْدٍ صَائِمًا

اس شعر میں تین جگہ اشکال ہے۔

(۱) زید کے جر میں۔ (۲) عمرو کے رفع میں۔ (۳) بکر کے رفع میں۔

حل - (۱) قال، فعل ماضی نہیں بلکہ مصدر ہے بمعنی کلام کرنا اور زَیْد، اس کا مضاف الیہ ہے۔ (۲) رُبَّ، حرف جر نہیں بلکہ فعل ماضی مجہول ہے اور عَمْرٌو، اس کا نائب فاعل ہے۔ (۳) اَنَّ، حرف نہیں بلکہ صیغہ فعل ماضی ہے ازانین، بمعنی کراہنا اور بکر، اس کا فاعل ہے۔ علامہ محمد امیر مالکی نے مذکورہ شعر کا حل اس طرح فرمایا ہے۔

اَلْقَالُ مَصْدَرٌ مِنَ الْمَقَالِ ۔۔۔ وَرُبَّ مَجْهُوْلٌ مِنَ الْاَفْعَالِ

وَاَنَّ مِنْ اَنِيْنٍ يَاصَاحِ ۔۔۔ فَافْهَمْ هُدِيْتَ سَبِيْلَ النَّجَاحِ

فائدہ: عربی زبان میں لفظ قال، اسم اور فعل دونوں طرح استعمال ہوا ہے۔ اول کی مثال نَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْقَالِ وَالْقِيْلِ اور شاعر کا قول

لِقَاءُ النَّاسِ لَيْسَ يُفِيْدُ شَيْئًا ۔۔۔ سِوَى الْهَذْيَانِ مِنْ قِيْلٍ وَقَالَ

دوم کی مثال مَنْ قَالَ قَالَ اللّٰهُ فَقَدْ كَفَرَ، اس مقولہ میں پہلا قال، فعل ماضی ہے قَوْل بمعنی گفتن سے اور دوسرا فعل ماضی ہے قَيْلُوْلَةٌ سے جس کا معنی ہے دوپہر کے وقت سونا چنانچہ اس کا معنی ہے ''جس شخص نے یہ کہا کہ اللہ تعالیٰ دوپہر کے وقت سویا پس تحقیق وہ کافر ہو گیا'' اور درج ذیل مقولہ کا قَال بھی اسی دوسرے معنی میں ہے قَالَ زَيْدٌ تَحْتَ الشَّجَرَةِ فَانْتَقَضَ وُضُوْءُهٗ (زید درخت کے نیچے سویا تو اُس کا وضو ٹوٹ گیا)

فائدہ: لفظ اَنَّ، عربی زبان میں حرف اور فعل دونوں طرح استعمال ہوا ہے۔ حرف کی مثال جیسے قرآن پاک میں ہے اَنِّیْۤ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اور فعل کی مثال اَنَّ زَيْدٌ كَرِيْمٌ، اس مثال میں اَنَّ فعل، زَیْدٌ فاعل اور رِیْم، بمعنی سفید ہرن کا بچہ، مجرور ہے یعنی زید سفید ہرن کے بچے کی مثل رویا۔

☆☆☆☆☆

لَقَدْ طَافَ عَبْدُ اللّٰهِ بِالْبَيْتِ سَبْعَةً ۔۔۔ فَسَلْ عَنْ عُبَيْدُ اللّٰهِ ثُمَّ اَبَا بَكْرٌ

Marfat.com

اس شعر میں تین جگہ اشکال ہے۔ (۱) عبد اللہ کے نصب میں۔ (۲) عبیدُ اللہ کے رفع میں۔ (۳) بکرٌ کے رفع میں۔

حل - (۱) عبد اللہ مرکب اضافی ہے جس کا مضاف صیغہ تثنیہ (عُبدان) ہے، نون تثنیہ بوجہ اضافت اور الف اشکال پیدا کرنے کے لئے گر گیا تو عبد اللہ ہوا یہ طاف کا فاعل ہے۔ (۲) عُبیدُ اللہ کا رفع اس بناء پر ہے کہ اس سے پہلے فعل سلعن ہے (ھُو نَوعٌ مِن المَشی) اشکال پیدا کرنے کے لئے اس کو ایک ساتھ نہیں لکھا اور عبیدُ اللہ فعل کا فاعل ہے۔ (۳) بکرٌ کا رفع اس بناء پر ہے کہ یہ فعل ابیٰ، کا فاعل ہے جس کو الف کے ساتھ (ابا) اشکال پیدا کرنے کے لئے لکھا گیا ہے۔ **ترجمہ**- اللہ تعالیٰ کے دو بندوں نے سات بار طواف بیت اللہ کیا عبید اللہ تو چلا اور بکر چلنے سے رک گیا۔

☆☆☆☆☆

شوی جعفرٍ بالوعد خمسة اکبُش لیَطعَم مِنہا جائع وھُو کارھُہ

اس شعر میں موضع اشکال جعفر، کا جر ہے جبکہ مقام کا تقاضا یہ ہے کہ جعفر، بنا بر فاعلیت مرفوع ہو۔

حل- شوی، فعل نہیں بلکہ اسم مضاف ہے اور جعفر اس کا مضاف الیہ ہے۔ شوی، کا معنی ہے ''سر کا چمڑا'' جیسا کہ ارشاد باری تعالیٰ ہے نزّاعةً لّلشوی۔ **ترجمہ**- وعدہ کے مطابق جعفر کے سر کے چمڑے کی قیمت پانچ مینڈھے ہیں تا کہ ان میں سے جائع، نامی شخص کھائے حال یہ ہے کہ جعفر کو یہ ناپسند ہے۔

☆☆☆☆☆

مِن سعید ابن دغلج یاابن ھند تنجُ مِن کیدہ ومِن مَسعُودًا

اس شعر میں موضع اشکال سعید اور مسعود کا نصب ہے۔

حل - لفظ مِن، حرف جر نہیں ہے بلکہ مان یمین مینًا بمعنی جھوٹ بولنا، سے صیغہ امر ہے اور سعید و مسعود اس کا مفعول ہے اور تنجُ کا واؤ جوابِ امر ہونے کی وجہ سے ساقط ہو گیا ہے۔ **ترجمہ**- اے ابن ہند تو سعید بن دعلج اور مسعود سے جھوٹ بول پس تو ان کے مکر سے نجات پائے گا۔

☆☆☆☆☆

وفی کُتب الحجّاج امثالُ معشر یَعلمُہا مِنّا سَعیدًا وّ عامِرًا

Marfat.com

اس شعر میں سعید اور عامر کے نصب میں اشکال ہے بظاہر یہ دونوں یَعلَمُ کے فاعل ہونے کی وجہ سے مرفوع ہیں۔

حل - یعلمُ، کا فاعل ضمیر مستتر ہے جس کا مرجع حجاج ہے اور سعید و عامر فعل مَنّا (صیغہ متکلم مع الغیر از مان یمینُ) کے مفعول ہونے کی بنا پر منصوب ہیں۔ **ترجمہ** - اور حجاج کی کتابوں میں جماعت کی مثالیں ہیں جن کو وہ جانتا ہے ہم نے سعید اور عامر سے جھوٹ بولا۔

☆☆☆☆☆

و انتم مغشرِ لنامٌ نُلقِیْ لدیکُم اذی وَبُؤس

اس شعر میں محل اشکال مغشر کا جر ہے کیونکہ مقام اس کا مقتضی ہے کہ یہ بنا بر خبریت مرفوع ہو۔

حل - لفظ مغشر، مفرد نہیں بلکہ مرکب اضافی ہے ای مَعَ شَرِّ، اشکال پیدا کرنے کے لئے لفظ مَعَ، کو لفظ شرِّ کے ساتھ ملا کر لکھا گیا ہے اور استقامت وزن کے لئے لفظ شرّ، میں تخفیف کر دی گئی ہے اور بُؤسِ، شرِّ پر معطوف ہے اس لئے مجرور ہے تقدیر بیت اس طرح ہے وَانتُم مَعَ شَرِّ وَّ بُؤسِ نُلقِیْ لدیکم اذی۔ **ترجمہ** - فقر اور شر کے ہوتے ہوئے ہم تمہارے پاس گندگی ڈالتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ستعلمْ انّہٗ یاتیکَ بکرِ وانَّ اخُوكَ فِیہِ مِنَ اللُّغُوب

اس شعر میں دو جگہ اشکال ہے۔ (۱) بکرِ کے جر میں کیونکہ یہ فاعل ہے۔ (۲) اَخُوكَ میں کہ یہ اَنَّ کا اسم ہے لہذا انَّ اخاكَ ہونا چاہئے۔

حل - (۱) یاتیْ کا فاعل ضمیر مستتر ہے اور بکرِ، حرف جر کی وجہ سے مجرور ہے ای کَبَکرِ، اشکال پیدا کرنے کے لئے کاف کو فعل کے ساتھ لکھ دیا گیا۔ (۲) انَّ، حرف نہیں ہے بلکہ اَنِیْن سے فعل ماضی ہے اور اخُوكَ اس کا فاعل ہے اور لغوب بمعنی تعب ہے۔ جیسے ارشاد باری مَامَسَّنَا مِن لُّغُوبٍ میں۔

ترجمہ - تو جان لیگا کہ وہ تیرے پاس بکر کی طرح آئے گا اور تیرا بھائی اُس میں تھکاوٹ کی وجہ سے رویا۔

☆☆☆☆☆

لقذ قال عبد اللہ قولاعرفتُہٗ اتانا ابی داوٗدَ فِیْ مَرتَعِ خصَبِ

Marfat.com

اس بیت میں دو جگہ اشکال ہے۔ (۱) عبد اللّٰہ کے فتح میں جو بظاہر رفع ہونا چاہیے۔ (۲) ابی داؤد کی حالت جری میں، جو حالت رفع مناسب تھی یعنی ابو۔

حل - (۱) عبد اللّٰہ مرفوع ہے اس لئے کہ یہ صیغہ تثنیہ (عبدان) اسم جلالت کی طرف مضاف ہے جس کا نون اور الف ساقط ہو گیا ہے۔ (۲) اتانا بھی اتانٌ، کا تثنیہ ہے جس کا نون بوجہ اضافت ساقط ہو گیا ہے اور ابی داؤد اس کا مضاف الیہ ہے۔ **ترجمہ** - البتہ عبد اللہ نے ایک بات کہی جسکو میں جانتا ہوں ابوداؤد کی دونوں گدھیاں سرسبز چراگاہ میں ہیں۔

☆☆☆☆☆

رایتُ عبد اللّٰہ یضربُ خالدٌ　　وابا عُمیرۃَ بالمدینۃِ یُضربُ

اس بیت میں دو جگہ اشکال ہے۔

(۱) خالد کے رفع میں جبکہ ظاہر کلام اس کے نصب کا مقتضی ہے کیونکہ یہ یضربُ، کا مفعول ہے۔

(۲) عمیرۃُ کے رفع میں جبکہ ظاہر کلام اس بات کا مقتضی ہے کہ یہ مضاف الیہ ہونے کی وجہ سے مجرور ہو۔

حل - (۱) خالدٌ، یضربُ کا فاعل ہے اور یضربُ کا مفعول ضمیر پوشیدہ ہے تقدیر عبارت اس طرح ہے یضربہٗ خالدٌ۔ (۲) عمیرۃ فعل (ابا) کا فاعل ہے اور اشکال پیدا کرنے کے لئے فعل (ابی) کو الف کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ **ترجمہ** - میں نے عبد اللہ کو خالد سے مار کھاتے دیکھا جبکہ عمیرہ نے مدینہ میں اس کی پٹائی سے انکار کیا۔

☆☆☆☆☆

فرعون مالی وھامانُ الاُولٰی ☆ زعموا انّی قد بخلتُ بمایُعطیہِ قارُونا

اس بیت میں تین جگہ اشکال ہے۔ (۱) فرعون کے نصب میں۔ (۲) ھامان کے رفع میں۔

(۳) قارون کے نصب میں، بظاہر یہ یعطی فعل کا فاعل ہے۔

حل - (۱) فرعون مرکب ہے فر صیغہ امر از وفر یفر، سے اور عون بمعنی اعوان اس کا مفعول ہے اور فاعل انت مستتر ہے۔ (۲) وھامان بھی مرکب ہے وھا، صیغہ ماضی ہے اور مان بمعنی اسفل بطن ہے اور یہ فعل وھا کا فاعل ہے۔ (۳) قارون، یُعطی کا مفعول ثانی ہے اور فاعل ضمیر مستتر ہے جس کا

Marfat.com

مرجع اللہ ہے کیونکہ سب کو معلوم ہے کہ حقیقی معطی اللہ ہے۔ **ترجمہ**۔ میرے مالی معاون بڑھادو! ان لوگوں کا پیٹ ضعیف ہوگیا ہے جوگمان کرتے ہیں کہ میں نے اس کا بخل کیا جو اللہ تعالیٰ نے قارون کو دیا ہے۔

☆☆☆☆☆

ابلکوذُ تشرب قهوة بابلیة　　　لهافی عظام الشَّاربین دبیب

اس بیت میں دو جگہ اشکال ہے۔ (۱) ابلکوذ کے رفع میں کیونکہ اس کو باء جارہ کی وجہ سے مجرور ہونا چاہئے۔ (۲) تشرب کے جزم میں کیونکہ بظاہر یہاں کوئی جازم موجود نہیں ہے۔

حل - (۱) ابلَ صیغہ امر ہے از ابلَ بمعنی تندرست ہوا اور کوز منادی علم ہے جس سے پہلے حرف ندا محذوف ہے ای یا کوز۔ (۲) تشرب جواب امر ہونے کی وجہ سے مجزوم ہے۔

ترجمہ - ای کوز تو افاقہ میں آ! تو بابلی قہوہ پیئے گا۔ جس کے لئے پینے والوں کے دلوں میں سرایت کرجانا ہے۔

☆☆☆☆☆

بخاری شریف میں ہے ''لوکان ذاك وانا حیٌّ فاستغفرلک

محل اشکال استغفرلک کا نصب ہے کیونکہ ناصب کوئی نہیں۔

حل - اس ارشاد میں کلمہ لو، تمنی کیلئے ہے اور تمنی کے جواب میں فاء واقع ہو تو اس کے بعد انْ مقدر ہوتا ہے پس فاستغفر، انْ مقدرہ کی وجہ سے منصوب ہے جیسے ارشاد باری ''فلوانَّ لنا کرَّةً فنکونَ منَ المؤمنین'' میں کلمہ لو، تمنی کیلئے ہے اور فاء کے بعد انْ مقدر ہے جسکی وجہ سے فعل (نکونَ) منصوب ہے۔

سوال: حدیث میں مذکور لفظ لو، شرطیہ کیوں نہیں بناتے۔

جواب: اس لئے کہ (۱) لو، شرطیہ کا جواب فعل مضارع نہیں ہوتا اور یہاں جواب فعل مضارع ہے۔ (۲) شرط کا جواب اگر فعل مضارع ہو تو بالاتفاق اُس پر فاء نہیں آتی اور یہاں فاء موجود ہے۔ اور (۳) اس حدیث میں مستقبل کی خبر دی گئی ہے جبکہ لو ماضی کے لئے آتا ہے جیسے لوزرتنی اکرمتک، اگر تو میری زیارت کرتا تو میں تیرا اکرام کرتا۔

☆☆☆☆☆

Marfat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الفوز العظیم فی حل سوالات التنظیم

ہدایۃ النحو ۱۹۸۵ء

(۱) علم نحو کی تعریف، غرض اور موضوع بیان کریں اور ہدایۃ النحو کے مصنف کا نام لکھیں، یا کلمہ کی تعریف اور اسکی اقسام بمع تعریف بیان کریں؟ (۲) تابع کی تعریف اور اسکی اقسام بمع تعریف لکھیں۔ (یا) مستثنیٰ کی تعریف اسکی اقسام بمع تعریف لکھیں نیز بیان کریں کہ مستثنیٰ کا اعراب کتنی قسم پر ہے؟ (۳) اسم فاعل اور فاعل، اسم مفعول اور مفعول کی تعریف بمع امثلہ لکھیں؟

الجواب نمبر ا: جزء (الف) علم نحو کی تعریف۔ النَّحوُ علمٌ باصُولٍ یُعرفُ بها احوالُ اواخرِ الکلمِ الثَّلاثِ من حیثُ الاعرابِ والبناءِ وکیفیۃُ ترکیبِ بعضها مع بعضٍ۔

علم نحو کی غرض۔ صیانۃُ الذهنِ عن الخطاءِ اللَّفظیِّ فی کلامِ العربِ۔

علم نحو کا موضوع۔ الکلمۃ والکلام۔ مصنف کا نام۔ بعض حضرات نے مصنف کا نام ابوحیان اندلسی بتایا ہے لیکن صحیح یہ ہے کہ ہدایۃ النحو کے مصنف حضرت علامہ سراج الدین ہیں جو حضرت نظام الدین دہلوی رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفہ تھے (تفصیل کے لئے کتاب کا صفحہ نمبر ۱۰،۹ ملاحظہ کریں)

الجواب نمبر ا: جزء (ب) الکلمۃ لفظ وضع لمعنی مفرد۔ کلمہ کی تین قسمیں۔ (۱) اسم وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی پر دلالت کرے اور اس میں ازمنہ ثلثہ سے کوئی زمانہ نہ ہو۔ جیسے رجل اور ضارب۔ (۲) فعل وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی پر دلالت کرے اور اس میں ازمنہ ثلثہ سے کوئی ایک زمانہ ہو جیسے ضرب، یضربُ۔ (۳) حرف وہ کلمہ ہے جو مستقل معنی پر دلالت نہ کرے۔ جیسے من اور الی۔

الجواب نمبر ۲: جزء (الف): تابع کی تعریف۔ تابع ہر وہ دوسرا لفظ ہے جو سابق کے اعراب کے ساتھ معرب ہو ایک جہت سے۔ اور تابع کی پانچ قسمیں ہیں۔

گر بپر سند از توابع گو کہ پنج اینک عیاں　　نعت و توکید و بدل عطف نسق عطف بیاں

نعت کی تعریف: نعت وہ تابع ہے جو ایسے معنی پر دلالت کرے جو متبوع میں ہے۔ جیسے جاءَنی رجلٌ عالمٌ میں عالم، رجل کی نعت ہے اس قسم کو صفت بحال الموصوف کہتے ہیں یا ایسے معنی پر دلالت کرے

Marfat.com

جو متبوع کے متعلق میں ہے۔ جیسے جاء نی رجل عالمٌ ابوہٗ، اس مثال میں عالمٌ (صفت) نے رجل کے متعلق کی صفت بتائی کہ وہ علم والا ہے اس قسم کو صفت بحال متعلق موصوف کہتے ہیں۔

تاکید کی تعریف: تاکید وہ تابع ہے جو متبوع کے حال کو ثابت و پختہ کردے نسبت میں یا شمول میں۔ جیسے جاء نی زیدٌ زیدٌ۔

بدل کی تعریف: بدل وہ تابع ہے جس کی طرف وہ چیز نسبت کی جائے جو اس کے متبوع کی طرف منسوب ہے، اور اس نسبت سے مقصود وہی تابع ہو نہ کہ اس کا متبوع۔ جیسے جاء نی زیدٌ اخوك۔

عطف بحرف: عطف بحرف (عطف نسق) یعنی عطف بحرف وہ تابع ہے کہ جس کی طرف وہ چیز منسوب ہو جو اس کے متبوع کی طرف منسوب ہو اور وہ دونوں اس نسبت سے مقصود ہوں جیسے جاء نی زیدٌ و بکرٌ۔

عطف بیان: عطف بیان وہ تابع ہے جو صفت نہ ہو لیکن اپنے متبوع کی وضاحت کرے جس کی صورت یہ ہے کہ نام اور کنیت میں سے غیر مشہور کے بعد مشہور کو ذکر کرنا جیسے ابو حفص عمر، عبد اللہ بن عمر۔

الجواب نمبر ۲: جز (ب): **مستثنیٰ کی تعریف** - مستثنیٰ وہ لفظ ہے جو اِلّا یا اس کے اخوات میں سے کسی ایک کے بعد مذکور ہو یہ ظاہر کرنے کے لیے کہ اس کی طرف وہ حکم منسوب نہیں کیا گیا جو اِلّا وغیرہ کے ماقبل مستثنیٰ منہ کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ مستثنیٰ کی دو قسمیں ہیں متصل اور منقطع۔

مستثنیٰ متصل کی تعریف: مستثنیٰ متصل وہ ہے جسکو اِلّا یا اس کے اخوات میں سے کسی ایک کے ذریعے متعدد سے نکالا گیا ہو جیسے جاء نی القوم اِلّا زیدا۔

مستثنیٰ منقطع کی تعریف: مستثنیٰ منقطع وہ ہے جو اِلّا اور اس کے اخوات میں سے کسی ایک کے بعد مذکور ہو اور اسکو ماقبل سے نہ نکالا گیا ہو جیسے جاء نی القوم اِلّا حمارا۔

مستثنیٰ کے اعراب کی اقسام: مستثنیٰ کے اعراب کی چار قسمیں ہیں **اوّل** نصب، جب مستثنیٰ متصل اِلّا کے بعد کلام موجب میں واقع ہو یا مستثنیٰ منقطع اِلّا کے بعد واقع ہو یا مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ پر مقدم ہو یا مستثنیٰ خلا وغیرہ کے بعد واقع ہو۔ (۲) نصب اور ماقبل سے بدل بنانا۔ جب مستثنیٰ اِلّا کے بعد کلام غیر موجب میں واقع ہو اور مستثنیٰ منہ مذکور ہو۔ (۳) عوامل کے مطابق اعراب جب مستثنیٰ مفرغ ہو یعنی مستثنیٰ منہ مذکور نہ ہو اور مستثنیٰ اِلّا کے بعد کلام غیر موجب میں واقع ہو۔ (۴) مجرور جب مستثنیٰ لفظ غیر یا سوا، سوی، وغیرہ کے بعد واقع ہو۔

Marfat.com

الجواب نمبر ۲: جزء (الف) **اسم فاعل کی تعریف**: اسم فاعل وہ اسم ہے جو فعل سے مشتق ہوتا کہ اس ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ فعل بطریق حدوث قائم ہے۔

فاعل کی تعریف: فاعل وہ اسم ہے جس سے قبل فعل یا شبہ فعل ہو اور وہ فعل یا شبہ فعل اس کی طرف نسبت کیا گیا ہو بایں معنی کہ فعل یا شبہ فعل اس اسم کے ساتھ قائم ہے اس پر واقع نہیں۔

اسم مفعول کی تعریف: اسم مفعول وہ اسم ہے جو اس ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو اور مفعول وہ ہے کہ جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔

فرق: (۱) اسم فاعل اور اسم مفعول ذات مع الوصف پر دلالت کرتے ہیں اور فاعل اور مفعول صرف ذات پر۔

(۲) اسم فاعل و اسم مفعول ہمیشہ مشتق ہوتا ہے اور فاعل و مفعول کبھی مشتق ہوتا ہے اور کبھی جامد۔

الجواب نمبر ۳: جز (ب) **مفعول بہ**: مفعول بہ اس چیز کا نام ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔ جیسے ضرب زید عمرا اس میں عمرو مفعول بہ ہے۔

مفعول مطلق: وہ مصدر ہے جو فعل مذکور کے ہم معنی ہو۔ جیسے ضربا، ضربت ضربا میں۔

مفعول فیہ: اس زمان یا مکان کا نام ہے جسمیں فاعل کا فعل واقع ہو۔ جیسے جلست فی المسجد میں المسجد مفعول فیہ ہے۔

☆☆☆☆☆

شرح مائۃ عامل ۱۹۸۵ء

درج ذیل عبارت کی ترکیب نحوی کریں؟

سوال ۱: جز (الف) الحمد للہ .... المجتبی

سوال ۱: جز (ب) رب یسر ولا تعسر وتمم بالخیر وبک نستعین۔

جواب ۱: جز (الف) الحمد: مبتدا لام جار اسم جلالت مجرور ثابت مقدر کے متعلق ہوا علی جار نعما، مضاف ضمیر مجرور مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ موصوف الشاملہ، صفت، موصوف با صفت معطوف علیہ، واؤ عاطفہ آلاء مضاف، ضمیر مجرور مضاف الیہ، مضاف با مضاف مضاف الیہ الکاملہ صفت موصوف صفت سے مل کر معطوف، معطوف علیہ با معطوف مجرور ہوا، جار مجرور سے مل کر متعلق ثابت کے ثابت دونوں ظرفوں سے مل کر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ لفظا اور معنا انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ الصلوۃ مبتدا علی جار

Marfat.com

سید مضاف الانبیاء مضاف الیہ، مضاف با مضاف الیہ مبدل منہ محمد موصوف المصطفیٰ صفت، موصوف با صفت بدل، مبدل منہ بدل سے ملکر مجرور، جار مجرور معطوف علیہ، واؤ عاطفہ آل، مضاف، ضمیر مضاف الیہ مرکب اضافی موصوف اور المجتبیٰ اس کی صفت موصوف با صفت مجرور، جار مجرور معطوف، معطوف با معطوف علیہ متعلق نازلۃ مقدر کے نازلۃ اپنے فاعل اور متعلق سے ملکر شبہ جملہ اسمیہ ہو کر خبر، مبتدا اور خبر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

جواب ۱: جزء (ب)۔ رب، یہ اصل میں یا ربی ہے، یا حرف ندا قائم مقام ادعو، ادعو فعل انا ضمیر مستتر فاعل، رب غیر جمع مذکر سالم مضاف، یائے متکلم مضاف الیہ، مضاف بمع مضاف الیہ ادعو کا مفعول ہوا ادعو فاعل اور مفعول سے ملکر جملہ انشائیہ ہے، یسر، صیغہ امر حاضر انت پوشیدہ اس کا فاعل، فعل فاعل سے ملکر جملہ انشائیہ جواب ندا ہوا۔ ولا تعسر، واؤ عاطفہ لا تعسر فعل نہی انت پوشیدہ فاعل، فعل اپنے فاعل سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا، وتمم بالخیر واؤ عاطفہ تمم صیغہ امر حاضر از باب تفعیل انت پوشیدہ فاعل بالخیر جار مجرور ظرف لغو فعل کے متعلق ہوا یہ بھی جملہ فعلیہ انشائیہ ہے۔ وبک نستعین، واؤ عاطفہ بک جار مجرور نستعین کے متعلق ہوا۔ نستعین اپنے فاعل ضمیر مستتر اور متعلق سے ملکر جملہ فعلیہ ہوا۔

سوال ۲: جزء (الف) عوامل لفظیہ ومعنویہ کی تعریف اور اقسام بیان کریں اور ہر قسم کی تعداد بیان کریں؟

سوال ۲: جزء (ب) حروف جارہ کی تعداد، انکا مدخول اور عمل بیان کریں؟

جواب ۲: جزء (الف) **عامل لفظی کی تعریف**: عامل لفظی وہ ہے جس کا تلفظ کر سکیں یا اس پر دلالت کرنے والے کا تلفظ ہو سکے، عامل لفظی کل ۹۸ ہیں جن میں سے ۹۱ عامل سماعی ہیں اور سات عامل قیاسی ہیں۔

عامل معنوی کی تعریف: عامل معنوی وہ ہے جس کا تلفظ نہ کر سکیں اور نہ ہی اس پر دلالت کرنے والے کا تلفظ ہو سکے، عامل معنوی دو ہیں ایک مبتدا اور اور خبر کا عامل، دوم فعل مضارع کا عامل۔

جواب ۲: جزء (ب) حروف جارہ سترہ ہیں جو اس شعر میں مذکور ہیں۔

باؤ، تاؤ، کاف، لام، واؤ، منذ، مذ، خلا   رُبَّ، حاشا، مِن، عدا، فی، عن، علی، حتی، الی،

حروف جارہ اسم پر داخل ہو کر اس کے آخر میں جر کرتے ہیں۔

سوال ۳: جزء (الف) افعال قلوب کی تعداد انکا عمل اور مدخول بیان کریں اور بتائیں کہ وہ کون سے ہیں؟

سوال ۳: جزء (ب) افعال ناقصہ کتنے اور کون سے ہیں اور کس پر داخل ہوتے ہیں اور کیا عمل کرتے ہیں؟

Marfat.com

جواب ۳: جزء (الف) **افعال قلوب**: یعنی جن افعال کا قلب سے تعلق ہے وہ سات ہیں اور ان کے تین طائفہ ہیں ۔ **اوّل**، شک کے لئے اور یہ تین ہیں حسبت، ظننت، خلت ۔ **دوم** یقین کے لئے اور یہ بھی تین ہیں، علمت، رأیت، وجدت ۔ **سوم**، جو شک و یقین میں مشترک ہے اور وہ زعمتُ ہے۔

مدخول وعمل ۔ افعال قلوب مبتدا اور خبر پر داخل ہوتے ہیں اور دونوں کو بنا بر مفعولیت نصب دیتے ہیں۔

جواب ۳: جزء (ب) افعال ناقصہ سترہ ہیں یہ مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب کرتے ہیں اور یہ کان، صار، اصبح، امسی وغیرہ ہیں۔

☆☆☆☆☆

ہدایۃ النحو ۱۹۸۶ء

سوال ۔ (۱) افعال ناقصہ کا عمل اور وجہ تسمیہ لکھیں نیز وہ کون سے افعال ہیں؟

جواب ۔ افعال ناقصہ سترہ ہیں کان، صار، اصبح، وغیرہ ۔ یہ مبتدا اور خبر پر داخل ہو کر مبتدا کو رفع دیتے ہیں اور خبر کو نصب، جیسے کان زیدٌ قائماً، چونکہ یہ افعال خبر سے ملے بغیر تام نہیں ہوتے اس لئے ان کو افعال ناقصہ کہتے ہیں۔

سوال ۔ (۲) درج ذیل کی تعریف بمعہ امثلہ سپرد قلم کریں؟ مؤنث حقیقی، مخصوص بالمدح، صفت مشبہ، غیر منصرف؟

جواب ۔ (۱) **مؤنث حقیقی** وہ ہے کہ جس کے مقابلے میں جاندار مذکر ہو جیسے امرأۃٌ کہ اس کے مقابلہ میں رجل ہے۔

(۲) **مخصوص بالمدح**: فعل مدح کے فاعل کے بعد جو اسم ہو اس کو مخصوص بالمدح کہتے ہیں مثلاً نعم الرجل زید میں لفظ زید مخصوص بالمدح ہے، جو ترکیب میں مبتدا ہے اور نعم الرجل اس کی خبر مقدم ہے)

(۳) **صفت مشبہ**: وہ اسم ہے جو کسی ذات کے معنی مصدری کے ساتھ بطور ثبوت متصف ہونے پر دلالت کرے جیسے سمیعٌ ۔

(۴) **غیر منصرف**: غیر منصرف وہ اسم ہے کہ جس میں منع صرف کے نو اسباب میں سے دو سبب پائے جائیں یا ایک ایسا سبب جو دو کے قائم مقام ہو ۔ جیسے عمر، کہ اس میں عدل اور علم ہے اور مصابیح، اس میں منتہی الجموع کا وزن ہے جو دو سبب کے قائم مقام ہے۔

(۵) **معرفہ**: معرفہ وہ اسم ہے جو کسی معین شے کے لئے موضوع ہو معرفہ کی سات قسمیں ہیں ۔ (۱) علم جیسے

Marfat.com

زید۔ (۲) ضمیریں جیسے انت ،ھو وغیرہ۔ (۳) اسمائے اشارہ جیسے ھذا وغیرہ۔ (۴) اسمائے موصولہ جیسے الذی وغیرہ۔ (۵) معرفہ بالف لام جیسے الرجل۔ (۶) معرفہ بندا جیسے یارجل۔ (۷) پہلے پانچ میں سے کسی ایک کی طرف جو اسم مضاف ہو۔ جیسے غلام زید۔

☆☆☆☆☆

شرح مائۃ عامل ۱۹۸۶ء

سوال -(۱) مندرجہ ذیل عبارت پر اعراب لگائیں، نیز فاعل، مفعول اور موصوف وصفت الگ الگ کریں؟

اَلْافعالُ النَّاقِصۃُ واِنَّما سُمِّیَتْ نَاقِصۃً لِاَنَّھا لا تکُوْنُ بِمُجَرَّدِ الْفاعِل کَلاما تَاما فَلاتَخْلُوْ عَنْ نُقْصَانٍ وَھِیَ تَدْخُلُ عَلی الْجُمْلَۃِ الْاِسْمِیَّۃِ۔

جواب -سُمِّیَتْ میں ضمیر نائب فاعل ہے اور وہ ھی ہے جس کا مرجع الافعال ہے اور ناقصۃ مفعول ثانی ہے، کلاما تاما ،موصوف اور صفت یہ لا تکون کی خبر ہے جس کا اسم ضمیر مستتر ہے اولا تدخُلُ اور فلاتخلو کا فاعل بھی ضمیر ہے۔

سوال -(۲) مندرجہ ذیل کا ترجمہ اور ترکیب کریں؟

جاء الذی ضربک (وہ آیا جس نے تجھے مارا) ھؤلاء اخوان سعید (یہ سعید کے بھائی ہیں) العاقل یطلب الکمال (عاقل کمال طلب کرتا ہے) ختم اللہ علی قلوبھم (اللہ تعالیٰ نے ان کے دلوں پر مہر لگادی) رأیت احد عشر کوکبا (میں نے گیارہ ستارے دیکھے)

جواب -جاء فعل الذی اسم موصول ،ضرب فعل ھو پوشیدہ فاعل کاف ضمیر منصوب متصل مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صلہ، موصول صلہ سے مل کر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ ھؤلاء اسم اشارہ مبتدا، اخوان اپنے مضاف الیہ (سعید) سے مل کر خبر، مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ العاقل مبتدا یطلب فعل ھو مستتر فاعل الکمال مفعول، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر خبر ہوئی مبتدا کی، مبتدا اپنی خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ ختم فعل اللہ فاعل علی جار قلوب مضاف ھُم مضاف الیہ، مضاف مضاف الیہ سے مل کر مجرور، جار مجرور ظرف لغو، فعل اپنے فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ ہوا۔ رأیت فعل بافاعل احد عشر ممیز کوکبا تمیز، ممیز تمیز سے مل کر مفعول، فعل اپنے فاعل اور مفعول

Marfat.com

سے مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔

سوال -(۳) شرح مائۃ عامل کے مصنف کے مختصر حالات زندگی لکھیں؟

جواب - اس کے مصنف عارف باللہ شیخ عبدالرحمن جامی رحمۃ اللہ علیہ ہیں آپ شعبان المعظم ۸۱۷ھ میں قصبہ جام میں پیدا ہوئے اور اسی قصبہ کی طرف نسبت سے آپکو جامی کہتے ہیں۔ آپ کے والدین حضرت امام محمد (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کی اولاد سے تھے، اپنے والد شیخ احمد جامی اور دیگر فضلاء وقت سے استفادہ کیا۔ شرح مائۃ عامل کے علاوہ ۵۴ کتابوں کے مصنف تھے۔ محرم الحرام ۸۹۸ھ میں آپ نے وصال فرمایا۔

سوال -(۴) مندرجہ ذیل کی ترکیب کریں؟

حروف تنصب الفعل المضارع وهي اربعة احرف ان ولن وكي واذن۔

جواب - حروف موصوف، تنصب فعل ضمیر مستتر اس کا فاعل الفعل موصوف المضارع صفت، موصوف صفت مفعول بہ، فعل اپنے فاعل اور مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ ھی مبتدا، اربعۃ ممیز مضاف احرف تمیز مضاف الیہ، مضاف اپنے مضاف الیہ سے مل کر خبر، مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

ان خبر احدھا مبتدا محذوف کی واؤ عاطفہ لن خبر مبتدا محذوف ثانیہا کی۔ واؤ عاطفہ کی خبر مبتدا محذوف ثالثہا کی اور اذن خبر مبتدا محذوف رابعہا کی، یہ تمام اسمیہ جملے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ہدایۃ النحو ۱۹۸۷ء

سوال -(۱) درج ذیل کی تعریف کریں عدل تحقیقی، ضمیر شان، اسم تصغیر، ضمیر مرفوع متصل، فعل متعدی؟

(۲) مفاعیل خمسہ کی تعریف بمع امثلہ تحریر کریں؟ (۳) اسباب منع صرف کو اسباب منع صرف کیوں کہتے ہیں وہ کتنے اور کون کون سے ہیں کسی پانچ کی تعریف کریں؟

جواب ۱: عدل تحقیقی: عدل تحقیقی وہ ہے کہ غیر منصرف پڑھے جانے کے علاوہ اس کے اصل پر کوئی دلیل ہو جیسے ثلث کے معنی کا تکرار اس کے لفظ کے تکرار پر دلالت کرتا ہے یعنی معنی کے تکرار سے معلوم ہوا کہ ثلث کا اصلی صیغہ ثلثۃ ثلثۃ ہے۔

ضمیر شان: ضمیر شان وہ ضمیر مذکر ہے جو جملہ سے پہلے واقع ہو اور جملہ اس کی تفسیر کرے جیسے قل هو الله

Marfat.com

احد میں ھو ضمیر شان ہے۔

تصغیر کسی اسم میں یائے تصغیر بڑھا کر اس کی حقارت یا عظمت کو بیان کرنا۔ جیسے رجل سے رُجَیل، یہ تصغیر برائے حقارت ہے اور قرش سے قُرَیش یہ تصغیر برائے تعظیم ہے۔

ضمیر مرفوع متصل ضمیر مرفوع متصل وہ ہے جو محل رفع میں ہو اور اپنے فعل سے متصل ہو۔ جیسے ضربتُ۔

فعل متعدی فعل متعدی وہ ہے جو فاعل پر تمام نہ ہو بلکہ اس کا اثر کسی دوسرے پر ظاہر ہو جیسے ضرب زید عمرا۔

جواب ۲ (۱) **مفعول مطلق** وہ مصدر (منصوب) ہے جو فعل مذکور کے معنی میں ہو جیسے ضربت ضربا۔

(۲) **مفعول بہ** مفعول بہ اس چیز کا نام ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو جیسے ضرب زید عمرا۔

(۳) **مفعول فیہ** مفعول فیہ اس زمان یا مکان کا نام ہے جس میں فاعل کا فعل (لغوی) واقع ہو جیسے صمت دھرا۔

(۴) **مفعول لہ** مفعول لہ اس چیز کا نام ہے جس کی وجہ سے فعل مذکور واقع ہوا ہو جیسے ضربتہ تادیبا۔

(۵) **مفعول معہ** مفعول معہ وہ اسم ہے جو واؤ بمعنی مع کے بعد ذکر کیا جائے تاکہ یہ معلوم ہو کہ مفعول کو فعل کے فاعل کی معیت و مصاحبت حاصل ہے جیسے جاء البردُ والجبّات۔

جواب ۳ **سبب کی تعریف** الذی یوجد المسبب لوجوده، جس کے پائے جانے سے مسبب پایا جائے۔ غیر منصرف میں سبب سے مراد وہ ہے کہ جس کے پائے جانے سے یا ایک ایسے سبب کے پائے جانے سے جو دو کے قائم مقام ہو، کسی اسم میں عدم صرف پایا جاتا ہے اسے تو اسباب منع صرف کہتے ہیں۔

اسباب منع صرف اس شعر میں مذکور ہیں۔

عدلٌ و وصفٌ و تانیثٌ و معرفةٌ ۔ و عجمةٌ ثُمَّ جمعٌ ثُمَّ ترکیبٌ

والنونُ زائدةٌ من قبلها الفٌ ۔ و وزنُ الفعلِ وهذا القولُ تقریبٌ

پانچ کی تعریف عدل کسی اسم کا اپنے اصلی صیغہ (شکل) سے نکل کر دوسرے صیغہ کی طرف تحقیقا یا تقدیرا جانا جیسے ثلث اور عمر۔

معرفہ کی تعریف کسی اسم کا معین چیز پر دلالت کرنے والا ہونا۔ جیسے طلحة۔

عجمہ کی تعریف کسی لفظ کا غیر عربی ہونا۔ جیسے ابراھیم۔

Marfat.com

ترکیب کی تعریف: دو یا زیادہ کلموں کا ایک ہو جانا بشرطیکہ کوئی جزء حرف نہ ہو۔ جیسے معدیکرب۔

وزن فعل کی تعریف: کسی اسم کا ایسے وزن پر ہونا جسکو اوزانِ فعل سے شمار کیا جاتا ہے۔ جیسے شمّر۔

☆☆☆☆☆

شرح مائۃ عامل ۱۹۸۷ء

سوال -شرح مائۃ عامل کو شرح مائۃ عامل کیوں کہتے ہیں مصنف کا نام کیا ہے اور عوامل کی تفصیل بتائیں؟

جواب -شیخ عبدالقاہر جرجانی کی کتاب مأۃ عامل کی شرح ہونے کی وجہ سے اس کتاب کو شرح مائۃ عامل کہتے ہیں۔

سوال کا بقیہ حصہ حل ہو چکا ہے۔

سوال -مندرجہ ذیل عبارت کا ترجمہ اور ترکیب کریں اور مضارع کو جزم کرنے والے حروف کی تعداد بتائیں؟

النوع السادس حروف تجزم الفعل المضارع وهى خمسة احرف ولما ولام الامر ولاالنهى وان للشرط۔

جواب -**ترجمہ**: چھٹی نوع حروف ہیں جو فعل مضارع کو جزم کرتے ہیں وہ پانچ حروف ہیں لم ،لما ،لام امر ،لائے نہی ،اوران جو ہونے والا ہے شرط کے لئے۔ **ترکیب**:النوع موصوف السادس صفت، موصوف صفت سے ملکر مبتدا، حروف موصوف تجزم فعل ھی ضمیر مستتر فاعل الفعل المضارع مرکب توصیفی مفعول، فعل اپنے فاعل اور مفعول بہ سے ملکر جملہ فعلیہ ہو کر صفت ،موصوف اپنی صفت سے ملکر خبر ،مبتدا خبر سے ملکر جملہ اسمیہ خبر یہ ہوا۔لم احدھا مبتدا مقدر کی خبر ہے لما،ثانیھا مقدر کی خبر،لام الامر ،مرکب اضافی ثالثھا مقدر کی خبر ہے،لاالنہی مرکب توصیفی ،خبر مبتدا محذوف رابعھا کی اور،ان اپنی صفت للشرط سے ملکر خبر ہے مبتدا محذوف خامسہا کی۔

سوال -مندرجہ ذیل عبارت پر اعراب لگائیں نیز فعل ،فاعل ،موصوف صفت اور جار مجرور کی نشان دھی کریں؟

جواب -الْحُرُوْفُ الْمُشَبَّهَةُ بِالْفِعْلِ وهى تدْخُلُ على الْمُبْتَداء والْخبر تنْصبُ الاسم ورفعُ الْخبر۔الحروف المشبہۃ ،مرکب توصیفی ہے،بالفعل جار مجرور ہے،تدخل فعل اور ھی ضمیر مستتر فاعل ہے،علی المبتدء والخبر عطف کے بعد جار مجرور ہے۔تنصب کا فاعل ضمیر ہے اور الاسم مفعول بہ ہے اس طرح ترفع کا فاعل ضمیر ہے اور الخبر مفعول بہ ہے۔

Marfat.com

سوال مع جواب - درج ذیل کا ترجمہ و ترکیب نحوی کریں؟ اھدنا الصراط المستقیم - ہمیں سیدھی راہ دکھا۔ جاءنی القوم الا زیدا میرے پاس قوم آئی سوائے زید کے، اشتریت الفرس بسرجہ، میں گھوڑا اس کی زین سمیت خریدا، وامر اھلک بالصلوۃ اور اپنے اہل کو نماز کا حکم دیں اشتریت عشرین کتابا، میں نے بیس کتابیں خریدیں۔

جواب - اھد، صیغہ امر انت مستتر فاعل، نا ضمیر منصوب مفعول الصراط لمستقیم مرکب توصیفی مفعول ثانی جملہ انشائیہ جاء فعل، نون وقایہ یائے متکلم مفعول القوم مستثنیٰ منہ الا حرف استثناء زیدا مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ مستثنیٰ سے ملکر فاعل، یہ جملہ فعلیہ خبریہ ہے۔ اشتریت فعل بفاعل الفرس مفعول، با جار سرجہ، مرکب اضافی مجرور، جار مجرور ظرف لغو، جملہ فعلیہ خبریہ یا انشائیہ۔ واؤ عاطفہ امر امر حاضر انت مستتر فاعل، اھلک مرکب اضافی مفعول، بالصلوۃ جار مجرور ظرف لغو، یہ جملہ انشائیہ ہے اشتریت فعل بمع فاعل عشرین اسم عدد، کتابا تمیز سے ملکر مفعول یہ جملہ فعلیہ خبریہ یا انشائیہ ہے۔

☆☆☆☆☆

ہدایۃ النحو ۲۰۰۴ء

سوال - ہدایۃ النحو کی روشنی میں کلمہ کی تین قسموں میں منحصر ہونے کی وجہ قلم بند کریں؟

جواب - کلمہ تین اقسام میں اس لئے منحصر ہے کہ کلمہ معنی مستقل پر دلالت کرے گا یا نہیں قسم ثانی حرف ہے پھر اگر کلمہ اپنے معنی مستقل پر دلالت کرے گا تو اس میں کوئی زمانہ ہوگا یا نہیں ہوگا اگر نہیں ہوگا تو اسم ہے، اگر ہوگا تو فعل ہے۔

سوال - حرف کی وجہ تسمیہ بیان کریں نیز کلام عرب میں حرف کے فوائد سپرد قلم کریں؟

جواب - حرف کے لغوی معنی طرف یعنی کنارہ ہیں چونکہ حرف اصطلاحی کلام عرب میں طرف اور کنارہ میں ہوتا ہے یعنی نہ مسند ہوتا ہے نہ مسند الیہ اس لئے کلمہ کی اس قسم کو حرف کہتے ہیں۔ **فوائد**: کلام عرب میں حرف کے کثیر فائدے ہیں مثلاً دو اسموں کے درمیان ربط و تعلق جیسے زید فی الدار، دو فعلوں کے درمیان ربط جیسے اُرِیدُ ان تحسن الی، دو جملوں کے درمیان ربط جیسے ان تضربنی اضربک۔

(دیگر فوائد وقایۃ النحو میں دیکھیں)

سوال - (۳) ہدایۃ النحو میں اعراب کی کل کتنی قسمیں ذکر کی گئی ہیں نیز اسم مقصور اور اسم منقوص کی تعریف اور اعراب

Marfat.com

بمع امثلہ بیان کریں؟

جواب - ہدایۃ النحو میں اعراب کی چار قسمیں ذکر کی گئی ہیں۔ (۱) اعراب بالحرکت۔ (۲) اعراب بالحرف۔ (۳) اعراب لفظی۔ (۴) اعراب تقدیری، اور اعراب اسم کی نو قسمیں بیان کی گئی ہیں۔ (۱) رفع ضمہ کے ساتھ، نصب فتح کے ساتھ، جر کسرہ کے ساتھ، یہ مفرد منصرف صحیح، جاری مجراء صحیح اور جمع مکسر منصرف کا اعراب ہے۔ (۲) رفع ضمہ کے ساتھ نصب اور جر کسرہ کے ساتھ یہ جمع مؤنث سالم کا اعراب ہے۔ (۳) رفع ضمہ کے ساتھ اور نصب و جر فتحہ کے ساتھ یہ غیر منصرف کا اعراب ہے۔ (۴) رفع واؤ کے ساتھ نصب الف کے ساتھ اور جر یاء کے ساتھ یہ اسماء ستہ مکبرہ کا اعراب ہے۔ (۵) رفع الف کے ساتھ اور نصب و جر یاء ماقبل مفتوح کے ساتھ یہ تثنیہ، کلا اور اثنان واثنتان کا اعراب ہے۔ (۶) رفع واؤ ماقبل مضموم کے ساتھ اور نصب و جر یاء ماقبل مکسور کے ساتھ یہ جمع مذکر سالم وغیرہ کا اعراب ہے۔ (۷) رفع تقدیری ضمہ کے ساتھ نصب تقدیری فتحہ کے ساتھ اور جر تقدیری کسرہ کے ساتھ یہ اسم مقصور کا اعراب ہے اور ہر اسم کا جو جمع مذکر سالم نہ ہو اور یائے متکلم کی طرف مضاف ہو۔ (۸) رفع تقدیری ضمہ کے ساتھ جر تقدیری کسرہ کے ساتھ اور نصب فتحہ لفظی کے ساتھ یہ اسم منقوص کا اعراب ہے۔ (۹) رفع تقدیری واؤ کے ساتھ نصب اور جر یاء ملفوظ کے ساتھ یہ جمع مذکر سالم کا اعراب ہے جو یاء متکلم کی طرف مضاف ہے۔

اسم مقصور: اسم مقصور اس اسم کو کہتے ہیں جس کے آخر میں الف مقصورہ ہو خواہ باقی ہو۔ جیسے العصی، یا محذوف ہو۔ جیسے عصا، اسم مقصور کا اعراب تینوں حالتوں میں تقدیری ہوتا ہے۔ جیسے جآء نی عصا، رأیت عصا، ومررت بعصا۔

اسم منقوص: اس اسم کو کہتے ہیں جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو۔ جیسے القاضی، اس کا اعراب حالت رفع اور جر میں تقدیری ہوتا ہے لیکن حالت نصب میں لفظی ہوتا ہے۔ جیسے جآء القاضی، رأیت القاضی، مررت بالقاضی۔

سوال - (الف) وہ کون سے اسباب منع صرف ہیں جن میں علمیت شرط ہے؟

(ب) جمع اور وزن فعل کے غیر منصرف کا سبب بننے کی شرائط تفصیلا قلمبند کریں؟

(ج) وہ کون سی صورتیں ہیں جن میں فاعل کے فعل کا مؤنث ہونا ضروری ہے اور وہ کون سی صورتیں ہیں جن میں فعل

Marfat.com

مذکر و مؤنث دونوں طرح آسکتا ہے مثالیں دے کر وضاحت کریں؟

جواب -(الف) ایسے اسباب منع صرف پانچ ہیں۔ (۱) تانیث بالتاء۔ (۲) تانیث معنوی۔ (۳) عجمہ۔ (۴) ترکیب۔ (۵) وہ اسم جس میں الف نون زائدتان ہو۔

(ب) جمع کی شرائط، جمع کی دو شرطیں ہیں (۱) وہ جمع منتہی الجموع کے وزن پر ہو یعنی اس کے آگے جمع تکسیر نہ آسکتی ہو۔ (۲) اس جمع کے آخر میں وہ تاء نہ ہو جو حالت وقف میں ھاء، بن جاتی ہے۔ وزن فعل کی شرائط، (۱) وہ وزن فعل کے ساتھ مختص ہو اسم میں صرف منقول ہو کر پایا جائے۔ جیسے شمّر اور ضُرب۔ (۲) اگر وہ وزن فعل کے ساتھ مختص نہ ہو تو س کے شروع میں حروف اتین میں سے کوئی ایک حرف ہو اور آخر میں وہ تاء نہ ہو جو حالت وقف میں ھاء ہو جاتی ہے۔

جواب ۲: جز ج (۱) اگر فاعل مؤنث حقیقی ہو اور فعل و فاعل کے درمیان فاصلہ نہ ہو تو فعل کو مؤنث لانا واجب ہے جیسے قامت ھند۔

(۲) اگر فاعل ضمیر مؤنث ہو تو فعل مؤنث ہوگا۔ جیسے الشمس طلعت۔ (۳) اگر فاعل مؤنث حقیقی ہو مگر فعل و فاعل میں فاصلہ ہو تو فعل میں تذکیر و تانیث دونوں امر جائز ہیں۔ جیسے ضرب الیوم ھند اور ضربت الیوم ھند۔ (۴) اگر فاعل مؤنث غیر حقیقی ہو تو فعل میں تذکیر و تانیث جائز ہے۔ جیسے طلعت الشمس اور طلع الشمس۔

سوال ۳: -(الف) تنازع فعلان کی کتنی اور کون کون سی صورتیں ہیں؟ مثال دے کر وضاحت کریں؟ نیز تنازع کی صورت میں بصریوں اور کوفیوں کے نزدیک کون سے فعل کو عمل دینا مختار ہے اور کیوں۔

(ب) مفعول مالم یسم فاعلہ کی تعریف اور مثال تحریر کریں؟

جواب ۳: -(الف) تنازع فعلان کی چار صورتیں ہیں اول دونوں فعل اسم ظاہر کے فاعل ہونے میں تنازع کریں۔ جیسے ضربنی واکرمنی زیدٌ۔

دوم: دونوں فعل اسم ظاہر کے مفعول ہونے میں تنازع کریں۔ جیسے ضربتُ واکرمتُ زیداً۔

سوم: پہلا فعل اسم ظاہر کے فاعل ہونے کو چاہے اور دوسرا مفعول ہونے کو۔ جیسے ضربنی واکرمت زیداً۔

چھارم: پہلا فعل اسم ظاہر کے مفعول ہونے کو چاہے اور دوسرا فاعل ہونے کو۔ جیسے ضربت واکرمنی زیدٌ۔

Marfat.com

کس کو عمل دینا مختار ھے -اگرچہ تنازع کی صورت میں جمہور نحات کے نزدیک ہر ایک فعل کو عمل دیا جا سکتا ہے لیکن مختار اور پسندیدہ کیا ہے؟ اس میں اختلاف ہے۔

مذھب بصریین :بصریین کے نزدیک دوسرے فعل کو عمل دینا مختار ہے کیونکہ وہ اسم ظاہر کے قریب ہے۔ والحق للتقریب۔

مذھب کوفیین:کوفیین کے نزدیک پہلے فعل کو عمل دینا مختار ہے کیونکہ وہ پہلا طالب و مستحق ہے۔

جواب ۳:-(ب) **مفعول مالم یسم فاعله** :اس مفعول کو کہتے ہیں جس کا فاعل حذف کر کے مفعول کو فاعل کی جگہ رکھ دیا گیا ہو۔ جیسے ضرب زیدٌ۔

سوال ٤:- (۱) اسماء منصوبہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟

(۱۱)-مفعول مطلق کی تعریف کریں اور بتائیں کہ یہ کس کس معنی کے لئے آتا ہے۔ مثالیں دیکر وضاحت کریں؟

(۱۱۱)-مفعول مطلق کے عامل کو کس صورت میں جوازاً اور کس صورت میں وجوباً حذف کیا جاتا ہے مثالیں دیکر وضاحت کریں؟

جواب ٤:-(۱) اسماء منصوبہ کل بارہ ہیں، مفاعیل خمسہ۔(٦) حال۔(٧) مستثنیٰ۔(٨) تمیز۔(٩) کان کی خبر۔(١٠) اِنّ کا اسم۔(١١) لائے نفی جنس کا اسم۔(١٢) ماولا مشابہ بلیس کی خبر۔

جواب ٤:-جزء(۱۱)- **مفعول مطلق** : مفعول مطلق وہ مصدر ہے جو فعل مذکور کے معنی میں ہو۔ مفعول مطلق تین معنی کے لئے آتا ہے۔ (۱) تاکید جیسے ضربت ضربا۔ (۲) بیان نوع کے لئے۔ جیسے جلست جلسة القاری۔ (۳) بیان عدد کیلئے جیسے جلست جلسة اور جلستین اور جلسات۔

جواب ٤: -جزء(۱۱۱)-اگر حذف پر قرینہ ہو تو مفعول مطلق کے فعل کو جوازاً حذف کر دیا جاتا ہے جیسے تیرا قول سفر سے آنے والے کے لئے، خیر مقدم ای قدمت قدوما خیر مقدم۔ اور کبھی وجوبا حذف کر دیا جاتا ہے، جیسے سقیا، شکرا وغیرہ میں، یہ سماع پر مقصور ہے یعنی جہاں اہل لغت نے حذف کیا حذف وہاں کریں گے۔

سوال ٥-(الف) تابع کی تعریف وجہ تسمیہ اور اقسام تحریر کریں؟

جواب: -تابع کی تعریف واقسام گزر چکے ہیں۔ وجہ تسمیہ یہ ہے کہ تابع اعراب میں اپنے متبوع کے موافق ہوتا ہے اس لئے اس کو تابع کہتے ہیں۔

Marfat.com

(۱۱) تابع، نعت کی تعریف وجہ تسمیہ اور اقسام تحریر کریں؟

جواب: ۔نعت کی تعریف گذر چکی ہے، چونکہ نعت اپنے ماقبل کی صفت اور حالت بیان کرتی ہے اس لئے اس کو نعت کہتے ہیں۔

(۱۱۱) تابع نعت کے فوائد قلمبند کریں؟

جواب۔ (الف) فوائد نعت (۱) موصوف کی تخصیص کرنا جبکہ موصوف وصفت دونوں نکرہ ہوں جیسے رجُلٌ عالِمٌ۔ (۲) موصوف کی توضیح جب دونوں معرفہ ہوں جیسے زید الفاضل۔ (۳) ثناء مدح کے لئے جیسے بسم اللّٰہ الرحمن الرحیم۔ (۴) ذم کیلئے جیسے تعوذ میں۔ (۵) تاکید کے لئے جیسے نفخۃ واحدۃ۔

سوال ۶: ۔(۱) کون سے اسماء افعال بمعنی فعل امر استعمال ہوتے ہیں؟ اور کون سے بمعنی فعل ماضی، مثالیں دے کر وضاحت کریں۔

(۱۱) درج ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں۔ مصدر، اسم فاعل، صفت مشبہ۔

(۱۱۱) معرفہ کی تعریف وامثلہ بیان کریں (یہ حل ہو گیا ہے)

جواب۔ رُوَید بمعنی امر آتا ہے جیسے رُوَیدَ زیداای امہلہٗ۔ ھیہات بمعنی ماضی آتا ہے جیسے ھَیْہَاتَ زَیْدٌ ای بَعُدَ۔

(۱۱) **مصدر کی تعریف**

صیغے نکلیں جس سے مصدر اس کو جان جس کے آخر دن ہو یا تن اے جوان

(بقیہ حل ہو گئے ہیں)

☆☆☆☆☆

القسم الثانی شرح مائۃ عامل

سوال ۷: ۔(۱) حروف جارہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ (حل ہو چکا ہے)۔

(۲) باء کتنے اور کون کون سے معنی کے لئے آتی ہے؟ ہر ایک کی مثال تحریر کریں۔

(۳) حروفِ ناصبہ للاسم کتنے اور کون کون سے ہیں بمع مثال تحریر کریں؟

جواب ۷: ۔جزء (۲) باء جارہ درج ذیل معانی کے لئے آتی ہے۔

(۱) الصاق کیلئے، جیسے بہ داءٌ۔ (۲) اعانت کیلئے، جیسے کتبت بالقلم۔ (۳) تعلیل کیلئے، جیسے

Marfat.com

با تخاذکم العجل۔ (۴)مصاحبت کیلئے، جیسے اشتریت الفرس بسرجه۔ (۵)لازم کو متعدی بنانے کیلئے، جیسے ذهب الله بنورهم۔ (۶)مقابلہ کیلئے، جیسے اشتریت العبد بالفرس۔(۷)قسم کیلئے، جیسے باللّٰه لافعلن کذا۔ (۸)استعطاف کیلئے، جیسے ارحم بزید۔ (۹)ظرفیت کیلئے، جیسے زید بالبلد۔ (۱۰)بائے، جیسے لاتلقوا بایدیکم الی التهلکة۔

جواب۷: -جزء(۳)جن حروف کو مشبہ بالفعل کہتے ہیں وہ تعداد میں چھ ہیں(۱)انّ، جیسے انّ زیدا قائمٌ۔ (۲)انّ، جیسے بلغنی انّ زیداقائمٌ۔ (۳)کانّ، جیسے کانّ زیدا اسدٌ۔ (۴)لکنّ، جیسے غاب زیدٌ لکن بکرا حاضر۔ (۵)لیت، جیسے لیت زیداقائمٌ۔ (۶)لعلّ، جیسے لعل السلطان یکرمنی۔

سوال-فعل مضارع کو نصب دینے والے حروف کتنے اور کون کون سے ہیں نیز ان کے معنی بتائیں؟

جواب-فعل مضارع کو نصب دینے والے حروف چار ہیں۔ان،لن،کی،اذن،اَن فعل مضارع کو بمعنی مصدر کر دیتا ہے،لَن فعل مضارع کو نفی تاکید مستقبل کے معنی میں کر دیتا ہے،کَی سببیت کے لئے آتا ہے،اِذن جواب اور جزا کے لئے آتا ہے اور ان مقدرہ بھی مضارع کو نصب دیتا ہے۔

سوال -درج ذیل جملوں کی ترکیب نحوی کریں۔ (۱)النوع السادس حروف تجزم الفعل المضارع،نعم الرجل زیدٌ۔ (۲)من یکرمنی اکرمه۔ (۳)وهو لا یستعمل الا فی ذوی العقول۔ (۴)کم رجلا ضربته۔ (۵)عسی ان یخرج زیدٌ۔

جواب: -النوع موصوف،السادس صفت یہ مرکب توصیفی مبتدا ہے حروف موصوف تجزم فعل ضمیر مستتر فاعل،الفعل المضارع،مرکب توصیفی مفعول،فعل اپنے فاعل و مفعول سے مل کر جملہ فعلیہ ہو کر صفت بنا،موصوف صفت سے مل کر خبر،مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔ نعم فعل، الرجل فاعل فعل بفاعل جملہ فعلیہ خبر مقدم زید مخصوص بالمدح مبتدا،من شرطیہ مبتدا،یکرمنی جملہ فعلیہ شرط،اکرمه خبر،شرط اپنی خبر سے مل کر یہ جملہ ہوا۔ واؤ عاطفہ لا یستعمل نفی مضارع مجہول ضمیر مستتر نائب فاعل، الّا استثناء فی جار ذوی العقول مرکب اضافی،جار مجرور مستثنیٰ مفرغ متعلق ہوا فعل کے،فعل اپنے نائب فاعل اور ظرف لغو سے مل کر جملہ خبریہ ہو کر خبر ہوا مبتدا کی۔کم استفہامیہ ممیز رجلا تمیز سے مل کر مبتدا۔ ضربت فعل با فاعل ضمیر منصوب اس کا مفعول،جملہ فعلیہ خبر،مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ ہوا۔عسی فعل از افعال مقاربہ ان یَخرُج اسکی خبر اور زیدٌ

Marfat.com

اسکا اسم، عسی اسم اور خبر سے ملکر جملہ فعلیہ انشائیہ ہوا۔

سوال:- والثامن مادام وھی لتوقیت شئ بمدۃ ثبوت خبرھا باسمھا فلا بد من ان یکون قبلھا جملۃ فعلیۃ او اسمیۃ نحو اجلس مادام زید جالسٌ زید قائمٌ مادام عمروٌ قائما۔

ترجمہ: اور آٹھواں مادام ہے اور یہ اپنے اسم کے لئے ثبوت خبر کی مدت کے ساتھ کسی چیز کے وقت کی تعیین کے لئے آتا ہے، پس ضروری ہے کہ اس سے قبل جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے اجلس ما دام زیدٌ جالسا الخ۔

☆☆☆☆☆

ہدایۃ النحو ۲۰۰۴ء

سوال- وھی منحصرۃ فی ثلثۃ اقسام۔ (۱) عبارت بالا کی روشنی میں بتائیں کہ ھی' کا مرجع کیا ہے؟ نیز وجہ حصر قلمبند کریں؟ (۲) وتسمی اسما لسموہ علی قسیمیہ لالکونہ وسما علی المعنی ویسمی النعل فعلا باسم اصلہ عبارت مذکورہ بالا کا ترجمہ کریں اور تشریح اس انداز سے کریں کہ اسم اور فعل میں سے ہر ایک کی وجہ تسمیہ واضح ہو جائے؟ (۳) وللحروف فی کلام العرب فوائد ہدایہ النحو میں مذکور حرف کے فوائد لکھیں؟ (یہ حل ہو چکا ہے)

جواب ۱:- جز الف کلمہ تین اقسام میں منحصر ہے ھی ضمیر کا مرجع کلمہ ہے اور اقسام ثلثہ سے مراد اسم فعل اور حرف ہے (وجہ حصر گذر چکی ہے) (۲) اور وہ نام رکھا جاتا ہے اسم بوجہ اس کے بلند ہونے کے اپنے قسیمین پر نہ اس کے اپنے معنی و مسمی پر علامت ہونے کی وجہ سے اور فعل کا نام فعل اس کے اصل مصدر کے نام پر رکھا گیا ہے۔

تشریح- مذکورہ بالا عبارت میں مصنف نے اسم اور فعل کی وجہ تسمیہ بیان کی ہے اور اس کے ضمن میں سے اسم کی وجہ تسمیہ میں نحات بصرہ و کوفہ کے اختلاف کی طرف اشارہ کیا ہے، جس کی تفصیل یہ ہے کہ بصریین کے نزدیک اسم سموٌ بمعنی بلندی سے ماخوذ ہے اور کلمہ کی اس قسم کو اسم اس لئے کہتے ہیں کہ یہ اپنے قسیمین یعنی فعل و حرف پر بلند ہے بایں صورت کہ اسم مسند اور مسند الیہ ہوتا ہے، اور فعل صرف مسند ہوتا ہے اور حرف نہ مسند ہوتا ہے نہ مسند الیہ، نحات کوفہ کہتے ہیں اسم وسمٌ بمعنی علامت سے ماخوذ ہے اور کلمہ کی اس قسم کو اسم اس لئے کہتے ہیں کہ یہ اپنے معنی و مسمی پر علامت ہے، مصنف نے لالکونہ وسما سے نحات کوفہ کی تردید کی ہے کیونکہ فعل اور حرف بھی اپنے مسمی پر

Marfat.com

علامت ہے لہٰذا انکا نام بھی اسم ہونا چاہئے فعل کی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ فعل اپنے اصل (مصدر) کے نام پر یہ نام رکھا گیا ہے کیونکہ حقیقت میں فاعل کا فعل یہی مصدر ہی ہوتا ہے۔

سوال۲:- فعلم ان الکلام لا یحصل الا من اسمین او من فعل واسم ،(۱) کلام کی تعریف اور مثال تحریر کریں اور بتائیں دو اسموں یا ایک فعل اور ایک اسم کے علاوہ سے کلام کیوں نہیں بنتا؟ (۲) وھو کل اسم رکب مع غیرہ ولا یشبہ مبنی الاصل ،ھو کا مرجع بتائیں اور عبارت مذکورہ کا ترجمہ تشریح کریں؟ نیز بتائیں کہ مبنی الاصل کتنی اور کون کون سی چیزیں ہیں ؟ (۳) اسماء ستہ مع معانی تحریر کریں نیز ان کے اعراب کی تشریح مع امثلہ سپرد قلم کریں؟

جواب:-(۱) **کلام کی تعریف** : کلام وہ لفظ ہے جو دو کلموں پر بطریق اسناد مشتمل ہو۔ جیسے زید قائم اور ضرب زید کلام صرف دو اسموں یا ایک فعل اور ایک اسم سے حاصل ہوتا ہے اس لیے کلام اسناد کے بغیر نہیں ہوتا اور اسناد صرف ان دو قسموں میں متصور ہے۔ (۲) ھو کا مرجع معرب ہے یعنی معرب وہ اسم ہے جو اپنے غیر کے ساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کے مشابہ نہ ہو اور مبنی الاصل تین چیزیں ہیں ماضی ،امر اور تمام حروف یعنی اگر کوئی اسم غیر کے ساتھ مرکب نہ ہو جیسے تنہا زید تو وہ معرب نہیں ہوگا اور نہ ہی وہ اسم معرب ہوگا جو مبنی کے مشابہ ہو جیسے ھٰؤُلاءِ البتہ وہ اسم معرب ہوگا جو اپنے غیر کے ساتھ مرکب ہو اور مبنی الاصل کے مشابہ نہ ہو جیسے لفظ زید قام زید میں۔

(۳) اسماء ستہ اب ،باپ ،اخ ،بھائی ،حم ،دیور ،ھن ،شرمگاہ ،فم ،منہ ،ذو مال ،مالدار۔

الاعراب :اسماء ستہ کا اعراب ،رفع واؤ کے ساتھ نصب الف کے ساتھ اور جر یاء کے ساتھ جیسے جاءنی ابوک، رأیت اباک، مررت بابیک۔

سوال:-(۳) الاسم المعرب علی نوعین منصرف وھو مالیس فیہ سببان او واحد یقوم مقامھما من الاسباب التسعۃ وغیر منصرف وھو ما فیہ سببان او واحد منھا تقوم مقامھما ۔(۱) عبارت بالا کا ترجمہ کریں اور اسم معرب کی قسموں کا حکم قلمبند کریں؟

(۲) اسباب تسعہ کون سے ہیں نیز ان اسباب کی نشاندہی کریں جو قائم مقام دو کے ہیں؟ (۳) عدل اور اسکی اقسام کی تعریف وتشریح بمع امثلہ زینت قرطاس فرمائیں؟

Marfat.com

جواب: -(۳) اسم معرب دو قسم پر ہے ایک منصرف، جسمیں منع صرف کے دو سبب نہ ہوں یا ایسا ایک سبب نہ ہو جو دو کے قائم مقام ہوتا ہے۔ دوم غیر منصرف اور غیر منصرف وہ ہے کہ جسمیں دو سبب ہوں یا ایسا ایک سبب ہو جو دو کے قائم مقام ہوتا ہے۔ اس عبارت میں مصنف نے اسم معرب کی دو قسموں یعنی منصرف اور غیر منصرف کی تعریف کی ہے۔

حکم: منصرف کا حکم یہ ہے کہ اس پر تینوں حرکتیں بمع تنوین آتی ہیں جیسے جاء نی زید، رأیت زید، ومررت بزیدٍ غیر منصرف کا حکم یہ ہے کہ اس پر نہ کسرہ آتا ہے اور نہ تنوین بلکہ کسرہ کی جگہ فتح آتا ہے جیسے جاء نی احمد، رأیت احمد، ومررت باحمد۔ (۲) **عدل کی تعریف**: اسم کے اصلی صیغہ (شکل) سے نکل کر دوسرے صیغہ کی طرف چلے جانے کو عدل کہتے ہیں۔ عدل کی دو قسمیں ہیں، اول عدل تحقیقی کہ جس کے غیر منصرف پڑھے جانے کے علاوہ بھی اسکی اصل یعنی معدول عنہ پر کوئی دلیل ہو جیسے ثلث۔

دوم: عدل تقدیری کہ جس کے غیر منصرف پڑھے جانے کے علاوہ اسکی اصل یعنی مُعدول عنہ پر دلیل نہ ہو جیسے عُمر۔ (ہم نے اس کا معدول عنہ عامر فرض کرلیا ہے)

سوال -اسماء مرفوعہ کتنے اور کون کون سے ہیں؟ (۲) فاعل کی تعریف کریں اور بتائیں کہ کس صورت میں فاعل کا فعل ہمیشہ واحد رہتا ہے اور کس صورت میں واحد، تثنیہ، جمع آتا ہے مثال دے کر واضح کریں۔ (۳) مبتدا کی دونوں قسموں کی تعریف اور مثال تحریر کریں؟

جواب -اسماء مرفوعہ آٹھ ہیں۔ (۱) فاعل (۲) نائب فاعل (۳) مبتدا (۴) خبر (۵) کان کا اسم (۶) اِنَّ کی خبر (۷) لائے نفی جنس کی خبر اور (۸) ما و لا مشابہ بلیس کا اسم۔

(II) **فاعل کی تعریف** -فاعل وہ اسم ہے جس سے پہلے فعل یا شبہ فعل ہو جو اس اسم کی طرف مسند ہو بطریق قیام کے جیسے زید، ضرب زید میں۔ (۱) فاعل اگر اسم ظاہر ہو تو فعل ہمیشہ واحد رہتا ہے جیسے جاء زید، جاء الزیدان، جاء الزیدون۔

فاعل اگر ضمیر ہو تو فاعل وحد مفرد کے لیے فعل واحد آئے گا جیسے زید ضرب۔ اور فاعل تثنیہ کے لیے فعل تثنیہ آئے گا جیسے الزیدان ضربا اور فاعل جمع کے لیے جمع آئے گا جیسے الزیدون ضربوا۔

(III) **مبتدا کی قسم اول** -مبتدا وہ اسم ہے جو عامل لفظی سے خالی ہو اور مسند الیہ ہو جیسے زید قائم میں لفظ زید۔

Marfat.com

مبتدا کی قسم ثانی - مبتدا کی قسم ثانی وہ صفت کا صیغہ ہے جو حرف نفی یا الف استفہام کے بعد واقع ہو اور اسم ظاہر کو رفع دے جیسے ماقائم زید ۔ اقائم زید ۔

سوال: - درج ذیل اصطلاحات کی تعریف کریں، مفعول بہ، منادی، حال، اسم مضمر، اسم موصول؟

جواب - مفعول بہ - اس چیز کا نام ہے جس پر فاعل کا فعل واقع ہو۔ جیسے ضرب زید عمرا میں عمرو۔

منادی: - وہ اسم ہے جس کو حرف ندا ملفوظ کے ساتھ بلایا گیا ہو، جیسے یازید۔

حال : - وہ اسم نکرہ ہے جو فاعل یا مفعول بہ یا دونوں کی حالت بیان کرے۔ جیسے جاء نی زید راکبا، ضربت زیدا مشدودا، لقیت عمرا راکبین۔

اسم مضمر : - اسم مضمر ایسا اسم ہے جو متکلم یا مخاطب یا ایسے غائب پر دلالت کرنے کے لئے وضع کیا گیا ہو جو لفظاً یا معنیً یا حکماً مذکور ہو۔

اسم موصول: - ایسا اسم ہے جو صلہ کے بغیر جملے کا جزو تام نہ بن سکے۔ جیسے الذی وغیرہ۔

☆☆☆☆☆

شرح مائۃ عامل

سوال - حرف من اور الی کون سے حرف ہیں؟ کیا عمل کرتے ہیں؟ کن کن معنوں کے لیے آتے ہیں دونوں کے کسی دو دو معنوں کی مثالیں تحریر کریں؟

(۲) اسم فاعل کیا عمل کرتا ہے؟ نیز اس کے عمل کے لئے کیا شرائط ہیں۔ کسی دو کی مثال تحریر کریں؟

جواب - من اور الی دونوں حرف جر ہیں، یہ اسم پر داخل ہو کر اس کو جر کرتے ہیں، من ابتدائے غایت کے لئے آتا ہے جیسے سرت من البصرۃ اور تبعیض کے لئے آتا ہے جیسے اخذت من الدراھم، الی انتہاء غایت کے لئے آتا ہے، جیسے سرت من البصرۃ الی الکوفۃ۔ اور بمعنی مع کے جیسے الی المرافق، الی بمعنی مع ہے ای مع المرافق۔

(۲) اسم فاعل اپنے فعل معروف والا عمل کرتا ہے اگر بمعنی حال یا استقبال ہو اور چھ چیزوں میں سے کسی ایک پر اعتماد کرتا ہو۔ وہ چھ چیزیں یہ ہیں، مبتدا، ذوالحال، موصول، موصوف، ہمزہ استفہام، حرفِ نفی، جیسے جاء نی زید

Marfat.com

ضاربا ابوہ عمرا، زیدٌ قائم ابوہ۔

سوال - درج ذیل جملوں کی ترکیبِ نحوی کریں، سقی اللّٰہ ثراہُ وجعل الجَنّۃ مثواہُ، جآء نی القوم الاّ زیدا، صار الطین خزنا، لایجوز حذف الفاعل بخلاف المفعول، عندی احد عشر رجلا۔

جواب - سقی فعل اسم جلالت فاعل، ثراہ مرکب اضافی مفعول، جملہ فعلیہ دعائیہ انشائیہ ہوا۔ واؤ عاطفہ جعل فعل ھو ضمیر مستتر فاعل، الجنّۃ مفعول اول، ثراہ مرکب اضافی مفعول ثانی، جملہ دعائیہ معطوفہ ہوا۔ جآء فعل، نون وقایہ، یائے متکلم مفعول، القوم مستثنیٰ منہ، الا حرف استثناء زیدا مستثنیٰ، مستثنیٰ منہ مستثنیٰ سے ملکر فاعل، فعل اپنے فاعل سے مل کر جملہ فعلیہ خبریہ۔ صار فعل ناقص الطین اس کا اسم اور خذفا خبر، صار اسم وخبر سے مل کر جملہ فعلیہ ناقصہ ہوا۔ لا یجوز فعل منفی، حذف الفاعل مرکب اضافی فاعل باء جارہ خلاف المفعول مرکب اضافی مجرور ہوکر کائنا کے متعلق ہوکر فاعل سے حال ہوا، یہ جملہ فعلیہ ہے، عندی مرکب اضافی خبر، احد عشر ممیز رجلا تمیز مبتدا، مبتدا خبر سے مل کر جملہ اسمیہ خبریہ ہوا۔

☆

☆☆☆☆

☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆

☆

Marfat.com

Marfat.com









ملنے کے پتے

مکتبہ مہریہ کاظمیہ
متصل جامعہ انوار العلوم نیو ملتان
✆560699

مکتبہ مہریہ
دار العلوم غوثیہ مہریہ چوک شاہ عباس ملتان
✆0300-6344297

Marfat.com